لَیاری کِنگ

LIVE

ARY ڈیجیٹل پر نشر ہونے والے ٹاک شو کا مجموعہ

مصنف : گل نوخیز اختر

انتساب

اپنی آٹھویں اور تقریباً آخری محبت

علی زیب احمد کے نام

آئیں بائیں شائیں

''لیاری کنگ'' میرے ان ٹاک شوز کا نتیجہ ہے جو ARY ڈیجیٹل پر نشر ہوئے' اسماعیل تارا نے لیاری کنگ کے روپ میں اس پروگرام کو جو نکھار بخشا وہ قابل تعریف ہے' میں مسکراتے لوگوں سے بہت محبت کرتا ہوں کیونکہ یہیں سے مجھے توانائی حاصل ہوتی ہے' اس حوالے سے میں خصوصاً اپنے محترم اقبال لطیف صاحب' حسن علی' حافظ انوار اور دیگر دوستوں کا بہت مشکور ہوں جن کی وجہ سے مجھے ہنسی تلاش کرنے میں مشکل پیش نہیں آتی۔ ''لیاری کنگ'' میں ان شخصیات کا انٹرویو کیا گیا جو زیادہ تر ''متروک'' ہو چکی ہیں' تاہم یہ ذہن میں رہے کہ ٹی وی کے لیے لکھے گئے سکرپٹ میں سنسر پالیسی کا بہت خیال رکھنا پڑتا ہے' ٹی وی والوں کی نظریں بہت تیز ہوتی ہیں' اندازہ اس بات سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ بعض جگہ میں سنسر کے خوف سے ''لندن'' لکھنے سے بھی کتراتا رہا' خدا کا شکر ہے کہ مجھے جتنے سپیل دیے گئے تھے میں نے وہ تمام سکرپٹ اپنے تئیں بڑے بنا سنوار کے لکھے' لیکن دعوت میں جائیں تو وہاں پتا چلتا ہے کہ سبھی سج سنور کر آئے ہوئے ہیں' سکرپٹوں کے اس رنگ برنگے انبار میں' ٹی وی چینلوں کی بھرمار میں میرا ''لیاری کنگ'' کیسا ہے یہ بتانا آپ کا فرض اور میرا حق ہے' لیاری سے کئی لوگوں نے اخذ کیا کہ شائد میں کراچی کے علاقے لیاری کو ''ہٹ'' کرنا چاہتا ہوں' ایسی ہرگز کوئی بات نہیں تھی' یہ تو ایک اتفاق ہے کہ ''لیری کنگ'' سے ''لیاری کنگ'' بہت ملتا جلتا ہے۔ میں ''لیاری کنگ'' میں ایک دو اور شخصیات کے بھی انٹرویو لکھنا چاہتا تھا لیکن جیسا کہ میں نے اوپر ذکر کیا' ٹی وی والوں کی نظریں بہت تیز ہوتی ہیں' انہیں کوئی چیز حد سے اچھی' یا حد سے بری نظر آئے تو وہ کبھی نشر نہیں کرتے ......لہذا' اب آئیں بائیں شائیں چھوڑیے اور کتاب پڑھیے!!!

گل نوخیز اختر

Naukhaiz2001@yahoo.com

لیری کنگ سے انٹرویو

لیاری لیاری کنگ میں ایک بار پھر دل کی گہرائیوں سے آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں' ناظرین! جیسا کہ آپ کو پتا ہے' ہم لیاری کنگ ہوں اور ہمارا ایک ملتا جلتا ہم نام سی این این میں بالکل ہماری طرح انگریزی میں لوگوں کے انٹرویوز کرتا ہے......آپ سب ان کے نام سے واقف ہوں گے......ہم نے سوچا کہ کیوں نہ آج ان کو لیاری کنگ لائیو میں مدعو کیا جائے تا کہ دو کنگ آمنے سامنے آسکیں......آپ کی پرزور فرمائش پر ہم نے خصوصی طیارے کے ذریعے جناب ''لیری کنگ'' صاحب کو ''لیاری کنگ لائیو'' میں بلایا ہے......آیئے آج کی معروف شخصیت سے ملتے ہیں......جناب......لیری کنگ......!!! لیری صاحب......ویلکم ٹو لیاری کنگ!!!

لیری (مسکراتے ہوئے عینک درست کرتا ہے) تھینک یو......تھینک یو!!!

لیاری لیری صاحب......کیسا لگ رہا ہے آج خود انٹرویو دیتے ہوئے......!!!

لیری بہت اچھا لگ رہا ہے......ہم تمہارا پروگرام بہت شوق سے دیکھتا ہے......تم بالکل ہماری طرح انٹرویو لیتا ہے۔

لیاری اچھا لیری صاحب......یہ فرمایئے......ہم تو لیاری میں رہتا ہوں' اس لیے لیاری ہوں......کیا اُدھر امریکہ میں بھی کوئی علاقہ ''لیری'' ہے جہاں آپ رہتے ہیں؟؟؟

لیری اوہ نو نو......ہمارے علاقہ کے لوگ بہت امن پسند ہیں......وہاں کوئی ایسا ویسا علاقہ نہیں......!!!

لیاری (غصے سے) تو آپ کا کیا خیال ہے ہم ناشتے میں کلاشنکوف کھاتے ہیں......کمال ہے......آپ نے تو

سٹارٹ سے ہی ماحول خراب کرنا شروع کر دیا......اچھا یہ بتایئے آپ اب تک کتنے لوگوں کا انٹرویو لے چکے ہیں؟

لیری (انگلیوں پر گنتے ہوئے) یہی کوئی چھ سات ہزار تو ہوں گے۔

لیاری (بڑبڑاتے ہوئے) شکر ہے ہم سے تو کم ہی ہے......ویسے ایک بات تو بتائیں، جیسا کہ آپ نے بتایا کہ آپ لیاری کنگ بہت شوق سے دیکھتے ہیں، میں آپ کو کیسا لگتا ہوں؟

لیری تم بالکل میرے جیسا لگتا ہے......ایسا لگتا ہے جیسے تم ہمارا بھائی ہے......ویسے ہمارا ایک بھائی 1955 میں اغواء بھی ہو گیا تھا۔

لیاری اُس وقت تو ہم ابھی دنیا میں تشریف ہی نہیں لایا تھا۔

لیری may be تم دنیا میں آنے سے پہلے ہی اغواء ہو گیا ہو......پلیز! ذرا دیکھو تمہارے بازو پر دو تِل تو نہیں؟؟؟

لیاری (گھبراتے ہوئے) کیسی باتیں کرتے ہیں جناب......میں سو فی صد پاکستانی ہوں اور ڈیڑھ سو فی صد مسلمان ہوں......میں آپ کا بھائی نہیں ہوں......!!!

لیری تم اپنے تِل تو چیک کرو......!!!

لیاری رہنے دیجئے جناب......''اِن تلوں میں تیل نہیں......'' ویسے بھی اب سارا تیل تو آپ کے تلوں میں آ چکا ہے......اچھا لیری کنگ صاحب! یہ فرمایئے کہ آپ کو ایک انٹرویو کا کتنا پیسہ ملتا ہے؟

لیری (لاپرواہی سے) پہلے 50 ہزار ڈالر ملتا تھا......اب ایک لاکھ ڈالر ملتا ہے

لیاری (کرسی پر پھسلتے ہوئے) ایک لاکھ ڈالر......یہ آپ اپنی ماہانہ آمدنی بتا رہے ہیں یا سالانہ؟

لیری (مسکراتے ہوئے) ماہانہ تو ہمیں چار لاکھ ڈالر ملتے ہیں......!!! ویسے تمہیں ایک انٹرویو کا کیا ملتا ہے؟

لیاری الحمدللہ آپ جتنا ہی ملتا ہے......بس فرق صرف اتنا ہے کہ آپ کو ایک انٹرویو کا ایک لاکھ ڈالر ملتا ہے، ہمیں ایک لاکھ پیسہ ملتا ہے......ٹیڈی پیسہ......ویسے کبھی کبھی حوصلہ بھی مل جاتا ہے......!!!

لیری اوہ......Thats good......اس کا مطلب تم بھی لاکھوں میں کھیلتا ہو گا

لیاری جی ہاں......ہم اکثر بینک میں جاتے ہیں......وہاں ہمارے اردگرد کھڑے لوگوں کے پاس لاکھوں ہوتے ہیں، ہم ان کے درمیان تاش کھیلتے رہتے ہیں......ویسے لیری صاحب! اگر کبھی آپ کو خدانخواستہ کچھ

ہو گیا...... ہمارا مطلب ہے اگر آپ کو اوپر سے بلاوہ آ گیا تو آپ کی جگہ کون لیری کنگ لائیو کرے گا؟

لیری (آہ بھرتے ہوئے) ہماری تو خواہش ہے کہ ہمارا بھائی مل جائے اور وہ ہمارے بعد ہماری سیٹ سنبھالے۔

لیاری (چونک کر جلدی سے بازو پر تل تلاش کرنے لگتا ہے) ابھی تو تل نظر نہیں آ رہے...... لیکن خیر! وقت آیا تو بنوالیں گے......!!! اچھا لیری صاحب! آپ اتنے بولڈ انٹرویو کرتے ہیں' آپ کو کبھی کسی کی طرف سے دھمکی بھی ملی؟

لیری یس...... ہم کو تو تقریباً ہر انٹرویو کے بعد دھمکی والے فون آتے ہیں...... ابھی پچھلے دنوں ہم نے ایک خاتون کا انٹرویو کیا' اگلے دن اس کا فون آ گیا...... کہنے لگی...... اگر تم نے آج شام کی چائے میرے ساتھ نہیں پی تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا......!!!

لیاری (آہ بھرتے ہوئے) خوش قسمت ہیں بھئی آپ...... ہم کو تو آج تک ایسی کوئی دھمکی نہیں ملی...... ہم کو تو جب بھی فون آیا ہے آگے سے یہی آواز آئی ہے...... ''ابے ذرا ایک دفعہ باہر نکل ......'' یقین کرو لیری کنگ...... ہمارے ادھر تو انٹرویو کرنا اور قتل کرنا ایک برابر سمجھا جاتا ہے۔

لیری (قہقہہ لگا کر) گھبراؤ مت...... بہت جلد تم ماہر ہو جاؤ گے!!!

لیاری قتل کرنے میں؟

لیری اوہ نو نو...... انٹرویو کرنے میں...... Actuly...... میں بھی جب شروع شروع میں انٹرویو کے دوران لوگوں سے باتیں پوچھتا تھا تو وہ باہر جا کر پھر مجھ سے اچھی طرح پوچھتے تھے...... اب میں صرف وہ باتیں پوچھتا ہوں جن کا مجھے نہیں پتا ہوتا...... تم بھی ایسا کیا کرو

لیاری ویری گڈ...... اچھا مشورہ دیا آپ نے...... اچھا یہ بتائیے آپ کے کتنے بچے ہیں؟

لیری ہوں گے کوئی تین چار......!!!

لیاری (حیرت سے) کمال ہے...... یعنی آپ کو اپنے بچوں کی تعداد کا ہی نہیں پتا...... شادی ہو گئی آپ کی؟

لیری (غصے سے' گھبرا کر) کک...... کیا مطلب ہے تمہارا؟

لیاری جناب ابھی تو آپ نے مجھے مشورہ دیا ہے کہ انٹرویو میں صرف وہ باتیں پوچھنی چاہئیں جن کا پتا نہ ہو......!!!

لیری (غصے سے) لیکن تم وہ باتیں پوچھ رہے ہو جن کا تمہیں اچھی طرح پتا ہے!!!

لیاری یہ بھی ٹھیک کہا آپ نے......ہم کو پتا تو اچھی طرح ہے' اصل میں ہم کنفرم کرنا چاہ رہا تھا......اچھا یہ بتایئے آپ اس عمر میں بھی بڑے سمارٹ' بڑے پپو نظر آتے ہیں......اِس کی کیا وجہ ہے؟

لیری ہماری بات چھوڑو...... یہ بتاؤ تم اتنی سی عمر میں اتنا مرجھایا ہوا کیوں ہے؟ تمہیں تو'' کھلا کھِلا'' ہونا چاہیے......!!!

لیاری (آہ بھرتے ہوئے) آپ لوگ نہ کسی کو'' کِھلنے'' دیتے ہیں' نہ'' کُھلنے'' اصل میں ہم اتنا خوفناک ہوں نہیں جتنا لگتا ہوں' یہ سارا میک اپ کا کمال ہے......ہمارا پروڈیوسر بولتا ہے' خوفناک نظر آؤ گے تو انٹرویو دینے والے تم سے دب کر بیٹھیں گے......آپ کبھی اتوار کو لیاری میں آیئے' میں اصلی حلیے میں ہوتا ہوں......ایمان سے آپ کی آنکھیں خیرہ نہ ہو گئیں تو جو سپر پاور کی سزا وہ میری......!!!

لیری ضرور......ضرور......ہم ضرور آئے گا......ویسے لیاری......تم لوگ ہر بات میں سپر پاور کو کیوں گھسیٹ لیتے ہو؟

لیاری (غصے سے) سپر پاور بھی تو ہر بات میں ہمیں گھسیٹ لیتی ہے۔

لیری کم آن......یار کمپرومائز کرنا سیکھو......طاقت کی اطاعت وقت کا تقاضا ہے......!!!

لیاری یعنی تمہارا مطلب ہے ہم کمپرومائز نہیں کرتا......کیسی بات کرتا ہے لیری......کمپرومائز کا لفظ تو ایجاد ہی ہمیں دیکھ کر ہوا ہے' ہم تو یہ گذارش کرنا چاہتے ہیں کہ کچھ ہماری سنو......کچھ اپنی کہو......!!! اچھا لیری صاحب! یہ بتایئے کہ ایک اچھا میزبان بننے کے لیے سب سے ضروری چیز کیا ہے۔

لیری مہمان......مہمان بہت ضروری ہے ورنہ آپ میزبان بن ہی نہیں سکتے......اور ہاں مہمان سے یاد آیا......(معنی خیز انداز میں) بہت جلد میرے پروگرام میں ایک نیا مہمان آنے والا ہے......!!!

لیاری (چونک کر' خوش ہوتے ہوئے) اچھا......ویری گڈ......ویری گڈ......ہماری اور ناظرین کی طرف سے پیشگی مبارکباد قبول کیجئے' ویسے کب تک یہ نیا مہمان آنے کی امید ہے؟

لیری I think.....next week......اصل میں میرے خالو کا داماد آرہا ہے' اس کا انٹرویو کرنا ہے۔

لیاری (غصے سے) پہلے آپ بات کچھ اور کرتے ہیں' دس منٹ بعد وہ کچھ اور نکل آتی ہے......خیر......آپ

ہمارے مہمان ہیں' اچھا یہ بتایئے جیسے ہم نے آپ کو اپنے پروگرام میں بلایا ہے......آپ بھی ہمیں لیری کنگ لائیو میں بلائیں گے؟

لیری (کچھ سوچ کر) تمہاری خواہش ہے تو بلا لیں گے

لیاری (خوشی سے) بہت شکریہ......بہت شکریہ......مستقل ہی بلا لیں تو کیا بات ہے......اب تو ہم کو بھی لگنے لگا ہے کہ ہم آپ کا بھائی ہوں۔

لیری اوکے......ہم واپس جا کر اپنے پروڈیوسر سے بات کرے گا......میرا خیال ہے ٹی اے ڈی اے کے علاوہ ہمارا پروڈیوسر تم کو ایک لاکھ ڈالر کا چیک بھی دے گا۔

لیاری (کرسی سے گر جاتا ہے' دوبارہ اٹھتے ہوئے) ایک لاکھ ڈالر......ہم کو......وہ......کس خوشی میں جناب؟

لیری بھئی ہمارے ہاں جس کو بھی انٹرویو کے لیے بلایا جاتا ہے اسے Payment کی جاتی ہے۔

لیاری (منت سماجت کرتے ہوئے) لیری......تم کو قسم ہے اپنی عینک کی......ہم کو ضرور بلانا......انٹرویو بے شک نہ کرنا' ایک لاکھ ڈالر دلوا دینا (آنکھ مارتے ہوئے) آدھا ہم تم کو دے دے گا......!!!

لیری (غصے سے) What......تم ہم کو لالچ دے رہا ہے

لیاری ایک غریب انسان اور کیا دے سکتا ہے......لگتا ہے آپ ناراض ہو گئے ہیں' ناظرین! ہم ذرا لیری کنگ کے پاؤں پکڑتے......مم......میرا مطلب ہے ناراضگی دور کرنے کی کوشش کرتے ہیں' آپ اتنی دیر مشہوریاں دیکھیے......ابھی دوبارہ ملتے ہیں......!

Break

لیاری ویلکم ناظرین......ہمارے ہم پیشہ جناب لیری کنگ صاحب ہمارے سامنے ہیں......آیئے ان سے مزید باتیں کرتے ہیں' لیری صاحب یہ بتایئے کہ یہ آپ نے دور کی عینک پہنی ہوئی ہے یا قریب کی؟

لیری (ہنستے ہوئے) یہ دور کی ہے......!!!

لیاری ویری گڈ......تو پھر ذرا دیکھ کر بتایئے کہ اس وقت عراق میں کیا ہو رہا ہے؟

لیری (پوری سنجیدگی سے) وہاں تماشا ہو رہا ہے

لیاری بندر کا؟

لیری یس......بندر اِدھر اُدھر بھاگتا پھر رہا ہے لیکن اسے کہیں چھپنے کی جگہ نہیں مل رہی۔

لیاری اور بندر نچانے والا؟

لیری وہ بھی ایک بندر ہی ہے......دونوں مل کر ''بندر بانٹ'' میں مصروف ہیں......!!!

لیاری (گہرا سانس لے کر) آپ تو کچھ زیادہ ہی دور نکل گئے ہیں......ذرا واپس آیئے اور ہمارے ناظرین کو بتائیے کہ آپ کو سب سے زیادہ مزا کس کا انٹرویو کر کے آیا؟

لیری (آہ بھرتے ہوئے) سچی پوچھو تو لیاری......ہم کو جیسے ہی مزہ آنے لگتا ہے' انٹرویو کا ٹائم ختم ہو جاتا ہے۔

لیاری بالکل صحیح کہا آپ نے......ہمارے اِدھر بھی اکثر یہی پرابلم رہتا ہے...... قلو پطرہ کے انٹرویو میں تو ٹائم ایسے گذرا جیسے اس کے پیچھے پولیس پڑی ہوئی ہے......اچھا لیری کنگ جی! اگر آپ لیری کنگ نہ ہوتے تو کیا ہوتے؟

لیری پولیس میں تفتیشی افسر ہوتا۔

لیاری بہت خوب......اس کی کوئی خاص وجہ؟

لیری وہاں بھی تو روز نئے نئے لوگوں کے انٹرویوز کرنے پڑتے ہیں

لیاری آپ اتنے مصروف ہیں' گھر کو تو یقیناً ٹائم نہیں دے پاتے ہوں گے

لیری بالکل ٹھیک کہا تم نے......ہم اکثر دو دو دن گھر نہیں جاتا

لیاری کس کے گھر؟

لیری (غصے سے) ہم اپنے گھر کی بات کر رہا ہے' تم کو تو پتا ہے ریکارڈنگ میں کتنی دیر ہو جاتی ہے۔

لیاری (چونک کر) اوہ مائی گاڈ......ریکارڈنگ......لیکن جناب آپ کے پروگرام کے ساتھ تو لکھا ہوتا ہے Live......!!!

لیری (کھسیانہ ہو کر) مم' میرا مطلب ہے' Live Recording بھی تو ہوتی ہے ناں۔

لیاری اچھا لیری کنگ صاحب! آپ آج ہمارے سٹوڈیو میں بیٹھے ہیں' کوئی ایسا سوال جو آپ ہم سے کرنا چاہتے ہوں۔

لیری (کچھ سوچتے ہوئے) سوال تو کوئی نہیں......ایک بات پوچھنا چاہتا تھا......تم اپنے پروگرام میں بڑے ڈارک کلر کی شرٹس پہنتے ہو......کیا یہ تمہارے پروڈیوسر کا حکم ہے؟

لیاری (آہ بھرتے ہوئے) اب تم کو کیا بتائیں لیری...... ہم نے ایک ڈرائی کلینر والے سے دوستی کیا ہوا ہے' اس کے پاس جو بھی شرٹ Available ہوتی ہے وہ ہم کو دے دیتا ہے...... ایک دفعہ تو غلطی سے اس نے ہم کو شرٹ کی بجائے دھوتی دے دیا تھا' وہ تو شکر ہے کہ کیمرے میں صرف ہماری شرٹ ہی نظر آتی ہے۔ لیری صاحب! یہ بتایئے کہ آپ نے بھی کسی ڈرائی کلینر سے دوستی کی ہے یا نہیں؟

لیری (سنجیدگی سے) ہماری اپنی ڈرائی کلینگ کی دوکان ہے......!!!

لیاری واہ جی...... پھر تو موجیں ہیں موجیں ہیں...... اچھا ایک بات بتایئے! آپ اتنے بوڑھے ہوگئے ہیں' بیمار شیمار تو رہتے ہوں گے؟

لیری (نفی میں سر ہلاتے ہوئے) نہیں...... میں بیمار نہیں ہوتا

لیاری ظاہری بات ہے جی...... آپ تو بیمار کرنے والی قوم ہیں...... آپ خود کہاں بیمار ہوتے ہوں گے۔ یہ بتایئے اگر آپ کو اِس پروگرام یعنی ''لیاری کنگ لائیو'' کی میزبانی کی آفر کی جائے تو آپ قبول کرلیں گے؟

لیری (خوشی سے) یس...... یس...... کیوں نہیں...... فارگاڈ سیک لیاری...... مجھے یہ پروگرام دلا دو۔

لیاری (بوکھلا کر) یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں جناب...... اس کے معاوضے میں تو آپ کی ایک پینٹ بھی نہیں آئے گی۔

لیری پرواہ نہیں...... تم بس ہم کو لیاری کنگ کی میزبانی دے دو

لیاری لیکن بابا اس کی وجہ تو بتائیں؟

لیری مجھے قلوپطرہ بہت پسند ہے' میں نے کئی دفعہ اسے اپنے پروگرام میں بلایا لیکن وہ نہیں آئی' تمہارے پروگرام میں وہ بہت شوق سے آ گئی تھی' میں اُسے دوبارہ بلانا چاہتا ہوں......!!!

لیاری (گہرا سانس لیتے ہوئے) وہ تو ٹھیک ہے جناب لیکن یاد رہے' ہمارے پروگرام میں صرف قلوپطرہ ہی نہیں فرعون اور چنگیز چلی بھی بڑے شوق سے تشریف لاتے رہتے ہیں' ان کے بارے میں بھی کچھ سوچا ہے۔

لیری (منہ بنا کر) ہاں...... میں نے سوچ لیا ہے۔

لیاری کیا؟

لیری مجھے تمہارا پروگرام نہیں چاہیے......!!!

لیاری (قہقہہ لگا کر) آ گئی ناں عقل......ویسے لیری! تم بے شک ہمارے پروگرام سے انکاری ہو جاؤ......ہمارا پروگرام تو پکا ہے تمہاری طرف آنے کا......!!!

لیری تم لوگ کیوں ہماری طرف آنا چاہتے ہو......وہاں تو کچھ بھی نہیں۔

لیاری بابا اسی لیے تو آنا چاہتے ہیں کہ وہاں کچھ بھی نہیں......نہ ڈر' نہ خوف' نہ عزت نہ بے عزتی......!!!

لیری (قہقہہ لگا کر) یہ تو ہے......اچھا ذرا یہ بتاؤ کہ تم نے اتنی اہم شخصیات کے انٹرویوز کیے ہیں' تمہارے تو بہت تعلقات بن گئے ہوں گے؟

لیاری (بوکھلا کر جلدی سے) نن......نہیں......نہیں......میں حلفاً کہتا ہوں میرے کسی سے تعلقات نہیں......آپ تو ذاتیات پر اتر آئے؟ ہیں......پلیز ایسی باتیں نہ کریں اور ہمارے ناظرین کو بتائیں کہ آپ سگریٹ پیتے ہیں؟

لیری بہت زیادہ......!!!

لیاری اس کے باوجود آپ کی صحت اتنی اچھی ہے......کمال ہے جناب......لگتا ہے آپ کوئی باداموں والا سگریٹ پیتے ہیں۔ یہ بتائیے کہ آپ خاصے عاشقانہ مزاج معلوم ہوتے ہیں......یقیناً جوانی بے داغ تو نہیں رہی ہو گی؟

لیری (قہقہہ لگا کر) وہ جوانی جوانی نہیں......جس میں کوئی کہانی نہ ہو

لیاری (حیرت سے) ارے......آپ تو شاعر بھی ہیں......اس کا مطلب ہے آپ نے ہماری اردو شاعری بھی پڑھی ہو گی' کچھ بتائیں گے کہ آپ کو ہمارا کون سا شاعر سب سے زیادہ پسند ہے؟

لیری یس یس......ہم کو 'سلطان راہی'' بہت اچھا لگتا

لیاری انہوں نے کون سا شعر کہا ہے جناب!

لیری اوئے مولے نوں مولا نہ مارے تے مولا نئیں مردا......!!!

لیاری (بے بسی سے آسمان کی طرف دیکھتا ہے' اتنے میں فون کی گھنٹی بجتی ہے) شکر ہے......ہیلو......کون صاحب!

علی عمران جناب میں علی عمران بات کر رہا ہوں

لیاری (چونک کر) علی عمران......وہی عمران سیریز والے؟؟؟

علی عمران نہیں جناب......میں وہ نہیں ہوں' میں سادہ علی عمران ہوں' میں لیری صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ ''گیلس'' کے بغیر پینٹ کیوں نہیں پہنتے؟

لیاری (مسکراتے ہوئے) لیجئے......اب دیجئے جواب!!!

لیری بات یہ ہے کہ بچپن میں ہماری ماما ہم کو گیلس والی پینٹ پہناتی تھیں' بس یہ عادت ایسی پڑی کہ اب گیلس کے بغیر پینٹ پہن لوں تو ایسا لگتا ہے گرفتار کر لیا جاؤں گا۔

لیاری سن لیا جناب......(فون بند کرتے ہوئے) ویسے لیری بھائی! آپ نے کبھی شلوار قمیض بھی پہنی؟

لیری ہاں......ایک دفعہ پہنا تھا؟

لیاری خیر خیریت رہی؟

لیری نہیں......لیاری......جیسے ہی ہم نے شلوار پہنا......ہماری ٹانگوں کو فالج ہو گیا......!!!

لیاری (چونک کر) فالج ہو گیا......کیا مطلب جناب؟

لیری وہ تو بعد میں پتا چلا کہ ہم نے دونوں ٹانگیں ایک ہی پائنچے میں ڈالا ہوا تھا (ٹیلی فون کی بیل بجتی ہے)

منور امین جناب میں منور امین ہوں اور لیری کنگ صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ پاکستانی شخصیات کے انٹرویوز کیوں نہیں کرتے؟

لیری یہ غلط ہے...... بالکل غلط ہے......ہم نے کئی دفعہ پاکستانی شخصیات کے انٹرویوز کیے ہیں......ابھی پچھلے دنوں ہم نے مائیکل جیکسن کا انٹرویو کیا۔

لیاری بہت اچھے......جناب مائیکل جیکسن پاکستانی نہیں ہے

لیری (حیرت سے) اچھا......ہم تو آج تک یہی سمجھتا رہا' تمہارے ملک میں تو جگہ جگہ ہم کو اُس جیسے نوجوان نظر آیا......!!!

لیاری (فون کی طرف منہ کرتے ہوئے) محترم آپ کا سوال لیری صاحب نے سن لیا ہے' میرا خیال ہے وہ اس کا جواب گول کرنے کی کوشش کر رہے ہیں (فون بند کر دیتا ہے) ناظرین......جب تک لیری صاحب اگلے سوال کی تیاری کرتے ہیں' ہم ایک بریک لیتے ہیں اور فوراً واپس آتے ہیں' Stay with us......!!!

Break

لیاری لیجئے ناظرین...... بریک ختم اور ہم حاضر...... لیری کنگ جیسی عظیم شخصیت ہمارے سامنے تا حال موجود ہے' آیئے ان کی دوبارہ سے خیر خبر پوچھتے ہیں...... جی لیری صاحب! آپ ذرا بتائیں گے کہ آپ کا پسندیدہ کھیل کون سا ہے؟

لیری (کچھ سوچتے ہوئے) ریسلنگ...... فری سٹائل ریسلنگ......

لیاری (حیرت سے) یہ صرف پسند ہے یا کبھی کھیلنے کی بھی حماقت کی ہے...... مم...... میرا مطلب ہے کوشش کی ہے۔

لیری ہم اپنے دور کے چیمپئن رہ چکے ہیں......

لیاری (اچھلتے ہوئے) آپ ریسلنگ کے چیمئن رہ چکے ہیں...... جناب میرا خیال ہے آپ نے یہ جواب اپنی صحت کو مدنظر رکھ کر نہیں دیا...... جھوٹ نہ بولیں......!!

لیری ہمارا یقین کرو...... ہم چیمپئن رہ چکا ہے...... ہم نے تین سو چیونٹیوں سے اکیلا مقابلہ کیا تھا......!!!

لیاری (گہرا سانس لے کر) آفرین ہے بھئی آپ کی بہادری پر...... یقیناً اس کارہائے نمایاں پر آپ کو کوئی حکومتی میڈل بھی ملا ہوگا؟

لیری ہم نے آج تک کسی کو بتایا ہی نہیں

لیاری (غصے سے) تو آج کون سی موت پڑ گئی تھی' ہم کو کیوں بتایا ہے...... ہم ایوارڈ کمیٹی میں ہوں...... خوامخواہ دماغ خراب کر رہا ہے۔

لیری ویسے لیاری...... کبھی تم نے دیکھا ہے کہ میں نے اپنے پروگرام میں غصہ کیا ہو؟

لیاری اور کبھی تمہارے پروگرام میں کوئی چیونٹیوں کا چیمپئن آیا ہے؟

لیری اوہ کم آن...... ہم دونوں میزبان ہیں...... ہمیں لڑائی زیب نہیں دیتی...... تم بھی کنگ ہو...... میں بھی کنگ ہوں...... اور تمہیں پتا ہونا چاہیے...... بادشاہ...... بادشاہ سے بادشاہوں والا سلوک کرتے ہیں۔

لیاری ہم کنگ بھی ہوں اور لیاری بھی...... ہم تم سے لیاری والا سلوک بھی کر سکتا ہوں' ویسے بات آپ کی ٹھیک ہے...... اچھا یہ فرمایئے! کوئی ایسی شخصیت جس کا انٹرویو کرتے وقت آپ کو بہت غصہ آیا ہو......!!!

لیری لیاری...... ہم بڑے ٹھنڈے مزاج سے انٹرویو کرتے ہیں...... تمہاری طرح بات بات پر غصے میں نہیں

آ جاتے......ٹھنڈی بوتل پیا کرو۔

لیاری آپ کی اور ہماری بوتل میں بڑا فرق ہے جناب......ہماری بوتل تو اب 10 روپے کی ہوگئی ہے......چلیں یہ بتائیں کہ کوئی ایسی شخصیت جس کا آپ نے ایک دفعہ انٹرویو کیا ہو اور دوسری دفعہ کرنے کی خواہش ہو؟

لیری (آہ بھرتے ہوئے) ایک دفعہ ڈیانا کا انٹرویو کیا تھا

لیاری دوسری دفعہ کرنا چاہتے ہیں؟ اگر ایسی کوئی خواہش ہے تو بتایئے، ہم آپ کو ان کے پاس لے جانے کے انتظامات کر دیتے ہیں۔

لیری (گھبرا کر) نہیں ایسی کوئی بات نہیں......ویسے آپ مجھے بتایئے کہ آپ نے میرے پروگرام کے نام کو بگاڑ کر لیاری کنگ کیوں کر دیا؟

لیاری (مسکراتے ہوئے) آپ کا کوئی کیا بگاڑ سکتا ہے جناب......ہم نے آپ کے پروگرام سے متاثر ہو کر اس کا نام لیاری کنگ رکھا ہے۔

لیری اوہ......اب سمجھا......ویسے تمہارا اصل نام کیا ہے لیاری؟

لیاری ابھی تک پتا نہیں چل سکتا...... پہلے جب ہم کیماڑی میں رہتے تھے تو سب ہم کو کیماڑی کنگ بولتے تھے......پھر جب تھوڑا بڑے ہوئے تو ابا کی ٹرانسفر لالوکھیت ہوگئی......سب ہم کو لالو کنگ بولنے لگے......آج کل اپنے ڈیرے لیاری میں ہیں......اسی لیے لیاری کنگ بنے ہوئے ہیں بھئی۔

لیری (ہنستے ہوئے) ویری انٹرسٹنگ......ویری انٹرسٹنگ......ویسے اگر کبھی تم بندر روڈ پر چلے گئے تو پھر؟

لیاری (بے دھیانی میں) تو پھر ہمارا نام بندر......(غصے سے) آپ ہم کو رگڑے دینے کی کوشش کر رہے ہیں، ہم آپ کو بتا دوں کہ ہم غصے میں سب اپنے پرائے کی پہچان بھول جاتے ہیں......روٹی روزی کا معاملہ نہ ہوتا تو ابھی خنجر نکال لیتے......لیکن کیا کریں، اپنا تو کام ہی انٹرویو کرنا ہے......(فون کی بیل بجتی ہے) ہیلو!

سلمیٰ ہیلو......میں سلمیٰ بات کر رہی ہوں

لیاری ہاں جی سلمیٰ جی......حکم کریں!!!

سلمیٰ لیری کنگ سے کہو کہ اس عمر میں گھر بیٹھے......آرام کرے......لگتا ہے گھر والے اس سے اچھا سلوک نہیں کرتے۔

لیری اوہ یس......تم نے ٹھیک کہا سلمیٰ......گھر والے میرا انتظار نہیں کرتے...... کیونکہ میرے سارے گھر والے سٹوڈیو میں ہی جاب کرتے ہیں۔

لیاری (فون بند کرتے ہوئے) بڑی بات ہے بھئی......تمہارا تو گھر کا سٹوڈیو ہو گیا ناں......اچھا لیری صاحب! آپ سے ایک سوال ہے کہ آپ کے متعلق مشہور ہے کہ آپ کا دماغ بہت تیز کام کرتا ہے......ہم کو بھی کوئی نسخہ بتائیں ناں......ہمارا تو دماغ خراب ہو جاتا ہے انٹرویو کے دوران......!!!

لیری بڑا آسان نسخہ ہے......!!! ایک بوتل......!!!

لیاری (بات کاٹتے ہوئے) پھر وہی بوتل......اوہ بابا کتنی بار سمجھایا ہے کہ یہ پاکستان ہے......امریکہ نہیں۔

لیری پوری بات تو سنو......ایک بوتل پانی کی اپنے پاس ہر وقت رکھا کرو...... جب بھی غصہ آئے......ایک گھونٹ لے لیا کرو

لیاری (طنزیہ لہجے میں) یہ جو آپ مجھے ''منرل واٹر'' کا طریقہ سمجھا رہے ہیں، ہم اچھی طرح سے سمجھ رہا ہوں۔

لیری چلو......یہ نہیں تو نہ سہی......تم ایسا کیا کرو جب بھی غصہ آئے......ہمارا تصور کر لیا کرو۔

لیاری بہت اچھے......تاکہ غصہ ڈبل ہو جائے......ویسے لیری صاحب! یہ بات تو ماننے کی ہے کہ آپ بہت ٹھنڈے مزاج کے ہیں......آپ ناشتے میں دھنیا تو نہیں کھاتے......؟؟؟؟

لیری (ہنستے ہوئے) ہمارا ناشتہ تو بہت ہی مختصر ہوتا ہے یار!!!

لیاری (چونک کر) یار......آپ نے ہم کو یار بولا......ہم آپ کے ساتھ اخروٹ کھیلتا رہا ہوں؟؟؟

لیری جب نام ایک جیسا ہے، کام ایک جیسا ہے تو پھر یار ہی ہوئے ناں......ہم تو دن رات کوشش کرتے ہیں کہ تم لوگوں کو اپنا یار دوست بنائیں، پتا نہیں تم کیوں دور دور بھاگتے ہو؟

لیاری بابا اپنی عزت سے ڈرتے ہیں......تمہارا پتا بھی تو نہیں لگتا کہ کب یار کو دہشت گرد قرار دے دو......اچھا یہ فرمایئے کہ مستقبل میں آپ کوئی نیا پروگرام بھی شروع کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں یا ''لیری کنگ'' میں ہی لگے رہیں گے؟

لیری (سوچ کر) آں......مستقبل میں ہمارا پروگرام ہے کہ ہم ایک نیا ٹاک شو شروع کریں جس کا نام ہو''ب''

لیاری (حیرت سے) ''ب''......یہ کیا نام ہوا جناب......کیا ٹاک شو بکریوں کے بارے میں ہوگا؟

لیری اوہ نو......اصل میں ہم چاہتے ہیں الف سے لے کر یے تک ٹاک شو شروع کریں تا کہ انگریزوں کو بھی اردو کا پتا چل سکے۔

لیاری لیکن جناب آپ کو اردو سیکھنے کی کیا ضرورت ہے......؟

لیری یہی تو تم سمجھتا نہیں......اس وقت ہم کو انگلش سیکھنے کی اتنی ضرورت نہیں جتنی اردو سیکھنے کی ہے......آج نہیں تو کل......اُردو تو سیکھنی پڑے گی۔

لیاری (طنزیہ لہجے میں) اس کا مطلب ہے پشتو اور عربی تو آپ کو فر فر آ چکی ہوگی؟؟؟

لیری (آہ بھرتے ہوئے) ہمیں تو نہیں آئی......البتہ اُن لوگوں کو انگلش آ گئی ہے......!!!

لیاری اچھا یہ بتایئے کہ جب پہلی دفعہ آپ نے کیمرے کا سامنا کیا تو آپ کے کیا تاثرات تھے......ڈر تو رہے ہوں گے؟

لیری لیاری......ڈرنے کی کیا ضرورت......ہم تو پیدائشی ایکٹر ہیں

لیاری واؤ آپ کو اداکاری کا بھی شوق ہے' جناب یہ تو بتایئے کبھی کسی فلم میں بھی کام کیا؟

لیری یس......ہم نے ایک انگلش مووی میں کام کیا تھا۔

لیاری (غور سے دیکھتے ہوئے) اوہ یس......ہم نے Evil Dead دو تین دفعہ دیکھی ہے......آپ نے تہہ خانے والا سین خوب کیا ہے۔

لیری اوہ نو......وہ ہم نہیں تھا......تم ہم کو جن سمجھتا ہے؟

لیاری نہیں جناب ہم ایسا سچ کہاں بول سکتے ہیں......آپ ہمارے مہمان ہیں......اچھا یہ فرمایئے کہ آپ کو موسیقی سے بھی لگاؤ ہے؟

لیری بالکل نہیں۔

لیاری یعنی آپ امریکہ میں رہ کر بھی موسیقی سے لگاؤ نہیں رکھتے......کمال ہے

لیری ہم افریقہ میں بھی ہوتا پھر بھی موسیقی نہ سنتا

لیاری کیوں......آخر کیوں......موسیقی سے اتنی نفرت کیوں؟؟؟

لیری (آہ بھرتے ہوئے) ہماری بیوی بھی سنگر ہے......

لیاری اوہو......ہم کو بہت افسوس ہے، آپ تو واقعی قابل رحم ہیں، ناظرین! لیری کنگ صاحب سے ہماری ملاقات کیسی رہی، ہمیں ضرور بتایئے گا، اگلے ہفتے نئی شخصیت کے ساتھ پھر حاضر ہوں گے......اُس وقت تک کے لیے لیاری کنگ کو اجازت دیجیے......خدا حافظ!!

چڑیل سے انٹرویو

لیاری ویلکم ٹو لیاری کنگ......ناظرین کچھ شخصیات ایسی ہوتی ہیں جن سے مل کر انسان کا ڈھیروں خون بڑھ جاتا ہے اور کچھ ایسی ہوتی ہیں جنہیں دیکھتے ہی خون خشک ہو جاتا ہے' ہماری آج کی مہمان بھی ایک ایسی ہی ''خوف صورت'' شخصیت ہیں جو خون خشک اور چہرہ سرد کرنے کی صلاحیت سے مالا مال ہیں' کوہ قاف سے ہمارے سٹوڈیو میں بطور خاص تشریف لائی ہیں آیئے ملتے ہیں......مس چڑیل سے......!!!

(کیمرہ زوم آؤٹ ہوتا ہے' چڑیل کی کرسی خالی ہے)

لیاری چڑیل جی......کہاں ہیں آپ......؟؟؟ کمال ہے......(پریشانی سے)

ارے بھئی سٹوڈیو کے بندے گن لو' کہیں کوئی اس کا ڈنر نہ بن گیا ہو......چڑیل جی......(ادھر ادھر دیکھتا ہے)

(اتنے میں قہقہے کی آواز آتی ہے اور سامنے والی سیٹ پر اچانک چڑیل نمودار ہو جاتی ہے' چڑیل نے ماڈرن لباس پہنا ہوا ہے' بال لمبے لمبے اور کھڑے ہیں' ہاتھ میں ایک انسانی کھوپڑی ہے اور گلے میں پرس لٹکا رکھا ہے)

لیاری (بے اختیار چیخ نکل جاتی ہے) آپ......آپ......کہاں چلی گئی تھیں؟

چڑیل (قہقہہ لگا کر) ذرا ''انسان شیک'' پینے گئی تھی......!!!

لیاری انسان شیک؟؟؟

چڑیل ہاں......بھئی جیسے تمہارے ہاں ملک شیک ہوتا ہے' ہمارے ہاں انسان شیک شوق سے پیا جاتا ہے۔

لیاری بڑی بات ہے جی......بڑی بات ہے......اچھا چڑیل جی......چونکہ اب آپ سے لمبی گفتگو ہو گی اس لیے

ذرا پہلے آپ کا نام پتا چل جائے تو آسانی رہے گی۔

چڑیل (قہقہہ لگا کر) نام..........؟؟؟ (زوردار چیخ مارتی ہے)

لیاری (گھبرا کر) مم......میں نے آپ کا نام پوچھا ہے......کام نہیں......!!!

چڑیل نام تو میرا بڑا مشکل ہے، ویسے پیار سے سب مجھے "پنکی خونخوار" کہتے ہیں!!

لیاری پیار سے کہتے ہیں......کون لوگ ہیں جو آپ کو پیار سے بلاتے ہیں؟

چڑیل (شرما کر)......وہ......!!!

لیاری اچھا اچھا......ابا جی کی بات کر رہی ہیں......

چڑیل (غصے سے چلاتے ہوئے) نہیں......مجھ سے مذاق کیا تو لیاری سے نہاری بنا دوں گی......(شرما کر اوپر دیکھتے ہوئے) وہ سے مراد ہے......وہ......!!!

لیاری (اوپر دیکھتے ہوئے)......یااللہ خیر......اُس طرف تو لائٹ مین بیٹھا ہے......ابے بشیر......بیٹے آیت الکرسی پڑھ لے......!!!

چڑیل (منہ بنا کر) اوہ کم آن......تم ابھی بھی نہیں سمجھے......بابا میں اُن کی بات کر رہی ہوں جن سے میری شادی ہونی ہے......وہ کوہ قاف کالج آف آرٹس میں میرے کلاس فیلو ہیں

لیاری بابا......کون بابا......کس کو کہا آپ نے بابا......میں آپ کو بابا نظر آتا ہوں؟

چڑیل (منہ بنا کر) تم بابے نہیں

لیاری شکریہ!

چڑیل تم تو بُڈھے بابے ہو!!!

لیاری دیکھئے......دیکھئے......ذرا ہوش میں رہ کر بات کیجئے......اس وقت ہم آن ائیر ہیں

چڑیل تو یہ کون سی نئی بات ہے......میں تو ہر وقت ہی آن ائیر ہوتی ہوں

لیاری (حیرت سے) ہیں جی......وہ......وہ کیسے......؟؟؟؟

چڑیل بھئی ہر وقت ہوا میں جو سفر کرتی ہوں......تو آن ائیر ہی ہوئی ناں......!!!

لیاری اوہ یس......یس......بالکل ٹھیک بات کی آپ نے، ویسے پنکی یہ تو بتائیے کہ آپ کی عمر کتنی ہے؟

چڑیل (شرما کر) چڑیلوں سے ایسے سوال نہیں پوچھتے !!!

لیاری کیوں بھئی؟

چڑیل سمجھنے کی کوشش کرونا ں...... ARY کوہ قاف میں بھی بڑے شوق سے دیکھا جاتا ہے‘ میرے ہونے والے ’’انہوں‘‘ نے سن لیا تو بڑی مشکل ہو جائے گی۔

لیاری یہ آپ کے ’’انہوں‘‘ کا نام کیا ہے......اور موصوف کرتے کیا ہیں؟

چڑیل (ٹھنڈی آہ بھرتے ہوئے) وہ ڈوڈو جن کے بیٹے ہیں اور ابھی جادو ٹونے میں ایم بی اے کر رہے ہیں......نام ہے ان کا......’’طبا خیل تارا‘‘

لیاری طبا خیل تارا......کمال کا نام ہے۔

چڑیل جی ہاں ان کا نام طبا خیل تارا ہے اور ان کے بھائی کا نام اسماعیل تارا!!!

لیاری (کھسیانا ہو کر) چھوڑیں جی ان فضول باتوں کو......میں پوچھ رہا تھا کہ آپ کی عمر کتنی ہے؟

چڑیل جتنا تمہیں......اس پروگرام کا معاوضہ ملتا ہے‘ اُتنے سال......!!!

لیاری (ٹھنڈی آہ بھر کر) پھر تو آپ ابھی بہت چھوٹی ہیں......!!! اچھا یہ فرمایئے کہ آپ تعلیم سے فراغت کے بعد ہاؤس چڑیل بنیں گی یا ورکنگ چڑیل؟

چڑیل میں اب بھی پارٹ ٹائم جاب کرتی ہوں۔

لیاری کہاں جی؟

چڑیل کوہ قاف ہاسپٹل کے بلڈ بینک میں او نیگیٹو خون کا سٹاک ہر وقت پورا رکھنا میری ہی ذمہ داری ہے۔

لیاری مس پنکی خونخوار‘ آپ پہلی دفعہ ہمارے پروگرام میں تشریف لائی ہیں آپکی کوئی ایسی فرمائش جو ہم پوری کر سکیں؟

چڑیل (قہقہہ لگا کر) جیسا کہ تم دیکھ رہے ہو کہ مجھے ہنسنا ہنسانا بہت پسند ہے‘ اس لیے مجھے کوئی اچھا سا لطیفہ سنا دو۔

لیاری لطیفہ......بڑی عجیب سی فرمائش کی ہے......چلیں کوشش کرتا ہوں ...... ہاں یاد آ گیا...... لیجئے ایک تازہ لطیفہ سنئے ......ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک مسلمان تھا......!!!

چڑیل (زور زور سے قہقہے لگانے لگتی ہے)

لیاری (حیرت سے) کیا ہوا؟

چڑیل (قہقہہ لگا کر) کبھی مسلمان بھی ایک ہوا ہے......؟؟؟؟ واہ واہ واہ...... بڑا کمال کا لطیفہ تھا......تم تو بڑے کمال کے انسان ہو......سوری میں روانی میں تمہیں انسان کہہ گئی' تم نے مائنڈ تو نہیں کیا؟

لیاری (غصے سے) دیکھئے......دیکھئے......اپنی حد میں رہیئے......میں سو فی صد ایک انسان ہوں۔

چڑیل (قہقہہ لگا کر) ثابت کرو......!!!

لیاری ثابت سے کیا مراد ہے......بھئی میں ایک انسان ہوں...... یہ...... یہ دیکھیں......میرا منہ' ناک' کان' آنکھیں ہیں۔

چڑیل یہ سب تو میری بھی ہیں......لیکن میں انسان نہیں ہوں

لیاری آں......وہ......یہ......ہاں......یاد آیا......میں آپ کی طرح غائب نہیں وسکتا......!!!

چڑیل (قہقہہ لگا کر) جھوٹ......سفید جھوٹ......تم غائب ہو سکتے ہو!!!

لیاری (قہقہہ لگا کر) آپ غلط ثابت ہو جائیں گی......میں غائب نہیں ہو سکتا!!!

چڑیل تم ہو سکتے ہو!!!

لیاری ناممکن!!!

چڑیل تمہارے پاس پانچ سو کا نوٹ ہوگا......کل لے لینا......!!!

لیاری (بیٹھے بیٹھے غائب ہو جاتا ہے)

چڑیل (زوردار قہقہہ لگاتی ہے) ارے میں مذاق کر رہی تھی

لیاری (واپس ظاہر ہوتا ہے اور اپنے آپ کو ٹٹولتا ہے) یہ...... یہ مجھے کیا ہو گیا تھا

چڑیل تم غائب ہو گئے تھے......ادھار کا سنتے ہی رفو چکر ہو گئے

لیاری لیکن میں تو یہیں بیٹھا تھا......!!!

چڑیل بعض لوگوں کو محسوس نہیں ہوتا کہ وہ غائب ہو گئے ہیں' لیکن اصل میں وہ غائب ہو چکے ہوتے ہیں۔

لیاری اچھا پنکی...... یہ بتایئے آپ کے ہاں بھی ذاتیں واتیں ہوتی ہوں گی؟

چڑیل بہت زیادہ......!!

لیاری ویری گڈ......تو آپ کی ذات کیا ہے؟

چڑیل (فخر سے گردن اکڑا کر) ہم ''راج۔ بھوت'' ہیں!!!

لیاری انسانوں میں گھوم پھر کر کیسا لگتا ہے؟

چڑیل بس ایسا ہی لگتا ہے جیسے اپنے لوگوں میں ہی ہوں

لیاری کیا مطلب؟

چڑیل ''لاری'' بھائی......بات دراصل......!!!

لیاری ایک منٹ......ایک منٹ......میرا نام لیاری ہے......لاری نہیں......خبردار جو میری بے عزتی کی کوشش کی' پہلے میرے ساتھ کیا کم ہوتی ہے......گھر میں بھی بے عزت اور باہر بھی

چڑیل اوہ......سوری لیاری بھائی......

لیاری یہ......یہ بھائی کیا ہوتا ہے......میں کہاں سے آپ کا بھائی ہو گیا......آپ چڑیل' میں انسان......!!!

چڑیل (دبی دبی ہنسی ہنستے ہوئے) پھر انسان......!!! ارے تمہیں کہا تو ہے کہ تم انسان نہیں ہو۔

لیاری (غصے سے) میں انسان ہی ہوں

چڑیل پاگل کبھی اپنے آپ کو پاگل نہیں کہتا

لیاری صحت مند بھی اپنے آپ کو کبھی پاگل نہیں کہتا

چڑیل (غصے سے) مجھ سے بحث مت کرو

لیاری کیوں نہ کروں......زیادہ سے زیادہ یہی ہو گا ناں کہ آپ مجھے کچا چبا جائیں گی......میرا خون پی جائیں گی۔

چڑیل (برا سا منہ بنا کر) اب ایسی بھی بات نہیں......آخر چڑیل کا بھی کوئی سٹیٹس ہوتا ہے......!!!

لیاری یعنی آپ مجھے کچا چبانے کے قابل بھی نہیں سمجھتیں......آپ......آپ جانتی ہیں کہ میں کتنا مشہور انسان ہوں؟

چڑیل انسان......(پھر ہنستی ہے)

لیاری خیر......چھوڑیئے......آپ ہماری مہمان ہیں' یہ بتایئے کہ......!!(اتنے میں موبائل کی گھنٹی بجتی ہے)

لیاری (چونک کر ادھر ادھر دیکھتے ہوئے) یہ...... یہ کس نے فون آن کیا ہوا ہے' ہزار دفعہ منع کیا ہے کہ سٹوڈیو میں موبائل فون بند کر کے آیا کریں......اوہ سوری......لگتا ہے یہ تو میرا ہی موبائل ہے......(جیب سے موبائل نکال کر آف کرتا ہے' اتنے میں پھر گھنٹی بجتی ہے......) کمال ہے......اب بند موبائل کی بھی بیل ہونے لگی۔

چڑیل (پرس میں سے موبائل نکالتے ہوئے) اوہ سوری یہ میرا فون ہے......جی ڈیڈی......جی جی......بس تھوڑی دیر ہو جائے گی......(طنزیہ لہجے میں) ایک انسان کو انٹرویو دے رہی ہوں......اچھا......ٹھیک ہے......او کے......بائے (فون آف کر کے پرس میں رکھ لیتی ہے)

لیاری (حیرت سے) چڑیلیں بھی موبائل استعمال کرنے لگی ہیں؟

چڑیل (غصے سے) کیوں......چڑیلیں انسان نہیں ہوتیں......مم......میرا مطلب ہے کہ چڑیلیں جدید دور کی سہولیات سے فائدہ نہیں اٹھا سکتیں؟

لیاری لیکن آپ کو موبائل کی کیا ضرورت......آپ کے پاس تو بے انتہا قوت ہوتی ہے' آپ تو بیٹھے بٹھائے کہیں بھی پہنچ سکتی ہیں۔

چڑیل (آہ بھرتے ہوئے) پہلے کبھی ایسا ہوتا تھا' اب نہیں ہوتا۔

لیاری خیریت؟

چڑیل ڈیڈی بہت Strickt ہو گئے ہیں......کہتے ہیں شریف چڑیلیں یوں بغیر بتائے غائب نہیں ہوتیں لہذا ہر وقت اپنے پاس موبائل رکھا کرو تا کہ میرے رابطے میں رہو۔

لیاری یہ آپ کے ڈیڈی کیا کرتے ہیں؟

چڑیل وہ کوہ قاف میں کرائے کا ''اُڑن کھٹولہ'' چلاتے ہیں

لیاری اُڑن کھٹولہ چلاتے ہیں......کیا مطلب؟

چڑیل اوہو......بھئی وہ اُڑن کھٹولے کے ڈرائیور ہیں اور کوہ قاف کے بچوں کو سکول لانے لے جانے پر مامور ہیں۔

لیاری کمال ہے......اچھا یہ بتایئے کہ آپ چڑیل ہیں' ہم نے سنا ہے کہ چڑیل کے پاؤں الٹے ہوتے ہیں' کیا واقعی یہ سچ ہے؟

چڑیل (قہقہہ لگا کر) بالکل سچ ہے، میرے بھی پاؤں الٹے تھے لیکن اب میں نے پلاسٹک سرجری کروا کے سیدھے کروا لیے ہیں۔

لیاری وہ کیوں؟

چڑیل اصل میں جب میں آ رہی ہوتی تھی تو لگتا تھا جا رہی ہوں......اور جا رہی ہوتی تھی تو لگتا تھا آ رہی ہوں......کسی کی سمجھ میں ہی نہیں آتا تھا (قہقہہ لگاتی ہے)

لیاری یہ آپ کے ہاتھ میں کھوپڑی کس بدنصیب انسان کی ہے؟

چڑیل (قہقہہ لگا کر) یہ......بدنصیب نہیں......خوش نصیب ہے

لیاری وہ کیسے؟

چڑیل تمہارے جیسے کچھ لوگ اس کی ڈی بریفنگ کر رہے تھے......اچانک میری نظر پڑی اور میں نے اس کی ''سی بریفنگ'' کر دی۔

لیاری ''سی بریفنگ''؟؟؟......یہ کیا ہوتی ہے؟

چڑیل سی فار چڑیل......یعنی ''چڑیل بریفنگ''

لیاری (کھوپڑی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) یہ تھا کون؟

چڑیل بہت بڑا موسیقار تھا......نئی نئی دھنیں بناتا تھا

لیاری اس کی ڈی بریفنگ کیوں ہوئی

چڑیل بس......دھنیں بہت اچھی بنانے لگ گیا تھا......اس نے اپنا ایک راگ ایجاد کر لیا تھا......جس نے ہر طرف دھوم مچا دی تھی......دشمنوں نے واویلا مچا دیا کہ یہ راگ ان کے ''بھاگ'' سلا رہا ہے لہذا اس کی ڈی بریفنگ کی جائے۔

لیاری (افسوس کرتے ہوئے) حالانکہ نیا راگ ایجاد کرنا کوئی خالہ جی کا گھر نہیں ہوتا...... بڑے بڑے سُر ملانے پڑتے ہیں۔

چڑیل تمہاری شکل دیکھ کر مجھے پہلے ہی شک ہو گیا تھا کہ تمہارا یقیناً موسیقی سے گہرا تعلق رہا ہے۔

لیاری بھئی اتنا تعلق تو ہر کسی کا ہوتا ہے...... ہر کوئی جانتا ہے کہ نیا راگ بنانا کتنا مشکل کام ہے۔

چڑیل لیکن دشمن کہتے تھے جتنی جلدی ممکن ہو اس راگ کو ''آ گ'' لگا دی جائے تا کہ ان کے راگوں کی اہمیت برقرار رہے۔

لیاری آپ نے اس کی کھوپڑی کیوں سنبھال رکھی ہے؟

چڑیل میرے بس میں ہو تو میں اس کے جسم کا ذرہ ذرہ سنبھال کر رکھوں...... یہ بہت عظیم موسیقار تھا......کوہ قاف میں ہوتا تو اس کی پوجا کی جاتی۔

لیاری یعنی کوہ قاف میں بھی موسیقی سنی جاتی ہے؟

چڑیل لو......کرلو بات......ارے ''للاری''......مم......میرا مطلب ہے لیاری......موسیقی کو جتنا جنات سمجھتے ہیں کوئی سمجھ ہی نہیں سکتا۔

لیاری ویری گڈ......اس کا مطلب ہے آپ کو بھی موسیقی سے شغف ہے

چڑیل کیا ہے؟

لیاری شغف......میرا مطلب ہے کہ......شوق ہے

چڑیل کوئی ایسا ویسا......میں تو عنقریب اپنا البم لا رہی ہوں

لیاری (حیرت سے) واقعی؟

چڑیل جی ہاں......اور اس کے سارے گیتوں کی شاعری بھی میں نے خود لکھی ہے

لیاری بھئی آپ تو چھپی رستم نکلیں......ہمارے ناظرین کو بہت خوشی ہوگی گر آپ اپنا لکھا ہوا کوئی گیت اپنی مدھر آواز میں گا کر سنائیں۔

چڑیل میں میوزک کے بغیر نہیں گا سکتی۔

لیاری ویسے ہی......تھوڑا سا گنگنا دیجیے......

چڑیل تم فرمائش کرتے ہو تو پھر سنو! (انگلش سٹائل میں گاتے ہوئے چیخیں مارتی ہے' سارے گانے میں کوئی لفظ نہیں' صرف چیخیں ہی چیخیں ہیں)

لیاری یہ......یہ کیا تھا؟

چڑیل (غصے سے) کم بخت تجھے نہیں پتا کہ گانا گا رہی تھی

لیاری یہ......یہ گانا تھا؟

چڑیل لگتا ہے تم ویسٹرن میوزک نہیں سنتے......وہاں زیادہ تر میری کزنز ہی گا رہی ہیں......ابھی تو تم نے میرے ماموں کا گانا نہیں سنا......!!!

لیاری وہ بھی گلوکار ہیں؟

چڑیل کوئی ایسے ویسے......کبھی کوہ قاف آ کے دیکھو......جب وہ گانا گاتے ہیں تو دو دو کلو آٹا اکٹھا ہو جاتا ہے......!!!

لیاری ماشاءاللہ......ماشاءاللہ......اچھا یہ بتایئے کہ......!!!!

چڑیل (بات کاٹتے ہوئے اپنی گھڑی کی طرف دیکھ کر) اوہ......بہت دیر ہو رہی ہے......انٹرویو اور کتنی دیر چلے گا؟

لیاری بس تھوڑی سی دیر اور......!!!

چڑیل او کے......میں ذرا ڈرائیور کو فون کر دوں تا کہ وہ گاڑی لے آئے

لیاری آپ گاڑی پر آئی ہیں؟

چڑیل تو اور کیا تمہاری طرح ''چنگ چی'' پر آئی ہوں......!!!

لیاری مم......میرا مطلب ہے کہ آپ تو اچانک ظاہر ہوئی تھیں' گاڑی تو نہیں تھی آپ کے پاس......!!!

چڑیل (غصے سے) تمہارے سٹوڈیو والے گاڑی اندر نہیں لانے دے رہے تھے......اگر کہو تو یہیں گاڑی حاضر کر دوں؟

لیاری نہیں......نہیں......ایسا غضب نہ کیجئے گا......سارا سیٹ خراب ہو جائے گا

چڑیل (پرس سے موبائل نکال کر نمبر ملا کر ہیلو کرتی ہے اور پھر اچانک زور سے چیختی ہے) کیا......نہیں!!!!

لیاری (کرسی سے پھسل جاتا ہے) یا اللہ خیر......کیا ہوا' لگتا ہے کوئی بری خبر ہے

چڑیل (رونی صورت بناتے ہوئے) نہیں......یہ نہیں ہو سکتا......!!!

لیاری صبر کیجئے' صبر کیجئے' اللہ کو یہی منظور تھا......ویسے بائی دی وے ہوا کیا ہے؟

چڑیل (موبائل لہراتے ہوئے) آواز آ رہی ہے کہ آپ کا بیلنس ختم ہو چکا ہے

لیاری سبحان اللہ......یعنی ہیں آپ چڑیل اور بیلنس آپ کا انسانوں والا ہے

چڑیل یقین کرو آری......

لیاری آری نہیں......لیاری......!!!

چڑیل ہاں وہی......لیاری......یقین کرو ابھی کل ہی پانچ سو والا کارڈ لوایا تھا اور آج ختم بھی ہو گیا......!!!

لیاری آپ نے کہاں کہاں کال کی تھی؟

چڑیل میں نے کوہ قاف کے علاوہ کوئی کال نہیں کی۔

لیاری اس کا مطلب ہے کوہ قاف لوکل کال کے ایریے میں نہیں آتا......آپ کو انٹرنیشنل کال پڑ گئی ہو گی۔

چڑیل مما اکثر سمجھاتی ہیں کہ کال کرنے کی بجائے ایس ایم ایس کر دیا کرو بس میرے ہی ذہن میں نہیں رہا۔

لیاری اس سے بھی سستا ایک طریقہ ہے......آپ اپنی مما کے موبائل پر ایک بیل دے دیا کریں......انہیں آپ کی خیریت پتا چل جایا کرے گی۔

چڑیل وہ تو ٹھیک ہے لیکن اس وقت کیا کروں......سنو......تمہارے پاس موبائل ہے؟

لیاری (آہ بھرتے ہوئے) میرا تو "موبل آئل" بھی ختم ہو چکا ہے' موبائل تو دور کی بات ہے......!!!

چڑیل اوہو......اتنے غریب ہو......اور نام رکھا ہوا ہے......لیاری کنگ......کنگ تو بادشاہ کو کہتے ہیں۔

لیاری کنگ پر توجہ دینے کی بجائے لیاری پر غور کرو......غربت کی ساری وجہ سمجھ میں آ جائے گی۔

چڑیل سمجھ میں نہیں آ رہا کیا کروں

لیاری آپ کوئی منتر پڑھ کر کارڈ......ری لوڈ کر لیں

چڑیل (آہ بھر کر) یہ موبائل کمپنیوں والے ہم سے بھی بڑے جادوگر ہیں......بڑی کوشش کر چکی ہوں' کارڈ ختم ہو جائے تو دوبارہ نہیں چلتا......پتا نہیں کون سا منتر لگایا ہے۔

لیاری چلیں کوئی بات نہیں......ڈرائیور خود آپ کو فون کر لے گا......آپ یہ بتائیے کہ ملک کی موجودہ صورتحال پر آپ کیا کہتی ہیں؟

چڑیل بہت خراب صورتحال ہے......میرے اختیار میں ہو تو میں ایک منٹ میں حکومت کا تختہ الٹ دوں

لیاری (گھبرا کر) ارے......یہ......یہ کیا کہہ رہی ہیں آپ......ہم آن ایئر ہیں......اور پروگرام لائیو جا رہا

ہے...... مارے جائیں گے

چڑیل او بابا...... میں کوہ قاف کی حکومت کا تختہ الٹنے کی بات کر رہی ہوں

لیاری (گہرا سانس لے کر) شکر ہے...... ورنہ مجھے تو لگ رہا تھا کہ آج گئے...... !!!

چڑیل ویسے تمہارا اپنے ملک کی صورتحال کے متعلق کیا خیال ہے؟

لیاری (غصے سے) دیکھیں...... انٹرویو آپ کا ہو رہا ہے...... میرا نہیں...... !!!

چڑیل (قہقہہ لگا کر) آپ کے اور میرے حالات کتنے ملتے جلتے ہیں

لیاری کیا مطلب...... کون سے حالات

چڑیل یہی...... کہ آپ بھی بے بس ہیں...... میں بھی

لیاری بے بس...... میں سمجھا نہیں

چڑیل بے بس کی یہی نشانی ہوتی ہے کہ وہ کبھی کچھ نہیں سمجھ پاتا

لیاری پتا نہیں آپ کیا کہہ رہی ہیں...... اچھا یہ بتائیے کہ اگر خدانخواستہ آپ کو وزیر اعظم بنا دیا جائے تو آپ پہلا حکم کیا دیں گی؟

چڑیل (قہقہہ لگا کر) کیا تمہارے ملک میں کوئی چڑیل وزیر اعظم بن سکتی ہے؟

لیاری لاحول ولاقوہ...... میں اپنے نہیں آپ کے ملک کی بات کر رہا ہوں...... کوہ قاف کی...... !!!

چڑیل اوہ...... بڑا اچھا سوال ہے...... بات یہ ہے کہ اگر میں کوہ قاف کی وزیر اعظم بن گئی تو پہلا حکم یہی دوں گی کہ آئندہ سے مرد جنات کو سواری کے لیے استعمال نہ کیا جائے۔

لیاری بات کچھ سمجھ نہیں آئی

چڑیل اصل میں کوہ قاف میں زیادہ تر چڑیلیں، جنات کے کاندھوں پر بیٹھ کر ادھر ادھر آتی جاتی ہیں...... میں وزیر اعظم بن گئی تو جنات کے کاندھوں کے ساتھ رکشے لگوا دوں گی۔

لیاری پاکستانی فلمیں، ڈرامے دیکھتی ہیں؟

چڑیل بہت زیادہ

لیاری حیرت ہے

چڑیل اصل میں پاکستانی پنجابی فلمیں کوہ قاف میں بہت شوق سے دیکھی جاتی ہیں کیونکہ ان میں اکثر جنات انسانی شکل میں نظر آتے ہیں

لیاری کیا کہہ رہی ہیں آپ؟ پاکستانی فلموں میں جنات......!!!

چڑیل ہاں ہاں......تم خود دیکھ لو......پنجابی فلم کا ہیرو پچاس پچاس بندوں سے اکیلا لڑتا ہے......اس پر کوئی گولی اثر نہیں کرتی......وہ تین سو کلومیٹر دور سے اپنی ماں کی آواز سن لیتا ہے چلتے جہاز پر چڑھ جاتا ہے......گھوڑے سے تیز بھاگ سکتا ہے......یہ ساری صلاحیتیں تو جنات میں ہی ہو سکتی ہیں۔

لیاری آپکا پسندیدہ ہیرو کون سا ہے؟

چڑیل ہیروشیما

لیاری ہیروشیما تو جاپان کا شہر ہے' میں فلموں والے ہیرو کی بات کر رہا ہوں......میرا مطلب ہے کہ اداکار کون سا پسند ہے؟

چڑیل عطاء الحق قاسمی

لیاری ہیں......لیکن وہ تو اداکار نہیں ہیں......!!!

چڑیل اسی لیے تو پسند ہیں۔

لیاری اچھا یہ بتائیں کہ آپ کو انسانوں کو کچا چبا کر ہی کیوں مزا آتا ہے

چڑیل آپ سے پہلے بھی کئی لوگوں نے یہ شکایت کی ہے' بے فکر رہیے......اب ایسا نہیں ہوگا۔

لیاری (خوش ہو کر) یعنی آپ انسانوں کو نہیں کھایا کریں گی

چڑیل کھاؤں گی......لیکن کچا نہیں......روسٹ کر کے

لیاری کوہ قاف کب کب جانا ہوتا ہے؟

چڑیل اکثر ویک اینڈ پر چلی جاتی ہوں

لیاری زیادہ تر کہاں رہتی ہیں؟

چڑیل گوانتانا موبے میں......!!!

لیاری وہاں کیوں؟

چڑیل وہاں میرے کئی کزن ہوتے ہیں، ویسے میں وہاں سے تنگ آ گئی ہوں

لیاری کیوں

چڑیل وہاں آدھے سے زیادہ بندوں کا تو خون ہی خشک ہو چکا ہے، ناشتے کا مزا ہی نہیں آتا۔

لیاری آئندہ کہاں جانے کا پروگرام ہے

چڑیل عراق جانا چاہ رہی تھی لیکن ڈر گئی ہوں

لیاری وہ کس لیے؟

چڑیل وہاں تو کوہ قاف کے بڑے بڑے طاقتور جن بھی جا کر پھنس گئے ہیں، میں تو ابھی چھوٹی سی چڑیل ہوں۔

لیاری آپکی کوئی سہیلیاں بھی ہیں؟

چڑیل (قہقہہ لگا کر) تم انسانوں میں اکثر نندیں اور بھابیاں میری گہری سہیلیاں ہیں......اکثر ان سے چیٹنگ ہوتی رہتی ہے۔

لیاری چیٹنگ......یعنی آپ انٹرنیٹ بھی Use کرتی ہیں

چڑیل (قہقہہ لگا کر) بہت زیادہ......میں نے تو ہر وقت گاڑی میں لیپ ٹاپ رکھا ہوتا ہے۔

لیاری اس کا مطلب ہے آپ کا کوئی ای میل ایڈریس بھی ہوگا

چڑیل صرف ای میل ایڈریس نہیں، میں تو اپنی ویب سائٹ بھی بنا رہی ہوں، ڈبلیو ڈبلیو ڈبلیو......چنگی خونخوار......ڈاٹ کام۔

لیاری کبھی روتی بھی ہیں؟

چڑیل بہت زیادہ

لیاری کب؟

چڑیل جب سخت بھوک لگی ہو اور تمہارے جیسا بوڑھا بندہ ہاتھ آ جائے

لیاری میں اتنا بھی پرانا نہیں ہوں

چڑیل تم پرانے نہیں......پاٹے پرانے ہو

لیاری دیکھئے......میں آپ کی عزت کر رہا ہوں......آپ بھی میری عزت کریں

چڑیل چڑیل اور عزت...... (قہقہہ لگاتی ہے) شکر کرو تم میں خون نہیں ہے' ورنہ میں نے ابھی پی جانا تھا۔

لیاری چڑیل اور ڈریکولا میں کیا فرق ہے......!!!

چڑیل وہی جو انسپکٹر اور سب انسپکٹر میں ہے......!!!

لیاری بھئی آپ بہت بولڈ ہیں' ایسی باتیں سر عام نہیں کرنی چاہییں

چڑیل جب بولڈ کے سامنے ''اولڈ'' ہو تو پھر ایسی باتیں کرنے میں کوئی حرج نہیں

لیاری یہ بھی ذہن میں رکھئے کہ اولڈ از گولڈ

چڑیل (قہقہہ لگا کر) اتنے دھڑلے سے خود کو گولڈ کہہ رہے ہو...... یقیناً تمہارے والد صاحب جیولر ہیں۔

لیاری دیکھئے میری آپ سے پہلی ملاقات ہے...... ہمارے ناظرین بھی پہلی دفعہ آپ سے مل رہے ہیں...... آپ نے وہ مقولہ تو سنا ہوگا کہ!!! First impression is the last impression

چڑیل بڑی دفعہ سنا ہوا ہے' لیکن میرا اپنا بھی ایک مقولہ ہے جو شائد تم نے نہ سنا ہو

لیاری وہ کیا؟

چڑیل Last impression is the fast impression

لیاری کیا مطلب؟

چڑیل مطلب یہ کہ پہلی دفعہ کی ملاقات اتنا اثر نہیں چھوڑتی جتنا آخری دفعہ کی ملاقات اثر چھوڑتی ہے۔

لیاری گویا آپ یہ کہنا چاہ رہی ہیں کہ اب آپ سے اکثر ملاقات رہے گی...... یہ ناممکن ہے' میں بہت مصروف انسان ہوں۔

چڑیل (قہقہہ لگا کر) اے زبردستی کے انسان...... تم سے ملاقات کے لیے مجھے کسی سے اجازت لینے کی ضرورت نہیں...... میں چڑیل ہوں' کوئی تمہاری فین نہیں۔

لیاری پھر بھی...... میں آپ سے دوبارہ نہیں ملنا چاہوں گا

چڑیل اور اگر میں خواب میں تمہارا خون پینے آ گئی

لیاری میں آنکھیں کھول لوں گا

چڑیل ایسی بات ہے...... تو لو پھر...... تیار ہو جاؤ...... میں تمہیں بتاتی ہوں کہ چڑیل کتنی خطرناک ہوئی ہے۔

لیاری (قہقہہ لگا کر) تمہیں پتا ہی نہیں، میرے پاس تم سے بھی خطرناک چڑیل ہے جو تمہارا بھی خون پی جائے گی۔

چڑیل (قہقہہ لگا کر) ناممکن......مجھ سے خطرناک چڑیل دنیا میں کوئی نہیں ہو سکتی

لیاری ایک منٹ......(جیب میں ہاتھ ڈال کر کوئی تصویر نکالتا ہے اور چڑیل کو دکھاتا ہے) یہ دیکھو!!!

چڑیل (تصویر پر نظر پڑتے ہی تھر تھر کانپنے لگتی ہے) یہ......یہ......کک......کون ہے؟

لیاری (اطمینان سے) میری بیوی!!!

چڑیل (چیخ مار کر غائب ہو جاتی ہے)

لیاری ناظرین......یہ ہے چڑیل سے بچنے کا صحیح طریقہ......خدا حافظ!!!

سائیکل ٹینشن سے انٹرویو

لیاری لیاری کنگ کی طرف سے خوش آمدید۔ ناظرین! پاپ کرنے والے کو پاپی کہا جاتا ہے، لیکن پاپ گانے والے کو پاپ سنگر کہا جاتا ہے، آج کل پاپ کرنے اور پاپ گانے کا دور ہے لہذا اسی مناسبت سے ہم نے آج اپنے سٹوڈیوز میں دعوت دی ہے، دنیا کے مانے ہوئے پاپی ......مم......میرا مطلب ہے پاپ سنگر...... جناب سائیکل ٹینشن صاحب کو!!! آیئے ان سے بات کر کے اپنی ٹینشن میں اضافہ کرتے ہیں۔

سائیکل (اوٹ پٹانگ جدید لباس میں ملبوس، مائیکل جیکسن کے حلیے میں ملبوس، کالی عینک لگائے ایک نوجوان کرسی بیٹھا ہے اور لیاری کی طرف منہ کر کے میز پر پاؤں رکھے ہوئے ہیں، کانوں پر ہیڈ فون ہے اور منہ ہی منہ میں کچھ گنگنا رہا ہے اور سر ہلا رہا ہے۔ بیک گراؤنڈ میں مائیکل جیکسن کا کوئی بہت مشہور گانا لگا ہوا ہے)

لیاری (کھنکارتے ہوئے) دیکھئے، سائیکل صاحب، ہیلو، ذرا طریقے سے بیٹھئے

سائیکل (بغیر توجہ دیے اسی طرح پاؤں ہلاتا رہتا ہے)

لیاری سائیکل ٹینشن صاحب......یہ سٹوڈیو ہے......جناب' ہیلو بھائی صاحب!

سائیکل (کوئی توجہ نہیں دیتا)

لیاری (بے بس ہو کر غصے سے سائیکل کی ٹانگ پر دانت گاڑ دیتا ہے)

سائیکل (چلا کر اچھلتا ہے) اوہ مائی گاڈ......امی جی......مر گیا

لیاری ابے بار بار عزت سے بلا رہا ہوں' سن ہی نہیں رہا

سائیکل ہیڈ فون اتار کر سیدھا ہو کر بیٹھتے ہوئے) اب سارا خرچہ آپکو برداشت کرنا پڑے گا۔

لیاری (حیرت سے) خرچہ......کیسا خرچہ جناب......

سائیکل یہ جو آپ نے میری ٹانگ پر ''دندی'' کاٹی ہے......Its very dangrous

لیاری کمال ہے......اس کا کیا خرچہ ہو سکتا ہے؟

سائیکل You Know......پورے Fourteen انجکشنز لگیں گے......

لیاری (غصے سے) آپ تو 14 ٹیکے لگوا لیں گے......اور مجھے جو تیزاب سے غرارے کرنے پڑیں گے اس کے بارے میں بھی کچھ سوچا ہے

سائیکل اوکے اوکے......Leave this topic......میں زیادہ دیر تک ٹینشن برداشت نہیں کر سکتا۔

لیاری شکر ہے آپ بھی سدھرے......اچھا اب ہم انٹرویو شروع کرتے ہیں' ہمارے ناظرین جاننا چاہیں گے کہ آپ کو ذاتی طور پر موسیقی کی کون سی صنف اچھی لگتی ہے؟

سائیکل آں......مجھے صرف صنفِ نازک پسند ہے

لیاری میں موسیقی کی صنف کی بات کر رہا ہوں......میرا مطلب ہے کہ کیا کبھی آپ نے کلاسیکی موسیقی بھی سنی ہے

سائیکل Yes Yes...why not......میں پاکستانی کلاسیکی موسیقی بہت شوق سے سنتا ہوں۔

لیاری ماشاءاللہ' یہ بتایئے کہ ہمارے کون سے کلاسیکل گلوکار آپ کو بہت پسند ہیں

سائیکل مجھے ''ظالم لوہار'' کے گیت بہت اچھے لگتے ہیں

لیاری سبحان اللہ......یعنی آپ ان کی گلوکاری کو کلاسیکل گلوکاری سمجھتے ہیں؟

سائیکل Yes......اب دیکھیں ناں......وہ تو میوزک بھی کلاسیکل Use کرتے تھے......You know

......چمٹا......!!!

لیاری لیکن وہ کلاسیکل نہیں گاتے تھے......وہ فوک گاتے تھے......فوک

سائیکل Europe میں اسے کلاسیکل ہی کہا جاتا ہے

لیاری آپ کا نام بہت کمال کا ہے......سائیکل ٹینشن......یہ آپ کے والدین نے رکھا تھا یا آپ کا گانا سننے والوں نے؟

سائیکل (گھور کر دیکھتے ہوئے) مجھے لگ رہا ہے کہ تم باتوں باتوں میں مجھے جگتیں مارنے کی کوشش کر رہا ہے......But ایک بات یاد رکھنا......ہم کوئی چھوٹا موٹا مراثی نہیں ہے......ہم یورپی مراثی ہے......ہم جگت کے جواب میں جگت نہیں......ڈیزی کٹر مارتا ہے۔

لیاری (کچھ سوچتے ہوئے) یہ ڈیزی کٹر تو شائد کسی بم کا نام ہے؟

سائیکل (قہقہہ لگا کر) شائد نہیں......یقیناً......یہ بہت خطرناک بم ہوتا ہے......لیکن تم کو اس سے کیا......ڈیزی کٹر کو چھوڑو، تم تو ابھی تک ڈھنگ کا ''نیل کٹر'' بھی نہیں بنا سکا۔

لیاری میرا سوال وہیں ہے......!!!

سائیکل میرا جواب بھی وہیں ہے......!!!

لیاری میں پوچھ رہا تھا کہ آپ کا نام سائیکل ٹینشن کیسے پڑا؟

سائیکل Actuly......پہلے ہم کو صحافی بننے کا بہت شوق تھا، ہم نے اپنے سائیکل پر Press لکھوا رکھا تھا، You know پریس والوں کی بڑی عزت کی جاتی ہے، But ہر کوئی ہم کو ''کالو سائیکل والا'' کہہ کر گزر جاتا تھا، لہذا ہم نے پریس مٹا کر ''ڈپریس'' لکھوا لیا۔ بعد میں کسی نے ہم کو بتایا کہ ڈپریس کی بجائے ٹینشن لکھوا لو......ہم نے سوچا ہو سکتا ہے زندگی میں کوئی چینج آ جائے۔ بس جیسے ہی ہم نے اپنا نام سائیکل ٹینشن رکھا......ساری ٹینشن دور ہو گئی اور ہم دنیا کا مقبول ترین گلوکار بن گیا۔

لیاری یہ بتایئے آپ کے اکثر گانے قبرستان اور مُردوں کے ساتھ فلمائے ہوئے ہیں......اس کی کوئی خاص وجہ؟

سائیکل Oh Yah...... بہت اچھا سوال ہے...... اصل میں ہم زندہ لوگوں کے ساتھ ساتھ مُردوں کو بھی انجوائے کرانا چاہتا ہے...... You know...... ایک دفعہ ہم ایک جنازے پر گانا گا رہا تھا کہ مُردے نے چارپائی سے اٹھ کر بریک ڈانس شروع کر دیا' سب لوگ ڈر کر بھاگ گیا' مردہ ڈانس کرتے ہوئے ہمارے پاس آ گیا......!!!

لیاری آفرین ہے بھئی...... اُس نے تو آپ کو بڑی داد دی ہو گی؟

سائیکل (آہ بھرتے ہوئے) NO Dear............ ہمارے پاس آیا اور ہمیں دونوں بازوؤں سے پکڑ کر اٹھا لیا۔

لیاری کیا بات ہے...... کیا بات ہے...... کوئی بہت بڑا فین ہو گا آپ کا

سائیکل Yes...... فین تو تھا...... But اس کی فرمائش بڑی خطرناک تھی

لیاری فرمائش...... کیسی فرمائش؟

سائیکل وہ بولا...... ہمارے ساتھ قبر میں چلو...... ورنہ ہم اکیلا بور ہو جائے گا

لیاری قق...... قبر میں...... پھر...... پھر آپ نے کیا کہا؟

سائیکل ہمارا چیخ نکل گیا...... ہم نے اس کے بازوؤں سے نکلنے کے لیے بڑا زور لگایا' لیکن اس نے ہم کو کس کے پکڑا ہوا تھا۔

لیاری اوہ مائی گاڈ...... پھر آپ نے کیا کیا؟

سائیکل کرنا کیا تھا لیاری...... ہم نے اس کے بغل میں زور سے ''کت کتاریاں'' کیا...... مُردے کا ''ہاسا'' نکل گیا اور ہم جلدی سے اپنے آپ کو چھڑا کر وہاں سے بھاگ نکلا۔

لیاری (گہرا سانس لے کر) اچھا یہ بتائیے آپ اپنے چہرے کی اتنی پلاسٹک سرجریاں کیوں کرواتے ہیں؟

سائیکل اوہ...... لیاری...... پلاسٹک سرجری ہمارا بچپن کا شوق ہے

لیاری (حیرت سے) بچپن کا؟

سائیکل Yes...... You know...... جب ہم چھوٹا ہوتا تھا تو بہت کالا ہوتا تھا

لیاری (طنزیہ لہجے میں) تو اب آپ کون سے بٹ ہیں؟

سائیکل (آہ بھرتے ہوئے) ہم بازار سے چھوٹے چھوٹے بچوں والے ماسک خرید کر سارا سارا دن چہرے پر

چڑھائے پھرتا تھا‘ But جب بھی ہم ماسک اتارتا...... بچے ہم کو چھیڑنے لگتے......اوئے کالے......اوئے کالو......!!!

You know......ہم کو کالا رنگ بالکل بھی پسند نہیں؟

لیاری لیکن جناب رنگ سے کیا ہوتا ہے......!!!

سائیکل بہت کچھ ہوتا ہے مائی ڈیئر لیاری......ابھی تو پھر ہمارے رنگ میں کچھ فرق آ گیا ہے‘ پہلے تو اتنا کالا ہوتا تھا کہ ہم دودھ بھی پیتا تھا تو وہ اندر جا کر آیوڈیکس بن جاتا تھا۔

لیاری کچھ اندازہ ہے کہ اب تک آپ کتنی پلاسٹک سرجریاں کروا چکے ہیں؟

سائیکل (انگلیوں پر گنتے ہوئے) یہی کوئی پانچ چھ سو دفعہ!!! بیس تیس اوپر نیچے بھی ہو سکتی ہیں......!!!

لیاری خدا کی پناہ......آپ کا چہرہ پھر بھی سلامت ہے؟

سائیکل (قہقہہ لگا کر) اسی وجہ سے اکثر ایشیائی لوگ ہم کو سلامت ٹینشن کہنا شروع ہو گیا تھا......You know اب تو ہم روزانہ صبح شیو کرنے کی بجائے پلاسٹک سرجری کرتا ہے۔

لیاری سب سے پہلے آپ نے بریک ڈانس متعارف کرایا...... یہ بریک ڈانس کا آئیڈیا آپ کو کہاں سے آیا؟

سائیکل (قہقہہ لگا کر) Well Well......بڑے کمال کا سوال کیا ہے تم نے You are a genious......اصل میں ہم جب بھی اپنی کسی فین کے ساتھ موٹر سائیکل پر ڈرائیو کرتا تھا تو بریکیں بہت لگاتا تھا......بس اسی سے ہم کو خیال آیا کہ کیوں نہ ایک ایسا ڈانس سامنے لایا جائے جس میں بار بار بریکیں لگیں...... You Know......اِدھر تمہارا بھی ایک گانا ہے ناں......جی ٹی روڈ تے بریکاں لگیاں......!!!

لیاری آپ کو بچے کیسے لگتے ہیں؟

سائیکل (گھبرا کر) پلیز......پلیز......عدالتی معاملات کو یہاں ڈسکس نہ کریں

لیاری (حیرت سے) اوہو......آپ غلط سمجھے......میرا مطلب تھا کہ ایک دفعہ آپ کا بیان آیا تھا کہ آپ کی خواہش ہے کہ آپ کے زیادہ سے زیادہ بچے ہوں۔

سائیکل (شکر کا سانس لیتے ہوئے) اوہ......یس یس......بات یہ ہے لیاری کہ ہماری خواہش ہے کہ ہمارا زیادہ سے زیادہ بچہ ہوتا کہ وہ بھی ہماری طرح دنیا میں نام پیدا کرے۔

لیاری کمال ہے......ویسے ایک ذاتی سا سوال پوچھ سکتا ہوں......اگر آپ کی اجازت ہو تو؟

سائیکل ہم سے اجازت لینے کی بجائے پہلے اپنے پروڈیوسر سے تو اجازت لے لو......!!!

لیاری ان کی خیر ہے......!!!

سائیکل اوکے......پوچھو؟

لیاری آپ کا شمار خواتین میں ہوتا ہے یا حضرات میں؟ اصل میں آپ کی شکل سے کچھ بھی اندازہ نہیں ہوتا۔

سائیکل (لمبا قہقہہ لگا کر......) بہت اچھا سوال ہے......بہت اچھا......جی......اگلا سوال پوچھیے!!!

لیاری کمال ہے......اچھا یہ بتائیے کہ آپ کو اپنا کون سا گانا سب سے زیادہ پسند ہے؟

سائیکل (سوالیہ انداز میں) ہم گا کر سنائے؟

لیاری بسم اللہ جی......اس سے اچھی بات اور کیا ہوسکتی ہے؟

سائیکل (منہ بنا کر) لیکن نہیں......ہم یہاں گانا نہیں گا سکتا؟

لیاری کیوں جی......یہاں چھاپا پڑ جائے گا؟؟؟

سائیکل اوہ......نونو......ہم کو گانا گانے کا مزا اُس وقت آتا ہے جب سامنے کوئی مُردہ ہو......!!!

لیاری (قہقہہ لگا کر) تو آپ کا کیا خیال ہے......ہم لوگ زندہ ہیں......نہیں بھائی، ہم زندہ لگتے ضرور ہیں لیکن پکے پکے مُردہ ہو چکے ہیں

سائیکل No Doubt......اس میں کوئی شک نہیں......اوکے......تم کہتا ہے تو ہم کوشش کرتا ہے......!!!

لیاری مرنے کی؟

سائیکل اوہ نو......مین......ہم گانے کی کوشش کرتا ہے

لیاری جی......ضرور......شروع کیجیے!!!

سائیکل پلیز......ذرا بیک گراؤنڈ میں میوزک چلوایئے......ہم میوزک کے بغیر نہیں گا سکتا۔

لیاری اوکے......(آواز دیتے ہوئے) جناب ذرا میوزک آن کیجیے (میوزک آن ہو جاتا ہے)

سائیکل (کرسی پر بیٹھے بیٹھے بریک ڈانس کے پوز لیتا ہے)

لیاری (اس کے ساتھ ہی ڈانس کرنے لگتا ہے)

سائیکل کیوں لیاری......کیسا گانا اور کیسا بریک ڈانس تھا؟

لیاری (ہانپتے ہوئے) یہ...... یہ بریک ڈانس نہیں...... یہ تو ایکسیلیٹر ڈانس تھا...... میرا تو جوڑ جوڑ ہل گیا ہے۔

سائیکل یہی تو خوبی ہے اس ڈانس کی...... یقین کرو اس ڈانس کی وجہ سے ہم دن میں بیس دفعہ کھانا کھاتا ہے۔

لیاری (حیرت سے) بیس دفعہ......؟؟؟

سائیکل یس...... بیس دفعہ...... اصل میں جب بھی ہم کھانا کھا کر ڈانس کرتا ہے‘ ایک منٹ میں کھانا ہضم ہو جاتا ہے...... ایک میڈیسن کمپنی نے ہم سے معاہدہ کیا ہے...... ہم ان کے لیے اپنے ڈانس کا تیار کردہ ’’ہاضمے کا چورن‘‘ بھی بنا رہا ہے۔

لیاری کسی نے اگر یہ بریک ڈانس سیکھنا ہو تو کیا آپ طریقہ بتا سکتے ہیں؟

سائیکل بہت Easy ہے...... Very easy............ دو بڑی بڑی شہد کی مکھیاں اپنی قمیض کے اندر ڈال لو...... خود بخود بریک ڈانس آ جائے گا۔

لیاری بڑی بات ہے جی...... اچھا یہ بتایئے کہ سنا ہے آپ عام پانی نہیں پیتے؟

سائیکل (چونک کر) آہستہ بولو...... ہم نے سنا ہے تمہارے ملک میں بڑی پابندی ہے......!!!

لیاری کیا مطلب...... اوہ...... آپ غلط سمجھے...... میرا مطلب تھا کہ سنا ہے آپ صرف منرل واٹر ہی پیتے ہیں۔

سائیکل اوہ یس...... Actuly عام پانی سے ہمارا سارا ڈانس گڑ بڑ ہو جاتا ہے

لیاری اور یہ بھی سنا ہے کہ آپ اپنی ساری دولت اللوں تللوں میں اُڑا دیتے ہیں

سائیکل یہ ’’اللا تللا‘‘ کیا ہوتا ہے؟

لیاری میرا مطلب ہے کہ فضول خرچیوں میں ضائع کر دیتے ہیں؟

سائیکل (غصے سے) لیاری...... یہ جو میڈیا ہے یہ ہماری ہر بات کو غلط انداز میں پینٹ کرتا ہے...... اب تم ہی بتاؤ...... کیا تمہارا ملک کا لوگ منرل واٹر نہیں پیتا...... بڑے بڑے ہوٹلز میں نہیں ٹھہرتا...... پارٹیاں نہیں کرتا...... ہم ایسا کرتا ہے تو کیا غلط کرتا ہے؟

لیاری ٹھیک فرمایا آپ نے...... اچھا یہ بتایئے سائیکل ٹینشن صاحب کہ آپ نے ناچنا کس سے سیکھا...... میرا مطلب ہے کہ آپ کے استاد کون ہیں؟

سائیکل (قہقہہ لگا کر) پہلے ویت نام نے ہم کو تگنی کا ناچ نچایا...... آج کل عراق اچھا ناچ نچا رہا ہے...... دونوں

بہت بڑے استاد ہیں۔

لیاری یہ بتایئے کہ اپنی کون سی بات بہت ناپسند ہے؟

سائیکل گانا گانا؟

لیاری کیا مطلب......یعنی آپ کی جو چیز پوری دنیا کو پسند ہے وہ آپ کو خود ناپسند ہے؟

سائیکل یس......But اس کی بھی ایک وجہ ہے؟

لیاری وہ کیا؟

سائیکل جس چیز کو تم ہمارا گانا سمجھتا ہے......وہ اصل میں ہمارا گانا نہیں ہوتا......!!!

لیاری (حیرت سے) کمال ہے......گانا نہیں ہوتا تو پھر کیا ہوتا ہے؟

سائیکل اصل میں ہم جب بھی بریک ڈانس شروع کرتا ہے' ہمارے تین چار پٹھا چڑھ جاتا ہے......ہم زور زور سے چیختا ہے......لوگ سمجھتا ہے کہ ہم گانا گا رہا ہے......!!

لیاری بڑی عجیب بات ہے جی......اچھا یہ بتایئے کہ جب کوئی خوبصورت لڑکی آپ سے آٹو گراف مانگتی ہے تو آپ کیا لکھتے ہیں؟

سائیکل یور لائف از بسکٹ اینڈ کیک............مائی لائف از سٹیرنگ اینڈ بریک

لیاری کبھی کسی لڑکی کی وجہ سے رات کی نیند حرام ہوئی ہو؟

سائیکل یس......ایک دفعہ ایک لڑکی نے مسلسل دو گھنٹے تک ہم کو ٹیلی فون پر ہمارے گانے کی کیسٹ سنایا......یقین کرو......موڈ بہت خراب رہا۔

لیاری لوگ آپ کے دیوانے ہیں' آپ کروڑوں اربوں پتی ہیں' اتنی دولت کا کیا کریں گے؟

سائیکل (قہقہہ لگا کر) یہی تو ہم کہتا ہے......آخر ہم نے اتنی دولت کا کرنا کیا ہے......اسی لیے تو اجاڑ رہا ہے۔

لیاری کسی مسکین کو کیوں نہیں دے دیتے

سائیکل (برا سا منہ بنا کر) ایک تو تم پاکستانی ہر بات میں اپنا فائدہ سوچتا ہے

لیاری منہ سنبھال کر بات کیجئے......میں مسکین نہیں ہوں؟

سائیکل تو اور کیا......تم مسکین حجازی ہے؟

لیاری مسکین حجازی ادب کا بہت بڑا نام ہے......میں نہ مسکین ہوں......نہ مسکین حجازی ہوں......میں صرف لیاری کنگ ہوں۔

سائیکل بات تو ایک ہی ہے

لیاری اچھا یہ بتایئے کہ آپ نے اتنے لمبے بال کیوں رکھے ہوئے ہیں

سائیکل Actuly ہم بے زبانوں کا بڑا خیال رکھتا ہے

لیاری (حیرت سے) بال بڑھانے کا بے زبانوں کے خیال رکھنے سے کیا تعلق؟

سائیکل (غصے سے) جوئیں بے زبان نہیں ہوتیں؟؟؟

لیاری سبحان اللہ......یعنی یہ بال آپ نے جوؤں کے لیے بڑھائے ہوئے ہیں

سائیکل یس......Because ہم جانتا ہے کہ جوؤں کا گھر نہیں ہوتا......ہمارے لمبے بالوں کی شکل میں جوؤں کو گھر ملا ہوا ہے۔

لیاری آپ سیاست میں کیوں نہیں آتے؟

سائیکل (آہ بھر کر) میں نے بی اے نہیں کیا......!!!

لیاری لیکن سیاست میں آنے کے لیے بی اے کی ڈگری کی تو صرف پاکستان میں ضرورت ہوتی ہے۔

سائیکل (غصے سے) تو کیا پاکستان ہمارا ملک نہیں ہے؟

لیاری کیا بات کر رہے ہیں جی......آپ امریکی ہیں......پاکستان کیسے آپ کا ملک ہو گیا......یہ صرف ہمارا ہے۔

سائیکل عراقی بھی یہی کہتے تھے

لیاری دیکھیں......آپ گلوکار ہیں......گلوکار ہی رہیں......یہ بتائیں کہ رات کو سوتے کتنے بجے ہیں؟

سائیکل (لاپرواہی سے) جب نیند آ جائے سو جاتا ہے......

لیاری کمال ہے......یعنی اگر نیند نہ آئے تو جاگتے رہتے ہیں؟

سائیکل (غصے سے) تم کو نیند نہ آئے تو کیا تم سوتا رہتا ہے؟؟؟؟

لیاری ہماری بات نہ کریں جی......ہم تو جاگتے میں بھی سوتے رہتے ہیں......!!!

سائیکل اوہ......انٹرسٹنگ......اسی لیے تو تم لوگ ترقی نہیں کرتا

لیاری ترقی نہیں کرتے......کیسی بات کر رہے ہیں جناب......مسلمانوں نے تو ایسی ایسی چیزیں ایجاد کر لی ہیں کہ آپ لوگ سوچ بھی نہیں سکتے۔

سائیکل (حیرت سے) Realy..................اوہ نو......امپاسیبل......میں نہیں مانتا۔

لیاری آپکو ماننا ہی پڑے گا

سائیکل کوئی مثال دو

لیاری آپ کو پتا ہے کہ عربوں نے ہزاروں سال پہلے خلاء میں گھر بنا لیے تھے......!!!

سائیکل (شدید حیرت سے) House on space......اوہ نو......یہ کب کی بات ہے۔

لیاری اس بات کو تو صدیاں گذر گئیں

سائیکل (حیرت سے) ہم کو واقعی نہیں معلوم......ان خلاء کے گھروں کو کیا کہا جاتا ہے؟

لیاری (اطمینان سے) بیت الخلاء

سائیکل (مرعوب ہو کر سر ہلاتے ہوئے) بیت الخلاء......What a great achievemtn

لیاری اچھا یہ فرمائیے کہ آپ ایک گانے کا کتنا معاوضہ لیتے ہیں؟

سائیکل twenty lakh doller

لیاری (آنکھیں پھاڑ کر) ایک گانے کے بیس لاکھ ڈالر......اتنے میں تو یہاں پورا گلوکار آجاتا ہے۔

سائیکل ویسے آپس کی بات ہے......ہم کو تمہارے ملک کے گانے بھی بہت پسند ہے۔

لیاری یہ تو ہمارے لیے بڑے فخر کی بات ہے جی......چلیں اسی بات پر کوئی اپنا پسندیدہ گانا ہی گا کر سنادیں۔

سائیکل (کچھ سوچتے ہوئے) ایک گانا مجھے بہت اچھا لگتا ہے......

لیاری جی جی......سنائیے

سائیکل (انگریزی سٹائل میں چیخ چیخ کر' ڈانس کرتے ہوئے سناتا ہے......لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری' زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری)

لیاری (اپنا سر پکڑے بیٹھا ہے) خدا کے لیے......خدا کے لیے بس کیجئے

سائیکل تھینک یو......تھینک یو......دیکھا ہم نے کیسا گانا گایا

لیاری حضرت اقبال زندہ ہوتے تو آج آپ یہاں سے بچ کر نہیں جا سکتے تھے......قبلہ یہ گانا نہیں، علامہ اقبال کی نظم ہے اور یہ نہ اس طرح سے گائے جانے والی ہے نہ اس پر ڈانس کیا جاتا ہے۔

سائیکل How is it possible......ہم ڈانس کے بغیر نہیں رہ سکتا......ہم ڈانس نہ کرے تو ہمیں ''کھلیاں'' پڑ جاتی ہیں

لیاری اچھا سائیکل ٹینشن صاحب......!!! یہ فرمائیے کہ ہم نے سنا ہے آپ اسلام قبول کرنے والے تھے۔

سائیکل یس......But......اسلام نے ہم کو قبول کرنے سے انکار کر دیا

لیاری کیا مطلب؟

سائیکل Actuly ہم چاہتا تھا کہ مسلمان بن کر اسلام کو ماڈرنائز کرے......تاکہ مسلمان بھی جدید قوم بنے......But......لگتا ہے تم لوگوں کو ماڈرن ہونے کا کوئی شوق نہیں۔

لیاری یہ کیا بات کر دی جناب آپ نے......یہی تو ایک شوق ہے جو ہم میں روز بروز پروان چڑھ رہا ہے، اب تو گھر گھر گلوکار پیدا ہونے لگے ہیں۔

سائیکل اوہ رئیلی؟

لیاری یس......آف کورس

سائیکل Thats good اس کا مطلب ہے مسلمان ترقی کر رہا ہے

لیاری ویسے سائیکل جی! جب آپ گلوکار نہیں رہیں گے تو کیا کریں گے؟

سائیکل (کچھ سوچتے ہوئے) Well......پھر ہم نے اپنا کسینو کھولے گا

لیاری کسینو......یعنی جوئے کا اڈہ

سائیکل یس......ہمارا ایک کزن بھی اُدھر شکاگو میں ''آ کڑا'' لگاتا ہے

لیاری یہ بتائیے کہ سب سے زیادہ خوشی کس وقت ہوتی ہے؟

سائیکل جب کوئی ہم کو گورا کہتا ہے

لیاری اور سب سے زیادہ دُکھ کس وقت ہوتا ہے

سائیکل دُکھ بھی اُس وقت ہوتا ہے جب کوئی ہم کو گورا کہتا ہے

لیاری کمال ہے......گورا کہنے پر خوشی بھی ہوتی ہے اور دکھ بھی

سائیکل یس......خوشی اس لیے ہوتا کہ ہمارا دل خوش ہو جا تا......اور دکھ اس لیے ہوتا کہ ہم کو سارا پتا ہے کہ ہم گورا نہیں ہے' اتنی ساری پلاسٹک سرجری کروانے کے بعد ہمارا رنگ ہی کچھ اور ہو گیا ہے۔

لیاری بس جی......اللہ کے رنگ ہی نرالے ہیں

سائیکل ویسے لیاری......تم نے کبھی گانا گایا؟

لیاری میں نے......(ہنستے ہوئے) نہیں جی......میری اتنی اچھی آواز کہاں......!!!

سائیکل (سنجیدگی سے) تم سے کس نے کہا کہ اچھا گانے کے لیے اچھا آواز ہونا ضروری ہے؟

لیاری (حیرت سے) لل......لیکن جناب......گانا تو اُسی وقت اچھا لگتا ہے ناں جب آواز اچھی ہو۔

سائیکل سب بکواس ہے......

لیاری یعنی آپ کا مطلب ہے کہ میرے جیسا بےسُرا بندہ بھی گلوکار بن سکتا ہے

سائیکل یس......اور بہت اچھا گلوکار بن سکتا ہے

لیاری (خوشی سے) کمال ہے......وہ کیسے؟

سائیکل ذرا ایسا کرو کہ زور زور سے رو کر دکھاؤ اور کسی کو گالیاں دو

لیاری یہ......یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں؟

سائیکل نو ٹینشن......جو ہم کہتا......وہی کرو......تم سمجھو کوئی تمہارا سائیکل چوری کر کے بھاگ گیا ہے' اب تم چور کو روتے ہوئے گالیاں دو۔

لیاری مم......مجھے......گالیاں......نہیں......آتیں

سائیکل تم لوگ اس لیے بھی ترقی نہیں کر سکا کہ تم گالیاں بھی نہیں دے سکتا' ہم کو دیکھو' ایک دن میں سو سو گالیاں دیتا ہے۔

لیاری کس کو؟

سائیکل اپنے آپ کو......اور کس کو

لیاری وہ تو ٹھیک ہے، لیکن میرے گالیاں دینے کا موسیقی سے کیا تعلق؟

سائیکل ہے...... بہت گہرا تعلق ہے...... تم ٹرائی تو کرو

لیاری نہیں...... ناممکن...... میں آن ائیر کچھ نہیں کہہ سکتا

سائیکل (گہرا سانس لے کر) اچھا...... لیاری ایک بات بتاؤ...... اگر ہم تم کو آن ائیر اُلو کا پٹھا کہے...... تو اس کا نتیجہ کیا نکلے گا؟

لیاری (غصے سے لال پیلا ہوتے ہوئے) نتیجہ...... نتیجہ یہ نکلے گا کہ اسی وقت ریکارڈنگ روک دی جائے گی، آپ کو پکڑ لیا جائے گا اور سٹوڈیو کے دروازے بند کر کے اتنے جوتے مارے جائیں گے کہ آپ کی آئندہ بیس نسلیں یاد رکھیں گی۔

سائیکل (گہرا سانس لے کر) اوکے اوکے...... But اگر ہم اپنے دل میں تم کو الو کا پٹھا کہے تو اس کا کیا سزا ہو گا؟

لیاری (دانت پیستے ہوئے بے بسی سے) دل میں کہنے کی کیا سزا ہو سکتی ہے...... ظاہری بات ہے پھر تو کچھ نہیں کہا جائے گا

سائیکل شکر ہے...... تو پھر سنو...... ہم نے تم کو دل میں کہہ دیا ہے

لیاری (غصے سے مٹھیاں بھینچتے ہوئے) آپ...... آپ زیادتی کر رہے ہیں

سائیکل (اچانک خوفزدہ لہجے میں سمٹ کر) پلیز لیاری...... ہم پر یہ الزام مت لگاؤ...... ہم کو امریکن پولیس سے بہت خوف آتا ہے

لیاری میں نے آپ کو اپنے پروگرام میں انٹرویو کے لیے بلایا ہے اور آپ باتوں باتوں میں مجھے ہی ذلیل کیے جا رہے ہیں، ہمارے ناظرین کیا سوچیں گے......؟؟؟

سائیکل I am sure ناظرین انجوائے کر رہے ہوں گے

لیاری یہ...... یہ آپ کیسے کہہ سکتے ہیں؟

سائیکل (قہقہہ لگا کر) ہمارا تجربہ ہے کہ دنیا میں جب کسی مسلمان کو ذلیل کیا جاتا ہے تو تم لوگ اسے انجوائے کرتے ہو۔

لیاری آپ کا تجربہ سراسر غلط ہے......ایک مسلمان اپنے مسلمان بھائی کو مصیبت میں دیکھ کر خوش نہیں ہوسکتا۔

سائیکل ذرا ہنس کے دکھاؤ......

لیاری (غصے سے) کیوں؟

سائیکل ویسے ہی......ایک بات بتانی ہے...... پہلے ہنس کے دکھاؤ

لیاری (قہقہہ لگاتا ہے)

سائیکل (غصے سے) شرم کرو......افغانستان' عراق' بوسنیا' فلسطین اور کشمیر میں تمہارا مسلمان بھائی مر رہا ہے اور تم اِدھر بیٹھ کر قہقہے لگا رہا ہے

لیاری لاحول ولاقوہ......میں نے اُن کی حالت پر کب قہقہہ لگایا ہے...... یہ تو میں آپ کے کہنے پر ہنسا ہوں۔

سائیکل لیاری ڈیئر......ہم لوگ تو چاہتا ہی یہی ہے کہ ہمارے کہنے پر تم لوگ اپنے مسلمان بھائیوں کی موت پر قہقہے لگائے......!!!

لیاری (کیمرے کی طرف دیکھتے ہوئے) ناظرین میں معذرت خواہ ہوں کہ ان کے فریب میں آ کر بلاوجہ قہقہہ لگا دیا۔

سائیکل (قہقہہ لگا کر) تم تو ایسے کہہ رہا ہے جیسے میرے کہنے سے پہلے تم دن رات اپنے مسلمان بھائیوں کے لیے روتا رہتا تھا۔

لیاری دیکھئے' ایک مسلمان کے مسلمان کے بارے میں کیا جذبات ہوسکتے ہیں' آپ نہیں سمجھ سکتے۔

سائیکل اور ایک امریکی کے مسلمانوں کے بارے میں کیا جذبات ہوسکتے ہیں' آپ بھی نہیں سمجھ سکتے۔

لیاری دیکھئے......مسلمان ایسے نہیں ہیں جیسے آپ سمجھتے ہیں

سائیکل یس......ہم بھی تو یہی کہتا ہے کہ مسلمان ایسا نہیں ہے جیسا ہم سمجھتا رہا ہے

لیاری ویسے مجھے خوشی ہے کہ آپ ایک گلوکار ہونے کے ساتھ ساتھ اپنے ملک وقوم کے بھی وفادار ہیں۔

سائیکل تم اپنے ملک کا وفادار نہیں؟

لیاری وفادار تو ہوں......لیکن گلوکار نہیں ہوں

سائیکل جھوٹ مت بولو......I know......تم بہت اچھا گلوکار ہے

لیاری او بابا میں لیاری کنگ ہوں......میزبان ہوں اس پروگرام کا......میرا موسیقی سے کوئی تعلق نہیں۔

سائیکل (ہنستے ہوئے) ہے......ہے تمہارا تعلق......تم پکا پکا گلوکار ہے

لیاری کوئی ثبوت؟

سائیکل یس......ذرا رو کر گالیاں دو......

لیاری پھر وہی بات......!!!

سائیکل ثبوت تو ایسے ہی ملے گا ناں!

لیاری کمال ہے......چلو......تم کہتے ہو تو ٹرائی کر لیتے ہیں۔

سائیکل یس......اب تصور کرو کہ ایک بندہ تمہارا سائیکل چوری کر کے بھاگ گیا ہے......تم نے روتے ہوئے اس کو گالیاں دینا ہیں۔

لیاری (سنبھل کر رونا شروع کر دیتا ہے) ابے......تیرا ککھ نہ رہے......ابے او کمینے......ابے اللہ تجھے دوزخ میں جلائے......(روتے ہوئے اس کے حلق سے عجیب وغریب انداز میں جملے اور چیخیں نکل رہی ہیں)

سائیکل (خوشی سے اچھلتا ہے) واؤ......کیا Diffrent سٹائل ہے گانے کا......What a fantastic ......(اچھل کر لیاری کے سر کو ادھر اُدھر جھٹکے دیتا ہے......لیاری کی گردن کا پٹھا چڑھ جاتا ہے......سائیکل مزے سے گاتا ہوا فریم آؤٹ ہو جاتا ہے)

لیاری (روتے اور چلاتے ہوئے سائیکل ٹینشن کو گالیاں دے رہا ہے) ابے......ابے سائیکل' اللہ کرے تیرے گٹار میں کیڑے پڑیں......اللہ کرے تیری پلاسٹک سرجری تباہ ہو جائے......ہائے مر گیا......اوئی ماں......ابے ٹھہر چڑیے......ناظرین! آپ جائیے' اب میں جانوں اور یہ جانے......(گردن سہلاتا باہر کی طرف بھاگتا ہے)

شیخ چلی سے انٹرویو

لیاری ناظرین......السلام علیکم! آج زیادہ بات نہیں کروں گا کیونکہ میں زیادہ سے زیادہ الفاظ کی بچت کرنا چاہتا ہوں' آپ بھی سوچ رہے ہوں گے کہ یہ اچانک مجھے الفاظ کی بچت کا خیال کیسے آ گیا' تو بات یہ ہے کہ اس وقت مجھے صرف الفاظ کی ہی نہیں ہر چیز کی بچت کا خیال آ رہا ہے' میرا دل چاہ رہا ہے کہ میں سٹوڈیو کی ساری لائٹیں بند کروا کے زیرو کا بلب لگوا دوں' آئندہ سے سگریٹ کی بجائے بیڑی پیا کروں' دال کی بجائے اچار سے روٹی کھاؤں اور اپنی کار پر

سٹوڈیو آنے کی بجائے کسی ریڑھی والے سے لفٹ لے کر آیا کروں۔ مجھ میں اس ساری تبدیلی کی وجہ آج کی مہمان شخصیت ہیں' آیئے ملتے ہیں آپ سب کے جانے پہچانے...... جناب...... شیخ چلی صاحب!...... السلام علیکم شیخ صاحب!

(سامنے والی کرسی پر شیخ چلی بیٹھا ہے جس نے پھٹے پرانے کپڑے پہن رکھے ہیں' بازوؤں کے کف کھلے ہیں' شیو بڑھی ہوئی ہے اور قمیض کے گلے کا اوپر والا بٹن ٹوٹا ہوا ہے)

شیخ (سر ہلا کر سلام کا جواب دیتا ہے)

لیاری شیخ صاحب...... وعلیکم السلام تو کہیے...... !!!

شیخ (غصے سے) تم ضرور فضول خرچی کروانا...... بھئی جب سر ہلانے سے کام چل جاتا ہے تو منہ گھسانے سے فائدہ؟

لیاری شیخ چلی صاحب...... آپ اتنے کنجوس کیوں ہیں؟

شیخ تم حاتم طائی ہو؟

لیاری حاتم طائی تو نہیں...... لیکن کنجوس بھی نہیں ہوں

شیخ کنجوس کون ہوتا ہے؟

لیاری بھئی کنجوس وہ ہوتا ہے جو بلا وجہ کی بچتیں کرتا رہتا ہے

شیخ تم غلط کہہ رہے ہو

لیاری میں بالکل ٹھیک کہہ رہا ہوں

شیخ شرط لگا لو

لیاری اسلام میں شرط حرام ہے

شیخ یہ بھی غلط ہے

لیاری نعوذ باللہ...... یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں' بھئی اسلام میں شرط لگانا حرام ہے۔

شیخ کیا نماز کے لیے وضو شرط نہیں...... حج کے لیے احرام شرط نہیں...... شادی کے لیے نکاح شرط نہیں؟؟؟؟

لیاری شیخ صاحب وہ یہ شرطیں نہیں ہیں جو آپ لگانے پر تلے ہوئے ہیں

شیخ بہر حال......تم بے شک مجھے کنجوس کہتے رہو......میں کنجوس نہیں ہوں......بالکل بھی نہیں۔

لیاری ابھی پتا چل جاتا ہے......یہ بتایئے کہ آپ نے کبھی کوئی پھل کھایا ہے

شیخ روز کھاتا ہوں۔

لیاری ارے......کمال ہے......یعنی شیخ چلی......اور روزانہ پھل......کون سا پھل کھاتے ہیں آپ؟

شیخ میں پورے دن میں صرف ایک روٹی کھاتا ہوں

لیاری روٹی پھل تو نہیں ہے جناب......

شیخ پوری بات سن لو......چونگی کی طرح درمیان میں نہ آؤ......

لیاری جی جی فرمایئے

شیخ میں پورے دن میں صرف ایک روٹی کھاتا ہوں اور باقی سارا دن صبر کرتا ہوں۔

لیاری اور پھل؟

شیخ لگتا ہے تم مسلمان نہیں یا تمہارا ایمان کمزور ہے

لیاری توبہ توبہ......یہ......یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں......الحمدللہ میں ایک پکا مسلمان ہوں۔

شیخ تو پھر خود ہی بتاؤ کیا تم نے نہیں سنا کہ صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے......میں سارا دن صبر کرتا ہوں اور رات کو صبر کا میٹھا پھل کھاتا ہوں۔

لیاری (حیرت سے) صبر کا پھل کیسا ہوتا ہے؟

شیخ تم نے کھانا ہے؟

لیاری ضرور ضرور......

شیخ تو پھر صبر کرو......!!!

لیاری کمال ہے......اچھا شیخ چلی صاحب......یہ فرمایئے کہ آپ ہی کنجوس ہیں یا آپ کے خاندان میں کوئی اور بھی کنجوس گذرا ہے؟

شیخ اللہ جنت نصیب کرے......دادا جان ہی کے نقش قدم پر تو ہم چل رہے ہیں

لیاری وہ کس قسم کے کنجوس تھے......؟

شیخ (آہ بھرتے ہوئے) ان کی بچت پرستی کا اندازہ اس بات سے لگا لیجئے کہ اپنی جوانی کے ایام میں انہوں نے ''ٹوتھ پکس''...... سمجھتے ہو ناں ''ٹوتھ پکس''...... وہ جو دانت میں بوٹی پھنس جائے تو تنکا مارتے ہیں......!!!

لیاری جی جی...... میں سمجھ رہا ہوں۔

شیخ ہاں تو میں کہہ رہا تھا کہ دادا جان نے دس کلو جھاڑو کے تنکے اپنے سامنے کٹوا کر اپنے ہر بچے کو پچاس پچاس ہزار تیلیاں دی تھیں، یقین کرو آج بھی میرے گھر میں وہی تیلیاں ٹوتھ پکس کے طور پر استعمال ہو رہی ہیں اور انشاء اللہ امید ہے چار پانچ سال تک مزید چلیں گی۔

لیاری اوہ مائی گاڈ...... واقعی؟

شیخ یہ تو کچھ بھی نہیں...... خالو جان کی وفات کا واقعہ سناؤں تو تم دم بخود رہ جاؤ......!!!

لیاری پلیز پلیز...... سنائیے!!!

شیخ ہائے ہائے...... کیا یاد دلا دیا...... مرحوم چھت پر بیٹھے آم چوس رہے تھے، اچانک گٹھلی آم میں سے نکل کر نیچے گٹر میں جا گری...... خالو نے آؤ دیکھا نہ تاؤ...... اوپر سے چھلانگ لگا دی اور سیدھے گٹر میں...... پورے چار دن بعد ان کا جسدِ خاکی راوی سے برآمد ہوا...... لیکن آفرین ہے کہ گٹھلی بہر حال ان کے ہاتھ میں دبی ہوئی تھی۔

لیاری آپ نے کبھی زندگی میں کوئی فضول خرچی بھی کی؟

شیخ (کانوں کو ہاتھ لگاتے ہوئے) ایک دفعہ کی تھی...... اور یقین کرو لیاری میں شیخ یونین سے خارج ہوتے ہوتے بچا تھا۔

لیاری (آنکھیں پھاڑتے ہوئے) اچھا جی؟؟؟

شیخ ہاں جی...... ہوا یوں کہ میں نے خط کا لفافہ بند کرنے کے لیے ایک روپے کی گوند خرید لی...... اوئے ہوئے ہوئے ہوئے...... جیسے ہی نانا حضور کو پتا چلا ان کے تن بدن میں آگ لگ گئی...... وہ شیخ یونین کے تاحیات صدر تھے...... انہوں نے فوری طور پر میری اس فضول خرچی پر ایک ہنگامی میٹنگ کال کی اور گرج کر بولے...... اے شیخ چلی...... تُو نے ایک معمولی سا لفافہ جوڑنے کے لیے ایک روپے کی خطیر رقم گوند پر خرچ کر دی، حالانکہ یہ کام باآسانی تھوک سے بھی کیا جا سکتا تھا...... جا...... آج سے تو ہم میں سے نہیں......!!!

لیاری پھر...... پھر کیا ہوا؟

شیخ ہونا کیا ہے......میں فوری طور پر نانا حضور کے پاؤں پر گر گیا اور گڑ گڑا کر اپنے بھیانک جرم کی معافی مانگنے لگا......اس پر انہوں نے مجھے حکم دیا کہ اب تمہاری سزا صرف اسی صورت میں معاف ہو سکتی ہے کہ تم بچت کا کوئی انوکھا طریقہ متعارف کراؤ۔

لیاری پھر......آپ نے کیا کیا؟

شیخ کرنا کیا تھا......ایک ایسی بچت کر کے دکھائی کہ نانا خوشی سے جھوم اٹھے اور مجھے شیخ یونین میں واپس لے لیا۔

لیاری (حیرت سے) ایسا کیا کِیا آپ نے؟

شیخ میں نے انہیں ایک روپے میں دس سال تک کا پرفیوم تیار کر کے دکھا دیا

لیاری ایک روپے میں دس سال تک کے لیے پرفیوم......یہ......یہ کیا کہہ رہے ہیں......کیا ایسا ممکن ہے؟

شیخ (قہقہہ لگا کر) ہاں بیٹے......ممکن ہے......اور یاد رکھ......اسے کنجوسی نہیں......عقلمندی کہتے ہیں۔

لیاری لیکن......لیکن یہ پرفیوم تیار کیسے ہوتا ہے؟

شیخ کوئی مسئلہ ہی نہیں......ایک روپے کی دو اگربتیاں لو......ایک بالٹی پانی میں دونوں اگربتیاں پیس کر ڈال دو......دس سال کا پرفیوم تیار!!!

لیاری (گہرا سانس لے کر) بہت اچھے......بھئی بہت اچھے......تو گویا آپ یہی پرفیوم استعمال کرتے ہیں۔

شیخ بالکل......لیکن روز نہیں......صرف شادی بیاہ کے موقعوں پر......اور تمہیں پتا ہے اس پرفیوم کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اسے لگایا ہو تو بندہ رش میں سے بھی یوں گذر جاتا ہے جیسے مکھن میں سے بال......!!!

لیاری (الجھے ہوئے لہجے میں) میں سمجھا نہیں......!!!

شیخ میں سمجھاتا ہوں......دیکھو......جیسے ہی یہ پرفیوم لگا کر میں کہیں سے گذرتا ہوں......لوگ تیزی سے راستہ دینا شروع کر دیتے ہیں۔

لیاری (غصے سے) بھئی آخر کیوں؟

شیخ (قہقہہ لگا کر لیاری کے آگے ہاتھ کرتا ہے) ابے وہ سمجھتے ہیں شائد کوئی جنازہ آ رہا ہے......!!!

لیاری (حیرت کے عالم میں سر ہلا کر شیخ کے ہاتھ پر ہاتھ مار دیتا ہے) اچھا شیخ صاحب......آپ ماشاءاللہ اتنے

عقل مند ہیں، آپ کی تعلیم کتنی ہے؟

شیخ الحمدللہ......ایل ایل بی

لیاری (آنکھیں پھاڑ کر) ایل ایل بی......

شیخ جی......ایل ایل بی......یعنی......لنگر لوٹنے میں بے مثال

لیاری (گہرا سانس لے کر) بڑی عجیب چیز ہیں آپ......اچھا ہمارے ناظرین کو یہ تو بتائیے کہ آپ زیادہ چلی میں کیوں رہتے ہیں؟

شیخ چلی میں......ابے تُو گھاس تو نہیں کھا گیا......میرا نام اس لیے چلی نہیں کہ میں چلی میں رہتا ہوں۔

لیاری (حیرت سے) تو پھر؟

شیخ اصل میں مجھے ریڈ چلی......یعنی کہ سرخ مرچ بڑی پسند ہے......اسی لیے چلی مشہور ہو گیا ہوں۔

لیاری اوہ......تو یہ بات ہے......ویسے آپ رہتے کہاں ہیں؟

شیخ اسلام آباد میں!!!

لیاری (حیرت سے) اسلام آباد میں......لیکن وہ تو بڑا مہنگا شہر ہے......آپ کیسے وہاں رہنا افورڈ کر لیتے ہیں؟

شیخ (قہقہہ لگا کر) ابے لیاری......لیاری سے نکل اور دور کی آنکھ سے دیکھ......سب سے زیادہ بچت ہی اسلام آباد میں ہوتی ہے۔

لیاری یہ......یہ کیا کہہ رہے ہیں آپ......اسلام آباد میں تو بڑے خرچے ہوتے ہیں......اور آپ کہہ رہے ہیں کہ بچت ہوتی ہے

شیخ (منہ بنا کر) ایک تو تجھے ہر چیز مثال دے کر سمجھانا پڑتی ہے......دیکھ......میرا ایک بھانجا ایم این اے ہے......ایک کیس میں پھنس گیا تھا' اوپر سے حکومت مخالف پارٹی میں تھا......بس......رگڑے پہ رگڑا......رگڑے پہ رگڑا......میں نے کہا ابے اسلام آباد میں رہائش رکھ اور پارٹی بدل لے......بس لیاری......اُس نے میری بات مان لی' اسلام آباد شفٹ ہوتے ہی پارٹی بدل لی......ایک منٹ میں اس کی ہر کیس سے بچت ہو گئی......!!!

لیاری اوہو......میں پیسوں کی بچت کی بات کر رہا ہوں؟

شیخ ابے گھامڑ......اِس قصے میں تجھے پیسوں کی کوئی بچت نظر نہیں آ رہی؟

لیاری (غصے سے) آپ مجھے گھامڑ نہیں کہہ سکتے

شیخ باقی دنیا بے شک کہتی رہے؟

لیاری (غصے سے) پلیز......اتنا یاد رکھیں کہ میں لیاری ہوں......لیاری پن پر اُتر آیا تو یہیں سین پاٹ ہوجائے گا۔

شیخ ابے چل......بڑے دیکھے تیرے جیسے سین پاٹ کرنے والے......ایسا دھوبی پٹڑا ماروں گا کہ......ابے دھوبی سے یاد آیا......والد صاحب کی سنا......ٹھیک ٹھاک ہیں ناں؟

لیاری آپ......آپ حد سے بڑھ رہے ہیں......میں آپ کے یہ سارے جملے کٹ کروادوں گا۔

شیخ ابے ناراض نہ ہو......دیکھ غصے میں بالکل مکی ماؤس لگ رہا ہے

لیاری آپ......آپ مجھے کارٹون کہہ رہے ہیں......فوراً......فوراً سوری کریں

شیخ اچھا بابا کر لیتا ہوں......(کیمرے کی طرف منہ کر کے) بھائی مکی ماؤس تم جہاں بھی ہو میں تم سے سوری کرتا ہوں

لیاری (غصے سے ہاتھوں کی مٹھیاں بھینچتا ہے) شیخ صاحب......ریکارڈنگ کے بعد آپ کون سے راستے سے گھر جائیں گے؟

شیخ جدھر سے بھی تم لے جاؤ؟

لیاری میں لے جاؤں......کیا مطلب؟

شیخ بھئی تم ہی مجھے انٹرویو کے لیے لائے تھے......تم ہی لے کر جاؤ گے

لیاری (منہ پر بدلے کے انداز میں ہاتھ پھیرتے ہوئے) ٹھیک ہے......ایسا لے کر جاؤں گا کہ آپ یاد کریں گے۔

شیخ شکراً......شکراً......!!!

لیاری (گہرا سانس لے کر) یہ بتایئے کہ آپ کون سی چیز شوق سے کھاتے ہیں؟

شیخ پہلے خیالی پلاؤ شوق سے کھاتا تھا......لیکن اماں کہتی ہیں روز روز چاول کھانے سے زکام ہوجاتا ہے اس لیے اب صرف شوق سے ترس کھاتا ہوں۔

لیاری اور پیتے کیا ہیں؟

شیخ کبھی غصہ......کبھی آنسو

لیاری زندگی کا کوئی ایسا لمحہ جب آپ بہت پریشان ہوئے ہوں؟

شیخ ہائے ہائے کم بخت کیا یاد دلا دیا......لیاری......ایک دفعہ میں چاول کھا رہا تھا کہ چاول کا ایک دانہ زمین پر گر گیا......ہائے ہائے مت پوچھو میں نے کتنا تلاش کیا' لیکن نہیں ملنا تھا' نہ ملا......کیسے بتاؤں کہ میرا کیا حال ہوا' میں نے گھر جا کر ابا کو بتایا تو وہ یہ بھیانک حادثہ سنتے ہی سکتے میں آ گئے......اور فوراً تین دن کے سرکاری سوگ کا اعلان کر دیا اور کہنے لگے......خبردار سوگ کے دنوں میں گھر میں کوئی کھانا وانا نہیں پکے گا......یقین کرو لیاری......پورے تین دن نیاز کی دال پر گذارا کرنا پڑا۔

لیاری محسوس ہوتا ہے کہ آپ نے زیادہ تر بچت کی تربیت اپنے ابا سے لی ہے؟

شیخ بالکل ٹھیک کہا تم نے......اصل میں ابا بچت کے چیمپئن تھے......بچپن میں ہم سب بچوں کو جمع کر لیتے اور بچت کے مختلف طریقے سمجھاتے......ابا نے قبل از مسیح کی ایک سائیکل رکھی ہوئی تھی جسے وہ گھر میں ہی چلاتے تھے اور پتا ہے کبھی پورا پیڈل نہیں گھماتے تھے

لیاری وہ کیوں؟

شیخ بھئی وہ فرماتے تھے کہ جب آدھا پیڈل گھمانے سے سائیکل چل جاتی ہے تو پورا پیڈل گھسانے سے کیا فائدہ......اس سائیکل کے اصول انہوں نے بڑے سخت وضع کر رکھے تھے' میں نے کبھی اس کو مستری کی دوکان پر نہیں جاتے دیکھا' پنکچر ہو جاتی تھی تو ابا خود ہی آٹے کا پنکچر لگا دیا کرتے تھے' بعد میں ہوا بھرنے کے لیے زمین پر لیٹ جاتے اور سائیکل کے ''وال'' کو منہ میں ڈال کر پوری قوت سے پھونکیں مارا کرتے تھے......ٹھیک ڈیڑھ گھنٹے بعد جب وہ اٹھتے تو ان کا چہرہ لال سرخ ہوتا اور وہ ہماری طرف فاتحانہ انداز میں دیکھ کر مسکراتے اور کہتے......دیکھا......اسے کہتے ہیں بچت!!!

لیاری ماشاءاللہ......اللہ نظر نہ لگائے......آپ تو واقعی بڑی پہنچی ہوئی شخصیت ہیں......اچھا یہ بتائیے کہ آپ غصہ بھی کرتے ہیں؟

شیخ بہت زیادہ......ابھی دیکھیں ناں......کل میرا چھوٹا بچہ بھاگتا ہوا آیا اور کہنے لگا بھوک لگی ہے......میں نے

دو تھپڑ رسید کر دیے۔

لیاری یہ تو بڑی غلط بات ہے......بھوک لگنا کون سی برائی ہے......آپ نے اُس بیچارے کو کیوں مارا؟

شیخ لیاری......میں بھوک کے خلاف نہیں ہوں......لیکن بندہ بار بار کھانا کھاتا اچھا لگتا ہے کیا؟؟

لیاری تو کیا آپ کا بچہ پہلے کھانا کھا چکا تھا؟

شیخ یار کم بخت نے دو دن پہلے پیٹ بھر کر کھایا تھا......مجھے تو سمجھ نہیں آتی کہ اس کا پیٹ ہے یا کنواں......!!!

لیاری (گہرا سانس لے کر) موسیقی سے کچھ لگاؤ ہے؟

شیخ نہیں یار......الو کا پٹھا سارا سارا دن گلی ڈنڈا کھیلتا رہتا ہے

لیاری میں آپ کی بات کر رہا ہوں

شیخ اوہ......سوری، میں سمجھا میرے بیٹے کی بات کر رہے ہو، ہاں ہاں کیوں نہیں......مجھے تو موسیقی بہت پسند ہے۔

لیاری کس قسم کے گانے سنتے ہیں؟

شیخ صرف اور صرف بچت والے......!!!

لیاری (حیرت سے) بچت والے......وہ کون سے گانے ہوتے ہیں؟

شیخ (گنگنا کر) سونا نہ چاندی نہ کوئی محل تجھ کو میں دے سکوں گا............!!!

لیاری اور ناپسند کون سے گانے ہیں؟

شیخ جن میں فضول خرچی ہو!!!

لیاری مثلاً......!!!

شیخ (گنگنا کر) ''تیری دو ٹکیا کی نوکری......میرا لاکھوں کا ساون جائے......''

اور یہ والا......''نچ مجاجن نچ مجاجن......نچ مجاجن نچ......''

لیاری نچ مجاجن میں کون سی فضول خرچی ہے جی؟

شیخ تو نے کبھی کسی مجاجن کا ناچ دیکھا ہے؟

لیاری (گھبرا کر) نن......نہیں؟

شیخ کسی دن دیکھ......اور پھر آ کر بتانا کہ کتنا خرچہ ہوا!!!

لیاری شیخ چلی صاحب......آپ نے کبھی کوئی اپنے سے بھی دوگنا کنجوس دیکھا؟

شیخ بھری پڑی ہے دنیا......میں تو کچھ بھی نہیں

لیاری کوئی مثال دیجئے!!!

شیخ دیکھ ایک مہربانی کر......یہ بار بار مجھے یہ نہ کہا کر کہ مثال دیجے......مثال دیجئے......قسم خدا کی ایسا لگتا ہے جیسے میرے پلے سے کوئی چیز تجھے جا رہی ہے......!!!

لیاری او کے او کے......میں احتیاط کروں گا......آپ اپنی بات کی وضاحت کیجئے!!

شیخ (خوش ہو کر) ہاں......یہ ہوئی ناں بات......اصل میں یار یہاں بڑے بڑے کنجوس پڑے ہیں......ابھی عبدالستار ایدھی ہی کو دیکھ لو......ڈھنگ کی جوتی تک نہیں پہنتے......اور میں نے ان کے ایک انٹرویو میں پڑھا تھا کہ انہوں نے شادی کے بعد اپنی بیگم سے کہا تھا کہ ایک ہی صابن سارا سال استعمال کرنا ہے۔

لیاری تمیز سے بات کیجئے......اور یاد رکھئے......ایدھی صاحب اس لیے سادہ رہتے ہیں کہ وہ ضرورت کی ساری چیزیں ضرورت مندوں میں بانٹ دیتے ہیں......ان جیسا خدا ترس انسان اور کون ہوگا۔

شیخ اور اپنے متعلق کیا خیال ہے؟

لیاری کیا مطلب......میں کہاں سے کنجوس ہو گیا

شیخ تم بالوں سے کنجوس لگتے ہو

لیاری (حیرت سے) بالوں سے......وہ......وہ کیسے بھئی؟؟؟

شیخ مجھے نہیں لگتا کہ تم نے دو سال سے کوئی کنگھی خریدی ہو

لیاری (غصے سے) کمال ہے......یہ میرا اسٹائل ہے بھئی

شیخ (قہقہہ لگا کر) تمہارا اسٹائل......(پھر قہقہہ لگاتا ہے)

لیاری اس میں ہنسنے والی کون سی بات ہے؟

شیخ (مسلسل ہنستے ہوئے) سٹائل......کمال ہے بھئی......سٹائل (مسلسل ہنستا ہے)

لیاری (زچ ہوتے ہوئے) دیکھئے......میں نے خود اپنے بال اس طرح رکھے ہوئے ہیں۔

شیخ (ہنستے ہوئے) خود......ہاہاہاہاہا......یار یہ تم لوگ جو کام بھی خود سے کرتے ہو، ہمیشہ الجھا ہوا کرتے ہو۔

لیاری میرے بالوں کو چھوڑئیے اور آپ فرمائیے کہ آپکے کتنے بچے ہیں؟

شیخ ماشاءاللہ......چار درجن......!!!

لیاری میں نے بچے پوچھے ہیں......انڈے نہیں!!!

شیخ بتایا تو ہے......ماشاءاللہ چار درجن!!!

لیاری بچوں کے معاملے میں آپ نے اتنی فضول خرچی کیوں کی؟ اتنے بچوں کا خرچہ کیسے افورڈ کرتے ہیں آپ؟

شیخ (قہقہہ لگا کر) ابے یہ فضول خرچی نہیں......بچت ہے......بہت بڑی بچت!!!

لیاری (حیرت سے) بچت......لیکن وہ کیسے؟

شیخ بھئی ہر بچے کو میں نے مختلف لنگروں پر لائن میں لگوایا ہوتا ہے......ماشاءاللہ ہر بچہ رات کو نت نئے کھانے لاتا ہے......کبھی آؤ ہمارے گھر......ایک وقت میں بیس بیس ڈشیں کھاتے ہیں ہم......!!!

لیاری اس کا مطلب ہے بچے بھی آپ پر گئے ہیں؟

شیخ (منہ بنا کر) ظاہری بات ہے مجھ پر ہی جانا تھا......کیا تیرے بچے تجھ پر نہیں؟؟؟

لیاری (گھبرا کر) مم......میرا مطلب ہے......بچت میں آپ کے بچے بالکل آپ کی طرح ہیں۔

شیخ الحمدللہ......ساری اولاد بچت ایکسپرٹ ہے......ابھی پچھلے ہفتے کی بات ہے، میرے پندھرویں بیٹے کے گٹر میں پانچ روپے گر گئے، اس نے دس روپے دے کر نکلوائے!!!

لیاری واہ......یہ ہوئی ناں بات......اچھا لیاری صاحب یہ بتائیے کہ کبھی خدا کی راہ میں بھی کچھ دیتے ہیں؟

شیخ دیکھو بھائی......ہر بندے کا خدا کی راہ میں دینے کا اپنا اپنا طریقہ ہوتا ہے......کچھ لوگ 100 کمائیں تو 10 اللہ کی راہ میں دے دیتے ہیں، لیکن میرا اپنا سٹائل ہے......!!!

لیاری ماشاءاللہ......کیا سٹائل ہے جی؟

شیخ میں جتنے کماتا ہوں، اوپر کی طرف پھینکتا ہوں، جتنے اُسے چاہیے ہوتے ہیں وہ رکھ لیتا ہے، باقی میں لے جاتا ہوں۔

لیاری (گہرا سانس لے کر) یہ تو بتائیے کہ نہاتے کب کب ہیں؟

شیخ (گہرا سانس لے کر) لیاری میاں......اپنی تو آدھی بارش میں گذر گئی......آدھی تیمّم میں......!!!

لیاری ایک بات کہوں......بُرا تو نہیں مانیں گے؟

شیخ یار پیسے نہ مانگ لینا......مجھے شک ہے کہ تم کوئی ایسی حرکت ضرور کرو گے......!!!

لیاری کیا بات کر رہے ہیں......ایسی کوئی بات نہیں......میں تو یہ کہنا چاہ رہا تھا کہ شائد آپ کو علم نہیں کہ آپ کی قمیض کا ایک بٹن ٹوٹا ہوا ہے

شیخ مجھے علم ہے

لیاری (حیرت سے) یعنی آپ کو علم ہے پھر بھی آپ نے نیا بٹن نہیں لگوایا

شیخ اگلے مہینے کی 21 تاریخ کو لگواؤں گا

لیاری 21 کو کیوں؟

شیخ 21 کو کمیٹی نکلنی ہے

لیاری اُف......اتنی بچت......بھئی ایک بٹن پر خرچہ ہی کتنا آتا ہے

شیخ اربوں روپے بھی آ سکتا ہے......بشرطِ کہ بٹن ایٹم بم کا ہو

لیاری لیکن میں تو آپ کی قمیض کے بٹن کی بات کر رہا ہوں

شیخ بٹن کو اُدھر سے پکڑ و یا اِدھر سے......بات ایک ہی ہے

لیاری (گہرا سانس لے کر) زندگی میں کبھی کسی کو خیرات بھی دی؟

شیخ ہاں......ایک دفعہ ایک فقیر کو روپیہ دیا تھا

لیاری سبحان اللہ......فقیر نے کیا کہا؟

شیخ خوش ہو کر بولا......مانگ کیا مانگتا ہے؟

لیاری آپ نے کیا مانگا؟

شیخ میں نے کہا......بھائی میرا روپیہ واپس کر دے

لیاری (گہرا سانس لے کر) خیرات بخشش کا ذریعہ ہوتی ہے......کر دیا کیجئے

شیخ کرتا تو ہوں......لیکن لوگ سمجھیں تو تب ہے ناں......اسلامی اصولوں کے مطابق خیرات کروں، تب بھی

خوش نہیں ہوتے۔

لیاری کیا آپ نے ایسا کوئی عمل کیا؟

شیخ ہاں ہاں یار......دو مہینے پہلے محلے کی مسجد والے مسجد کی تعمیر کے لیے چندہ لینے آئے' یقین کرو میں نے دس ہزار کا چیک کاٹ کر اسی وقت ان کے حوالے کر دیا۔

لیاری سبحان اللہ......سبحان اللہ......کیا وسیع القلبی ہے

شیخ لیکن وہ پھر بھی اب تک ناراض ہیں

لیاری (حیرت سے) ناراض ہیں......کس لیے؟؟؟

شیخ بھئی کہنے لگے چیک پر رقم تو لکھ دی ہے' اب دستخط بھی کر دیجئے......میں نے کہا بھائی میں نیکی کے کاموں میں نام نہیں ظاہر کرتا۔

لیاری لاحول ولاقوہ......آپ کے دستخط کے بغیر چیک کیسے کیش ہوسکتا ہے

شیخ (لاپرواہی سے) یہ میرا مسئلہ نہیں......میں نے تو اپنی طرف سے پیسے دے دیئے' اسلام میں ہے کہ خیرات ایسے دینی چاہیے کہ دوسرے ہاتھ کو خبر تک نہ ہو' اب اگر میں دستخط کر دیتا تو پتا نہیں کس کس کو خبر ہو جاتی تھی۔

لیاری کبھی خدانخواستہ کسی بیماری میں مبتلا ہوئے ہوں؟

شیخ لیاری......لیاری......میں دل کا مریض ہوں......بیس تیس دفعہ بائیں ٹانگ میں ہارٹ اٹیک ہو چکا ہے۔

لیاری ٹانگ میں ہارٹ اٹیک......بھئی آپ بھی کمال کرتے ہیں......ٹانگ میں ہارٹ اٹیک کیسے ہوسکتا ہے؟

شیخ مذاق نہ سمجھو لیاری......ہماری بیماریاں ایسی ہی ہوتی ہیں......میرے پھوپھا کو دماغ میں موچ آ گئی تھی......تایا کو گوڈے میں برین ہیمرج ہو گیا تھا......اور ماموں کی آنکھ میں ہیضہ ہو گیا تھا۔

لیاری (آنکھیں پھاڑتے ہوئے) یہ......یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں......ایسا......ایسا کیسے ہوسکتا ہے؟

شیخ ہوسکتا ہے لیاری......ہوسکتا ہے......اس دنیا میں کیا نہیں ہوسکتا

لیاری عجیب بات ہے......دل نہیں مانتا

شیخ ہوسکتا ہے تمہارے دل میں موچ آ گئی ہو

لیاری (چلا کر) دل میں موچ کیسے آ سکتی ہے؟ آپ مجھے پاگل کر دیں گے!!!

شیخ (حیرت سے) تو کیا تم پاگل نہیں ہو؟

لیاری پہلے تو نہیں تھا لیکن اب لگتا ہے کہ ہو جاؤں گا......آپ تو مسلسل مجھے زچ کرنے پر تلے ہوئے ہیں‘ میں نے کتنی دفعہ بتایا ہے کہ آپ کا انٹرویو ہو رہا ہے لیکن آپ تو سمجھتے ہی نہیں......!!!

شیخ (معذرت خواہانہ لہجے میں) چلو اب معافی دے دو...... مجھے معافی مانگنا بہت اچھا لگتا ہے۔

لیاری (ٹھنڈا پڑتے ہوئے) معافی مانگنا بڑے ظرف کی بات ہوتی ہے

شیخ لیکن مجھے معافی مانگنا ظرف کی وجہ سے اچھا نہیں لگتا

لیاری پھر؟

شیخ اصل میں ’’مانگنا‘‘ ہماری خاندانی روایت ہے......!!!

لیاری شیخ چلی صاحب......اگر آپ کے ہاتھ میں ملک کی باگ ڈور آ جائے تو کیا کریں گے۔

شیخ میں ’’بھاگ کر دوڑ‘‘ لگا دوں گا

لیاری کیوں......حکومت میں آنے کی تو ہر کسی کی خواہش ہوتی ہے

شیخ اصل میں‘ میں حکومت میں اس لیے بھی نہیں آنا چاہتا کہ میرا ’’نون......قاف‘‘ درست نہیں۔

لیاری (حیرت سے) نون......قاف......بھئی یہ نون قاف کا حکومت سے کیا تعلق اور ویسے بھی یہ لفظ شین قاف ہوتا ہے‘ نون قاف نہیں!!!

شیخ حکومت میں آنے کے لیے شین قاف نہیں......نون قاف کی ضرورت ہوتی ہے......کبھی نون حکومت میں آ جاتا ہے اور کبھی قاف

لیاری آپ کون سے والے ’’قاف‘‘ کی بات کر رہے ہیں

شیخ بھئی قاف دو ہی ہوتے ہیں......ایک قینچی والا......ایک تمہارے والا......!!!

لیاری (غصے سے) کیا مطلب......میرے والا قاف کون سا ہوتا ہے

شیخ اوہو......بھئی تمہارا نام ہے لیاری کنگ......اب یہ جو کنگ میں قاف آتا ہے......یہ تمہارے والا قاف نہیں ہے کیا؟؟؟

لیاری اوہ......سوری......میں کچھ اور سمجھا تھا

شیخ (بڑبڑاتے ہوئے) میرا بھی یہی مقصد تھا

لیاری شیخ صاحب! اگر آپ کے پاس خدانخواستہ......اللہ نہ کرے......دس کروڑ روپیہ آ جائے تو آپ کیا کریں گے؟

شیخ آدھا غریبوں میں بانٹ دوں گا

لیاری ویری گڈ......اور اگر آپ کے پاس دس گاڑیاں ہوں تو؟

شیخ آدھی غریبوں میں بانٹ دوں گا

لیاری اور اگر دس جہاز ہوں تو؟

شیخ آدھے غریبوں کو دے دوں گا......!!!

لیاری اور اگر دس کوٹھیاں ہوں تو؟

شیخ آدھی فوراً غریبوں کے نام کر دوں گا

لیاری ماشاءاللہ......اور اگر آپ کے پاس دس مرغیاں ہوں تو؟

شیخ (چونک کر) کیا کہا......دس مرغیاں......تو پھر میں ساری کی ساری اپنے ہی پاس رکھوں گا۔

لیاری کمال ہے شیخ صاحب......دس جہاز' دس کوٹھیاں' دس کروڑ اور دس گاڑیاں تو آپ آدھی غریبوں میں بانٹ دیں گے' جبکہ معمولی سی دس مرغیاں ساری اپنے پاس رکھیں گے آخر کیوں؟

شیخ اس لیے کہ میرے پاس دس جہاز' دس کوٹھیاں' دس کروڑ اور دس گاڑیاں تو نہیں ہیں' البتہ دس مرغیاں گھر میں موجود ہیں۔

لیاری (گہرا سانس لے کر) شیخ چلی صاحب......آپ آج ہمارے مہمان تھے' ناظرین کو کوئی پیغام دینا چاہیں گے؟

شیخ میں یہی کہنا چاہوں گا کہ پیسوں میں کنجوسی ضرور کریں لیکن اپنی نفرتوں اور برائیوں میں بھی کنجوسی سے کام لیں' بڑا مزا آئے گا۔

لیاری اور ناظرین اس کے ساتھ ہی اپنے میزبان لیاری کنگ کو اجازت دیجئے اگلے ہفتے پھر کسی مصیبت......مم میرا مطلب ہے شخصیت کے ساتھ حاضر ہوں گے۔ رب راکھا!!!

قلوپطرہ سے انٹرویو

لیاری ناظرین......لیاری کنگ لائیو میں ہم آپ کو ایک بار پھر خوش آمدید کہتے ہیں' ہم نے آپ کے سامنے بہت سے لوگوں کو پیش کیا' روبوٹ' شیخ چلی' چڑیل' وغیرہ وغیرہ......لیکن آج ہم آپ کے لیے بڑی خوبصورت شخصیت

لے کر آئے ہیں‘ ان کی خوبصورتی کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ یہ مسکراتی ہیں تو پھول جھڑنے لگتے ہیں‘ ویسے پھول تو ہمارے مسکرانے سے بھی جھڑتے ہیں لیکن وہ گوبھی کے پھول ہوتے ہیں۔ آیئے ان سے ملتے ہیں‘ ہمارے سامنے تشریف فرما ہیں تاریخ کی خوبصورت ترین ملکہ قلوپطرہ......!!! بھابھی ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں!!!

قلوپطرہ (منہ بنا کر) بھابی کہنے کی کیا ضرورت ہے؟

لیاری تو اور کیا مجید بھائی کہوں؟

قلوپطرہ اوہ نو......لیاری......خوبصورتی رشتوں کی محتاج نہیں ہوتی......تم بس ہمیں قلوپطرہ ہی کہو......!!!

لیاری اوکے......اوکے......ویسے ایک بات تو بتائیں......آپ واقعی اتنی خوبصورت ہیں یا میں کوئی آئینہ دیکھ رہا ہوں......مم میرا مطلب ہے کوئی خواب دیکھ رہا ہوں!!!

قلوپطرہ (مسکراتے ہوئے) قصور تمہارا نہیں......’’اس شہر میں تم جیسے دیوانے ہزاروں ہیں‘‘

لیاری اچھا قلوپطرہ جی......یہ بتایئے کہ آپ کا نام قلوپطرہ کیوں ہے؟

قلوپطرہ (ٹھنڈی سانس لیتے ہوئے) Actuly پہلے ہمارا نام قلوپطرہ نہیں......’’دوکلو پترہ‘‘ تھا......اصل میں ہمارے بال بہت لمبے لمبے تھے‘ پورے دوکلو پتریوں کے وزن کے برابر......اس لیے لوگ ہمیں ’’دوکلو پترہ‘‘ کہتے تھے۔ بعد میں جولیس سیزر نے اپنی سیزر سے ہمارا ایک کلو بال کاٹ دیا‘ اور یوں ہم صرف ’’ایک کلو پترہ‘‘ رہ گیا۔

لیاری کیا خوب یاد دلایا......جولیس سیزر سے آپ کی محبت تو بڑی مشہور ہوئی تھی......ویسے ایک بات بتایئے‘ یہ سیزر بھائی......قینچی ساز تھے کیا؟

قلوپطرہ (غصے سے) What......قینچی......یہ قینچی کیا ہوتا؟

لیاری سیزر......قینچی ہی کو کہتے ہیں ناں......!!!

قلوپطرہ اوہ نو......نو......جولیس سیزر قینچی ساز نہیں‘ وہ تو ہمارا دم ساز تھا......ہمارا پیار تھا......ہمارا سب کچھ تھا‘ کسی شاعر نے اس موقع کے لیے کیا خوب کہا ہے کہ......’’سوہنی دھرتی اللہ رکھے......قدم قدم آباد تجھے‘‘

لیاری (حیرت سے) یہ شاعر نے اِس موقع کے لیے کہا ہے......(غصے سے) کمال ہے‘ آپ کدھر کا ٹانکا کدھر لگا رہی ہیں......!!!!

قلوپطرہ سوری لیاری......اصل میں میرا Poetry کا نالج کچھ اچھا نہیں ہے......البتہ جولیس بہت شوقین تھا شاعری کا' اکثر مجھ پر غزلیں لکھا کرتا تھا......!!!

لیاری آپ پر لکھا کرتا تھا......کاغذ Available نہیں تھا اُسے؟

قلوپطرہ (ہنستے ہوئے) Naughty Boy

لیاری Boy کہنے کا شکریہ......ویسے اِس عمر میں تو لڑکیاں ہم کو Boy کم اور بائے زیادہ کہتی ہیں......اچھا یہ فرمائیے قلوپطرہ جی! کہ آپ 16 سال کی عمر میں ہی ملکہ بن گئیں......اس عمر میں تو کسی کو نلکا نصیب نہیں ہوتا' آپ کو ملکہ بننے کا موقع مل گیا' یہ ملکہ آپ کو کیسے حاصل ہوا؟......میرا مطلب ہے کیسا لگا؟

قلوپطرہ (آہ بھرتے ہوئے) لیاری......آہ......لیاری تمہیں میرا 16 سال کی عمر میں ملکہ بننا تو یاد ہے' یہ بھول گئے کہ میں 18 سال کی عمر میں بیوہ ہوگئی تھی......جس عمر میں لڑکیاں بوائے فرینڈ ڈھونڈتی ہیں......میں ''بیوہ فرینڈ'' ڈھونڈنے پر لگ گئی......!!!

لیاری ویری سیڈ......ویری سیڈ......آپ نے تو ہمیں رنجیدہ کر دیا ہے' اچھا یہ بتایئے آپ کے خاندان میں کوئی اور بھی خوبصورت گذرا ہے؟

قلوپطرہ (آہ بھرکر) سبھی خوبصورت گذر گئے......!!!

لیاری انا للہ وانا الیہِ راجعون......اچھا قلوپطرہ جی......آپ نے تو بڑا سچا عشق کیا...... یہ بتائیں کہ سچا عاشق کون ہوتا ہے؟

قلوپطرہ جو ہر بات میں جھوٹ بولتا ہے

لیاری (حیرت سے) میں نے سچے عاشق کا پوچھا ہے......سُپر پاور کا نہیں......!!!

قلوپطرہ میں بھی سچے عاشق ہی کا بتا رہی ہوں......دیکھو ناں......سچا عاشق دنیا کو کبھی نہیں بتاتا کہ وہ کس سے عشق کرتا ہے......سچا عاشق کبھی نہیں بتاتا کہ وہ اپنے محبوب سے کب کب ملتا ہے......سچا عاشق کبھی نہیں بتاتا کہ وہ رات کو کہاں جاتا ہے......!!!

لیاری ویری گڈ......اچھا کلیئر کیا آپ نے...... یہ بتایئے......محبت کرنی چاہیے؟

قلوپطرہ ہاں......لیکن شادی نہیں کرنی چاہیے......!!!

لیاری وہ کیوں بھئی؟

قلوپطرہ بھئی شادی کے بعد محبت' مشقت بن جاتی ہے......ویسے لیاری......تم نے کبھی محبت کی؟

لیاری (چونک کر) یہ کیا سوال کر دیا آپ نے......(رنجیدہ ہوتے ہوئے) میری دکھتی ہوئی رگ پر ہاتھ رکھ دیا ہے......ہاں! میں نے بھی کسی سے ٹوٹ کر محبت کی تھی......لیکن......لیکن......(آنسو صاف کرنے لگتا ہے)

قلوپطرہ اوہ سوری......سوری......میرا خیال ہے تمہیں اپنی محبت نہیں مل سکی......!!!

لیاری (آنسو پونچھتے ہوئے) نہیں' ایسی بات نہیں' میری محبت مجھے مل گئی تھی......!!!

قلوپطرہ (حیرت سے) تو پھر تم اتنا دکھی کیوں ہے؟

لیاری جس سے میں نے محبت کی تھی' وہ آج میری بیوی ہے (آنسو پونچھتا ہے)

قلوپطرہ اوہ لیاری......مجھے سمجھ نہیں آتا......یہ تم مرد لوگ بیوی سے محبت کیوں نہیں کرتا؟

لیاری مجھے شادی شدہ عورتیں اچھی نہیں لگتیں......!!!

قلوپطرہ But تم خود بھی تو شادی شدہ ہے......!!!

لیاری اب تو میں شادی شدہ کم اور اغواء شدہ زیادہ لگتا ہوں......اب آپ کو کیا بتاؤں کہ میری بیوی' جو شادی سے پہلے مجھ پر جان دینے کی قسمیں کھاتی تھی......اب میری جان لینے کی قسمیں کھاتی ہے......کئی دفعہ ریکارڈنگ سے لیٹ ہو جاؤں تو ریوالور لے کر سٹوڈیو میں گھس آتی ہے۔

قلوپطرہ (خوفزدہ ہوتے ہوئے) اوہ نو......اگر اس نے تمہیں ہمارا انٹرویو کرتے دیکھ لیا تو پھر؟؟؟

لیاری (قہقہہ لگا کر) خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں......وہ جب ہمارا یہ انٹرویو دیکھے گی تو بڑی خوش ہو گی......!!!

قلوپطرہ خوش ہو گی......لیکن کیوں؟

لیاری اس لیے کہ اسے پتا ہے کوئی بھی خوبصورت لڑکی مجھے صرف انٹرویو ہی دے سکتی ہے۔

قلوپطرہ واؤ......لیاری......ویسے ہم تم کو بتائیں' یہ بھی پیار کی ایک شکل ہوتی ہے

لیاری (جلدی سے) انٹرویو دینا؟

قلوپطرہ اوہ نو......میرا مطلب ہے بیوی کا اپنے خاوند پر شک کرنا......!!!

لیاری آپ نے کبھی قینچی بھائی......میرا مطلب ہے سیزر بھائی پر شک کیا؟

قلوپطرہ موقع ہی نہیں ملا؟

لیاری کیا مطلب؟

قلوپطرہ میرے شک کرنے سے پہلے ہی وہ خود مجھ پر شک کرنے لگتا تھا......!!!

لیاری (قہقہہ لگا کر) کمال ہے'یعنی بڑی غضب کی نظر تھی اس کی'اچھا یہ بتایئے کہ ماشاء اللہ آپ اتنی خوبصورت ہیں' لگتا ہے کوئی خاص کریم ہے آپ کے پاس...... ہے ناں؟

قلوپطرہ آپ ٹھیک سمجھے......جو کریم میرے پاس ہے وہ بہت خاص ہے!

لیاری (رازدارانہ لہجے میں) کیا نام ہے اُس کریم کا؟

قلوپطرہ (آگے کو جھکتے ہوئے) اُس کریم کا نام ہے......عبدالکریم......!!!

لیاری (چونک کر) عبدالکریم......کک......کیا مطلب ہے آپ کا؟ کون عبدالکریم؟

قلوپطرہ بہت بڑی کاسمیٹکس کمپنی کا مالک ہے......میک اپ کا سارا سامان مفت میں دیتا ہے مجھے......!!!

لیاری ویسے آپ کی دل میں اتر جانے والی خوبصورتی کو دیکھ کر ہم کو جموں کشمیر یاد آ رہا ہے

قلوپطرہ (قہقہہ لگا کر) اوہ تھینکس......ویسے مجھے بھی جموں کشمیر یاد آ رہا ہے......تم جموں......ہم کشمیر......!!!

لیاری آپ کھاتی کیا ہیں؟

قلوپطرہ میں سارا دن اپنے محبوب کا غم کھاتی ہوں

لیاری (حیرت سے) غم......یہ کوئی نئی اٹالین ڈش آئی ہے......بابا ہم پوچھ رہے ہیں کہ آپ کھانا کیا کھاتی ہیں' آپ کی سمارٹنس کا کیا راز ہے؟

قلوپطرہ میں کھاتی کم......اور پیتی زیادہ ہوں......!!!

لیاری (چونک کر) اوہ......یس یس......ہم بھول گیا تھا کہ آپ خاصی لبرل ہیں......اچھا یہ فرمایئے کہ سیزر بھائی کی وفات کے بعد آپ نے دوسری شادی کیوں نہیں کیا؟

قلوپطرہ (آہ بھرتے ہوئے) بس......حوصلہ ہی نہیں پڑتا......کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے......''اِک حوصلہ ہی چاہیے چاہت کے سفر میں''

لیاری ویسے دل چھوٹا نہ کریں......اپنے اردگرد نظر ڈالیں......دنیا میں اچھے لوگوں کی کمی نہیں' ہوسکتا ہے اس سٹوڈیو

میں بھی کوئی آپ کا غم خوار بیٹھا ہو......اور ہو سکتا ہے آپ کے بالکل سامنے بیٹھا ہو......!!!

قلوپطرہ (منہ بنا کر) تم مجھے غم خوار کم اور خجل خوار زیادہ لگتے ہو......!!!

لیاری آپ تو ڈائریکٹ بے عزتی پر اتر آئی ہیں......ویسے میں آپ کو بتاؤں، میں بھی کسی سہارے کی تلاش میں ہوں......!!!

قلوپطرہ (چونک کر) واقعی، تمہیں سہارا چاہیے، کیا میں تمہیں سہارا دے سکتی ہوں؟

لیاری (خوشی سے) آپ......آپ، کک......کیوں نہیں......کیوں نہیں......!!!

قلوپطرہ (سائیڈ سے ایک لاٹھی نکال کر لیاری کی طرف بڑھاتے ہوئے) یہ لو......تمہارا سہارا......اور اگر اس سے بھی کام نہ چلے تو ابرار الحق سے رابطہ کرو......وہ بھی سب کو ’’سہارا‘‘ دے رہا ہے۔

لیاری (غصے سے) ہم نے تم سے سہارا مانگا ہے، لارا نہیں......ایک بات یاد رکھنا، ہم سے اچھا بندہ تم کو ساری دنیا میں نہیں ملے گا......ہم اپنی ساری زندگی تم کو دے دے گا!!!

قلوپطرہ (منہ بنا کر) ہونہہ! ساری زندگی......رکھو اپنے پاس اپنے تین سال......!!!

لیاری ناظرین......ہمارا خون جوش مار رہا ہے، اس سے پہلے کہ ہم خنجر نکالیں، آپ مشہوریاں دیکھیں اور ہم اپنے آپ کو ٹھنڈا کرتے ہیں، ہمارے ساتھ رہیے گا......!!!

Break

لیاری لیاری کنگ لائیو میں ہم آپ کو دوبارہ ویلکم کرتے ہیں، قلوپطرہ جی ہمارے سامنے موجود ہیں، اچھا یہ بتایئے کہ آپ کو کھیلوں وغیرہ سے بھی کوئی دلچسپی ہے؟

قلوپطرہ جی مجھے کرکٹ بہت پسند ہے

لیاری ویری گڈ......اور پسندیدہ کھلاڑی؟

قلوپطرہ جے سوریا......I love him

لیاری (اچھلتے ہوئے) جے سوریا آپ کو پسند ہے......آپ......آپ جیسی خوبصورت ترین ملکہ کو جے سوریا پسند ہے......!!!

قلوپطرہ ہاں......وہ ہمارے خوابوں کا شہزادہ ہے

لیاری شہزادہ......خوابوں کا...... یااللہ...... مجھے اٹھالے......اگرچہ سوریا شہزادہ ہے......تو پھر آج سے میں بھی معمر رانا ہوں......!!!

قلوپطرہ تم صرف معمر ہو......معمر یعنی کہ بوڑھے!!!

لیاری میرا خیال ہے موضوع بدل لینا چاہیے' یہ بتایئے کہ آپ کو اپنی خوبصورتی کی وجہ سے کبھی کوئی پریشانی بھی ہوئی؟

قلوپطرہ خوبصورتی نام ہی پریشانی کا ہے......اب دیکھوناں......میں شاپنگ کرنے چلی جاؤں تو دوکاندار پیسے ہی نہیں لیتے......!!!

لیاری کمال ہے...... یہ پریشانی تو نہ ہوئی......یہ تو موجیں ہوگئیں!

قلوپطرہ موجیں کیسی......نہ چیز دیتے ہیں نہ پیسے لیتے ہیں......بس بوتلیں ہی پلائے جاتے ہیں!!!

لیاری اوہ......تو یہ بات ہے' اچھا قلوپطرہ جی...... یہ فرمایئے کہ آپ نے کبھی کوئی بہت بدصورت انسان بھی دیکھا؟

قلوپطرہ (ادھر ادھر دیکھتی ہے)

لیاری بھئی ادھر ادھر کیا دیکھ رہی ہیں' میری طرف دیکھئے......!!! مم......میرا مطلب ہے میری طرف دیکھ کر جواب دیجئے۔

قلوپطرہ ہاں......جولیس سیزر بہت بدصورت تھا

لیاری (اچھلتے ہوئے) کیا......جولیس بدصورت تھا......لیکن ہم نے تو پڑھا ہے کہ وہ بھی بہت خوبصورت تھا۔

قلوپطرہ شٹ اپ......میرے علاوہ دنیا کا ہر شخص بدصورت ہے......!!

لیاری یہ تو آپ زیادتی کر رہی ہیں' دیکھیں اپنی خوبصورتی پر اتنا بھی غرور نہیں کرنا چاہیے' آپ نے اپنے محبوب' اپنی جان کو بھی بدصورت کہہ دیا۔

قلوپطرہ میں اپنے میز بان کو بدصورت کہہ سکتی ہوں تو اپنی جان کو کیوں نہیں......!!!

لیاری (غصے سے) دیکھئے میں کافی دیر سے آپ کی باتیں برداشت کر رہا ہوں' اب مجھے بدصورت مت کہیے گا......ورنہ!

قلوپطرہ ورنہ کیا......

لیاری (بے بسی سے) ورنہ میں پھر برداشت کروں گا......!!! (فون کی گھنٹی بجتی ہے)

لیاری لیجیے......آ گئی آپ کے لیے پہلی کال......(بٹن دبا کر) کون ہے بھائی؟

ندا میں لاہور سے ندا اقبال بات کر رہی ہوں' قلوپطرہ صاحبہ سے پوچھنا ہے کہ وہ کون سے بیوٹی پارلر سے میک اپ کرواتی ہیں؟

قلوپطرہ ڈیئر ندا......میں اپنا میک اپ خود کرتی ہوں

ندا اسی لیے آپکی لپ اسٹک کا شیڈ بہت ڈارک ہو گیا ہے

قلوپطرہ (گھبرا کر) اوہ مائی گاڈ......میں نے بیوٹی پارلر والوں سے کہا بھی تھا کہ لائٹ شیڈ رکھیں۔

لیاری کمال ہے......ابھی تو آپ کہہ رہی تھیں کہ آپ بیوٹی پارلر سے میک اپ نہیں کرواتیں......

قلوپطرہ ہر خوبصورت لڑکی کو یہی کہنا چاہیے......!!!

لیاری (فون کی طرف منہ کر کے) سن لیا جی......اب آپ بھی آئندہ سے یہی کہا کیجیے......(فون بند کرتے ہوئے) قلوپطرہ جی! ہمارے ناظرین یقیناً یہ جاننا چاہیں گے کہ آپ مصر کی ملکہ رہیں' کیا آپ نے بطور حکمران کسی دہشت گرد کو گرفتار کیا؟

قلوپطرہ (ہنستے ہوئے) دہشت گرد خود مجھے دیکھ کر گرفتار ہو جاتے تھے

لیاری یہ بھی ٹھیک ہے......ویسے ہم کو بھی اسی لائن میں سمجھئے گا......ہم کو بچپن سے گرفتار ہونے کا بہت شوق ہے......اللہ کرے کہ آپ کبھی ہم جیسوں کو بھی لفٹ کرائیں۔

قلوپطرہ لیاری......کاش تم میرے دورِ حکومت میں ہوتے!!!

لیاری (خوشی سے) اچھا......پھر کیا ہوتا؟

قلوپطرہ میں تمہیں اہرام مصر میں ایک خوبصورت سا کمرہ گفٹ کرتی۔

لیاری تاکہ ساری ممیاں رات بھر میری تیمارداری کرتیں......کمال ہے......اچھا یہ بتائیے کہ آپ اپنے آپ میں اور ملکہ برطانیہ میں کیا فرق محسوس کرتی ہیں؟

قلوپطرہ (قہقہہ لگا کر) میں ملکہ برطانیہ کی طرح بے بس نہیں......!!!

لیاری بڑا کھرا جواب ہے بھئی...... ویسے ایک بات تو بتائیں! آپ نے اتنا سچا پیار کیا' آپ کے ابا جی نے آپ کو کچھ نہیں کہا؟

قلوپطرہ ابا جی کو اپنے عشق سے فرصت ملتی تو میری طرف دیکھتے......

لیاری ماشاءاللہ...... پوری فیملی ہے یہ تو...... یعنی آپ خاندانی عاشق ہیں؟

قلوپطرہ ہائے لیاری...... ''کبھی عشق کرو اور پھر دیکھو اس آگ میں جلتے رہنے سے...... کبھی دل پر آنچ نہیں آتی' کبھی رنگ خراب نہیں ہوتا''

لیاری دیکھیں دیکھیں...... آپ الٹے سیدھے مشورے نہ دیں' آپ کو نہیں پتا میں بڑی جلدی مشورہ مان لیتا ہوں۔

قلوپطرہ تو پھر میرا یہی مشورہ ہے' جلدی سے عشق کر لو

لیاری کیوں...... آگے سیلاب آنے والا ہے...... کمال ہے' بھئی اس عمر میں کیا عشق کروں' جتنی میری عمر ہے' میرا تو دل چاہتا ہے میں قبر کے سائز پتا کروں' گورکن کی فیس پوچھوں' سیل سے کفن خریدوں......!!!

قلوپطرہ تم کیسے انسان ہو...... عشق سے ڈرتے ہو......!!!

لیاری بابا عشق سے نہیں ڈرتا...... عشق میں جو چھینٹی لگتی ہے اس سے ڈرتا ہوں' جوانی میں اتنی روٹیاں نہیں کھائیں جتنے جوتے کھائے ہیں' سچی بات ہے بھئی اب ہمت نہیں ہے......!!!

قلوپطرہ تم نے مجھے بہت مایوس کیا ہے!!!

لیاری (غصے سے) مایوس کیا ہے...... میں آپ کی کمیٹی کھا گیا ہوں...... (فون کی گھنٹی بجتی ہے) ہیلو...... کون؟

جمشید جناب لیاری صاحب! میں ملتان سے جمشید حسن بول رہا ہوں

لیاری بول بھئی بول...... لیکن یاد رکھنا ایک کال 70 روپے میں پڑے گی

جمشید میں قلوپطرہ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ میں نے ساری زندگی کسی خوبصورت لڑکی کو نہیں چھیڑا...... کیا میں انہیں چھیڑ سکتا ہوں؟

لیاری لو کر لو بات...... ابے اگر یہی کام کرنا ہے تو ہم مر گئے ہیں کیا؟

قلوپطرہ ٹھہرو لیاری...... اسے میں جواب دوں گی

لیاری صاف جواب دے دو

قلوپطرہ جمشید صاحب! آپ کام کیا کرتے ہیں

جمشید میں کاسمیٹکس کی کمپنی میں کام کرتا ہوں

قلوپطرہ (خوشی سے) کاسمیٹکس کی کمپنی میں......اوہ مائی گاڈ......پھر تو آپ جب چاہیں مجھے چھیڑ سکتے ہیں۔

لیاری (غصے سے فون بند کرتے ہوئے) انٹرویو کو بزنس نہ بنائیں......یہ سٹوڈیو ہے' کوئی مصر کا بازار نہیں......!!!

(دوبارہ فون کی گھنٹی بجتی ہے)

لیاری (فون اٹھاتے ہوئے) اب اگر کوئی خوبصورت لڑکی آ ہی گئی ہے تو دو منٹ مجھے بھی بات کر لینے دے۔

شمسی لیاری بھائی......میں شمسی بات کر رہا ہوں......لاہور سے......!!!

لیاری ماشاء اللہ......آپ کی آواز سے ہی لگ رہا ہے کہ آپ شمسی توانائی سے بات کر رہے ہیں......جی فرمایئے!!!

شمسی قلوپطرہ سے پوچھنا ہے کہ کیا مستقبل میں ان کا شادی کا کوئی پروگرام ہے؟

لیاری میرا خیال ہے فی الحال تو نہیں' لیکن جب بھی ہوا آپ کو ضرور بلائیں گے......آپ اپنا بینڈ تیار رکھیئے!!!(فون بند کر دیتا ہے)

قلوپطرہ لیاری......ہمارے چاہنے والے ہمیں فون کر رہے ہیں' تم ہم سے بات کیوں نہیں کروا رہے؟

لیاری یہ آپ کے چاہنے والے نہیں......مجھے تپانے والے ہیں......خوبصورت لڑکیاں تو کسی کو منہ نہیں لگاتیں اور آپ ہر کسی سے فری ہوئی جا رہی ہیں......!!!!

قلوپطرہ (فخر سے) میں خوبصورتی کی مالک ہوں

لیاری اور آپ کا لگتا ہے اللہ ہی مالک ہے......ناظرین......ہم ذرا قلوپطرہ جی کو اچھائی برائی کی تمیز سکھاتے ہیں' آپ اشتہار دیکھ کر اچھائی برائی کی تمیز کریں......ایک بریک کے بعد پھر ملتے ہیں......!!!

Break

لیاری ویلکم بیک......ناظرین قلوپطرہ ابھی تک ہمارے درمیان موجود ہیں' قلوپطرہ جی یہ بتایئے کہ یہ جو مشہور ہے کہ خوبصورت لوگ بے وفا ہوتے ہیں' اس میں کہاں تک صداقت ہے؟

قلوپطرہ آپ بے وفا ہیں؟

لیاری (چونک کر) میں......وہ......نن......نہیں......!!!

قلوپطرہ پس ثابت ہوا کہ صرف خوبصورت ہی بے وفا ہوتے ہیں

لیاری دیکھیں دیکھیں......آپ نے پھر مجھے بدصورت ثابت کرنے کی ناکام کوشش کی ہے......اگر آپ خاتون نہیں ہوتیں تو اللہ قسم ہم سب کچھ ٹائیں ٹائیں فش کر کے رکھ دیتا......!!!

قلوپطرہ یہ ٹائیں ٹائیں فش کیا ہوتا ہے؟

لیاری (غصے سے) یہ مچھلی کی ایک خاص قسم ہے جو ساہیوال کے سمندر میں پائی جاتی ہے......آپ چپ رہیں اور صرف ہمارے سوالوں کے جواب دیں ......(فون کی گھنٹی بجتی ہے) لیجئے......آ گیا آپ کے لیے ایک اور فون......اللہ خیر کرے......آج بڑے فون آ رہے ہیں!!!(بٹن دباتا ہے)

ہیجڑا آئے ہائے میں بجلی بات کر رہی ہوں......قلوپطرہ کو بتا دو کہ میں اُس سے زیادہ حسین ہوں......کمبخت خوامخواہ خود کو خوبصورت سمجھ رہی ہے......!!!

لیاری لو بھئی قلوپطرہ......تیسری جنس کے سوال کا جواب دو

قلوپطرہ (غصے سے) آپ......آپ کیسے کہہ سکتی ہیں کہ آپ خوبصورت ہیں......!!!

ہیجڑا آئے ذرا میرے ساتھ سڑک پر چلو......دیکھتے ہیں ویسپے والا کس کے اشارے پر پہلے رُکتا ہے......!!!

لیاری دیکھیں بھائی بجلی صاحبہ!......مجھے خوامخواہ درمیان میں مت گھسیٹیں

قلوپطرہ دیکھو بجلی......اگر تم اتنی ہی خوبصورت ہو تو سامنے آ ؤ......ابھی فیصلہ ہو جاتا ہے کہ کون زیادہ خوبصورت ہے

ہیجڑا آئے ہائے میں سامنے کیسے آ ؤں......میں تو مایوں بیٹھی ہوئی ہوں

لیاری (چونک کر) تیسری جنس......اور مایوں......کک......کیا مطلب ہے بھائی' یہ کون سے مایوں کی بات کر رہی ہو؟

ہیجڑا وے مرجانیاں......میں فیشل کروا رہی ہوں

لیاری اللہ کی شان ہے بھئی......(فون بند کرتے ہوئے) ویسے قلوپطرہ جی......آپ بھی فیشل کرتی ہیں؟

قلوپطرہ (اطمینان سے) نہیں......میں صرف "آفیشل" کرتی ہوں۔

لیاری آفیشل......کیا مطلب؟

قلوپطرہ میرا مطلب ہے میں صرف دربار میں جاتے وقت فیشل کرتی ہوں

لیاری اوہ......وری گڈ......اچھا یہ بتائیے کہ موسیقی سے کوئی دلچسپی؟

قلوپطرہ تعلق مصر سے ہو......نسبت دربار سے ہو......اور موسیقی سے دلچسپی نہ ہو......کیس بات کرتے ہو لیاری!!! موسیقی تو ہماری روح میں رچی بسی ہے......اور ویسے بھی تمہیں تو پتا ہے کہ موسیقی روح کی غذا ہوتی ہے۔

لیاری بالکل بالکل......ویسے ہمارے یہاں کئی ایسے گلوکار بھی ہیں جن کی موسیقی سن کر لگتا ہے کہ موسیقی "بدروح" کی غذا بھی ہوتی ہے۔ ویسے آپ کس قسم کی موسیقی پسند کرتی ہیں۔

قلوپطرہ رومانٹک......دھیمی سی......پیار بھری......جس کے سُر دل میں اُتر جائیں

لیاری مثلاً......کس کی گائیکی پسند ہے

قلوپطرہ (آنکھیں بند کر کے) نصیبولعل......عارف لوہار......وغیرہ وغیرہ

لیاری آفرین ہے آپ کی پسند پر......بلکہ "لخ آفرین" ہے آپ کی پسند پر......!!!!

قلوپطرہ ویسے لیاری......ایک بات تو بتاؤ......یہ تمہارا پروگرام کس دن چلے گا؟

لیاری یہ بدھ کی رات ساڑھے دس بجے آن ائیر ہوگا

قلوپطرہ شکر ہے......شکر ہے

لیاری کس بات کا؟

قلوپطرہ بھئی کوئی دیکھ نہیں سکے گا......ورنہ میں تو ڈر رہی تھی، درباریوں میں سے کوئی ہمیں پہچان نہ لے۔

لیاری اس میں ڈرنے والی کون سی بات ہے؟

قلوپطرہ (آہ بھرتے ہوئے) تمہیں نہیں پتا لیاری......جولیس کی موت کے بعد میرے ہر قسم کے فیشن اور باہر نکلنے پر مکمل پابندی ہے، بڑی مشکل سے نظر بچا کر سٹوڈیو آئی ہوں......اب تمہاری بات ٹال تو نہیں سکتی ناں!

لیاری (میز پر کہنی پھسل جاتی ہے) آ......آپ......صرف میری خاطر آئی ہیں؟

قلوپطرہ تو اور کیا......سارا زمانہ ایک طرف......تم ایک طرف!!!

لیاری (گھبراتے ہوئے) دیکھئے......آ......آپ......آپ ......ہمیں قتل بالجبر کرنے کی کوشش کر رہی ہیں......آپ کو نہیں پتا میں دل کا مریض ہوں......مجھ سے دل لگی نہ کریں

قلوپطرہ (آہ بھر کر) دل لگایا تھا دل لگی کے لیے......بن گیا روگ زندگی کے لیے

لیاری (بے بسی سے) دیکھئے......ایسے نہ کہیے......ورنہ میں رو پڑوں گا......آپ کو نہیں پتا میری کیا حالت ہو رہی ہے۔

قلوپطرہ لیاری!!!

لیاری (وارفتگی سے) لیاری صدقے......!!!

قلوپطرہ تمہیں دیکھتی ہوں تو مجھے وہ یاد آ جاتے ہے......تم بالکل اُن جیسے ہو......!!!

لیاری (نشے میں مخمور ہوتے ہوئے) کن جیسا؟

قلوپطرہ میرے ابا جی جیسے......!!! اللہ بخشے وہ بھی تمہاری طرح مخبوط الحواس تھے......!!!

لیاری (چونک کر غصے سے) میری ایسی بیٹی ہوتی تو میں یوں موٹر سائیکل پر دھکے کھاتا پھرتا......!!!

قلوپطرہ (غصے سے) لیاری......شکر کرو کہ ہم نے تمہیں باپ کے برابر سمجھا......ورنہ ہم تو کسی کو جوتی کے برابر بھی نہیں سمجھتے۔

لیاری دیکھو دیکھو خاتون، ہم سے پنگا مت لینا، ہماری پرابلم ہے کہ ہم مستورات کی بڑی عزت کرتے ہیں، لیکن بے عزتی برداشت نہیں کرتے، دماغ گھومنے میں دیر نہیں لگتی۔

قلوپطرہ فضول کی بکواس نہ کرو اور اپنے پروڈیوسر سے کہو میرا چیک دے......میں نے ایک اور جگہ انٹرویو کے لیے جانا ہے۔

لیاری (حیرت سے) ایک اور جگہ......یعنی کسی اور چینل کے لیے بھی انٹرویو ہے؟

قلوپطرہ ارے نہیں بابا......میں نے نوکری کے لیے انٹرویو دینے جانا ہے

لیاری نوکری کے لیے......لیکن......آپ......آپ تو ملکہ ہیں......!!!

قلوپطرہ جیسے تم کنگ......ویسی میں ملکہ......!!!

لیاری ہاں بھئی...... یہ بات تو ہے...... ہیں تو ہم کنگ......لیکن رائٹر اور پروڈیوسر کے غلام ہیں

قلوپطرہ لیاری......کیا مجھے کسی کمپنی میں ملازمت مل جائے گی

لیاری جتنی آپ خوبصورت ہیں......آپ کو تو پوری کمپنی مل سکتی ہے‘ ویسے اگر آپ چاہیں تو میں بھی آپ کو کمپنی دے سکتا ہوں۔

قلوپطرہ ویسے لیاری......تم نے مجھ سے اتنے سوال پوچھے ہیں...... مجھے یہ تو بتاؤ کہ......خدانخواستہ‘ میرے منہ میں خاک......اگر تم خوبصورت ہوتے تو کیا کرتے؟

لیاری (آہ بھر کر) اپنا نام فوراً تنویر جمال رکھ لیتا

قلوپطرہ وہ کون ہے؟

لیاری ہے ایک کمبخت......مرَدوں کا قلوپطرہ......!!!

قلوپطرہ لیاری......تم نے شروع میں بتایا تھا کہ تم نے محبت کی شادی کی‘ یہ بتاؤ تم نے شادی سے پہلے کبھی Love Letter لکھا؟

لیاری (آہ بھر کر) کوئی ایک دفعہ......میں جس چوبارے میں رہتا تھا اُس گلی میں روز ایک خوبصورت لڑکی گذرتی تھی‘ ایک روز میں نے ہمت کر کے اسے Love Letter لکھا اور جیسے ہی وہ گلی میں سے گذرنے لگی میں نے اس کے آگے پھینک دیا۔

قلوپطرہ واؤ......پھر کیا ہوا؟

لیاری اُس نے کاغذ اٹھا لیا اور چپ چاپ آگے بڑھ گئی......میں خوش ہو گیا‘ لیکن جب کافی دن تک اس کی طرف سے کوئی جواب نہ آیا تو میں نے پھر اسے ایک لیٹر لکھا اور کاغذ کا گولا سا بنا کر اس کے آگے پھینک دیا......اُس نے پھر کاغذ اٹھایا اور چپ چاپ چلی گئی......کئی دن تک ایسا ہی ہوتا رہا......(رونے لگتا ہے)

قلوپطرہ اس میں رونے کی کیا بات ہے......!!!

لیاری میں نے ایک دن اس کا پیچھا کیا تو پتا چلا کہ وہ تو کاغذ اٹھانے والی ہے

قلوپطرہ اوہ......ویری سیڈ......تو کیا تمہاری بیوی کاغذ اٹھانے والی ہے؟

لیاری نہیں نہیں......میری بیوی تو میرا گیارہواں اور آخری پیار ہے......ویسے اب تو وہ مجھ پر ہاتھ بھی اٹھانے والی ہے۔قلوپطرہ صاحبہ! یہ تو بتایئے کہ شادی کے بعد لڑکی کے حسن کو کیا ہو جاتا ہے؟

قلوپطرہ تم جیسے مرد اسے گھن کی طرح کھا جاتے ہیں......ظاہری بات ہے جب عورت کو سارا سارا دن روٹیاں بنانے اور چولہے کے سامنے کھڑا رکھا جائے گا تو اس کا حسن تو ماند پڑے گا ہی......!!!

لیاری تو آپ کا کیا خیال ہے شادی کے بعد لڑکی کو صرف آپ کی طرح تخت پر بٹھا دیا جائے؟

قلوپطرہ یہ بھی تمہاری بھول ہے......شادی کے بعد میرے ساتھ بھی وہی ہوا تھا جو تمہارے ہاں کی عورت کے ساتھ ہوتا ہے' میں بھی ہانڈی روٹی میں لگ گئی تھی......سارا سارا دن شاہی محل کے باورچی خانے میں خانساماں کو آلو کی بھجیا بنانے کی ترکیب بتاتی رہتی تھی......وہ تو جولیس کو اللہ نے اپنے پاس بلا لیا تو مجھے کچھ سکون ملا۔

لیاری اس کا مطلب ہے آپ کو تو بڑے مزیدار کھانے بنانے آتے ہوں گے......کیا کیا بنا لیتی ہیں آپ؟

قلوپطرہ چکن پاکس کے بارے میں جانتے ہو

لیاری میرا خیال ہے یہ کوئی چکن کڑاہی ٹائپ کی ڈش ہوتی ہے

قلوپطرہ (غصے سے) یہ ڈش نہیں......بیماری ہے......مجھے چکن پاکس ہو گیا تھا اور ڈاکٹر نے چولہے کے قریب جانے سے منع کر دیا تھا' بس اُسی دن سے میں نے کبھی کچھ نہیں بنایا۔

لیاری ظاہری بات ہے......سب کچھ پکا پکایا مل جاتا ہو گا......اچھا......آخر میں آپ ہمارے ناظرین کو کوئی پیغام......کوئی Message دینا چاہیں تو ہمیں بڑی خوشی ہو گی۔

قلوپطرہ میں تو صرف یہی کہوں گی کہ خوبصورتی چہرے میں نہیں' دل میں ہوتی ہے......اپنا دل خوبصورت رکھئے' چہرا خود بخود خوبصورت نظر آنے لگے گا۔

لیاری واہ واہ......کیا بات کی ہے......ہم آج سے ہی آپ کی بات پر عمل کریں گے اور ناظرین سے بھی گذارش کریں گے کہ چہرے کے ساتھ ساتھ دل کو بھی روز دھویا کریں......ناظرین اگلے ہفتے ہم حاضر ہوں گے لیاری کنگ میں اِس شخصیت کے ساتھ......!!! اب لیاری کنگ اور قلوپطرہ کو اجازت دیجئے......اپنا اور ہمارا دھیان رکھئے گا......خدا حافظ!

اُمراوٴ جان ادا سے انٹرویو

لیاری خواتین وحضرات! ایک مرتبہ پھر لیاری کنگ لائیو کے ساتھ السلام وعلیکم......خوش آمدید۔ناظرین ہمیشہ کی طرح آج بھی ہم آپ کے لیے تاریخ کی ایک ایسی مشہور شخصیت لے کر آئے ہیں جن کے نام اور کام کے بارے میں آپ بخوبی جانتے ہوں گے۔ بڑے بڑے لوگوں کو اسیر اور فقیر بنانے میں ثانی نہیں رکھتیں، اپنی اداؤں سے قتل کرنے کی صلاحیت سے مالا مال ہیں، ہم نے بڑی مشکل سے خود پر قابو پایا ہوا ہے، امید ہے آپ لوگ بھی پورے ہوش وحواس میں رہیں گے...... لیجیۓ ملتے ہیں! آج کی مہمان شخصیت......امراؤ جان ادا......!!!

امرائو (آنکھیں بند کر کے گنگناتے ہوئے) ان آنکھوں کی مستی کے دیوانے ہزاروں ہیں......!!!

لیاری ہیلو......امراؤ......ذرا ہوش میں آؤ......!!!

امرائو (ایک ادا سے آنکھیں کھولتے ہوئے) واللہ......ہمیں ہوش میں نہ آنے دیجیۓ......ہم یونہی مدہوش رہنا چاہتے ہیں۔

لیاری (گھبرا کر) دیکھیۓ......یہ......سٹوڈیو ہے......آپ کا علاقہ نہیں...... یہاں مدہوشی منع ہے۔

امرائو تم کہتے ہو تو مان لیتی ہوں......ویسے میں اُسے زندوں کی بستی ہی نہیں مانتی جہاں مدہوشی نہ ہو۔

لیاری آپ فی الحال اسے قبرستان ہی سمجھیں اور یہ فرمائیں کہ یہ آپ نے میک اپ کیا ہے یا میک اپ سے منہ دھویا ہے...... ہمارا مطلب ہے اتنا گاڑھا میک اپ!!!

امرائو (مخمور نظروں سے دیکھتے ہوئے) واللہ......ہم میک اپ نہ کریں تو آپ کی چیخیں نکل جائیں......ہمارے استاد محترم نے کل ہی ہمارے میک اپ پر ایک شعر کہا ہے!!!

لیاری جی جی......ارشاد......!!!

امرائو ارشاد نہیں......ارشاد خان......ہمارے استاد محترم کا نام ارشاد خان ہے......!!!

لیاری بابا میں نے شعر سنانے کے لیے ارشاد کہا ہے......میرا مطلب ہے سنایئے......!!!

امرائو جی جی......عرض کیا ہے کہ......''میک اپ کر کے آتی ہے تو بالکل ریما لگتی ہے......میک اپ کر کے نہ آئے تو شفقت چیمہ لگتی ہے''

لیاری (آہ بھرتے ہوئے) ''شہہ سرخی سے کالم تک سب پڑھنے کو جی کرتا ہے......اوپر سے نیچے تک ظالم ایک ضمیمہ لگتی ہے''

امرائو (خوشی اور حیرت سے) ارے......آپ بھی شاعری کرتے ہیں؟

لیاری پہلے کرتا تھا......لیکن اب علاج کروا لیا ہے......خیر آپ یہ فرمائیں کہ آپ کے بارے میں مشہور ہے کہ جو بھی آپ کے پاس آتا ہے' کنگال ہو کر جاتا ہے......کیا یہ سچ ہے؟

امرائو (گہرا سانس لے کر) کنگال تو لوگوں نے ہمیں کر دیا ہے لیاری......ہم کسی کو کیا کنگال کریں گے......ویسے ایک بات بتاؤں...... یہ جو لوگ ہمارے پاس گانا سننے کے لیے آتے ہیں ناں...... یہ بھی کسی کو کنگال کر کے ہی آئے ہوتے ہیں......بس یوں سمجھ لو' اِدھر کا پیسہ اُدھر ہو جاتا ہے......بس......!!!

لیاری آپ اتنی مشہور شخصیت ہیں......لوگ آٹو گراف تو لیتے ہوں گے؟

امرائو (مسکرا کر) نہیں......لوگ ہم سے آٹو گراف لیتے نہیں بلکہ ہمیں آٹو گراف دیتے ہیں۔

لیاری (حیرت سے) ہم سمجھا نہیں......!!!

امرائو بھئی وہ ہزار ہزار کے نوٹوں پر شعر لکھ کر ہمارے حضور پیش کرتے ہیں......اور ہم بھی قبول کر لیتے ہیں' بھئی ہم سے کسی کا دل نہیں توڑا جاتا۔

لیاری بڑی بات ہے......آپ کی رحمدلی تو بڑی متاثر کن ہے...... یہ بتایئے اگر کوئی دس روپے کے نوٹ پر شعر لکھ کر پیش کرے تو پھر؟

امرائو ہم اُسے بھی نہایت عزت سے بٹھاتے ہیں......

لیاری صوفے پر؟

امرائو (منہ بنا کر) نہیں......گدھے پر......دس روپے میں اس سے اچھی جگہ اور کوئی نہیں مل سکتی!!! ویسے آپ کبھی گدھے پر بیٹھے ہیں؟

لیاری (جلدی سے) نہیں......الحمد للہ میری جیب میں ہر وقت ہزار دو ہزار موجود رہتے ہیں!!! اچھا یہ بتائیے......سنا ہے آپ کی آواز بہت اچھی ہے......!!!

امرائو (معنی خیز نظروں سے) صرف آواز؟؟؟

لیاری (گھبرا کر) نن......نہیں......ہمارا مطلب ہے......آپ خود بھی بڑی خوبصورت ہیں......ہم پوچھنا چاہ رہے تھے کہ آپ شاعری بھی کرتی ہیں، گاتی بھی ہیں......آپ کا کوئی البم بھی ہے؟

امرائو (شرما کر) البم میرے پاس تو نہیں ہوتا ناں......وہ تو ماما جی کے پاس ہوتا ہے......اُن ہی سے پوچھیں......!!!

لیاری لاحول ولاقوہ......بابا ہم تصویروں والے نہیں موسیقی والے البم کی بات کر رہے ہیں......ہمارا مطلب ہے آپ کی کوئی کیسٹ ویسٹ بھی مارکیٹ میں آئی ہے۔

امرائو (شرما کر) کیسٹ تو نہیں......لیکن بہت جلد ہم اپنی CD لا رہے ہیں...... ماما جی نے ساری تیاریاں مکمل کر لی ہیں۔

لیاری (چونک کر) گانے کی CD ہو گی؟

امرائو (شرما کر) جی ہاں......اُس میں گانے بھی ہوں گے......!!!

لیاری (گہرا سانس لے کر) ہم سمجھ گیا......سب سمجھ گیا......اللہ آپ کے ارادوں کا بیڑہ غرق کرے......یہ فرمائیے کہ شاعری میں آپ کے استاد کون ہیں؟

امرائو ان کا نام ہے......گل نوخیز اختر

لیاری (چونک کر بڑبڑاتے ہوئے) گل نوخیز اختر......یہ آپ کی بہن ہیں؟

امرائو (منہ بنا کر) بکواس نہیں کرو......یہ خاتون نہیں......مرد ہیں

لیاری آپ کہتے ہیں تو ہم مان لیتا ہوں......ویسے دل نہیں مانتا......اچھا یہ فرمائیے کہ اب تو جدید دور ہے' آپ بھی اپنے کام میں کچھ جدت لائی ہیں یا نہیں......؟؟؟

امرائو (ایک ادا سے) کیوں نہیں کیوں نہیں......ہم نے اپنا سارا ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ کرلیا ہے۔

لیاری ہم نے تو سنا ہے کہ آپ کا ریکارڈ ہی خراب ہے......

امرائو اوہو......پوری بات سنو......ہم نے نہ صرف ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ کرلیا ہے بلکہ اپنے سارے سٹاف کو موبائل فون بھی لے دیے ہیں اور اب عنقریب ای میل کی سہولت بھی دے رہے ہیں۔

لیاری ماشاءاللہ......کوئی کریڈیٹ کارڈ وغیرہ کی سہولت نہیں فراہم کی؟

امرائو (چونک کر) اوہ......وری گڈ......بڑا اچھا مشورہ ہے......ایک منٹ (پرس سے موبائل نکال کر نمبر ڈائل کرتی ہے) ہیلو......امی حضور! ابھی ابھی ایک بڑے عقلمند بندے نے مشورہ دیا ہے کہ ہمیں کلائنٹس کو کریڈٹ کارڈ کی سہولت بھی دینی چاہیے......جی جی......جی بہت اچھا......اوکے......بائے!!!......لیجئے لیاری صاحب......!!! آپ کا مشورہ امی حضور کو بہت پسند آیا ہے وہ آپ سے ملنا چاہتی ہیں۔

لیاری (گھبرا کر) کک......کیوں......مجھ سے کیوں ملنا چاہتی ہیں؟

امرائو (ایک ادا سے) وہ آپ سے کاروباری امور پر کچھ مفید مشورے لینا چاہتی ہیں۔

لیاری (غصے سے) ہم لعنت بھیجتا ہوں ایسے کاروبار اور مشوروں پر......ہم کو گانے بجانے سے کوئی دلچسپی نہیں......!!!

امرائو خدارا......ناراض مت ہوئیے......ہماری جان نکل جاتی ہے

لیاری (یکدم ٹھنڈا پڑتے ہوئے) آپ بھی ایسے جملے نہ کہیے......ورنہ ہم بیٹھے بیٹھے گر جائیں گے!!!

امرائو (مسکراتے ہوئے) بہت شرارتی ہو تم......!!!

لیاری (منہ بنا کر) ہم شرارتی ہیں......؟......ہم نے آپ کے اوپر بلغم پھینک دی ہے؟؟؟ کمال ہے......خیر چھوڑیں ان سب باتوں کو' آپ ہمارے ناظرین کو بتائیں کہ آپ نے زندگی میں کبھی کسی کو فری گانا بھی سنایا......!!!

امرائو ہم تو سب کو فری ہو کر گانا سناتے ہیں۔

لیاری اوہ میرے خدایا...... بابا ہم وہ فری ہونا نہیں پوچھ رہے...... ہمارا مطلب ہے آپ نے کبھی کسی کو مفت بھی گانا سنایا؟؟؟

امرائو آپ کا مطلب ہے بغیر پیسوں کے...... جی جی...... کیوں نہیں...... ابھی دو دن پہلے ہم نے اپنے ایک قدر دان کو پورے دو گھنٹے تک نہ صرف گانا سنایا بلکہ رقص بھی دکھایا حالانکہ اس نے ہمیں کوئی پیسہ نہیں دیا

لیاری (اچھلتے ہوئے) ......امراؤ جان ادا نے مفت گانا اور رقص دکھایا...... بھئی آج تو لگتا ہے بارش ہوگی...... کمال ہے...... یعنی آپ نے تو حاتم طائی کو بھی مات دے دی...... ویسے وہ خوش نصیب تھا کون؟ اور آپ نے اس پر یہ مہربانی کیوں کی؟

امرائو (آہ بھرتے ہوئے) اُس مہربان کا نام تو یاد نہیں...... البتہ یہ یاد ہے کہ اس نے اپنی ڈیفنس والی کوٹھی ہمارے نام کردی تھی......!!!

لیاری (دل کو تھامتے ہوئے) ڈیفنس کی پوری کوٹھی...... آپ کے نام...... اوہ میرے خدایا...... ناظرین! ہم ذرا اپنے دل کو سنبھالتے ہیں...... آپ اتنی دیر اشتہار دیکھئے...... اور خبردار کہیں مت جایئے گا...... ابھی ہمیں امراؤ جان سے بہت سی باتیں کرنی ہیں۔

Break

لیاری ویلکم...... ویلکم...... لیاری کنگ میں دوبارہ خوش آمدید...... آیئے واپس چلتے ہیں امراؤ جان ادا کی طرف اور ان سے پوچھتے ہیں کہ ان کا نام امراؤ جان ادا کیسے پڑا؟

امرائو لیاری جان......!!!

لیاری (بات کاٹتے ہوئے) دیکھئے...... ہم کو یہ جان وان مت کہیے گا...... ورنہ ہم جان نکال لیں گے۔

امرائو معافی چاہتی ہوں...... میں سمجھی میں اپنے آفس میں ہوں...... ہاں تو میں بتا رہی تھی کہ یہ جو میرا نام ہے ''امراؤ جان ادا'' یہ میری امی حضور نے رکھا تھا...... اصل میں ان کا اصول ہے کہ ''امیروں کی جان اپنی اداؤں سے نکال لو''...... لہٰذا اسی کا مخفف کرکے انہوں نے ہمارا نام رکھ دیا امراؤ جان ادا......!!!

لیاری آپ نواب صاحب کے عشق میں کیسے گرفتار ہوگئیں؟

امرائو (آہ بھرتے ہوئے) ہمیں تو نواب صاحب کے حقہ پینے کا انداز لے ڈوبا...... اللہ بخشے...... لمبا سا کش لگا

کر جب دھواں ہماری طرف پھینکتے تھے تو ہمارا دل ڈول ڈول جاتا تھا......!!!

لیاری (شرما کر) ویسے آپ کو ایک راز کی بات بتائیں ......ہمیں بھی حقہ پسند ہے اور ہم بھی ایسے ہی کش لیتے ہیں......!!!

امرائو (مسکراتے ہوئے) واہ واہ......تو آپ بھی نوابی شوق رکھتے ہیں......!!!

لیاری (گڑبڑاتے ہوئے) نن......نہیں بھئی......اب کوئی ایسا بھی حقے کا شوق نہیں ہے ہمیں......آپ یہ فرمایئے کہ آپ پر بہت سی فلمیں بنیں، ناول لکھے گئے، ڈرامے بنے......آپ کی تو بڑی مارکیٹ ویلیو بن گئی ہوگی؟

امرائو (منہ بنا کر) کیا خاک ویلیو بنی تھی......اُلٹا سارے کلائنٹس دوڑ گئے......کہنے لگے......آپ تو پہلے ہی سے نواب صاحب کے عشق میں گرفتار ہیں، ہمیں کیا لفٹ کرائیں گی......!!!

لیاری امراؤ جان ادا صاحبہ! ہم نے سنا ہے کہ پرانے زمانے میں لوگ اپنے بچوں کو ادب وآداب سکھانے کے لیے آپ کے ہاں بھیجا کرتے تھے!!! کیا آج بھی ایسا ہوتا ہے؟

امرائو جی ہاں ......کیوں نہیں......بس فرق اتنا پڑا ہے کہ پہلے لوگ اپنے بچوں کو ہماری طرف بھیجا کرتے تھے اب خود تشریف لے آتے ہیں

لیاری آپ کو کبھی خیال نہیں آیا کہ آپ ناچ گانے کا ماحول چھوڑ کر کسی شریفانہ کام کی طرف آئیں؟

امرائو آیا......کئی مرتبہ یہ خیال آیا...... بلکہ ایک مرتبہ تو ہم نے بغاوت کر کے اپنا گھر بار بھی چھوڑ دیا تھا......لیکن باہر کی دنیا میں آ کر پتا چلا کہ سب سے زیادہ شریفانہ کام ہی یہی ہے......لہذا ہم واپس لوٹ گئے۔

لیاری آپ فلموں میں کام کیوں نہیں کرتیں؟

امرائو (منہ بنا کر) گولی ماریں جی فلموں کو......اللہ ویسے ہی عزت کی روٹی دے رہا ہے۔

لیاری (گہرا سانس لے کر) یہ بتایئے کہ جب آپ بوڑھی ہوجائیں گی تو کیا کریں گی......؟؟؟

امرائو (شرما کر) ابھی بڑی عمر پڑی ہے...... پہلے جوان تو ہو جاؤں

لیاری جوان......کیا مطلب......آپ کی عمر کتنی ہے؟

امرائو (انگلیوں پر گنتے ہوئے) یہی کوئی 16 سال!!!

لیاری (چلاتے ہوئے) 16 سال......؟؟؟ آپ کا شناختی کارڈ بن چکا ہے؟

امرائو جی ہاں......بہت پہلے بن گیا تھا!

لیاری لیکن شناختی کارڈ تو 18 سال سے کم عمر والوں کا نہیں بنتا......آپ 16 سال کی کیسے ہوگئیں؟؟؟

امرائو (اطمینان سے) میں نے Stay Order لے رکھا ہے......!!!

لیاری بڑی چیز ہیں بھئی آپ......اچھا لگے ہاتھوں ہمارے ناظرین کو اپنے تازہ اشعار ہی سنا دیں!!!

امرائو (سوالیہ انداز سے) مفت؟

لیاری (جلدی سے) نہیں نہیں......آپ کو ہمارے پروڈیوسر صاحب چیک دیں گے......بے فکر رہیں۔

امرائو (خوش ہوتے ہوئے) پھر ٹھیک ہے......!!! عرض کیا ہے؟

لیاری جتنی آپ خوبصورت ہیں......آپ عرض نہ کریں......آپ حکم کریں!!!

امرائو (مسکراتے ہوئے) شکریہ......شکریہ......لیجئے چند اشعار ملاحظہ کیجئے!!!

خاک پر مہربان ہوتے تھے
ہم کبھی آسمان ہوتے تھے

آپ میں دھوپ آ گئی کیسے
آپ تو سائبان ہوتے تھے

ہم نے بھی خط سنبھال رکھے ہیں
ہم بھی آخر جوان ہوتے تھے

لیاری واہ واہ......شکر ہے......آپ نے سچ تو بولا......بے شک شعروں میں ہی بولا......!!!

امرائو لیاری......یہ جو ہم جیسی ہوتی ہیں ناں......وہ ہمیشہ سچ بولنا چاہتی ہیں، لیکن کیا کریں، تم لوگ سچ سننا ہی نہیں چاہتے، مجبوراً ہمیں جھوٹ　بولنا پڑتا ہے......!!!

لیاری اچھا یہ فرمائیے کہ نواب صاحب آج کل کیا کر رہے ہیں؟

امرائو (آہ بھرتے ہوئے) اڑتی اڑتی خبر سنی ہے کہ آجکل انارکلی بازار میں انہوں نے نوابی پان کا کھوکھا کھول

رکھا ہے

لیاری کیا مطلب......وہ تو نواب تھے......بے حساب دولت کے مالک تھے

امرائو آپ نے صحیح فرمایا......اور آپ حیران ہوں گے کہ ہم نے اپنے پیار سے انہیں لکھ پتی بنا دیا تھا۔

لیاری (حیرت سے) واقعی......ویسے پہلے وہ کیا تھے؟

امرائو (اطمینان سے) پہلے وہ کروڑ پتی تھے......

لیاری آفرین ہے آپ کی ترقی پسندی پر......اچھا امراؤ جان ادا صاحبہ......یہ فرمائیے کہ آپ کے والد صاحب کیا کرتے ہیں؟

امرائو یہ تو امی حضور ہی بہتر بتا سکتی ہیں......

لیاری کمال ہے......ویسے لگتا ہے آپ کو اپنی امی حضور سے بہت پیار ہے

امرائو انہی کی وجہ سے تو آج میں اس مقام پر ہوں......!!!

لیاری جی ہاں......ورنہ شائد آپ کسی اچھی جگہ پر ہوتیں......اچھا یہ بتائیے کہ آپ نے زندگی میں کبھی نفرت بھی کی؟

امرائو جی نہیں......ہم نفرت کرنے لگیں تو کھائیں کہاں سے

لیاری پھر بھی......کبھی تو کوئی بُرا لگا ہوگا؟

امرائو 100 میں سے 110 لوگ بُرے لگتے ہیں......لیکن پلیز یہ جملہ کٹوا دیجئے گا......یہ ہمارے بزنس پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔

لیاری میں ضرور کوشش کروں گا......لیکن آپ کو نہیں پتا......اس پروگرام کا نام ہے ''لیاری کنگ لائیو''۔

امرائو (گھبراتے ہوئے) کیا مطلب......کیا یہ پروگرام لائیو جا رہا ہے

لیاری فی الحال تو لائیو ہی جا رہا ہے

امرائو اوہ خدایا......پلیز اسے روکئے اور میرا جملہ کٹوائیے

لیاری بھئی میں یہ بات کیسے مان سکتا ہوں......ویسے بھی میرا اپنا دل نہیں مانتا!!!

امرائو (ایک ادا سے) دل چیز کیا ہے آپ میری جان لیجئے............بس ایک بار میرا کہا مان

لیجیئے۔

لیاری (آہ بھرتے ہوئے) ناظرین......ہم امراؤ جان کا کہا ماننے کی کوشش کرتے ہیں' آپ بھی ہمارا کہا مانئے گا......چینل تبدیل مت کیجئے گا......ہم ایک بریک لیتے ہیں......یوں گئے اور یوں آئے......!!!

Break

لیاری Welcome again......امراؤ جان ادا تا حال یہاں موجود ہیں اور ہم ان سے اور بہت سے اہم سوال کریں گے......امراؤ جی! یہ بتائیے کہ آپ اور آپ جیسی دوسری خواتین شادی کیوں نہیں کرتیں؟

امرائو (غور سے دیکھتے ہوئے) تم کرو گے مجھ سے شادی؟

لیاری (گڑبڑا کر) ہم......ہم......کیسے تم سے شادی کر سکتا ہے؟

امرائو (منہ بنا کر) کیوں......تمہیں لقوہ ہے؟

لیاری نہیں......ایسی بات نہیں......اصل میں ہم پہلے ہی شادی شدہ ہے

امرائو (گہرا سانس لے کر) ہر بندہ ایسے ہی کہتا ہے......اب بتاؤ بھلا......ہم شادی کریں تو کس سے کریں؟

لیاری اصل میں ہر شریف بندہ آپ سے ڈرتا ہے

امرائو ٹھیک کہہ رہے ہو......شائد اسی لیے سارے ''شریف'' باہر جا بیٹھے ہیں......!!!

لیاری دیکھئے......اندر کھاتے بیان بازی نہ کریں اور ہمارے ناظرین کو یہ بتائیں کہ کیا آپ نے کبھی ریاض کیا؟

امرائو (گہرا سانس لے کر) لیاری کنگ......ہم نے بہت عرصہ پہلے ریاض کیا تھا......لیکن اُس نے بھی ہمیں چھوڑ دیا۔

لیاری کیا مطلب......بابا ہم موسیقی والے ریاض کی بات کرتا ہے......ریاض قالینوں والے کی بات نہیں کر رہا۔

امرائو اوہ......معافی چاہتی ہوں......اصل میں موسیقی ہماری روح میں رچی بسی ہے......ہمیں ریاض ویاض کرنے کی ضرورت ہی نہیں پڑتی

لیاری ہم نے تو ناول میں پڑھا ہے کہ آپ کو استاد صاحب موسیقی سکھانے آیا کرتے تھے

امرائو (منہ بنا کر) وہ استاد نہیں......بہت بڑے استاد نکلے......اس سے پہلے کہ اپنی استادی دکھاتے' امی حضور نے انہیں نوکری سے فارغ کر دیا۔

لیاری ماشاء اللہ......یعنی امی حضور بھی بڑی استاد ہیں......اچھا یہ فرمایئے کہ آج کل لوگ وہ موسیقی کیوں نہیں سنتے جو آپ کے دور میں سنتے تھے؟

امرائو بس لیاری صاحب......زمانے کے انداز بدل گئے ہیں......اب تو لوگ ہمارے لیے ہار کی بجائے پرفیوم لے کر آتے ہیں۔ویسے جہاں تک موسیقی کی بات ہے......ہم نے بھی کچھ تبدیلی کی ہے' آپ بھی دعا کرتے رہا کیجئے......!!!

لیاری (بڑبڑاتے ہوئے) اللہ تباہ کرے......اللہ تباہ کرے...... یہ بتایئے امراؤ جان ادا صاحبہ! کہ آپ کے متعلق مشہور ہے کہ آپ اور آپ جیسیاں ......معصوم لوگوں کے گھر اجاڑ دیتی ہیں......میاں بیوی میں چپکلش پیدا کردیتی ہیں......آخر کیوں؟

امرائو (ہنستے ہوئے) ہم تو سارا دن اپنے آفس میں ہوتی ہیں' ہم نے کسی کا گھر کیا برباد کرنا ہے' ویسے جو لوگ ہمارے پاس آتے ہیں انہیں معصوم ہی کہنا چاہیے......بیچارے......دریا میں چھلانگ بھی لگاتے ہیں اور دعا کرتے ہیں یا اللہ ہمیں گیلا ہونے سے بچانا......!!!

لیاری آپ نے کس کس ملک کی سیر کی ہے؟

امرائو بہت سے ملک گھومی ہوں......ابھی پچھلے دنوں ماما جی دوبئ کے ٹور پر لے کر گئے تھے......!!!

لیاری پھر تو بڑی کمائی کی ہوگی

امرائو جی ہاں......وہاں ایک قدردان عرب مل گیا تھا......اُسی سے ایک ارب کما لیا......موسیقی کا بڑا شیدائی تھا۔

لیاری (گہرا سانس لیتے ہوئے) جتنی آپ کی کمائی ہے......خرچے بھی تو آپ اتنے ہی کرتی ہوں گی؟

امرائو نہیں لیاری صاحب......میرے خرچے تو بہت محدود ہیں......ایک مہینے میں چار پانچ لاکھ سے زیادہ نہیں خرچتے ہم !!!

لیاری (آنکھیں پھاڑتے ہوئے) ایک مہینے میں چار پانچ لاکھ......یا میرے خدایا......ہم تو مہینے میں تین ہزار بھی خرچ کرلیں تو ہماری وائف بولتی ہے......تم فضول خرچ ہے......!!! کمال ہے......ویسے امراؤ جان ادا......ہم کو بھی امیر بننے کا گُر بتاؤ ناں!

امرائو یہ کون سی مشکل بات ہے......تم بھی دوبئ کا چکر لگا لو......!!!

لیاری (گڑبڑاتے ہوئے) بہت اچھے......لیکن ہم کو تو گانا آتا ہی نہیں......!!!

امرائو (مسکراتے ہوئے) تو ہم کو کون سا آتا ہے......!!!!

لیاری ہاں بھئی......آپ کو گانا نہ بھی آتا ہو پھر بھی سننے کو جی کرتا ہے......اچھا یہ فرمایئے کہ آپ شاعری بھی کرتی ہیں، تو کوئی کتاب بھی لکھ رہی ہیں کہ نہیں......!!!

امرائو بہت جلد......بہت جلد میری شاعری کی کتاب مارکیٹ میں آنے والی ہے......!!!

لیاری ماشاءاللہ......کیا نام ہے جی اس کتاب کا

امرائو ''محبت کم نہیں کرنا''

لیاری واہ......ویسے ہمارا خیال ہے اُس کتاب کا نام ہونا چاہیے ''پیسے کم نہیں کرنا''

امرائو آپ بار بار پیسے کا ذکر کرتے ہیں......لگتا ہے آپ کے حالات خاصے خراب ہیں......!!!

لیاری حالات ٹھیک ہوتے تو ہم یہاں آپ کا انٹرویو کرتے......!!!

امرائو یہ بھی ٹھیک کہا آپ نے......آپ کے حالات ٹھیک ہوتے تو آپ میرے آفس میں آ کر میرا انٹرویو لیتے۔

لیاری اچھا بات کو اِدھر اُدھر گھمانے کی ضرورت نہیں ہم تو یہ سوچ رہا ہے کہ (فون کی بیل بجتی ہے) لو بھئی......پہلا گاہک......مم......میرا مطلب ہے پہلی کال آ گئی (بٹن دباتے ہوئے) ہیلو......!!!

عتیق ہیلو......میں گجرات سے عتیق الرحمٰن سیفی بات کر رہا ہوں......کیا امراؤ جان ادا کا موبائل نمبر مل سکتا ہے؟

لیاری (غصے سے) ابے میں کیا یہاں امراؤ جان کا موبائل نمبر دینے کے لیے بیٹھا ہوں؟

عتیق نہیں جناب......آپ غلط سمجھے......اصل میں، میں بھی ایک شاعر ہوں اور امراؤ جان ادا صاحبہ کو اپنی شاعری کی کتاب پیش کرنا چاہتا ہوں۔

امرائو جی جی......ضرور......آپ کسی بھی وقت میرے آفس میں آ کر مجھے اپنی کتاب دے سکتے ہیں......!!!

لیاری عتیق صاحب......خدا کے لیے آپ اپنی کتاب اپنے پاس رکھئے، ورنہ آئیں گے آپ گاڑی پر......اور واپس ریڑھی پر جائیں گے۔

امرائو اوہو......لیاری صاحب......آپ ہمارے قدردان کی توہین کر رہے ہیں

لیاری (فون بند کرتے ہوئے) آپ بھی تو قدر دان کو پاندان بنانے پر تلی ہوئی ہیں......کمال ہے......(دوبارہ بیل ہوتی ہے) ہیلو......بھائی ہوش سے کام لو......کچھ عقل کرو......!!!

طارق لیاری صاحب......میں جدہ سے طارق اقبال بات کر رہا ہوں......!!!

لیاری (امراؤ سے) لو بھئی......لگتا ہے کسی ٹور کی آفر آئی ہے......جی طارق صاحب......فرمائیے!!!

طارق میں امراؤ جان کو سونے کا ہار گفٹ کرنا چاہتا ہوں......

امرائو (خوشی سے) سونے کا ہار......اوہ خدایا......طارق صاحب......آپ کتنے اچھے ہیں!!!

لیاری (فون کی طرف منہ کرتے ہوئے) جناب......ان کو تو آپ سونے کا ہار گفٹ کر دیں گے' بعد میں آپ کی بیگم آپ کو جو ہار پہنائے گی اُس کا کسی سے تذکرہ مت کیجیے گا......!!!

طارق لیاری صاحب......میں آپ کو بھی سونے کی انگوٹھی گفٹ کروں گا......لیکن شرط یہ ہے پہلے آپ میرا ہار امراؤ صاحبہ تک پہنچا دیں۔

لیاری (غصے سے) ایمان سے اگر تم فون میں نہیں ہوتا تو ہم نے تمہاری 'پڑپڑی' پر نیولہ چھوڑ دینا تھا......تم ہم کو ایسا سمجھتا ہے......ہم لعنت بھیجتا ہے سونے کی انگوٹھی پر......(غصے سے فون بند کر دیتا ہے)

امرائو (بڑے پیار سے) لیاری......بُری بات......ایسے کسی پر غصہ نہیں کرتے......آپ تو بہت اچھے ہیں......!!!اتنے پیارے......اتنے سویٹ......!!!

لیاری (بے بسی سے فون کی طرف دیکھتے ہوئے) طارق صاحب' میں معذرت خواہ ہوں کہ میں نے فون بند کر دیا......آپ ہار بھجوا دیجئے......لیکن خدا کے لیے انگوٹھی نہ بھیجئے گا......!!!

امرائو لیاری......تم نے ہمارا دل جیت لیا ہے......!!!

لیاری ہمیں تو لگتا ہے ہم نے اپنا دل ہار دیا ہے......خیر......یہ باتیں پروگرام کے بعد کریں گے......آپ یہ فرمائیے کہ آپ کا سٹار کیا ہے؟

امرائو کینسر

لیاری (منہ بنا کر) ہم نے آپ کا مرض نہیں پوچھا......سٹار پوچھا ہے......اوہ سوری......یاد آیا......کینسر بھی تو سٹار ہی ہے......اچھا یہ بتائیے آپ موسیقی اور رقص سے کتنا کما لیتی ہیں؟

امرائو صحیح حساب تو امی حضور کو پتا ہو گا...... ویسے ہمارا اندازہ ہے...... یہی کوئی ڈیڑھ دو کروڑ......!!!

لیاری (اچھلتے ہوئے) ڈیڑھ دو کروڑ...... انکم ٹیکس دیتی ہیں آپ......؟؟؟

امرائو (قہقہہ لگا کر) جو بھی ٹیکس لینے آتا ہے...... ٹیکس دے کر چلا جاتا ہے

لیاری ہاں بابا...... برابر بولتی ہے...... ٹیکس دینے کے لیے تو ہم جیسے لوگ رہ گئے ہیں' دس ہزار تنخواہ...... 12 ہزار ٹیکس...... اچھا امراؤ جان صاحبہ آپ سے بڑا ذاتی سا سوال ہے...... مائنڈ تو نہیں کریں گی؟

امرائو (گھبرا کر) دیکھئے...... والد صاحب کے بارے میں جتنا ہمیں پتا تھا' ہم نے آپ کو بتا دیا۔

لیاری بابا ہم نے کب والد صاحب کے بارے میں سوال کیا ہے...... ہم تو یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ آپ نے کبھی کوئی نیک کام بھی کیا؟

امرائو (اوپر اشارہ کرتے ہوئے) ہم اُس کے بندوں کو خوش رکھتے ہیں...... کیا یہ نیک کام نہیں؟

لیاری بڑا واہیات جواب ہے بھئی...... یہ بتائیں آپ صرف ناچتی ہیں یا نچاتی بھی ہیں؟

امرائو (شرما کر) آپ جیسوں کو تو انگلیوں پر نچاتی ہوں

لیاری (غصے سے) ہمارا نام نہیں لینا...... ہم لیاری ہوں...... اور الحمد للہ غیرت مند ہوں...... آپ یہ بتائیں کہ روتی بھی ہیں؟

امرائو بہت زیادہ' 24 میں سے 20 گھنٹے تو رونے دھونے میں ہی گذر جاتے ہیں

لیاری وہ کیوں بھئی؟

امرائو دیکھئے...... امی حضور نے ہمیں سارے رونے دھونے والے گانے یاد کروا رکھے ہیں...... وہ کہتی ہیں کہ گانا گاتے ہوئے آنکھ میں آنسو بھی آ جائیں تو لوگ زیادہ پیسے نچھاور کرتے ہیں۔

لیاری آپ تو گانا گاتے ہوئے روتی ہوں گی...... اور جو بیچارے آپ کا گانا سننے کے بعد گھر جاتے ہوں گے' وہ سارے رستے اپنی جیب کی طرف دیکھتے ہوئے دھاڑیں مارتے جاتے ہوں گے...... یہ بتایئے کہ آپ غزل تو لکھتی ہیں...... کبھی آزاد نظم بھی لکھی ہے......؟

امرائو نہیں...... ہمیں آزاد نظم کی بجائے 'غلام نظم' زیادہ پسند ہے

لیاری یا خدایا...... یہ غلام نظم کون سی ہوتی ہے؟

امرائو یہ ہم اُس وقت لکھتے ہیں جب کوئی ہماری زلفوں کا غلام ہو جاتا ہے

لیاری ویری گڈ......اس کا مطلب ہے اب تک تو آپ دس بیس ہزار غلام نظمیں لکھ چکی ہوں گی۔

امرائو (شرما کر) جی......تقریباً

لیاری تھوڑا سا گنگنا کر تو دکھایئے......میرا مطلب ہے ناظرین کو بھی تو موسیقی سنائیں ناں!!!

امرائو (آہستہ سے) اور......Payment؟

لیاری مل جائے گا چیک......مل جائے گا......ہم کسی کو خالی نہیں جانے دیتے......!!!

امرائو پھر ٹھیک ہے (اوٹ پٹانگ آواز میں گنگناتے ہوئے)

زندگی میں تو سبھی پیار کیا کرتے ہیں

میں تو مر کر بھی میری جان تجھے چاہوں گی

لیاری یہ آپ بچپن سے ہی بے سُری ہیں یا باقاعدہ ریاض کرتی رہی ہیں......شکر کریں مہدی حسن صاحب یہاں موجود نہیں ورنہ ان کی طبیعت مزید خراب ہو جاتی تھی۔ اچھا یہ بتایئے کہ فارغ وقت میں کیا کرتی ہیں؟

امرائو (گہرا سانس لے کر) انتظار......صرف اور صرف انتظار!!!

لیاری موت کا؟؟؟

امرائو نہیں......اچھے وقت کا......!!!

لیاری (غصے سے) کمال ہے......ڈیڑھ دو کروڑ روپے مہینہ کما رہی ہیں اور پھر بھی اچھے وقت کا انتظار کر رہی ہیں' یہ کیا بُرا وقت ہے؟

امرائو تم نہیں جانتے لیاری......یہ بہت بُرا وقت جا رہا ہے......یقین کرو دو وقت کی روٹی نہیں پوری ہو رہی۔

لیاری آٹے کی روٹی کھایا کرو ناں......تمہاری تو روٹی بھی ہیرے کی ہوتی ہے......!!!

امرائو صرف ہمیں الزام مت دیں......آپ کبھی اس ملک کو لوٹنے والوں کی دولت کا حساب لگاؤ تو تمہیں اندازہ ہو کہ ہمارا ڈیڑھ دو کروڑ تو اس کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں......ہم تو جو ہیں' تمہارے سامنے ہیں......کبھی خود کو پاکباز نہیں کہا......لیکن اُن لوگوں کا کیا کہو گے جو بظاہر نیک' پرھیز گار اور شریف نظر آتے ہیں......لیکن درپردہ ہم سے بھی بُرے کاموں میں ملوث ہیں' ہم منافق نہیں ہیں......ہم شرافت کا لبادہ نہیں اوڑھتے......ہم اپنے وطن کے غدار نہیں

ہیں......نہیں ہیں ہم غدار!!!

لیاری (گہرا سانس لیتے ہوئے) ناظرین......امراؤ جان ادا کی باتوں کا ہمارے پاس تو کوئی جواب نہیں......انہوں نے تو ہمیں لاجواب کر دیا ہے......ہم سمجھتے ہیں کہ قصور وار امراؤ جان ادا نہیں...... بلکہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اسے امراؤ جان ادا بنایا۔لیکن ہمیں سوچنا ہوگا' کیا ہم حوا کی بیٹی کو صرف امراؤ جان ادا ہی بناتے رہیں گے یا ہمارے ہاتھوں سے کوئی ایسی شخصیت بھی نمایاں مقام حاصل کرے گی جس پر ہم سب فخر کر سکیں......ضرور سوچئے گا......اگلے ہفتے انشاء اللہ آپ کے سامنے اِس شخصیت کے ساتھ حاضر ہوں گے۔ اب لیاری کنگ کو اجازت دیجئے......اللہ بیلی!!!

عمرو عیار سے انٹرویو

لیاری السلام علیکم ناظرین! ہم آپ کو لیاری کنگ میں ایک بار پھر خوش آمدید کہتے ہیں۔ ناظرین! آج ہماری پٹاری میں ایک ایسی شخصیت موجود ہیں جن کو آپ یقیناً اپنے بچپن سے جانتے ہوں گے' ہر وقت جنوں بھوتوں میں گھرے رہتے ہیں اور عیاری و مکاری میں اپنا ثانی نہیں رکھتے۔ بڑی مشکل سے قابو آئے ہیں' آیئے ان سے ملتے ہیں ...... جناب عمرو عیار صاحب ...... ہیلو ...... کیا حال چال ہیں؟

عمرو (گلے میں زنبیل نما تھیلا لٹکا رکھا ہے' لمبی سی کوچی داڑھی ہے) ایک دم فسٹ کلاس ...... اے ون۔

لیاری چلو شکر ہے ...... اس ٹینشن کے دور میں کوئی تو اپنے حالات سے خوش ہے ...... اچھا عمرو عیار صاحب یہ فرمایئے کہ آپ کو عیار کیوں کہتے ہیں' کیا آپ بھی قرضے لے کر واپس نہیں کرتے ......!!!

عمرو (منہ بنا کر) اُس کو عیار نہیں ...... مکار کہتے ہیں ...... اور جہاں تک سوال ہے میرے نام کا ...... تو بات یہ ہے لیاری کہ میں اس لیے عیار نہیں مشہور کہ میں عیاری کرتا ہوں' بلکہ میں تو اس لیے مشہور ہوں کہ میں کسی کی عیاری نہیں چلنے دیتا۔

لیاری ویری گڈ .... اچھا یہ بتایئے عیاری میں آپ کا کوئی آئیڈیل؟

عمرو تم ...... صرف تم!!!

لیاری (غصے سے) ہم ...... ہم نے آپ کا پلازہ اپنے نام کروالیا ہے یا آپ کو چینی کی بوری میں مٹی ڈال کے دے دیا ہے

عمرو لیاری اور عیاری ...... ہاہاہاہا ...... کتنا اچھا قافیہ ملایا ہے ...... دیکھو لیاری' میں تمہارا پروگرام بطور خاص دیکھتا ہوں' تم جس طرح عیاری سے اپنا دامن بچا کر سارا مدعا مہمان پر ڈال دیتے ہو ...... یہ فن تو مجھے بھی نہیں

آ تا......!!!

لیاری اب ہماری سمجھ میں نہیں آ رہا کہ ہم تمہارا شکریہ ادا کرے یا تم کو گھونسہ مارے......خیر......میرا خیال ہے آپ نے ہماری تعریف ہی کی ہوگی' یہ بتایئے کیا یہ سچ ہے کہ آپ بہت ذہین تھے؟

عمرو (منہ بنا کر) تھے سے کیا مراد......میں اب بھی بہت ذہین ہوں......ویسے لیاری......ذہین کوئی نہیں ہوتا' اصل میں دوسرے لوگ ہی بے وقوف ہوتے ہیں۔

لیاری مراثی بھی بہت ذہین ہوتے ہیں......!!!

عمرو (مسکرا کر) یہ تو تم اپنے منہ میاں مٹھو بن رہے ہو

لیاری (پہلے مسکراتا ہے پھر یکدم چونکتا ہے) کیا مطلب......اوقات میں رہو......یہ جو تم اپنے ذہین ہونے کا اتنا ذکر کررہے ہو' ابھی تمہاری ذہانت سامنے آجاتی ہے......یہ بتاؤ......گونگا بندہ کنگھی کیسے مانگے گا؟

عمرو (مسکرا کر) گونگا بندہ کنگھی کیسے مانگے گا......(سوچتے ہوئے' بالوں میں کنگھی کا اشارہ کرتا ہے) ایسے مانگے گا......!!!

لیاری وری گڈ......اور اندھا بندہ قینچی کیسے مانگے گا؟

عمرو (دو انگلیوں سے قینچی کا اشارہ کرتے ہوئے) اندھا بندہ ایسے قینچی مانگے گا

لیاری (غصے سے مکے کا اشارہ کرتے ہوئے) دل کرتا ہے کھینچ کے ماروں......ابے اندھا بندہ بول کر قینچی مانگے گا......وہ اندھا ہے' گونگا نہیں......!!!

عمرو (کھسیانہ ہوکر) اوہ......مم......معافی چاہتا ہوں......اصل میں ذہن کسی اور طرف تھا......!!!

لیاری وہ تو ہونا ہی تھا......اچھا یہ بتایئے آپ کی زنبیل کی خاص بات کیا ہے؟

عمرو (فخر سے) میری زنبیل دنیا کی ہر دولت اپنے اندر چھپا لیتی ہے اور کسی کو بتاتی بھی نہیں......!!!

لیاری (مسکرا کر) ایسی چیز کو زنبیل نہیں......سوئس اکاؤنٹ کہتے ہیں......!!!

عمرو (حیرت سے) سوئس اکاؤنٹ؟......یہ کہاں ہوتا ہے......؟؟؟

لیاری یہ کہیں بھی نہیں ہوتا......اور ہر جگہ ہوتا ہے......اچھا یہ بتاؤ......کیا تم ہر چیز زنبیل کے اندر رکھتے تھے؟

عمرو نہیں......میں نے کبھی بھی Love Letter زنبیل کے اندر نہیں رکھے

لیاری کیوں جناب......زنبیل کو تو صرف آپ ہی Use کر سکتے ہیں......آپ کو کیا خطرہ ہے؟

عمرو ہاں......لیکن میری بیوی کو بھی میری زنبیل کا Password پتا ہے

لیاری (حیرت سے) زنبیل کا پاس ورڈ......اس کا مطلب ہے آپ نے کوئی لیپ ٹاپ زنبیل رکھی ہوئی ہے......ہم کو بھی اس کی ایک فوٹو کاپی کرا دیو ناں......ویسے آپس کی بات ہے' آپ کو Love Letter لکھتا کون بدذوق ہے......!!!

عمرو اس سے پہلے کہ میں آپ کو اُس کا نام بتاؤں' میں آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ آپ ہی کے پروگرام میں پہلی بار میں نے اسے دیکھا تھا' پھر میں نے اسے ایک ای میل کی' اور یوں ہمارا پیار بڑھتا چلا گیا......!!!

لیاری (چونک کر) ہمارے پروگرام میں......آپ امراؤ جان ادا کی بات تو نہیں کر رہے؟

عمرو نہیں......اب میرا ٹیسٹ اتنا بھی خراب نہیں......میں تو پنکی چڑیل کی بات کر رہا ہوں۔

لیاری (گہرا سانس لے کر) آپ جانیں اور آپ کا کام جانے......ویسے لگتا ہے کوہ قاف میں آپ کا خاصا آنا جانا ہے' یہ بتایئے کہ ہم نے پڑھا ہے کہ آپ کا ہمیشہ سے سامری جادوگر سے اینٹ کتے کا بیر ہے......یہ بتایئے کہ آپ دونوں میں سے اینٹ کون ہے؟

عمرو (منہ بنا کر)......کوئی بھی نہیں......!!!

لیاری ہم نے پڑھا ہے آپ میک اپ کر کے کچھ بھی بن جاتے تھے' آپ نے کوئی بیوٹیشن کا کورس کیا ہوا ہے؟

عمرو ارے نہیں بابا......یہ میری جاب کا حصہ ہے......کسی بھی وقت اپنی شکل بدلنا پڑ جاتی ہے

لیاری کبھی عورت کی شکل بھی اختیار کی؟

عمرو (آہ بھر کر) ہاں......صرف ایک دفعہ......کوہ قاف سے ایک شہزادی کو رہا کروانا تھا' مجبوراً کنیز کا روپ دھارنا پڑا......لیکن اس کے بعد ساری زندگی کے لیے توبہ کر لی......!!!

لیاری کیوں جناب......خیریت؟

عمرو (کانوں کو ہاتھ لگاتے ہوئے) اللہ معاف کرے......جنات بڑی ظالم چیز ہوتے ہیں......!!!

لیاری ہاں بھئی یہ تو ہے......اچھا یہ فرمائے کبھی مرد بھی بنے......اوہ سوری......آپ تو مرد ہی ہیں' ہمارا مطلب ہے کبھی تیسری جنس کا روپ بھی اختیار کیا؟

عمرو (زور سے چیخ مارتا ہے)

لیاری (گہرا سانس لے کر) او کے...... آپ کا جواب Convay ہو گیا ہے ہے...... اچھا یہ فرمائیے آپ نے تو ساری عمر آوارہ گردی کی، جگہ جگہ سے مال اکٹھا کر کے اپنی سوئس زنبیل میں ڈالا، یہ بتاؤ کہ کیا تمہاری زنبیل میں دنیا کی ہر چیز موجود ہے؟

عمرو ہاں...... ہر چیز...... مانگو کیا مانگتے ہو...... ابھی نکال کر دکھاتا ہوں

لیاری ویری گڈ...... تو پھر دو لٹر پٹرول عنایت کرو ناں...... باہر ہم اپنی موٹر سائیکل کو الٹا کر یہاں تک پہنچا ہے......!!!

عمرو (آہ بھر کر) یہ کیا مانگ لیا لیاری...... سارے پٹرول پر تو انکل سام نے قبضہ کر لیا ہے

لیاری (چونک کر) یہ انکل سام کون ہیں جناب؟

عمرو سامری جادوگر کو میں پیار سے انکل سام کہتا ہوں......!!!

لیاری (مسکرا کر) بڑے ناٹی ہو...... اچھا یہ بتاؤ...... کیا تمہارے ساتھ بھی کبھی کوئی عیاری ہوئی؟

عمرو ہمیں تو اپنوں نے لوٹا غیروں میں کہاں دم تھا...... ہماری کشتی بھی ڈوبی وہاں، جہاں تیل کم تھا۔

لیاری (غصے سے) شعر کے ساتھ ساتھ کشتی کا بھی بیڑا غرق کر دیا...... اچھا یہ بتاؤ...... تم جو اتنے عیار بنتے ہو...... کیا ہمیں بھی اپنی عیاری کا کوئی نمونہ دکھاؤ گے؟

عمرو (معنی خیز نظروں سے) یہیں دکھاؤں؟

لیاری (غصے سے) نہیں...... کلفٹن میں جا کر دکھاؤ...... بابا سارے ناظرین یہیں بیٹھے ہیں، یہیں فن کا مظاہرہ کرو ناں

عمرو او کے...... (زنبیل سے رومال نکالتا ہے) لیاری ذرا اپنی عینک مجھے دو......!!!

لیاری خیریت...... آپ نے زنبیل ویلڈنگ کرنی ہے؟

عمرو نہیں...... ہم نے اپنے فن کا مظاہرہ کرنا ہے (لیاری سے عینک پکڑتا ہے) یہ دیکھو...... میں تمہاری عینک کے اوپر اپنا رومال ڈال رہا ہوں، جب میں رومال ہٹاؤں گا تو تمہاری عینک غائب ہو گی......!!! (عینک کے اوپر رومال ڈال دیتا ہے)

لیاری (گھبرا کر) واپس بھی لے آؤ گے ناں......ہم تو اس کے بغیر دو قدم نہیں چل سکتا۔

عمرو دیکھتے جاؤ......(رومال کے اوپر کچھ پڑھ کر پھونکتا ہے اور پھر رومال ہٹاتا ہے......نیچے عینک بدستور موجود ہے) کیوں پھر؟

لیاری یہ کیا جناب......عینک تو وہیں موجود ہے

عمرو اسی سے میری ایمانداری کا اندازہ لگا لو......میں چاہتا تو اسے غائب بھی کر سکتا تھا......اب بتاؤ......کیا میں عیار ہوں؟

لیاری (غصے سے) یہ تمہارا ایمانداری نہیں......بے بسی ہے......(عینک اٹھا کر لگاتا ہے) ناظرین......!!! آپ بھی یقیناً سخت غصے میں ہوں گے' ہم آپ کا اور اپنا دونوں کا بدلہ اس سے لیتا ہوں......آپ ٹی وی کے سامنے بیٹھے رہیے گا......ایک بریک کے بعد ملتے ہیں......!!!

Break

لیاری ویلکم اگین......ناظرین......عمرو عیار یہاں ابھی تک موجود ہے' آیئے دو دو ہاتھ کرتے ہیں......!!! ہاں بھئی......یہ تو بتاؤ کہ تمہارا کوئی شاگرد یا چیلا بھی ہے؟

عمرو کون سے چیلے کا بتاؤں......فارن یا ڈومیسٹک؟؟؟

لیاری ہم نے چیلے کا پوچھا ہے......فلائٹ کا نہیں......!!!

عمرو تمہارے ملک میں تو میرے چیلے ہر چوک پر بنگالی بابے اور عامل بابے بنے بیٹھے ہیں' البتہ فارن چیلا ایک ہی ہے' لیکن وہ اس وقت اپنے آپ کو ہمارا چیلا ماننے سے انکاری ہے......!!!

لیاری وہ کیوں جناب......کوئی ٹیکنیکل خرابی؟

عمرو ہاں......اس کا ایک بش خراب ہو گیا ہے......!!!

لیاری کبھی آپ پر فراڈ کا کوئی کیس بھی بنا؟

عمرو (معنی خیز نظروں سے) بہت سے کیس بنے......آٹھ سال قید کاٹی ہے......پھر بھی کوئی میرا فراڈ ثابت نہیں کر سکا!!!

لیاری یہ بتائیں ہم نے پڑھا ہے آپ ہر جگہ عیاری دکھا کر بھاگ جاتے ہیں' کیا آپ کا نام کبھی ای سی ایل میں

نہیں آیا؟

عمرو پہلے تھا......اب نہیں......!!!

لیاری مبارک ہو......اچھا یہ بتایئے کون سا کھیل پسند ہے؟

عمرو بلی چوہے کا......!!!

لیاری شکر ہے سانپ اور نیولے کا کھیل پسند نہیں......یہ بتایئے کہ آپ جگہ جگہ اپنی فنکاریاں دکھاتے ہیں' کیا کبھی کسی پروڈیوسر نے فلم میں کام کرنے کی آفر نہیں کی؟

عمرو سید نور نے ایک دفعہ آفر کی تھی؟ میں نے انکار کر دیا

لیاری کیوں؟

عمرو مجھے بڑی عمر کی فلمیں پسند نہیں......!!!

لیاری (حیرت سے) بڑی عمر کی فلمیں......یہ کون سی ہوتی ہیں......ہمارا خیال ہے آپ پھر عیاری دکھا رہے ہیں......اچھا یہ بتایئے کہ ہم نے پڑھا ہے کہ آپ اکثر اپنے دشمنوں کو منٹوں میں بے ہوش کر دیتے تھے......آپ کے پاس کوئی خاص دوائی تھی؟

عمرو دوائی تو نہیں تھی......بس اپنی جرابیں ایک دفعہ سنگھا دیتا تھا۔

لیاری (گہرا سانس لے کر) یہ دوائی تو ہمارے پاس بھی موجود ہے' لیکن ہم کسی پر استعمال اس لیے نہیں کرتا کہ دفعہ 302 نہ لگ جائے' یہ بتاؤ کہ تم سے رابطہ کرنا ہو تو کیا کیا جائے......کوئی موبائل وغیرہ بھی رکھا ہے یا نہیں؟

عمرو کیوں نہیں......آج ہی زیرو میں کنکشن لیا ہے......لکھو!!!

لیاری (کاغذ قلم سنبھالتا ہے)

عمرو میرا موبائل نمبر ہے ''زیرو چار سو بیس......نو دو گیارہ' نو دو گیارہ''

لیاری آفرین ہے بھئی......لگتا ہے کسی امریکن کمپنی کا کنکشن ہے آپ کے پاس......اچھا یہ بتایئے' آپ کی زنبیل بڑی گندی نظر آ رہی ہے' آپ اسے صاف نہیں کرواتے؟

عمرو (آہ بھر کر) ایک دفعہ بیگم کو صاف کرنے کے لیے دی تھی......اُس کمبخت نے ساری صاف کر دی......!!!

لیاری اوہو......ویری بیڈ......اچھا یہ بتاؤ عمرو عیار کہ تمہاری رہائش کہاں ہے؟

عمرو (آہ بھر کر) ہم جیسے عیاروں نے ایک جگہ کہاں رہنا ہوتا ہے......کبھی جیل......کبھی دوبئی......کبھی جدہ......!!!

لیاری آپ کے ماشاء اللہ بچے بھی ہوں گے......کیا نام ہیں ان کے؟

عمرو اب وہ بچے کہاں رہے......اب تو بغل بچے ہو گئے ہیں......نام میں بتا دیتا ہوں......لیکن درمیان میں ٹوکنا نہیں۔

لیاری ایک منٹ......ایک منٹ......میرا خیال ہے میں پہلے ہی ٹوک دیتا ہوں......آپ یہ بتایئے کہ آپ کی صحت کا راز کیا ہے؟

عمرو میں سگریٹ نہیں پیتا......!!!

لیاری وہ تو آپ کی صحت سے ہی لگ رہا ہے کہ آپ سگریٹ نہیں، چرس پیتے ہیں......ذرا یہ فرمایئے کہ آپ کو اتنا عرصہ جادوگروں میں رہتے ہوئے ہو گیا ہے، یہ بتایئے کہ آپ کو جو بھی جادوگر ملتا ہے اس کا نام بڑا عجیب وغریب ہوتا ہے......چھم چھم جادوگر......بلوٹا جادوگر......جوجو جادوگر......!!!

عمرو بھئی جادوگروں کے نام ایسے ہی ہوتے ہیں......ابھی تو میں نے بتایا ہی نہیں کہ کوقاف میں ایک لیاری جادوگر بھی آ گیا ہے

لیاری (غصے سے) دیکھیئے......کنٹرول میں رہیے......ہم کو جادوگر کہا تو ہم بغیر منتر کے ہی تم کو اوپر پہنچا دوں گا......یہ بتاؤ کہ مستقبل میں تمہارا کیا منصوبہ ہے؟

عمرو (منہ بنا کر) میں منصوبہ بندی کا قائل نہیں......!!!

لیاری ہم نے منصوبہ کہا ہے......آپ نے اُس میں بندی ڈال لی ہے......آپ کے جواب سے تو لگتا ہے آپ منصوبہ بندی نہیں، تُک بندی کے قائل ہیں......اچھا یہ بتایئے کہ......!!!! (فون بجتا ہے) لو بھئی......تمہارا بھی کوئی فین آ گیا......ہمیں تو کوئی پیڈسٹل فین لگتا ہے......ہیلو!!!

اسد اقبال میں اسد اقبال بات کر رہا ہوں......عمرو عیار صاحب میں میٹرک میں ہوں، یہ بتایئے کہ عیار بننے کے لیے سائنس رکھوں یا آرٹس؟

لیاری سائنس یا آرٹس کو چھوڑیں......پہلے اپنے سر میں دماغ رکھیں......!!!

عمرو دیکھو اسد! عیار بننے کے لیے نہ سائنس رکھنا پڑتی ہے......نہ آرٹس...... بلکہ عیار بننے کے لیے صرف اور صرف زنبیل رکھنا پڑتی ہے

لیاری (فون بند کرتے ہوئے) سن لیا......ایک تو یہ فون کرنے والے بھی ایسے ایسے سوال پوچھتے ہیں کہ سارا موڈ آف ہو جاتا ہے......(دوبارہ بیل بجتی ہے) ہیلو......اب کون ہے بھائی؟

شمیم (مرد کی آواز) لیاری میں شمیم ہوں......!!!

لیاری ارے......شمیم آراء......کیا حال ہیں آپ کا......آج کل کون سی فلم پر کام ہو رہا ہے......اور یہ آپ کی آواز کو کیا ہوا؟

شمیم بھائی میں خاتون نہیں مرد ہوں......شمیم......شمیم الدین......کیا میں عمرو سے کچھ پوچھ سکتا ہوں؟

لیاری پہلے یہ بتایئے کہ آپ کام کیا کرتے ہیں شمیم صاحب!

شمیم میں ٹیلی فون کے محکمے میں افسر ہوں......!!!

لیاری پھر تو موجیں ہی موجیں ہیں......لمبی کالیں کرو...... بے شک کوہ قاف کا نمبر ملاؤ......تم کو کون سا بل آنا ہے' آ بھی گیا تو دینا کہاں ہےجتنی دیر تک مرضی عمرو عیار سے باتیں کرو......!!!

شمیم عمرو عیار صاحب! کیا آپ مجھے کوئی عیار دکھا سکتے ہیں......؟

عمرو لو بتاؤ......کون سے محکمے کا آدمی مجھ سے کون سا سوال کر رہا ہے......جناب آپ تو ہر معاملے میں خود کفیل ہیں' اب میں کیا جواب دوں؟

لیاری (فون بند کرتے ہوئے) آپ نے تو جواب کی بجائے صاف جواب دے دیا......احتیاط کیا کیجئے......!!!! اچھا عمرو صاحب! یہ بتایئے کہ آپ ہمیشہ اپنی زنبیل ساتھ رکھتے ہیں' کبھی تھکتے نہیں؟

عمرو تھک جاؤں تو اسی میں لیٹ کر آرام کر لیتا ہوں

لیاری اور آپ کو نکالتا کون ہے

عمرو کوئی بھی نہیں......جب کبھی بارش ہوتی ہے تو خود ہی باہر نکل آتا ہوں

لیاری بڑے لال بیگ مائنڈڈ ہیں آپ بھی......اچھا یہ بتایئے کہ آپ کئی کئی دن سفر میں رہتے ہیں' کھانا وانا کہاں سے کھاتے ہیں؟

عمرو بھائی اس زنبیل میں بہت سے ہوٹل بھی قید ہیں' کھانے پینے کی کوئی فکر نہیں ہوتی۔

لیاری جناب آپ نے اپنے منہ سے بڑی مونچھیں کیوں رکھی ہوئی ہیں' کبھی ان کو تاؤ دیتے ہوئے الٹ بازی نہیں لگی؟

عمرو لیاری......مونچھوں کے بارے میں کوئی بات نہیں کرنا' یہ مجھے جان سے بھی پیاری ہیں' میں تو روزانہ ان کو دیسی گھی کھلاتا ہوں۔

لیاری دھیان رکھیئے گا......آپ کی مونچھوں کی صحت سے لگ رہا ہے کہ اگلے سال تک ان میں کوئی نہ کوئی پھل ضرور لگ جائے گا......عین ممکن ہے کہ آپ کے چہرے پر امروذ' کیلے اور مالٹے لٹک رہے ہوں......اچھا عمرو عیار......یار یہ تو بتاؤ کہ تم اتنا اتنا عرصہ باہر رہتے ہو' بھابھی ناراض نہیں ہوتیں؟

عمرو (گہرا سانس لے کر) اب تو یہاں تک نوبت آ گئی ہے کہ میں کبھی گھر چلا جاؤں تو وہ ناراض ہو جاتی ہے کہ کیوں آئے ہو؟

لیاری خیر......یہ آپ کا ذاتی معاملہ ہے' یہ فرمایئے کہ آپ اتنا عرصہ جادوگروں میں رہے ہیں......آپ نے خود کوئی جادو کیوں نہیں سیکھا؟

عمرو (کچھ سوچتے ہوئے) ایک جادو تو سیکھا ہے......تمہارے پاس کچھ کھلے پیسے ہوں گے؟

لیاری (چونک کر) ہاں......کیوں ٹاس کرنا ہے؟

عمرو نہیں......لاؤ......مجھے دو

لیاری (جیب سے چار پانچ سکے نکال کر میز پر رکھ دیتا ہے)

عمرو میں تمہیں یہ سارے پیسے کھا کر دکھا سکتا ہوں...... مجھے کچھ بھی نہیں ہوگا

لیاری (منہ بنا کر سکے واپس اٹھاتا ہے) اگر یہی جادو ہے تو ہم تم کو اس سے ہزار گنا زیادہ پیسے کھا کر دکھا سکتا ہے......ہم لوگ تو اس میں کافی ایکسپرٹ ہیں......تجربہ کر کے دیکھ لو......صرف پیسہ ہی نہیں......گاڑیاں' دوکان' زمین......جو مرضی لے آؤ......ایسی ہضم کرے گا کہ ڈکار تک نہیں لے گا......!!!

عمرو (حیرت سے) تم نے یہ جادو کہاں سے سیکھا؟

لیاری ہمارے کو پولیٹیکل بیان دینے کی اجازت نہیں ہے......دوبارہ ایسا سوال نہیں کرنا......اچھا یہ بتاؤ کہ تمہاری زنبیل میں اتنی ساری چیزیں موجود ہیں‘ کام کی چیز ڈھونڈنے میں مشکل پیش نہیں آتی؟

عمرو (اطمینان سے) کام کی چیز میں زنبیل میں رکھتا ہی نہیں......!!!

لیاری یہ تو آپ بہت اچھا کرتے ہیں......(فون کی بیل ہوتی ہے) لیجئے......لگتا ہے گھر سے فون آیا ہے......ہیلو کون؟

عدیل جناب میں عدیل بات کر رہا ہوں......عدیل دہی بھلوں والا......!!!

لیاری (بے تکلفی سے) اوہ......کیا حال ہیں بھئی عدیل......بھئی آج کل بڑی مرچیں ڈالنے لگے ہو دہی بھلوں میں......کچھ ہاتھ ہولا رکھا کرو یار!!!

عدیل لیاری صاحب! اپنے عمرو عیار کو سمجھالیں‘ یہ کل مجھ سے دہی بھلے کی پلیٹ کھا کر گیا اور 20 روپے کا نوٹ دے گیا‘ وہ تو بعد میں مجھے یاد آیا کہ بیس روپے کا تو نوٹ ہوتا ہی نہیں......!!!!

لیاری (غصے سے) کیوں بھئی عمرو عیار......اِدھر بھی اپنا کام شروع کر دیا؟

عمرو (منہ بنا کر) اس کو کہو اپنی بات بھی تو بتائے......چھ روپے کی دہی بھلوں کی پلیٹ تھی‘ میں نے بیس کا نوٹ دیا‘ اِس کمبخت نے چھ روپے کاٹ کر باقی سات سات کے دو نوٹ مجھے واپس کر دیے......مجھے بھی بعد میں جھٹکا لگا کہ سات کا تو نوٹ ہی نہیں ہوتا۔

لیاری (منہ بنا کر فون کی طرف کرتے ہوئے) ابے تُو نے حساب تو برابر کر دیا تھا‘ اب شکایت کیسی (فون بند کر دیتا ہے)......عمرو عیار صاحب یہ بتایئے کہ آپ نے کوئی ڈگری بھی لی؟

عمرو مجھ پر تو ہر ملک میں ڈگریاں جاری ہو چکی ہیں......

لیاری اچھا عمرو عیار صاحب......!!! یہ فرمایئے کہ آپ ایک عیاری کے بعد دوسری عیاری میں کتنا وقفہ دیتے ہیں؟

عمرو (اطمینان سے) کوئی وقفہ نہیں دیتا......میں وقفے کا قائل ہی نہیں ہوں۔

لیاری بڑا الجھا ہوا بیان ہے آپ کا......اچھا یہ بتایئے اگر آپ کو منسٹر بننے کی آفر دی جائے تو آپ کون سا منسٹر بننا پسند کریں گے؟

عمرو کرائم منسٹر

لیاری (حیرت سے) کرائم منسٹر...... یہ کون سا منسٹر ہوتا ہے جناب...... ہم نے تو پہلی بار سنا ہے؟

عمرو جس طرح اخباروں میں کرائم رپورٹر ہوتا ہے...... اسی طرح منسٹروں میں ایک کرائم منسٹر بھی ہونا چاہیے جو سارے کرائمز کی خبر رکھے' اور ظاہری بات ہے یہ کام مجھ سے بہتر کون کر سکتا ہے۔

لیاری آپ کی شادی آپ کی مرضی سے ہوئی یا بیوی کی مرضی سے؟

عمرو نہ میری مرضی سے...... نہ بیوی کی مرضی سے...... بلکہ میری شادی قاضی کی مرضی سے ہوئی؟

لیاری قاضی کی مرضی سے...... وہ کیسے جناب؟

عمرو میں اور میری بیوی آپس میں راضی تھے...... لیکن جیسے ہی ہم دونوں شادی کی بات کرتے...... ایک آواز آتی...... "بالغو! قاضی آ رہا ہے" اور ہم ڈر جاتے...... بالآخر ہم نے قاضی سے رابطہ کیا اور ان کی منت سماجت کر کے نکاح پڑھوایا...... اور یوں قاضی کی مرضی سے ہماری شادی ہو گئی۔

لیاری اچھا عمرو عیار صاحب...... آپ اتنے مصروف بندے ہیں...... کبھی کسی سے ویسے بھی ملنے جاتے ہیں...... ہمارا مطلب ہے کبھی کسی کے مہمان بھی بنے؟

عمرو ویسے تو اس وقت میں آپ کا بھی مہمان ہی ہوں...... لیکن آپس کی بات ہے' میں کئی دفعہ سرکاری مہمان بھی بن چکا ہوں۔

لیاری پھر تو انہوں نے آپ کو "ڈرائنگ روم" میں لے جا کر خاصی "خاطر تواضع" کی ہو گی...... اچھا یہ بتائیے کیا آپ نے اپنی زنبیل اور اپنی حفاظت کے لیے کوئی باڈی گارڈ بھی رکھا ہوا ہے؟

عمرو بے فکر رہو' میں نے بہت سے گارڈ رکھے ہوئے ہیں...... مڈ گارڈ...... باڈی گارڈ...... سیف گارڈ...... مجھے کوئی کچھ نہیں کہہ سکتا۔

لیاری اچھا عمرو بھائی...... ایک بات سچ سچ بتائیے گا...... آپ اپنی بیگم سے جھوٹ بولتے ہیں؟

عمرو جھوٹ تو بعد کی بات ہے...... میں بیگم سے بولتا ہی نہیں......

لیاری اوہو...... کوئی ناراضگی ہو گئی ہے؟

عمرو نہیں...... اصل میں میری بیگم سے بہت لڑائی ہوتی ہے' اور لڑائی سے بچنے کے لیے ہم نے طے کر رکھا ہے کہ ہم صرف اُس دن آپس میں بات چیت کیا کریں گے جس دن کے نام میں "ر" آتا ہو...... مثلاً

اتوار......سوموار......جمعرات......!!!(عمرو کے موبائل کی بیل بجتی ہے، وہ چونک کر ز نبیل سے موبائل نکالتا ہے اور اس پر ایک نظر ڈالتا ہے) ایکسیوزمی......شرمین کا فون ہے)

لیاری شرمین......یہ کون ہے بھئی؟

عمرو میری بیگم کا نام ہے......(فون کانوں کو لگاتے ہوئے) ہاں بیگم......ہاں ہاں......اچھا......ہاں ہاں لیتا آؤں گا......تمہارے لیے میں نے پھول بھی خریدے ہیں......او کے......بائے (فون بند کر دیتا ہے)

لیاری کمال ہے......ابھی تو آپ کہہ رہے تھے کہ آپ صرف اس دن اپنی بیگم سے بات کرتے ہیں جس دن کے نام میں ''ر'' آتا ہو......لیکن جناب آج تو بدھ ہے......آج آپ نے کیسے اپنی بیگم سے بات کر لی......؟؟؟

عمرو ہاں تو ٹھیک ہے ناں......بدھ میں بھی تو ''ر'' آتا ہے

لیاری (اچھلتے ہوئے) کیا بونگیاں مار رہے ہو......بدھ میں کہاں سے ''ر'' آ گیا؟

عمرو تم اسے بدھ کہتے ہو......میں 'بدھ وار'' کہتا ہوں

لیاری غصہ تو بہت آ رہا ہے لیکن ہم آپ سے الجھنا نہیں چاہتا......اچھا یہ بتایئے آپ کو رنگ کون سا پسند ہے؟

عمرو (پیار سے) جو تمہارا رنگ ہے

لیاری (اطمینان سے) اس کا مطلب ہے آپ کو چٹا سفید رنگ پسند ہے......شکریہ......یہ فرمایئے کہ آپ کا کوئی سائیڈ بزنس بھی ہے؟

عمرو (اپنی دائیں سائیڈ کی جیب سے عینک نکال کر لیاری کی طرف بڑھاتا ہے) یہ دیکھو......صرف دو ہزار کی ہے؟

لیاری لیکن جناب......ہم کو عینک نہیں چاہیے......ہم نے تو کچھ اور پوچھا تھا

عمرو یہی میرا سائیڈ بزنس ہے......تم شائد اس عینک کے فائدے نہیں جانتے......اس عینک کو لگاتے ہی انسان فوراً سچ بولنے لگتا ہے۔

لیاری اچھا......وری گڈ......دکھایئے ذرا......(عینک لگاتے ہی، سیریس ہو کر چلاتا ہے) ہاں تو ناظرین......ہم آپ کو بالکل سچ بتاتا ہوں کہ ہمارے اکاؤنٹ میں صرف چار سو روپیہ پڑا ہے......ہم کو اپنی بیگم سے ذرا بھی پیار نہیں......ہم کو تو رانی سے عشق ہے......اور ناظرین......ہم آج یہ بھی سچ سچ بتائیں گے کہ ہم پارٹ ٹائم سائیکلوں کو

پنکچر لگاتا ہوں......رات کو گرم انڈے بیچتا ہوں......اور ہم یہ بھی بتاؤں گا کہ......(مسلسل بول رہا ہے)

عمرو (تیزی سے کیمرے کی طرف منہ کر کے) ناظرین......میرا خیال ہے آپ اتنی دیر اشتہار دیکھیں، یہ تو کچھ بھی کہنے کے قابل نہیں رہا......میں اتنی دیر اس کے اور سچ سنتا ہوں......جایئے گا مت، ابھی پھر واپس آتے ہیں......!!!

Break

لیاری (نڈھال ہوا پڑا ہے اور عینک اتار کر ہاتھ میں پکڑی ہوئی ہے) ناظرین......ہم بہت شرمندہ ہوں، اس بدبخت عمرو عیار نے ہم کو عینک پہنا کر ہمارا بیڑا غرق کروا دیا......ہم کو تو یاد بھی نہیں ہم کیا کیا سچ بول گیا ہوں......اگر کوئی سنسر ہونے والی بات بول گیا ہوں تو بابا ہم آپ سب سے معافی مانگتا ہوں......ابھی آج ہمارا بیگم جو ہمارا حشر کرے گی......اُس کے بارے میں تو ہم آپ کو بعد میں بتاؤں گا......اس وقت مجبوری ہے کہ پروگرام آگے چلانا ہے......لہذا آیئے عمرو عیار کی طرف واپس چلتے ہیں......(غصے سے) عمرو عیار......!!! یہ بتاؤ تم اتنا کماتا ہے......کبھی کسی کو قرضہ بھی دیا؟

عمرو (طنزیہ لہجے میں) تمہارا کیا خیال ہے ورلڈ بینک کیسے چل رہا ہے......صرف اور صرف ہمارے قرض حسنہ کی بدولت...... !!!

لیاری یہ قرضِ حسنہ کیا ہوتا ہے جناب؟

عمرو ابھی بتاتا ہوں......تم ذرا مجھے پانچ روپے قرض دو......!!!

لیاری (حیرت سے پانچ روپے نکال کر عمرو کی طرف بڑھا دیتا ہے) یہ لو!

عمرو اب مجھ سے اپنا قرض واپس مانگو......

لیاری براہ کرم مجھے میرا قرض واپس کیجئے

عمرو (زور زور سے ہنستا ہے)

لیاری اس کا کیا مطلب ہے جناب؟

عمرو اس کو کہتے ہیں......"قرضِ ہنسنا"

لیاری آپ نے تو قرض حسنہ میں بھی عیاری دکھا دی......اچھا یہ بتایئے کہ عیاری میں کوئی عمر کی قید ہوتی ہے؟

عمرو عیاری میں تو عمر کی کوئی قید نہیں ہوتی' البتہ غداری میں ''عمر قید'' ہو جاتی ہے

لیاری آپ کچھ کچھ سیاسی ہوتے جا رہے ہیں......یہ بتائیے کہ آپ فقیروں کے ساتھ بھی عیاری کرتے ہیں یا انہیں معاف کر دیتے ہیں۔

عمرو فقیروں کو تو ہم دیکھتے ہی کہہ دیتے ہیں......جاؤ بابا معاف کرو

لیاری بڑے رحمدل ہیں آپ بھی......اچھا یہ بتائیے آپ کا کوئی جانشین بھی ہے جو آپ کے بعد آپ کی عیاری کا وارث بن سکے؟

عمرو ہاں......ہے......ٹونی بلیئیر ڈ......!!!

لیاری (حیرت سے) ٹونی بلیئیر ڈ......یہ کون ہے جناب؟

عمرو ہمارا جانشین ہے......بلیئیر ڈ بہت اچھی کھیلتا ہے اور ہر گیم میں عیاری دکھاتا ہے......فالو کرانے میں تو ثانی نہیں اس کا......!!!

لیاری ویری گڈ......اب ہمیں اطمینان ہو گیا کہ آپ کی زنبیل صحیح ہاتھوں میں نہیں جائے گی......اچھا یہ بتائیے! آپ بھی عیار ہیں' اور لومڑی بھی بڑی عیار کہلاتی ہے......آپ دونوں کی تو بڑی دوستی ہوگی......دونوں ایک دوسرے کو پارٹیاں دیتے ہوں گے......ہے ناں!

عمرو دوستی تو بڑی تھی......لیکن اب اس نے مجھے اپنی پارٹی سے نکال دیا ہے......وہ کہتی ہے ایک پارٹی میں دو عیار نہیں رہ سکتے۔

لیاری کہتی تو ٹھیک ہے بھئی......اچھا یہ فرمائیے آپ نے صرف عیاریاں ہی کی ہیں یا زندگی میں کوئی اچھا کام بھی کیا ہے؟

عمرو میں نے مہنگائی کم کی؟

لیاری (اچھلتے ہوئے) عمرو عیار نے مہنگائی کم کروا دی......جو کام کوئی گورنمنٹ نہیں کر سکی' آپ نے کر دکھایا' کمال ہے......وہ کیسے جناب؟

عمرو میں نے لوگوں کے ضمیر سستے کروا دیے......جو بندہ پہلے دو لاکھ میں بک جاتا تھا......اب صرف پچاس ہزار میں بک جاتا ہے......!!

لیاری (آہ بھر کر) ٹھیک کہہ رہے ہو بابا...... کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے کہ ''چند سکوں کے عوض بکتا ہے انساں کا ضمیر...... کون کہتا ہے مرے دیس میں مہنگائی ہے'' اچھا ذرا لگے ہاتھوں یہ تو بتاؤ کہ آج کل تو جس کو جو کام آتا ہے وہ اس کا انسٹی ٹیوٹ کھول لیتا ہے' آپ اپنا کوئی عیاری کا انسٹی ٹیوٹ کیوں نہیں کھول لیتے ؟

عمرو کھولا ہوا ہے...... اُدھر کوہ قاف میں' میں نے IMF کھولا ہوا ہے

لیاری آئی ایم ایف...... اس کا کیا مطلب ہے جناب؟

عمرو آئی ایم ایف کا مطلب ہے...... انسٹی ٹیوٹ آف مکاری اینڈ فریب......!!!

لیاری ویری گڈ...... بڑی اچھی انفارمیشن دی آپ نے...... اچھا یہ بتایئے آپ کے بال ابھی تک کالے ہیں' آپ کی عمر تو خاصی ہو چکی ہے

عمرو میرے بال ہی نہیں...... کرتوت بھی کالے ہیں

لیاری یقیناً...... یقیناً...... اچھا یہ بتایئے کہ آپ نے Convyence کون سی رکھی ہوئی ہے...... ہمارا مطلب ہے سواری کون سی ہے؟

عمرو میں نے آج کل LOM 8855 رکھا ہوا ہے

لیاری یہ آپ کے ٹرک کا نمبر ہے؟

عمرو نہیں...... یہ میرا اُڑن کرولا ہے

لیاری اُڑن کرولا؟

عمرو ہاں...... یہ میں نے ہاکو جادوگر سے چھینا تھا...... آج کل میرے زیر استعمال رہتا ہے۔

لیاری عمرو عیار صاحب...... آپ اپنی زندگی سے مطمئن ہیں؟

عمرو مطمئن نہیں...... بہت مطمئن ہوں...... اور ایک بات یاد رکھنا لیاری...... اس دنیا میں سب سے زیادہ مطمئن وہی ہے جو سب سے زیادہ عیار ہے' جو سب سے زیادہ مکار ہے...... جو بالکل بے کار ہے...... اور جس کے پاس سرکار ہے......!!!

لیاری (چونک کر) بابا ہم تو بالکل بھی مطمئن نہیں ہے اپنی زندگی سے...... اچھا عمرو بھائی...... (جیب سے دس روپے نکال کر) یہ لو...... یہ تمہارا ٹی اے ڈی اے ہے...... اب ہم پروگرام ختم کرنے لگا ہے۔

عمرو (غصے سے) دس روپے ٹی اے ڈی اے......غضب خدا کا......یہ کیسا ٹی اے ڈی اے ہے۔

لیاری ٹی اے سے مراد......ٹرخانا الاؤنس......اور ڈی اے سے مراد......دھوکا الاؤنس......!!!

عمرو (چیختے ہوئے) عمرو عیار کے ساتھ عیاری......میں تم سب کو زنبیل میں بند کر دوں گا......تم پر جادو کروا دوں گا......(مسلسل چیخ رہا ہے)

لیاری ناظرین......ہمیں خوشی ہے کہ ہم اس قابل ہو گئے ہیں کہ عمرو عیار کو بھی ہاتھ دکھا سکیں، انشاءاللہ اگلے پروگرام میں حاضر ہوں گے، اب لیاری کنگ کو اجازت دیجئے......خدا حافظ!!!

روبوٹ سے انٹرویو

لیاری خواتین و حضرات! لیاری کنگ کے ساتھ السلام علیکم......خوش آمدید......جی آیاں نوں......ویلکم......!!! ناظرین! پروگرام شروع کرنے سے پہلے آج پہلے ایک میل پڑھیں گے اور ایک خط......(کاغذ نکالتا ہے) یہ ای میل ہمیں بھیجی ہے گوجرانوالہ سے ارسلان خلیل نے......آپ لکھتے ہیں کہ لیاری بھائی السلام علیکم......مجھے آپ کا پروگرام بہت پسند ہے، لیکن ایک شکایت ہے کہ آپ کبھی بھی ہماری ای میلز کا جواب نہیں دیتے، براہ کرم میری ای میل پروگرام میں ضرور شامل کریں، میری خواہش ہے کہ آپ کبھی اصلی "لیری کنگ" کا بھی انٹرویو کریں۔ ارسلان صاحب! ہم نے آپ کی خواہش اپنے پروگرام کے رائٹر اور پروڈیوسر کے کانوں میں ڈال دی ہے، انشاءاللہ کوشش کریں گے کہ بہت جلد لیری کنگ صاحب کو بھی یہاں انٹرویو کے لیے بلائیں۔ ناظرین یہ میرے ہاتھ میں ایک خط بھی ہے اور یہ بھیجا ہے ہمیں شکر گڑھ سے وینا ابراہیم نے......وینا لکھتی ہیں کہ مجھے فرعون اور شیخ چلی کا انٹرویو بہت پسند آیا، امراؤ جان ادا نے بھی کمال کا انٹرویو دیا، کیا ایسا نہیں ہوسکتا کہ مجھے بھی لیاری کنگ میں انٹرویو کے لیے بلایا جائے۔ جواب کی منتظر رہوں گی۔ (لیاری کیمرے کی طرف منہ کرتا ہے) وینا صاحبہ! جیسا کہ آپ نے دیکھا ہوگا کہ ہمارے پروگرام میں زیادہ تر

اُن شخصیات کو مدعو کیا جاتا ہے جو اگلے جہان کوچ فرما چکی ہیں' اگر آپ بھی لیاری کنگ میں آنا چاہتی ہیں تو آپ کو یہ چھوٹا سا کڑوا گھونٹ برداشت کرنا ہوگا' اگر آپ کا دل مانے تو ہمیں لکھیئے گا۔شکریہ......ناظرین! آج ہمارے سٹوڈیو میں ایک عجیب وغریب چیز شخصیت موجود ہیں' نہ وہ انسان ہیں' نہ کوئی بھوت......آپ بھی پریشان ہو رہے ہوں گے کہ کہیں ہم نے اپنے سٹوڈیو میں کسی ہاتھی کو تو نہیں بلا لیا......نہیں بابا......ایسی بات نہیں ہے۔آج ہمارے سامنے سائنس کی ایک ترقی یافتہ شخصیت وجود ہیں' انسان نہ ہونے کے باوجود انسان ہیں۔انہیں ہم نے بڑی مشکل سے انٹرویو کے لیے آمادہ کیا ہے۔آیئے ملتے ہیں......مسٹر روبوٹ سے!!! کیا حال ہیں مسٹر روبوٹ؟

روبوٹ (رُک رُک کر مشینی انداز میں بولتے ہوئے) میں' کچھ' کچھ' ٹھیک' ہوں

لیاری (چونک کر) کچھ کچھ ٹھیک ہیں......سارے کیوں نہیں ٹھیک جناب؟

روبوٹ میری بیٹری ٹھیک طرح سے چارج نہیں ہوئی......

لیاری اوہ......ویری بیڈ......ہمیں افسوس ہے کہ سٹوڈیو میں کوئی ''روبوٹ چارجر'' نہیں ورنہ ہم آپ کو ضرور چارج کر دیتے۔خیر' ہمارا خیال ہے ہمارے انٹرویو جتنی تو آپ کی بیٹری چل ہی جائے گی۔یہ فرمایئے کہ آپ ایک مشین ہیں' کیا آپ کو بھی بھوک لگتی ہے؟

روبوٹ ہاں......بہت زیادہ......مجھے بہت بھوک لگتی ہے

لیاری (حیرت سے) کمال ہے......آپ کیا چیز شوق سے کھاتے ہیں جناب؟

روبوٹ ہم کو......سری پائے......بہت پسند ہیں

لیاری سری پائے......لگتا ہے آپ کوئی ''لاہوری ربوٹ'' ہیں......جناب آپ کا تو معدہ ہی نہیں' آپ سری پائے کھاتے کیسے ہیں؟

روبوٹ ہم......سری پائے......کھاتا......نہیں......توڑتا ہوں......اسی سے ہماری بھوک مٹ جاتی ہے۔

لیاری (بڑبڑاتے ہوئے) بڑا تخریب کار روبوٹ ہے بھئی......اچھا روبوٹ صاحب! ہم نے سنا ہے کہ روبوٹ کے کوئی احساسات' جذبات نہیں ہوتے' کیا یہ سچ ہے؟

روبوٹ نہیں......یہ کالا جھوٹ ہے

لیاری (چونک کر) کالا جھوٹ......اوہ نہیں جناب......سفید جھوٹ ہوتا ہے......سفید......!!!

روبوٹ سوری......ہم نے بولا تھا ناں......ہماری بیٹری ٹھیک طرح سے چارج نہیں ہوئی...... جہاں تک احساسات کی بات ہے......روبوٹ میں انسان سے زیادہ احساسات ہوتے ہیں......!!

لیاری کوئی مثال دیں گے؟

روبوٹ تمہارے ہاتھ پر اگر میں زور سے تھپڑ ماروں تو تم کیا کرو گے؟

لیاری (سہم کر) جناب......میری فلک شگاف چیخیں نکل جائیں گی

روبوٹ میرے ساتھ بھی یہی ہوتا ہے...... یہ دیکھو (اپنے ہاتھ پر دوسرے ہاتھ سے تھپڑ مارتا ہے اور زور زور سے الارم بجنے کی آواز آتی ہے)

لیاری آپ کی اور ہماری چیخ خاصی ملتی جلتی ہے' اچھا یہ فرمایئے کہ یہ تو ہو گئے احساسات......اب ذرا جذبات کی بھی مثال دیجئے......!!!

روبوٹ جذبات......وہ کیا ہوتے ہیں؟

لیاری بھئی جذبات......میرا مطلب ہے......ہم انسان کسی بھی دردناک بات پر رو پڑتے ہیں......کیا آپ بھی ایسا کرتے ہیں

روبوٹ یس......ہم بھی ایسا ہی کرتے ہیں

لیاری چلو......ابھی چیک کر لیتے ہیں......(دردناک منہ بناتے ہوئے) روبوٹ بھائی! میں کل سے بھوکا ہوں ' میرے بچے بھی بھوکے ہیں۔

روبوٹ (قہقہہ لگا کر ہنس پڑتا ہے)

لیاری (منہ بنا کر) لگتا ہے یہ بھی آپ کی بیٹری کا مسئلہ ہے......جناب میں نے دردناک بات سنائی ہے' آپ ہنس رہے ہیں؟

روبوٹ تم انسان بھی تو ایسا ہی کرتے ہو......کسی کی مجبوریوں پر ہنستے ہو اور کسی کی خوشی پر تمہارے منہ بن جاتے ہیں۔

لیاری آپ تو جناب بڑے وکیل قسم کے ربوٹ لگتے ہیں......اچھا یہ بتایئے کہ ہمارے ہاں تو شادیاں ہوتی ہیں......کیا آپ روبوٹوں میں بھی شادیاں وادیاں ہوتی ہیں؟

روبوٹ کیوں نہیں......ہم میں تو سب سے زیادہ شادیاں ہوتی ہیں......میں خود شادی شدہ ہوں......میرے تین بیٹے اور ایک بیٹی ہے۔

لیاری (کرسی پر گھومتے ہوئے) یا میرے خدایا......روبوٹ کے تین بیٹے...... یہ میں کیا سن رہا ہوں......سائنس نے اتنی ترقی کر لی اور ہم کو پتا ہی نہیں چلا......روبوٹ صاحب......آپ کی بیگم کا کیا نام ہے؟

روبوٹ میری بیگم کا نام ہے......ہارڈ ڈسک!!!

لیاری (حیرت سے) اور آپ کے تین بچوں کا نام؟

روبوٹ سب سے بڑے کا نام پینٹئیم فور......اُس سے چھوٹے کا نام لیپ ٹاپ......اور سب سے چھوٹے کا نام کیلکو لیٹر ہے......!!!

لیاری ماشاءاللہ......اور جناب موبائل فون آپ کا کیا لگتا ہے؟

روبوٹ وہ ہمارا کزن ہے

لیاری اور جناب کی بیٹی کا کیا نام ہے

روبوٹ بیٹری......ہماری بیٹی کا نام بیٹری ہے......یقین کرو......ہم اُس سے بہت پیار کرتا ہے......اُس کے بغیر ایک پل زندہ نہیں رہ سکتا۔

لیاری ظاہری بات ہے......ظاہری بات ہے......بیٹری کے بغیر آپ کو زندہ کون رہنے دے گا......ویسے اِس وقت آپکی بیٹری......میرا مطلب ہے کہ بیٹی کی طبیعت کچھ ناساز نہیں ہے؟

روبوٹ ہاں‘ اصل میں بجلی بہت کم کھاتی ہے‘ اس لیے کمزور ہوگئی ہے......امید ہے آج رات تک ٹھیک ہو جائے گی......!!!

لیاری اللہ اسے صحت یابی دے......آپ اسے کوئی اچھا سا سوئچ لگوائیں......اچھا یہ فرمائیے کہ ہمارے ملک میں آ کر کیسا لگا؟

روبوٹ بہت اچھا......ایسا لگتا ہے......اپنی برادری میں آ گیا ہوں

لیاری کیا مطلب......بھئی یہ انسانوں کا ملک ہے......!!!

روبوٹ نہیں......تم جھوٹ بولتے ہو...... یہاں میں نے سب روبوٹ دیکھے ہیں

لیاری (حیرت سے) کہاں گھومتے رہے ہو یار...... یہاں روبوٹ کہاں سے آ گئے؟

روبوٹ ہم سچ بولتا ہے......دیکھو......جس طرح ہمارا ریموٹ کسی اور کے ہاتھ میں ہے......تم لوگوں کا بھی ریموٹ کسی اور کے ہاتھ میں ہے......ہم بھی کسی اور کے اشاروں پر کام کرتا ہے......تم بھی کسی اور کے......ہم بھی مشین ہے......تمہارے ادھر بھی بہت سے لوگ مشین کی طرح دن رات کام کرتا ہے۔

لیاری او جناب......وہ تو ہم محنتی لوگ ہیں اس لیے مشین کی طرح کام کرتے ہیں......ورنہ ہمارے ہاں سب انسان ہیں......کوئی روبوٹ نہیں۔

روبوٹ انسان کس کو کہتے ہیں؟

لیاری (گڑبڑا کر) یہ...... یہ کیا سوال ہے......بھئی انسان اسے کہتے ہیں جس میں انسانیت ہوتی ہے؟

روبوٹ تم میں انسانیت ہے؟

لیاری (ادھر ادھر دیکھتے ہوئے) ہاں......ہاں ہے......!!!

روبوٹ دکھاؤ......!!!

لیاری (غصے سے) دکھاؤ کیا مطلب......اب انسانیت کیا ہم جیب میں رکھ کے پھرتا ہوں...... بابا انسانیت تو دل میں ہوتی ہے۔

روبوٹ نو......نو......دل میں صرف خون بھرا ہوتا ہے......انسانیت تو پورے وجود میں ہوتی ہے......روح میں ہوتی ہے۔

لیاری آپ ہم کو خاصے پڑھے لکھے روبوٹ لگ رہے ہیں......آپ کی تعلیم کتنی ہے جناب؟

روبوٹ میں نے......اے بی......کیا ہوا ہے۔

لیاری (حیرت سے) اے......بی......یہ کون سی ڈگری ہے بھئی......!!!

روبوٹ سوری......بیٹری کی پرابلم ہو گئی تھی......میرا مطلب ہے......میں نے بی اے کیا ہوا ہے۔

لیاری (چونک کر) تم بی اے پاس ہے......یا میرے خدایا......تم کو کس یونیورسٹی نے بی اے کی ڈگری دیا؟

روبوٹ تمہارے ملک میں بی اے کی ڈگری حاصل کرنا کون سا مشکل کام ہے

لیاری یہ بات تو صحیح کہی آپ نے......ویسے آپ کو بی اے کی ڈگری کی کیا ضرورت پڑ گئی......کوئی نوکری وغیرہ

کرنے کا ارادہ تو نہیں؟

روبوٹ نہیں......اصل میں ہم الیکشن لڑنا چاہتا ہے

لیاری (اچھلتے ہوئے) الیکشن......یعنی آپ......ایک روبوٹ......سیاستدان بننا چاہتا ہے......آپ کیسے الیکشن لڑ سکتے ہیں جناب

روبوٹ ہم نے بہت سی لڑائیں لڑی ہیں......بہت سے روبوٹس کو گرایا ہے......ہم الیکشن بھی لڑ سکتے ہیں۔

لیاری او جناب......یہ الیکشن کی لڑائی اُس طرح کی لڑائی نہیں ہوتی......اس میں تو لوگوں سے ووٹ لیے جاتے ہیں' آپ کو کون ووٹ دے گا۔

روبوٹ لوگ ہم کو ضرور ووٹ دیں گے......انہوں نے سب کو آزما کے دیکھ لیا ہے......اب ان کو ہم جیسے روبوٹس کی زیادہ ضرورت ہے۔

لیاری لیکن جناب روبوٹ کیسے ان کے مسائل حل کر سکتا ہے؟

روبوٹ روبوٹ ہی تو ان کے مسائل حل کر سکتا ہے......کیونکہ روبوٹ رشوت نہیں لیتا......روبوٹ سفارش نہیں سنتا......روبوٹ دھوکا نہیں کرتا۔

لیاری وہ تو ٹھیک ہے......لیکن آپ کے تو اپنے بڑے مسائل ہیں......آپ لوگوں کے مسائل کیا حل کریں گے......آپ کی ایک تار شارٹ ہو گئی تو آپ کے حلقے والوں کو اپنا ایم این اے ٹھیک کروانے کے لیے الیکٹریشن کے پاس جانا پڑے گا۔

روبوٹ ہم بھی تو یہی چاہتا ہے' حکومت تو ایم این اے ٹھیک نہیں کر سکتی......یہ کام حلقے والے لوگوں پر چھوڑ دینا چاہیے......وہ بہت اچھا ایم این اے ٹھیک کریں گے

لیاری اور اگر اُن سے کوئی غلطی ہو گئی' ہمارا مطلب ہے کہ کوئی تار غلط لگ گیا تو پھر......ایسا نہ ہو آپ فنڈ اپنے حلقے کا لیں اور سڑکیں دوسرے حلقے والوں کی بنوا دیں......!!!

روبوٹ ایسا نہیں ہو گا......کیونکہ ہم لوگوں کو اپنا ایک چور سوئچ بتائے گا......جیسے ہی ہم کوئی غلط کام کرنے لگے گا......وہ سوئچ دباتے ہی ہم آف ہو جائے گا

لیاری وہ تو ٹھیک ہے لیکن جناب آپ نے خود فرمایا ہے کہ آپ کا ریموٹ کسی اور کے ہاتھ میں ہوتا ہے' ایم این

اے بننے کے بعد آپ اپنا ریموٹ کس کے ہاتھ میں دیں گے؟

روبوٹ ہم نے کہا ناں......ہم اپنا ریموٹ بھی لوگوں کے ہاتھ میں دے گا......وہ جیسے ہم کو چلائے گا......ہم چلے گا......!!!

لیاری اللہ کرے جی کہ آپ ایم این اے بنیں......ہو سکتا ہے اسی طرح مسائل حل ہو جائیں' اچھا یہ بتایئے کہ آپ ٹی وی دیکھتے ہیں؟

روبوٹ یس......بہت زیادہ!!!

لیاری ویری گڈ......کون سا چینل شوق سے دیکھتے ہیں؟

روبوٹ ہم H.B.O بہت شوق سے دیکھتا ہے

لیاری اس پر آپ کی کوئی پسندیدہ فلم؟

روبوٹ یس......ہم کو ''ٹرمینٹر'' بہت پسند ہے......YOU KNOW......وہ ہمارا بڑا بھائی ہے۔

لیاری اوہ......تو گویا خونی رشتہ ہے......ویسے جناب آپ کے والد صاحب کا کیا نام تھا؟

روبوٹ والد مرحوم کا ذکر کر کے آپ مجھے اداس کر رہے ہیں......آپ انہیں اچھی طرح جانتے ہوں گے......ان کا نام تھا ''سکس ملین ڈالر مین''

لیاری اوہ......یس......بچپن میں ہم نے ان کی فلمیں دیکھی ہیں......ویسے روبوٹ صاحب! آپ جیسا ایک روبوٹ کتنے میں بن جاتا ہے؟

روبوٹ ہم جیسا روبوٹ پچاس کروڑ ڈالر میں بنتا ہے

لیاری (چکر کھا کر) اوہ مائی گاڈ......اتنا زیادہ خرچے والا ربوٹ......اتنے پیسوں میں تو انسان دس بیس سال تک آرام سے بیٹھ کر مالٹے کھا سکتا ہے......کڑاہی گوشت کھا سکتا ہے......!!!

روبوٹ تم لوگوں میں یہی خامی ہے......ٹیکنالوجی میں پیسہ کم خرچ کرتے ہو......اپنے پیٹ پر زیادہ لگاتے ہو

لیاری بھائی......ساری لڑائی ہی پیٹ کی ہے' لیکن تم کو اس سے کیا......تمہارا تو پیٹ ہی نہیں ہے......ویسے روبوٹ بھائی! ایک بات تو بتاؤ......تمہارا اپنا نام کیا ہے؟

روبوٹ ابھی رکھا نہیں

لیاری کیا مطلب......تم ابھی ''چھلے''میں ہے...... ہمارا مطلب ہے کہ اتنا بڑا ہوگیا ہے اور ابھی تک نام نہیں رکھا۔

روبوٹ میں خود اپنا نام نہیں رکھ سکتا......جو بھی مجھے خرید ے گا......وہ میرا نام رکھے گا

لیاری آپ کوتو کوئی سمگلر ہی خرید سکتا ہے بھئی ......ہم تو آپ کا ایک ٹانکا افورڈ نہیں کرسکتے......اچھا ذرا ہمارے ناظرین کو بتایئے کہ آپ فارغ وقت میں کیا کرتے ہیں؟

روبوٹ چارج......صرف چارج ہوتا ہوں......!!!

لیاری ویری گڈ......اچھا یاد دلایا......ہم بھی ذرا ری چارج ہو جائیں' آپ بھی تھوڑا پانی وانی پیجئے......ناظرین! ایک بریک کے بعد پھر ملتے ہیں...... Stay with us

Break

لیاری ویلکم اگین......ناظرین روبوٹ صاحب پکے پکے یہاں موجود ہیں' آیئے ان سے مزید سوالات کرتے ہیں' روبوٹ صاحب! یہ بتایئے کہ آپ کوئی گیم ویم بھی کھیلتے ہیں......کوئی سپورٹس وغیرہ؟

روبوٹ یس......ہم تاش بہت شوق سے کھیلتا ہے

لیاری (چونک کر) تاش......آپ تاش کھیل لیتے ہیں؟

روبوٹ یس......ہم بہت اچھا تاش کھیل لیتا ہے......تم چاہو تو ہم سے ''مانگ پتہ'' کھیل سکتا ہے......!!!

لیاری ہم لیاری ہوں......ہم سے تاش کی بازی مت لگانا......ہم ہار بھی گیا تو جیت جاؤں گا......!!!

روبوٹ تم بھی یاد رکھو......ہم روبوٹ ہے......نہ کھیلوں گا......نہ کھیلنے دوں گا

لیاری صحیح بات ہے بھئی......جس ملک کا تم روبوٹ ہے......اُس کا اپنا اصول بھی تو یہی ہے' یہ بتایئے کہ آپ کے اندر کوئی سی ڈی بھی لگی ہوئی ہے' ہمارا مطلب ہے اگر ہم آپ سے کوئی گانا وانا سننا چاہیں تو؟

روبوٹ یس......ہم ہر قسم کا گانا سنا سکتا ہے......بولو کون سا گانا سننا ہے؟

لیاری ویری گڈ......ایسی بات ہے تو پھر اپنی مرضی کا کوئی بھی گانا سنا دیجئے

روبوٹ او کے......سنو............(سُر میں گانے کی بجائے مشینی انداز میں ہی بولتا ہے)

بولے چوڑیاں بولے کنگناں

چھنو کی آنکھ میں اک نشہ ہے

لٹ اُلجھی سلجھا جا رے بالم

تے حقہ پانی بند ہو گیا

لیاری (گھبرا کر) او بھائی......او بھائی......لگتا ہے تمہاری بیٹری مسئلہ کر رہی ہے......یہ چار گانوں کا آملیٹ مت بناؤ......خدا کے لیے چپ کر جاؤ......!!!

روبوٹ لگتا ہے تم کو میوزک پسند نہیں ہے

لیاری میوزک پسند ہے' میوزک پر تشدد پسند نہیں......(فون بجتا ہے) لیجیے......ابتداء ہو گئی......آپ کے لیے کال آئی ہے......ہیلو......کون بولتا ہے بھائی؟

لیلیٰ میں لیلیٰ بول رہی ہوں

لیاری میں مجنوں بول رہا ہوں......اوہ سوری......ہمارا مطلب ہے لیلیٰ آپ کہاں سے بول رہی ہیں؟

لیلیٰ میں منہ سے بول رہی ہوں

لیاری (غصے سے) تو ہم کیا کانوں سے بولتا ہے......کمال ہے......اچھا پوچھو کیا پوچھنا ہے؟

لیلیٰ میرا روبوٹ سے سوال ہے کہ میں ہر دفعہ امتحان میں فیل ہو جاتی ہوں' کیا وہ اس سلسلے میں میری کوئی مدد کر سکتے ہیں؟

لیاری یعنی آپ روبوٹ سے نقل لگوانا چاہتی ہیں......کمال ہے......جی روبوٹ صاحب جواب دیجئے!!!

روبوٹ لیلیٰ......ایسا کرو کہ آئندہ سے امتحان ہی نہ دو......نہ امتحان دو گی......نہ فیل ہونے کا ڈر ہوگا۔

لیاری یعنی آپ نے تو قصہ ہی ختم کر دیا جناب......لیلیٰ......بھئی اس سے اچھا طریقہ کوئی نہیں ہو سکتا (فون بند کرتے ہوئے) ویسے روبوٹ صاحب......آپ تو مشینی بندے ہیں آپ تو بڑے ذہین اور حاضر دماغ ہوں گے۔

روبوٹ لیاری......ہم سے بھی زیادہ تم انسان لوگ ذہین ہو......ہمیں بھی تو انسان نے ہی بنایا ہے ناں......ہماری ساری حرکتیں تم انسانوں کی محتاج ہیں......یہ اور بات ہے کہ پہلے انسان ہمیں بناتا ہے......پھر ہم مشینیں انسان کو بنانے لگ جاتی ہیں۔

لیاری برابر بولتا ہے......برابر بولتا ہے......روبوٹ......فرض کیا کہ تم کو ایک دن کے لیے وزیر اعظم بنا دیا

جاتا ہے، تم پہلا حکم کیا دے گا؟

روبوٹ ہم پہلا حکم یہی دے گا کہ ہم کو دس سال کے لیے وزیراعظم بنا دیا جائے

لیاری بہت اچھے......یعنی روبوٹس میں بھی یہ جراثیم پہنچ گئے ہیں......ویسے یہ تو بتایئے کہ آپ دس سال کے لیے وزیراعظم بن کر کیا کریں گے؟

روبوٹ وزیراعظم کو کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

لیاری کیا بات کر رہے ہیں جناب......وزیراعظم پورا ملک چلاتا ہے۔

روبوٹ غلط......بالکل غلط، وزیراعظم ملک نہیں چلاتا، بلکہ پورا ملک، وزیراعظم چلاتا ہے۔

لیاری (غصے سے) دیکھئے......آپ آئین میں گڑبڑ نہ کریں......اور اپنی حد میں رہیں، آپ روبوٹ ہوں گے تو اپنے گھر ہوں گے......اس وقت تو آپ صرف ہمارے مہمان ہیں......یہ بتایئے کہ کیا آپ سونگھ بھی سکتے ہیں؟

روبوٹ یس......ہم ہر قسم کے خطرے کی بو سونگھ لیتا ہے

لیاری یہ خطرے کی بو کیسی ہوتی ہے جناب؟

روبوٹ لگتا ہے تم نہیں سونگھ سکتے......دیکھو......تمہارے پاس ماچس یا لائٹر ہے؟

لیاری آپ نے سگریٹ پینا ہے......؟؟؟

روبوٹ نہیں......ہم نے تجربہ کر کے دکھانا ہے

لیاری (جیب سے لائٹر نکالتے ہوئے) ہے تو سہی......!!!

روبوٹ اسے جلاؤ اور تھوڑا سا میرے قریب لاؤ......!!!

لیاری نہیں جناب......ہم مسلمان ہے......ہم جلاتے نہیں......دفن کرتے ہیں......اجازت ہو تو گورکن کو بلا لاؤں؟

روبوٹ ہمیں غصہ مت دلاؤ......ہم تم کو دکھانا چاہتے ہیں کہ جیسے ہی آگ ہماری طرف آتی ہے، ہم خطرے کو محسوس کر جاتے ہیں۔

لیاری اوہ......تو یہ بات ہے......یہ لیجئے......(لائٹر جلا کر روبوٹ کی طرف کرتا ہے اور روبوٹ کے جسم سے الارم کی آوازیں آنے لگتی ہیں، لیاری لائٹر بند کر کے جیب میں رکھتا ہے) بڑی بات ہے جناب......آپ کے اندر تو بڑے

کمال کے سسٹم لگے ہوئے ہیں۔

روبوٹ اسی لیے تو ہم کہتا ہے.....تم بھی اپنا سسٹم بدل لو.....تم لوگ بھی خطرے کو محسوس کر سکتا ہے.....محفوظ رہ سکتا ہے.....بس ذرا سسٹم تبدیل کرلو.....!!!

لیاری (گہرا سانس لے کر) ہمارا تو سارا سسٹم ہی خراب ہے جناب..... بڑے بڑے لوگوں نے اس کو تبدیل کرنے کی کوشش کی، لیکن بعد میں خود تبدیل ہو گئے.....!!!

روبوٹ ہم کو حکم کرو.....ہم تمہارا سسٹم تبدیل کر دیں؟

لیاری (منہ بنا کر) بڑی مہربانی.....آپ ہی کی وجہ سے تو سارا سسٹم تباہ ہوا ہے.....ویسے روبوٹ صاحب! آپ کی زندگی تو بڑے مزے سے گذر رہی ہوگی.....نہ بجلی کا بل دینا پڑتا ہے، نہ گیس کا.....نہ پانی کا.....نہ کوئی پریشانی، نہ کوئی مصیبت.....ہے ناں؟

روبوٹ (گہرا سانس لے کر) جب تم لوگ بجلی استعمال کرتا ہے، گیس استعمال کرتا ہے، پانی استعمال کرتا ہے تو تم کو یہ مصیبت نہیں لگتا، لیکن جب بل دینا پڑتا ہے تو تم کو یہ پریشانی لگنے لگتا ہے.....اگر تم کو یہ چیزیں اتنی ہی بری لگتی ہیں تو ان کو استعمال کرنا چھوڑ کیوں نہیں دیتے.....!!!

لیاری (کھسیانا ہو کر ادھر ادھر دیکھنے لگتا ہے، اتنے میں فون بجتا ہے) شکر ہے کال آ گئی ورنہ ہم تو لاجواب ہو گیا تھا.....ہیلو.....کون؟؟

شازیہ ہیلو.....میں راولپنڈی سے شازیہ عباسی بات کر رہی ہوں.....پلیز روبوٹ انکل سے پوچھئے کہ کیا وہ ایک دن کے لیے راولپنڈی آ سکتے ہیں.....ہم ان کو ڈنر پر انوائٹ کرنا چاہتے ہیں.....!!!

لیاری (دانت پیستے ہوئے) روبوٹ کو تو آپ ڈنر پر انوائٹ کرنا چاہتی ہیں، میری طرف کوئی دھیان نہیں گیا آپ کا؟

روبوٹ شازیہ.....ہم پنڈی نہیں آ سکتا.....وہاں سے اسلام آباد بہت قریب ہے

لیاری (حیرت سے) اِس سے کیا ہوتا ہے

روبوٹ تم نہیں سمجھے گا.....اگر کسی کو پتا چل گیا کہ ہم نے اسلام آباد کا رخ کر لیا ہے تو وہ ہم کو راستے میں ہی آف کر دے گا۔

لیاری شازیہ صاحبہ! آپ نے روبوٹ کا جواب سن لیا......بہتر یہی ہے کہ ڈنر کے لیے آپ خود کراچی تشریف لے آئیں، یا پھر ڈنر کے پیسے بھجوا دیں، ہم سٹوڈیو میں ہی روبوٹ صاحب کو ڈنر کروا دیں گے......(فون بند کرتا ہے)

لیاری اب یہ بتائیں روبوٹ صاحب کہ آپ دنیا کی کون کون سی زبان بول لیتے ہیں؟

روبوٹ ہم ساری زبانیں بول سکتا ہے......سوائے پنجابی کے......!!!

لیاری (حیرت سے) کیا مطلب......یعنی آپ کو دنیا کی ہر زبان آتی ہے......پنجابی نہیں آتی......یہ کیا بات ہوئی جناب! پنجابی تو بڑی دوستانہ اور میٹھی زبان ہے......!!!

روبوٹ یس......I know......لیکن پتا نہیں کیا بات ہے، مجھے بنانے والوں نے بے شمار تجربے کر کے دیکھ لیا ہے، میں پنجابی نہیں بول سکتا۔

لیاری یہ کون سی مشکل بات ہے، اگر اجازت ہو تو ہم بھی ایک تجربہ کر کے دیکھ لیں؟

روبوٹ تم کیا کرو گے......بڑے بڑے سائنسدان ناکام ہو گئے ہیں......کیا تم مجھ میں کوئی نئی تار لگاؤ گے؟

لیاری نہیں جناب......ہم ایک ایسا تجربہ کروں گا کہ ہمیں اپنی سیٹ سے اٹھنا بھی نہیں پڑے گا اور آپ فر فر پنجابی بولنے لگیں گے۔

روبوٹ یہ ناممکن ہے......Imposible......یہ کیسے ہو سکتا ہے؟

لیاری یہ ہو سکتا ہے جناب......آپ اجازت تو دیں

روبوٹ او کے......اجازت ہے......لیکن اگر تمہارا تجربہ ناکام ہو گیا تو ہم ابھی تم کو تباہ و برباد کر کے رکھ دے گا

لیاری منظور ہے......تو لیجئے میں اپنا تجربہ سٹارٹ کرتا ہوں......(کھنکارتے ہوئے)......''بٹ جی کی حال اے......''

روبوٹ (چونک کر) کیا......کیا کہا تم نے......

لیاری (دوبارہ دہراتے ہوئے) بٹ جی......کی حال اے......!!!

روبوٹ (غصے میں پنجابی میں گالیاں دینا شروع کر دیتا ہے) اوئے تیرا ککھ نہ رہوے......اوئے تینوں بطخاں وڈن......اوئے میں تیرا لتاں توڑ دیاں گا......اوئے توں ساڈے نال رنگ بازیاں کرنا ایں......

لیاری (گھبرا کر) یا اللہ خیر...... ناظرین...... تجربہ تو کامیاب ہو گیا ہے...... پتا نہیں اب میں کامیاب ہوتا ہوں یا نہیں...... آپ اشتہار دیکھئے میں ذرا روبوٹ کو ٹھنڈا کرنے کی کوشش کرتا ہوں...... ابھی دوبارہ ملتے ہیں۔

Break

لیاری (گہرا سانس لیتے ہوئے) ویلکم اگین...... ناظرین...... ہم نے بڑی مشکل سے روبوٹ کو ٹھنڈا کیا ہے ورنہ آج یہ سارا سیٹ تباہ و برباد ہو جانا تھا' آیئے روبوٹ صاحب سے مزید سوالات کرتے ہیں...... جی روبوٹ بھائی! یہ بتایئے کہ کیا اس سے پہلے بھی آپ نے کبھی کسی کو انٹرویو دیا ہے؟

روبوٹ یس...... ہم نے اپنے Maker...... یعنی جس نے ہم کو بنایا ہے اس کو بہت دفعہ انٹرویو دیا...... وہ بہت اچھا آدمی ہے۔

لیاری لگتا ہے آپ کو اپنے بنانے والے سے بہت پیار ہے

روبوٹ یس...... Because اُس نے ہم کو بنایا ہے...... وہ ہمارا خالق ہے...... اور ہم اپنے خالق کا جتنا بھی شکر یہ ادا کرے...... کم ہے...... اُسی کی وجہ سے تو ہم چلتا پھرتا ہے...... باتیں کرتا ہے...... لیاری...... جو لوگ اپنے خالق سے پیار نہیں کرتے...... خالق بھی ان سے پیار نہیں کرتا...... تم لوگ تو خوش قسمت ہے کہ تمہارا خالق تمہاری نافرمانیوں کے باوجود تم سے پیار کرتا ہے...... وہ تم پر اتنی مہربانیاں کرتا ہے کہ اگر ہمارا خالق ہم پر اتنی مہربانیاں کرے تو ہم زندگی بھر سجدے سے سر نہ اٹھائیں......!!!

لیاری آپ صحیح کہہ رہے ہیں...... خالق کی نافرمانیوں کا نتیجہ ہی تو ہے کہ آج ہم ایک روبوٹ کے سامنے شرمندہ ہو رہے ہیں...... اچھا روبوٹ میاں! یہ بتاؤ کہ تم نے بڑے نئے فیشن کے کپڑے پہن رکھے ہیں...... لگتا ہے فیشن ڈیزائننگ میں بھی دلچسپی ہے؟

روبوٹ اوہ نو...... ہم کو کپڑے بالکل بھی اچھے نہیں لگتے......

لیاری (گھبرا کر) کیا بات کر رہے ہیں جناب...... کپڑے تو بہت ضروری چیز ہیں......!!!

روبوٹ تم انسانوں کے لیے ضروری ہوں گے...... ہم روبوٹس کے لیے نہیں...... یہ جو تم ہمارے کپڑے دیکھ رہے ہو' ان کے نیچے بہت ساری تاریں اور کنکشنز لگے ہوئے ہیں جن کو چھپانے کے لیے ہمارے بنانے والے نے ہم کو پینٹ شرٹ پہنا دیا ہے۔

لیاری ہم انسانوں کے اندر بھی بڑی پیچیدہ چیزیں ہوتی ہیں جناب' ہمارے بنانے والے نے بھی ان کے اوپر گوشت چڑھا رکھا ہے' لیکن بھائی گوشت بھی ڈھانپنا بڑا ضروری ہے لہذا ہم کپڑے پہنتے ہیں......اچھا یہ فرمایئے کہ آپ کو لکھنے پڑھنے کا بھی شوق ہے؟

روبوٹ یس......ہم اخبار بہت شوق سے پڑھتا ہے......کتابیں بہت شوق سے پڑھتا ہے۔

لیاری کون سی کتابیں شوق سے پڑھتے ہیں جناب؟

روبوٹ ہم کو لطیفوں والی کتابیں بہت پسند ہیں

لیاری (حیرت سے) روبوٹ اور لطیفے......ہاہاہاہاہا......کمال ہے......بھئی کمال ہے......اس کا مطلب ہے آپ کو تو بڑے لطیفے یاد ہوں گے' کوئی اچھا سا لطیفہ سنایئے......ہمارے ناظرین بڑا انجوائے کریں گے......!!!

روبوٹ ہم تم کو ایسا لطیفہ سنائے گا کہ تم وہیں مر جائے گا

لیاری یا اللہ خیر......کوئی زہر آلود لطیفہ تو نہیں؟......خیر سنایئے......دیکھتے ہیں آپ کیا سناتے ہیں؟

روبوٹ تو پھر سنو......ایک دفعہ کا ذکر ہے......ایک لڑکی نے ایک لڑکے سے پوچھا......تمہارا کیا نام ہے؟ لڑکا بولا......میں کیوں بتاؤں (زور سے ہنسنے لگتا ہے)

لیاری (حیرت سے) لطیفہ ختم ہو گیا ہے کیا؟

روبوٹ (ہنستے ہوئے) یس......یس......کیسا تھا؟

لیاری (دانت پیستے ہوئے) آپ کی بیٹری کچھ زیادہ ہی خراب لگ رہی ہے جناب......یہ لطیفہ نہیں تھا......لطیفہ تو اس کو کہتے ہیں......سنئے......ایک شاگرد نے استاد سے پوچھا......''ماسٹر صاحب! کیا بچے قوم کا سرمایہ ہوتے ہیں؟'' ماسٹر صاحب نے کہا......''ہاں بھئی......بچے قوم کا سرمایہ ہوتے ہیں......'' شاگرد نے کہا......''تو پھر حکومت اس سرمائے میں اضافے سے پریشان کیوں ہے......(قہقہہ لگاتا ہے......روبوٹ چپ بیٹھا ہے)

روبوٹ اس میں ہنسنے والی کون سی بات ہے......یہ تو فیملی پلاننگ والوں کا مسئلہ ہے

لیاری (غصے سے) تو میں نے کب کہا ہے کہ یہ تیرا مسئلہ ہے......بڑا بدذوق روبوٹ ہے بھئی......پروڈیوسر کی طرف سے سختی نہ ہوتی تو ہم نے اِدھر ہی تیرے پیچ کھول دینے تھے......!!!

روبوٹ میرے پیچ کھولنے کی بجائے اپنے دماغ کے پیچ کسو......کافی ڈھیلے لگ رہے ہیں۔

لیاری (غصے سے) روبوٹ......روبوٹ تمیز سے بات کرو......ایک تو مصیبت ہے کہ روبوٹ کے خلاف کوئی کیس بھی نہیں کیا جا سکتا...... پتا نہیں رائٹر نے کس مصیبت میں پھنسوا دیا ہے......خیر......جان پہ بنی ہوئی ہے' نبھانی تو پڑے گی......اچھا روبوٹ صاحب! ہمارے ناظرین کو بتایئے کہ آپ نے کبھی کوئی عشق وشق بھی فرمایا......؟؟؟ کیونکہ صاف پتا چل رہا ہے آپ باز آنے والے نہیں......!!!

روبوٹ تم نے بالکل ٹھیک کہا......ہم اب تک چالیس عشق کر چکے ہیں

لیاری (اچھلتے ہوئے) چالیس عشق......ابے تیرا بیڑا غرق......تو نے تو ہمارا ریکارڈ بھی توڑ دیا......مم......میرا مطلب ہے...... بڑے بڑوں کا ریکارڈ توڑ دیا......یہ چالیس عشق کیوں کیے بھئی......؟؟؟

روبوٹ اس لیے کہ میں نے ایک قلفی کی ریڑھی پر یہ شعر پڑھا تھا......''چاندنی چاند سے ہوتی ہے ستاروں سے نہیں......محبت ایک سے ہوتی ہے ہزاروں سے نہیں......'' جیسے ہی میں نے یہ شعر پڑھا......تہیہ کر لیا کہ اسے غلط ثابت کر کے رہوں گا......!!!

لیاری یعنی ابھی آپ کا پروگرام مزید عشق فرمانے کا ہے؟

روبوٹ جی ہاں......ہمارا اکتالیسواں عشق کسی بھی وقت سٹارٹ ہو سکتا ہے

لیاری کچھ بتائیں گے کہ اس سے پہلے کے عشق آپ نے کس کس سے کیے......؟؟؟

روبوٹ (آہ بھرتے ہوئے) پہلا عشق ہم نے ایک سی ڈی سے کیا تھا......دوسرا عشق ٹیوب لائٹ سے کیا......تیسرا عشق کیبل سے کیا......چوتھا عشق فلاپی سے کیا......پانچواں عشق الیکٹرک ڈائری سے کیا......!!!

لیاری (طنزیہ لہجے میں) لگتا ہے آپ کا کسی الیکٹرک سٹور پر خاصا آنا جانا رہا ہے' بہت دل چاہتا ہے کہ آپ سے عشق کی تفصیل بھی پوچھیں' شائد کسی کے کام آ جائے لیکن مجبوری ہے' پروگرام ختم کر کے گھر بھی جانا ہے' پتا نہیں اس وقت کوئی بس ملے گی یا نہیں......آپ ہمارے ناظرین کو کوئی پیغام دینا چاہیں تو کیمرہ آپ کے سامنے ہے۔

روبوٹ ہم پیغام دیتے ہیں کہ اے انسانو! اپنے آپ کو مشین مت بناؤ......مشین بھی تو تمہاری ہی ایجاد ہے' اپنے دماغ سے کام لو اور دنیا پر چھا جاؤ......جو لوگ دوسروں کی ایجادوں پر بھروسہ کرتے ہیں وہ ہمیشہ محتاجی کی زندگی گذارتے ہیں......یہ وہ دور ہے جس میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے بغیر ترقی ناممکن ہے......آؤ......اور ثابت کرو کہ تم کسی سے کم نہیں......کب تک ہماری بنی ہوئی چیزیں استعمال کرتے رہو گے......کچھ خود بھی تو بناؤ......!!!

لیاری اب ایسی بھی بات نہیں......ہم بہت کچھ خود بناتے ہیں......ہم ایک دوسرے کو بیوقوف بناتے ہیں......رائی کا پہاڑ بناتے ہیں......بات کا بتنگڑ بناتے ہیں اور دن میں کئی دفعہ خیالی پلاؤ بھی بناتے ہیں......خیر......ناظرین! آپ نے روبوٹ کی باتیں سنیں' اس بارے میں ہمیں اپنی رائے ضرور ای میل کیجئے گا' اب لیاری کنگ کو اجازت دیجئے......خدا حافظ!!!

خواجہ سرا سے انٹرویو

لیاری ناظرین......السلام علیکم! لیاری کنگ کے ساتھ حاضر خدمت ہیں۔ ناظرین......آج جو شخصیت ہمارے پروگرام میں موجود ہیں ان کا تعلق تھرڈ ورلڈ سے ہے......ویسے تو ہم سب کا تعلق تھرڈ ورلڈ سے ہے' لیکن وہ شخصیت تھرڈ

ورلڈ کی بھی تھرڈ ورلڈ شخصیت ہیں۔ان کا تعارف کرانے کی ہم میں ہمت نہیں ہے کیونکہ باوجود کوشش کے، ہم ان کی اصل شخصیت کا سراغ نہیں لگا سکے......ان کے کئی نام ہیں......کچھ لوگ ان کو ہیجڑا بولتے ہیں......کچھ خواجہ سرا کہتے ہیں......کچھ لوگ کچھ بھی نہیں کہتے......آیئے ملتے ہیں......آپ کے اور خصوصاً میرے......جانے پہچانے......جناب بجلی صاحب!!!......کیا حال ہیں بھائی باجی؟

بجلی (ہاتھ نچا کر) خیر مبارک......خیر مبارک......!!!

لیاری (چونک کر) خیر مبارک......کس بات کی مبارک جناب......ہم نے تو کوئی ایسی خبر نہیں سنائی؟

بجلی تم نے نہیں سنائی تو میں سنا دیتی ہوں......آج ہمارے محلے میں کا کا ہوا ہے

لیاری شکر کرو دھما کا نہیں ہوا' آج کل کا کے کم اور دھما کے زیادہ ہو رہے' ہیں ویسے آپ کا کام بھی خوب ہے' کا کا کسی کے گھر ہوتا ہے' پیسے آپ کو مل جاتے ہیں......کمائی تو خوب ہوتی ہوگی؟

بجلی (آہ بھرتے ہوئے) اب کمائی کہاں لیاری......آگ لگے فیملی پلاننگ والوں کو......ساری کمائی پر لات ماردی ہے......یقین کرو ہمارے محلے میں یہ آٹھ سال بعد پہلا بچہ ہوا ہے۔

لیاری پہلے بڑے ہوتے تھے؟............اچھا بجلی صاحبہ! یہ بتایئے کہ آپ کا نام بجلی کس نے رکھا؟

بجلی میرے گرو نے......!!!

لیاری گرو صاحب کا کیا نام تھا؟

بجلی کھمبا

لیاری ویری گڈ......یعنی آپ کا واپڈا سے کوئی کنٹریکٹ ہے......بہت اچھے......اچھا یہ بتایئے کہ آپ اپنے ساتھ He لکھتے ہیں یا She؟

بجلی نہ She......نہ He......ہمارے ساتھ صرف It آتا ہے......It is bijli.......یہ بجلی ہے......!!!

لیاری آفرین ہے......ویسے آپ کے شناختی کارڈ میں جنس کے خانے میں کیا لکھا ہوا ہے؟

بجلی کبھی خوشی......کبھی غم!!!

لیاری (حیرت سے) ہیں......یہ کون سی جنس ہے بھئی......کمال ہے......اچھا یہ بتایئے آپ کام کیا کرتے ہیں؟

بجلی ہم زیادہ تر اڈے پر ہوتے ہیں

لیاری کون سے اڈے پر بھئی؟

بجلی لاری اڈے پر......

لیاری ہم تو روزانہ وہاں جاتا ہوں......آپ تو کبھی نظر نہیں آئے

بجلی ہماری ڈیوٹی نائٹ شفٹ میں ہوتی ہے......!!!

لیاری یہ فرمایئے آپ کو خواجہ سرا کیوں کہا جاتا ہے؟

بجلی (منہ بنا کر) تو اور کیا ہمیں کمانڈو کہا جائے......!!!

لیاری بات تو ٹھیک ہے آپ کی......اچھا آپ سے ایک پرسنل سوال ہے......ہم نے تاریخ میں پڑھا ہے کہ آپ بادشاہوں کے ہاں بھی کام کرتے رہے ہیں......وہاں آپ کیا خدمات سرانجام دیتے تھے؟

بجلی (آہ بھر کر) آئے ہائے کیا بتائیں......کیسا سنہری دور تھا وہ بھی......عیش ہی عیش تھے......بس یوں سمجھ لو......ہم بھی بادشاہ ہی تھے۔

لیاری اپنے بادشاہی دور کا کوئی واقعہ تو سنائیں؟

بجلی (ادھر ادھر دیکھتے ہوئے) یہیں؟

لیاری (منہ بنا کر) نہیں......جلوس میں جا کر......کمال ہے بابا ہم آپ کا سٹوڈیو میں انٹرویو کر رہے ہیں' ظاہری بات ہے آپ یہیں ہمیں واقعہ سنائیں گے ناں......!!!

بجلی ٹھیک ہے......تو پھر واقعہ سننے کے لیے تیار ہو جاؤ

لیاری (جیب سے کنگھی نکالتے ہوئے) ایک منٹ ......ہم ذرا کنگھی کر لیں......انسان کو اچھی طرح تیار ہونا چاہیے۔

بجلی ایک دفعہ کا ذکر ہے بادشاہ سلامت نے ہمیں دربار میں بلایا اور کہنے لگے......آج اتنا ناچو......اتنا ناچو کہ تمہارے گھنگرو ٹوٹ جائیں۔

لیاری (منہ بنا کر) ہم نے آپ سے واقعہ پوچھا ہے......وقوعہ نہیں......!!!

بجلی مرجانیاں سن تو سہی......بادشاہ کا حکم سن کر ہم نے فوراً اپنے گھنگرو سیدھے کیے......گرو کے پیروں کو ہاتھ لگایا......لمبا سانس لیا......اور پوری قوت سے دوڑ لگا دی......!!!

لیاری (حیرت سے) دوڑ لگا دی...... یہ کیا بات ہوئی جناب...... آپ دوڑ کر ڈانس کرتے تھے؟

بجلی نہیں...... ہم ڈانس کر کے دوڑ جاتے تھے...... تمہیں نہیں پتا لیاری...... اکثر بادشاہ کتنے ظالم گذرے ہیں...... ڈانس کا ایک Step بھی پسند نہیں آتا تھا تو ہم جیسوں کے لیے ایسی ایسی سزا تجویز کرتے تھے کہ چھ چھ دن بیٹھا نہیں جاتا تھا......!!!

لیاری ایسی کون سی سزا ہوتی تھی جناب؟

بجلی پیروں میں بیڑیاں اور ہاتھوں میں زنجیریں پہنا دیتے تھے...... اور کہتے تھے اب گاؤ...... رقص زنجیر پہن کر بھی کیا جاتا ہے......!!!

لیاری (رحمدلی سے) ہم کو آپ سے ہمدردی ہے...... آپ پر جو تشدد ہوتا رہا ہے ہم اس کی سرعام مذمت کرتے ہیں' اچھا میری بھائی! یہ بتایئے کہ یہ بجلی آپ کا اصل نام ہے؟

بجلی نہیں...... یہ تو گرو نے پیار میں رکھ دیا تھا...... ہمارا اصل نام تو عبدل ثریا ہے......!!!

لیاری بڑی بات ہے...... ویسے عبدل ثریا عرف بجلی...... تم ہو بڑی شے......!!!

بجلی (شرما کر) اب تم سے کون سی بات چھپی ہے...... تم تو اپنے ہی ہو......

لیاری (گھبرا کر) کون اپنا...... یہ...... یہ کیا کہہ رہی ہیں آپ...... کچھ ہوش کریں...... ہمیں بے ہوش نہ کریں......!!!

بجلی (بالوں کو جھٹکتے ہوئے) تم مرد لوگ بڑے چالاک ہوتے ہو...... سامنے کچھ...... بعد میں کچھ!!!

لیاری (غصے سے) آپ ماحول نہ خراب کریں...... ہم آج آپ سے پہلی دفعہ مل رہے ہیں...... خبردار اگر آپ نے پچھلی کسی ملاقات کا ذکر کیا' آرام سے سوالوں کے جواب دیں اور یہ بتاؤ کہ یہ تم لوگ شادی بیاہوں میں اتنے پرانے' بلکہ پاٹے پرانے گانے کیوں گاتے ہو بھئی؟

بجلی آئے ہائے...... کیا کریں...... کوئی نئی کیسٹ خرید کر ہی نہیں دیتا...... ویسے بھی ہمارے سیانے کہتے ہیں کہ کیسٹ اور گرو ایک ہی ہونا چاہیے۔

لیاری یہ آپ کے سیانے کون ہیں؟

بجلی (بےبسی سے) پھر تم کہو گے پچھلی ملاقاتوں کا حوالہ نہ دو......!!!

لیاری تمیز سے......تمیز سے......ہم نے تو بادشاہوں کو منہ نہیں لگایا......تم تو پھر Two in one ہے......!!!

بجلی اوہو......لیاری......لگتا ہے تم نے آج کل ہمارا کوئی گانا نہیں سنا......وے اب تو ہم بھی جدید ترین گانے گاتے ہیں۔

لیاری جدید ترین......ویری گڈ......تو پھر ہو جائے

بجلی (تالیاں بجاتے ہوئے ٹائی ٹینک فلم کا انگریزی گیت گاتی ہے)

لیاری (سوچتے ہوئے) یہ گانا ہم نے سنا ہوا ہے......کسی پشتو فلم کا لگتا ہے

بجلی (غصے سے) مرجانیاں......یہ ''ٹائی ٹینک'' کا گانا ہے......وہ کُڑی گاتی ہے ناں......تم نے ٹائی ٹینک دیکھی ہے؟

لیاری بہت دفعہ......ٹائی ٹینک دیکھ کر ہی تو ہم کو تصویر بنانے کا شوق ہوا تھا......اب تو ہم بھی اچھی خاصی تصویریں بنا لیتا ہے......اچھا یہ بتاؤ تم لوگ شادیوں میں جاتے ہی ہو یا کبھی اپنی شادی میں بھی کسی کو بلاتے ہو......ہمارا مطلب ہے آپ لوگوں میں بھی شادیاں وادیاں ہوتی ہیں؟

بجلی وہ......چمپا کی شادی بھول گئے؟

لیاری (بے دھیانی میں) ہاں بھئی وہ تو کمال کی ......(چونک کر) کک......کیا مطلب......کون چمپا......کون سی شادی؟؟؟

بجلی آئے ہائے وہ جو چمپا نے نیا گرو رکھا تھا، وہی تو ہم لوگوں کی شادی ہوتی ہے

لیاری اچھا ایک بات بتائیے......آپ کو کیسے پتا چل جاتا ہے کہ کسی کے گھر کاکا ہوا ہے؟

بجلی ہمیں الہام ہو جاتا ہے......خوشبو آ جاتی ہے......ہماری سی آئی ڈی سروس بڑی تیز ہے۔

لیاری اچھا......ابھی چیک کر لیتے ہیں......(رازداری سے) آپ کو پتا ہے......اللہ نے ہم کو بھی کل چھوٹا سا کاکا دیا ہے۔

بجلی (خوشی سے) واقعی؟؟؟

لیاری اب کہاں گیا آپ کا الہام......کہاں گئی سی آئی ڈی......؟؟؟

بجلی (آنکھیں بند کرتے ہوئے) رانی......ببلی......آ جاؤ......لیاری کے ہاں کاکا ہوا ہے۔

لیاری (مسکرا کر) یہ ٹیلی پیتھی یہاں نہیں چلے گی...... یہ سٹوڈیو ہے...... یہاں تو ہم بڑی مشکل سے آتا ہوں...... تمہاری رانی اور بلی کہاں سے آئیں گی۔

بجلی (آنکھیں بند کر کے) آ جاؤ رانی...... بلی...... آ جاؤ......!!!

(فون کی بیل ہوتی ہے' لیاری کے فون اٹھاتے ہی یکدم بیک گراؤنڈ میں دو ہیجڑوں کی گانا گانے کی آوازیں آتی ہیں اور ساتھ مبارکباد کی صدائیں بلند ہوتی ہیں)

لیاری (گھبرا کر) ارے...... یہ...... یہ...... کہاں سے آ گئے

بجلی ابھی تو فون میں آئے ہیں...... تھوڑی دیر میں سٹوڈیو میں نہ پہنچے تو بجلی کی بجائے سوئی گیس نام رکھ دینا۔

لیاری (گھبرا کر) ارے پروڈیوسر صاحب...... دروازے بند کیجئے...... ارے خدا کے لیے...... ہم نے تو مذاق کیا تھا' یہ تو سیریس ہی ہو گیا۔ ناظرین...... ہم ذرا سٹوڈیو کی سیکورٹی کو الرٹ کرتا ہوں...... آپ اتنی دیر اشتہار دیکھئے...... Stay with us ابھی ملتے ہیں۔

Break

لیاری ناظرین! ہم دوبارہ حاضر ہیں...... شکر ہے سٹوڈیو کے گیٹ ہم نے بروقت بند کروا دیے ورنہ پتا نہیں یہاں کیا تماشا ہو جانا تھا...... خواجہ سرا عرف ہیجڑا یہاں موجود ہیں...... آیئے ان سے مزید بات چیت کرتے ہیں۔ جی عبدل پہیہ............!!!

بجلی (غصے سے) عبدل پہیہ نہیں' عبدل ثریا...... عبدل ثریا' عرف بجلی......!!!

لیاری اوہ سوری...... اچھا یہ بتایئے عام پبلک کا آپ کے ساتھ رویہ کیسا ہوتا ہے؟

بجلی (شرما کر) بڑا پیار کرتے ہیں جی!!!

لیاری وہ تو ہماری خصوصیت ہے...... ہم لوگ ہر نمونے سے بہت پیار کرتے ہیں...... ہم یہ پوچھنا چاہ رہا تھا کہ لوگ آپ سے زیادہ تر کس چیز کی فرمائش کرتے ہیں؟

بجلی ہمارا نام چونکہ بجلی ہے' اس لیے زیادہ تر لوگ کرنٹ کی فرمائش کرتے ہیں

لیاری اس کا مطلب ہے آپ کے تو بہت سے لوگوں سے ''کرنٹ افیئر'' ہوں گے...... یہ بتایئے کہ لائیو ڈانس ڈانس پر تو بڑی پابندی ہے' لیکن آپ کو کوئی نہیں پکڑتا...... کبھی آپ کے رقص پر بھی چھاپا پڑا؟

بجلی یہ تو معمول کی بات ہے...... بلکہ معمولی بات ہے......ہم تو جہاں جائیں چھاپے پڑ جاتے ہیں!!!تمہیں کچھ گانا وانا سنائیں؟

لیاری (قہقہہ لگا کر) بے فکر ہو کر سنائیں...... یہاں کوئی خطرہ نہیں ہے......اور نہ ہم کسی خطرے وطرے سے ڈرتے ہیں۔

بجلی اچھا......تو پھر سنو......(بیٹھے بیٹھے رقص کا پوز بناتی ہے' اتنے میں اچانک سائرن کی آواز گونجتی ہے)

لیاری (بوکھلا کر خوفزدہ ہوتے ہوئے) ارے...... چھاپا......(تیزی سے فون اٹھاتا ہے) ہیلو...... یہ......کس چیز کا سائرن تھا؟......(دوسری طرف کی بات سن کر اطمینان سے گہرا سانس لیتے ہوئے) کوئی ایمبولینس تھی......ہم سمجھا شائد......خیر گولی ماریں......یہ بتائیں کہ آپ نے میک اپ کا فن کس سے سیکھا......ماشاء اللہ بڑا روپ نکالا ہوا ہے......!!!

بجلی مہربانی......اصل میں ہم میک اپ کرتے نہیں......خود بخود ہی ہو جاتا ہے

لیاری خود بخود......آپ کوئی آٹو میٹک میک اپ کرتی ہیں؟

بجلی ایسا ہی سمجھ لو......اصل میں ہم سپرے میک اپ کرتے ہیں......جیسے سپرے پینٹ ہوتا ہے' اسی طرح ایک بوتل میں میک اپ گھول کر ہر گھنٹے بعد چہرے پر سپرے کر لیتے ہیں۔

لیاری یہ بتایئے آپ عورت کے روپ میں ہی کیوں رہنا پسند کرتے ہیں......کبھی مونچھیں بھی تو رکھیں ناں!!!

بجلی مرجانیاں تیری بات ٹھیک ہے......لیکن سچ پوچھو تو اب گٹ اپ میں دل لگ گیا ہے......ویسے تم تو بتاؤ......تم مونچھیں کیوں نہیں رکھتے؟

لیاری (گھبرا کر) وہ......ہم نے......ایک دفعہ رکھی تھیں......پروڈیوسر نے بولا......مونچھیں رکھو یا عینک رکھو......ورنہ گر جاؤ گے......(فون کی بیل بجتی ہے) لو بھئی......آج کال سننے کا مزا آئے گا......پہلی کال آ گئی ہے......(بٹن دباتے ہوئے) ہیلو!

گرو ہیلو......میں بجلی کا گرو بات کر رہا ہوں......بجلی! تو بتائے بغیر یہاں کیوں آئی......سارا فنکشن خراب کرا دیا۔

بجلی (گھبرا کر) آئے گرو......سوری......یہ موا لیاری مجھے کھینچ لایا......میں تو بیوٹی پارلر سے سیدھا فنکشن پر

آنے والی تھی۔

گرو تمہیں کتنی دفعہ منع کیا ہے غیر لوگوں کو انٹرویومت دیا کرو......جب یہ کبھی ہمارے پاس نہیں آتے تو ہم ان کے پاس کیوں جائیں؟

لیاری (غصے سے) ابے او گرو......تم گرو ہے تو ہم گرو گھنٹال ہے......خبر دار جو ہم لوگوں کے خلاف کوئی بات کیا

بجلی ہائے اللہ......لیاری گرو سے تمیز سے بات کرو

لیاری کیوں......اِس کا کوئی کاٹن فیکٹری ہے......(فون بند کر دیتا ہے) دیکھو بجلی! ٹیلی فون پر اپنی پرسنل بات نہیں کرنے کا......ابھی اگر تمہارے کسی گرو کا فون آیا تو ہم ٹیلی فون میں تیزاب ڈال دے گا......اُدھر جب اُس کا کان جلے گا تو تب پتا چلے گا گرو کون ہے۔اچھا یہ بتاؤ کہ......!!!! (دوبارہ بیل بجتی ہے) لو......پھر کال آ گئی......ہیلو!!!

فہیم (نہایت مریل آواز میں) بجلی......میں......فہیم......ہوں......!!!

لیاری ہم کو تو لگتا ہے آپ......''افیم'' ہیں......کھل کے بولو بھائی......کوئی ٹینشن ہے کیا؟

فہیم بجلی......تم......نے......اچھا......نہیں......کیا......میں......نے......تمہارے غم میں......نشہ......شروع......کر دیا......ہے!!!

بجلی (منہ بنا کر) کمبخت......یہاں تو جان چھوڑ دے......چوہدری نے سن لیا تو طوفان برپا کر دے گا۔

لیاری (جلدی سے فون بند کرتے ہوئے) لگتا ہے تم باز نہیں آؤ گی......میرا خیال ہے تمہارا بندوبست کرنا ہی پڑے گا۔

بجلی (معنی خیز نظروں سے)......کوئی ہے بندوبست؟

لیاری (غصے سے) دیکھو بجلی......دیکھو......ہم کو تپاؤ نہیں......ہم غصے میں آ گیا تو ابھی مرد کا مرد......عورت کا عورت کر دے گا۔ناظرین ہمارا خیال ہے ٹیلی فون کالز کا سلسلہ تھوڑی دیر کے لیے روک دیتے ہیں......اچھا بھئی یہ بتاؤ پڑوسی ملک میں تو تمہارے رشتے دار الیکشن بھی لڑتے ہیں......تم نے کبھی الیکشن میں کھڑے ہونے کا نہیں سوچا؟

بجلی چوک میں کھڑے ہونے سے فرصت ملے تو الیکشن میں کھڑے ہونے کا سوچوں......!!!

لیاری یہ بھی ٹھیک ہے......آخر روٹی روزی بھی کمانا ہوتی ہے......یہ بتاؤ تم لوگ تعلیم کیوں نہیں حاصل کرتے؟

بجلی آئے ہائے......بی ایس سی کر لیا ہے......اور کیا کروں؟

لیاری (ہڑبڑا کر) بی ایس سی......آپ......آپ نے بی ایس سی کر لیا......اور کسی کو کانوں کان خبر نہیں ہوئی......یہ کیسے ہوا جناب؟

بجلی تم بی ایس سی کی بات کرتے ہو......میں نے سوچ لیا ہے آئندہ سال میٹرک بھی کرلوں گی۔

لیاری (منہ بنا کر) ہماری دعا ہے کہ آپ جلد سے جلد پرائمری بھی پاس کر لیں......ویسے اتنی اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کی ضرورت کیا ہے؟

بجلی (آہ بھر کر) ہوسکتا ہے کبھی بیرون ملک جاب ہی مل جائے

لیاری ہاں بھئی......وہاں تو آپ کے بڑے برائٹ چانسز ہیں......ویسے ایک بات تو بتائیں' یہ آپ لوگ اِدھر ایشیا میں ہی ہوتے ہیں یا کہیں اور بھی پائے جاتے ہیں۔

بجلی ہم تو افریقہ کے جنگلوں میں بھی پائے جاتے ہیں

لیاری افریقہ کے جنگلوں میں......اُدھر آپ لومڑی کے بچے کی پیدائش پر فنکشن کرتے ہیں......کمال ہے......اچھا یہ بتایئے آپ میں کوئی مشہور شخصیت بھی گذری ہے......جس نے کوئی کارنامہ سرانجام دیا ہو!!!

بجلی کوئی ایک......تاریخ بھری پڑی ہے......ہماری تو ریما ہی مان نہیں......!!!

لیاری توبہ توبہ......کچھ شرم کریں......ریما نے سن لیا تو آپ پر شفقت چیمہ چھوڑ دے گی۔

بجلی (خوشی سے) واقعی؟

لیاری لگتا ہے آپ کو ولن بہت پسند ہیں......لیکن پھر بھی آپ نے ریما کا نام کیوں لیا؟

بجلی آئے ہائے......میں تمہاری ریما کی نہیں......اپنی ریما کی بات کر رہی ہوں

لیاری (آہ بھر کر) ریما ہماری کہاں ہے......ہماری ہوتی تو ہم اِدھر دھکے کھا رہا ہوتا......ویسے تمہاری ریما کیا کرتی ہے؟

بجلی وہی......جو تمہاری ریما کرتی ہے

لیاری (گہرا سانس لے کر) یعنی تمہارا مطلب ہے......تمہاری ریما بھی ہیروئن ہے۔

بجلی (آہ بھر کر) ہاں......پہلے چرس پیتی تھی......اب ہیروئن پیتی ہے......

لیاری (غصے سے) ارے ہم کیا بولتا ہے تم کیا جواب دیتا ہے......خوامخواہ ہم کو ''کان فیوز'' کر رہی ہے......اچھا

باقی باتیں چھوڑو، یہ بتاؤ، کبھی آپ کا کوئی سکینڈل بھی چلا......!!!

بجلی ہاں ایک دفعہ شینحوں کے لڑکوں پر چل گیا تھا

لیاری (غصے سے) ہم سکینڈل کی بات کر رہے ہیں......سینڈل کی نہیں......!!!

بجلی دونوں میں کوئی خاص فرق نہیں......سکینڈل میں بھی تو بات بالآخر سینڈل تک آ ہی جاتی ہے (پرس سے سگریٹ نکال کر سلگاتی ہے)

لیاری (چونک کر) ارے...... یہ...... یہ کیا کر رہے ہو......سگریٹ......سگریٹ پیتی ہو......!!!

بجلی (گھبرا کر رک جاتی ہے) کوئی پرابلم ہے کیا؟

لیاری (غصے سے) ارے پرابلم ہی پرابلم ہے، ہم تمبا کو نوشی والا سین نہیں دکھا سکتے

بجلی اوہ......لگتا ہے تمہیں تمبا کو نوشی اچھی نہیں لگتی

لیاری (آہ بھر کر) تمبا کو تو اچھا نہیں لگتا......لیکن نوشی کے بارے میں ہم کوئی بات نہیں سن سکتا......سمجھ گیا ناں!!!

بجلی وے کھصماں نوں کھا......تُو تو میری جان کو ہی آ گیا ہے......سگریٹ نہ پیوں تو مجھ سے کوئی بات نہیں ہو پاتی......چلو خیر......نہیں پیتی

لیاری تھینک یو! اچھا یہ بتایئے کہ آپ کے گروپ میں اور کتنے آپ جیسے ہیں؟

بجلی (انگلیوں پر گنتے ہوئے) پہلے چار تھے......اب چھ ہیں!!!

لیاری یعنی تعداد بڑھ رہی ہے......کبھی باہر کا چکر بھی لگایا؟

بجلی ہاں......جب بھی دل گھبراتا ہے......میں باہر صحن میں آ جاتی ہوں

لیاری (غصے سے) تمہارا بیڑہ غرق......ہم صحن والے باہر کی نہیں، ملک سے باہر کی بات کرتا ہوں!!

بجلی ملک سے باہر میں جا ہی نہیں سکتی...... پاسپورٹ ہی نہیں بنا......

لیاری بنے بھی کیسے......آپ کے تو کیس کا فیصلہ ہی نہیں ہو سکتا......نہ تین......نہ تیرا......ویسے میں آپ کو مشورہ دوں، آپ کوئی شریفانہ کام شروع کر لیں۔

بجلی کیا تھا......ایک دفعہ نیوز کاسٹر کے لیے انٹرویو دیا تھا لیکن فیل ہو گئی......تمہیں تو پتا ہے ہر جگہ رشوت چلتی ہے۔

لیاری ہم کو بہت افسوس ہے......آپ فکر نہ کریں......اگر آپ نے نیک بننے کا ارادہ کیا ہے تو ہم آپ کے ساتھ ہوں......اب تو بہت سارے ٹی وی چینل آ گئے ہیں‘ ہم آپ کو ایڈجسٹ کروا دوں گا......آپ ایسا کریں کہ یہ کاغذ پکڑیں اور ذرا اسے نیوز کاسٹر کے انداز میں پڑھ کر سنائیں تاکہ آپ کی اہلیت کا کچھ اندازہ ہو سکے......(ایک کاغذ اس کی طرف بڑھاتا ہے)

بجلی (کاغذ پڑھتے ہوئے‘ ہیجڑوں کے انداز میں تالیاں بجاتے ہوئے) آئے آج سیالکوٹ میں بم دھما کا ہوا‘ چھ مر گئے‘ تین ہسپتال میں ہیں‘ گورنمنٹ نے کہا ہے کہ وہ زخمیوں کو امداد دے گی......اللہ مارا دہشت گرد بھی اس حملے میں مارا گیا ہے......نگوڑے کے خاندان کے دو بندوں کو پولیس نے پکڑ لیا ہے اور پولیس نے سارے شہر میں کرفیو لگا دیا ہے......سوہنیو!......خبراں ختم ہوئیاں!!!!

لیاری (منہ بنا کر) آپ سے ایک گذارش ہے......آپ شریفانہ کام کی طرف نہ ہی آئیں تو بہتر ہے......ورنہ شریفانہ کام کس طرف جائیں گے۔ اچھا یہ بتائیے کہ آپ نے کبھی کسی سے پیار بھی کیا؟

بجلی (تالیاں مار کر گاتے ہوئے) اوئے بجلی پیار نہ کریو‘ دل ٹوٹ جاتا ہے

لیاری لگتا ہے آپ کے دل پر کوئی چوٹ لگی ہوئی ہے؟

بجلی ظالما......تیرے دل پر کبھی کوئی چوٹ نہیں لگی؟

لیاری (غصے سے منہ بناتا ہے)

بجلی (پھر گاتے ہوئے) ایویں رُسیا نہ کر میری جان سجنا......اک دن چھڈ جانا اے جہان سجنا......!!!

لیاری (گاتے ہوئے ہاتھ جوڑتا ہے) تمہیں واسطہ ہے رکھ میرا مان سجنا......میں نے صبح سے ہے کھایا ایک نان سجنا......!!!

بجلی ہائے اللہ......تم بھی؟

لیاری شٹ اپ......ہم کو پروڈیوسر نے منع کیا ہوا ہے ورنہ ہم یہیں تمہارا گلا دبا دیتا۔ سارا موڈ خراب کر دیا......خیر......ہم اپنا موڈ ٹھیک کرتا ہے......ناظرین......آپ بھی اپنا موڈ ٹھیک کریں اور ہمارے سپانسر پر بھی ایک نظر ڈالیں......ہم ابھی آتا ہوں۔

Break

لیاری ویلکم سیکنڈ ٹائم......ناظرین......کھسرا صاحب......ہمارا مطلب ہے خواجہ سرا' بجلی صاحبہ یہاں موجود ہیں' آ یئے سوالات کا سلسلہ وہیں سے شروع کرتے ہیں جہاں سے ٹوٹا تھا...... ہاں جی تو بھائی بہن! یہ فرمایئے کہ آپ نے کبھی کسی سے جھگڑا بھی کیا؟

بجلی ہائے اللہ......جھگڑے سے تو ہماری جان جاتی ہے......ہم تو پیار کی مار دیتے ہیں۔

لیاری پیار کی مار نہیں دیتے...... پیار سے مار دیتے ہیں......اچھا یہ بتایئے' آپ ہر بات میں تالی کیوں مارتی ہیں؟

بجلی (قہقہہ لگا کر) تم لوگ بھی تو یہی کرتے ہو...... ہر بات میں تالیاں بجاتے ہو......چاہے بات کچھ بھی نہ ہو!!!

لیاری (کھسیانہ ہو کر) آپ کے بیان سے سیاست کی بو آرہی ہے......خیر ہم آپ کی بات گول کرتے ہیں اور پوچھتے ہیں کہ آپ ہمارا پروگرام لیاری کنگ دیکھتی ہیں؟

بجلی بالکل نہیں......!!!

لیاری (غصے سے) کوئی خاص وجہ؟

بجلی تم ہمارا پروگرام نہیں دیکھتے تو ہم کیوں تمہارا پروگرام دیکھیں......چلو وعدہ کرو اب ہمارا پروگرام دیکھنے ضرور آ ؤ گے۔

لیاری ہمیں تو آپ کا پروگرام ہی کچھ اور لگ رہا ہے......ہمیں اپنے چکر میں نہ الجھائیں اور یہ بتائیں کہ آپ شاپنگ اکیلی کرتی ہیں یا اپنی آل اولاد کے ساتھ؟

بجلی نہیں نہیں......شاپنگ پر میں بالکل اکیلی جاتی ہوں...... برقعہ اوڑھ کر

لیاری برقعہ اوڑھ کر......وہ کیوں بھئی؟

بجلی لوگ پہچان لیتے ہیں اور پھر مجبور کرتے ہیں کہ گانا سناؤ......لیکن میں نہیں سناتی......میری بھی آخر کوئی عزت ہے!!!

لیاری بالکل جی......بالکل......آپ ہی کی تو عزت ہے......اچھا یہ فرمایئے آپ نے کبھی جہاز پر بھی سفر کیا ہے؟

بجلی ہم تو روز جہاز پر سفر کرتے ہیں......ہم نے تو دوسری گلی میں بھی جانا ہو تو جہاز پر جاتے ہیں......اصل میں ہمارے دو شاگرد جہاز ہیں!!!

لیاری پھر تو ائر پورٹ بھی اپنا ہی بنوایا ہوگا......اچھا یہ بتایئے کہ ہم نے سنا ہے آپ کی بد دعا میں بڑا اثر ہوتا ہے؟

بجلی آئے' ہماری بد دعا تو عرش کے کنگرے ہلا دیتی ہے' اگر کہو تو ابھی دوں؟

لیاری (خوفزدہ لہجے میں) نہیں' نہیں' ہم تو پہلے ہی بڑا اُبرا پھنسا ہوا ہوں......!!!

بجلی کسی ہیجڑے کا دل دکھایا ہوگا ناں!!!

لیاری (گرج کر) خبردار......تم ہمارے پروگرام کے رائٹر کے بارے میں ایسی بات نہیں کر سکتی...... ہمارا جو بھی جھگڑا ہے......آپس کا ہے!!!

بجلی وے چن ماہیا......ناراض نہ ہو......

لیاری دیکھئے......ہمیں چن وں نہ کہیے......ورنہ ہم امانت چن کو بلا لوں گا......اچھا یہ بتایئے کہ آپ سے ملنا ہو تو کہاں ملا جا سکتا ہے......ہمارا مطلب ہے آپ کی رہائش کہاں ہے؟

بجلی تمہارے شہر سے باہر کچی آبادی میں موت کے کنویں کے اندر!!!

لیاری اوہ......یاد آ گیا......آپ تو ادھر موٹر سائیکل بھی چلاتی ہیں ناں

بجلی صرف موٹر سائیکل......میں تو موت کے کنویں میں ٹریکٹر بھی چلا لیتی ہوں

لیاری ہاں بھئی......آپ سب کچھ چلا سکتی ہیں......ہماری مانیں کسی دن موت کے کنویں میں ٹرین بھی چلا دیں۔

بجلی (غور سے دیکھتے ہوئے) آئے ہائے میں مرگئی......میں نے تمہیں پہچان لیا ہے......تم تو موت کے کنویں پر اکثر آتے رہتے ہو......یاد ہے ناں پچھلی دفعہ تم نے مجھ پر سو روپے کا نوٹ پھینکا تھا...... بڑے بدتمیز ہو مرجانیاں......عید مبارک والا نوٹ پھینک دیا۔

لیاری (کھسیانہ ہوکر) براہ کرم ایک جملے میں دو دفعہ بے عزتی نہ کریں......ہم موت کے کنویں نہیں دیکھتا' وہ تو ہمارا ایک دوست آیا ہوا تھا وہ ہم کو لے گیا تھا۔ ویسے آپ موت کے کنویں سے کتنا کما لیتی ہیں؟

بجلی یہی کوئی پندرہ بیس ہزار روزانہ......!!!

لیاری اوہ میرے خدایا......وہ موت کا کنواں ہے یا تیل کا......؟؟؟

بجلی تیل کے کنویں اب ہمارے پاس کہاں......اب تو موت کے کنویں سے ہی کام چلانا پڑے گا۔

لیاری (آہ بھرتے ہوئے) یہ آپ نے کیا ذکر چھیڑ دیا......ویسے ہم کو امید ہے آپ اسی جذبے سے کام کرتی

رہیں تو آپ موت کے کنویں سے بھی ناچ ناچ کر تیل نکال لیں گی۔

لیاری آپ کو میٹھا تو یقیناً پسند ہوگا

بجلی (خوشی سے) ہائے اللہ......میٹھا پان تو ہماری جان ہے

لیاری میک اپ آپ نے عورتوں والا کیا ہوا ہے......شوق آپ کے ڈرائیوروں والے ہیں......!!!

بجلی وہ بھی تو ہماری جان ہیں

لیاری اچھا یہ فرمائیے کہ آپ بچپن سے ہی ایسی تھیں یا بعد میں پھٹکار پڑی ہے؟

بجلی (مسکرا کر) اب تم سے کیا پردہ لیاری......میں ہمیشہ سے ہی پری پیکر رہی ہوں......!!!

لیاری شکر کریں ناظرین ہم سے کافی دور بیٹھے ہیں ورنہ ہم سے پہلے انہوں نے آپ کا سر کھول دینا تھا......ویسے ناظرین اگر آپ بجلی کو گولی مارنا چاہیں تو ہم آپ کو مفت ریوالور فراہم کر سکتے ہیں۔حوصلہ کیجئے......!!!

بجلی گولی تو ہم نے آج بھی کھائی ہے لیاری!!!

لیاری (غصے سے) ہم تلوار والی گولی کی بات نہیں کرتا......پستول والی گولی کی بات کرتا ہوں......تھری ناٹ تھری کی گولی......ایک لگی تو سارا ابخار ہمیشہ کے لیے اتر جائے گا۔

بجلی (اٹھلا کر) جاؤ ہم تم سے نہیں بولتے

لیاری (اٹھلا کر) آؤ ہم تم سے بولتے ہیں

بجلی جتنی مرضی بے عزتی کر لو مر جانیاں......میں مائینڈ نہیں کرتی

لیاری اتنا بڑا احسان کرنے کا شکریہ، ویسے بجلی......تمہارا پسندیدہ گانا کون سا ہے؟

بجلی (گاتے ہوئے) توں جے میرے ہمیشہ کول رہویں، وے میں دنیا نوں کہہ داں پرے پرے......!!!

لیاری فی الحال تو آپ ذرا پرے پرے رہیں......ناظرین......خواجہ سرا، عرف بجلی، عرف ہیجڑا، عرف عبدل ثریا کا انٹرویو آپ نے سنا اور دیکھا، ہمیں امید ہے آپ بھی ہماری طرح غصے سے لال پیلے ہو رہے ہوں گے......اس سلسلے میں آپ جتنے بھی مکے مارنا چاہیں، اپنے ٹی وی سیٹ کو مار سکتے ہیں......ہمیں اجازت دیجئے......بجلی نے بھی کام پر جانا ہوگا......ویسے ہمارے سٹوڈیو کی بھی بجلی جانے والی ہے، اگلے ہفتے اِس شخصیت کے ساتھ پھر حاضر ہوں گے......لیاری کنگ کو اجازت دیجئے......اللہ حافظ!!!

نیوٹن سے انٹرویو

لیاری ناظرین......لیاری کنگ لائیو کے ساتھ لیاری کنگ کا سلام قبول کیجئے' ہمیں امید ہے آپ نے بھی ہمیں وعلیکم السلام کہہ دیا ہوگا۔شکریہ! ناظرین آج ہمارے پروگرام میں ایک ایسی شخصیت موجود ہیں جن کو Invite کرتے وقت ہم بہت ڈر رہا تھا کہ کہیں سی آئی اے والے ہمارے پیچھے نہ لگ جائیں۔ بڑی مشکل سے چھپ چھپا کر انہیں سٹوڈیو تک لائے ہیں' بڑے مشہور سائنسدان ہیں' آپ نے اکثر کورس کی کتابوں میں ان کا نام سنا ہوگا' آج لیاری کنگ میں ہمارے ساتھ ہیں......جناب نیوٹن صاحب!!!

نیوٹن (گول عدسہ پکڑے میز پر کچھ گھور رہا ہے)

لیاری نیوٹن صاحب......ہم آپ کو اپنے پروگرام میں خوش آمدید کہتا ہے

نیوٹن (عدسے میں سے ایک آنکھ سے لیاری کو گھورتے ہوئے) ہم کو سب پتا ہے...... پہلے تم لوگ سائنسدان کو خوش آمدید کہتا ہے' بعد میں ناک سے لکیریں نکلواتا ہے۔

لیاری کیا بات کر رہے ہیں جناب......ہم تو سب کی بڑی عزت کرتے ہیں' آپ کسی سے بھی پوچھ لیجئے' ہمارے پروگرام میں ایسی کوئی حرکت نہیں کی جاتی۔

نیوٹن (منہ بنا کر) تمہارے اور اُن کے پروگرام میں بڑا فرق ہے

لیاری پتا نہیں آپ کیسی باتیں کر رہے ہیں......اچھا یہ فرمایئے نیوٹن صاحب...... یہ آپ نے ہاتھ میں عدسہ کیوں پکڑ رکھا ہے؟

نیوٹن (مسکراتے ہوئے) یہ بڑے کام کی چیز ہے...... بڑے بڑے لوگوں کی اصلیت کھول دیتی ہے' تمہارے ملک میں آنے سے پہلے میں نے خاص طور پر اسے اپنے سامان میں رکھا تھا تا کہ کسی کے بہکاوے میں نہ آسکوں۔

لیاری وری گڈ......یہ تو بہت کام کی چیز ہے......یہ بتایئے کہ آپ کے متعلق مشہور ہے کہ آپ نے کششِ ثقل کا قانون دریافت کیا تھا' یہ آپ نے کیسے کیا؟

نیوٹن پہلی بات تو یہ کہ کشش ثقل کا قانون مجھ سے اچانک دریافت ہوا تھا کیونکہ میں کبھی قانون کو ہاتھ میں نہیں لیتا......ہوا یوں کہ جیسا کہ تم نے پڑھا بھی ہوگا......میں درخت کے نیچے لیٹا خواب خرگوش کے مزے لوٹ رہا تھا کہ اچانک ایک سیب میرے سر پر آن گرا' میں نے پہلے تو فوری طور پر اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کیا!!!

لیاری یقیناً آپ کو بھوک لگی ہوگی......!!!

نیوٹن نہیں بھائی......شکر اس لیے ادا کیا کہ اگر سیب کی بجائے میرے سر پر تربوز گر جاتا تو پھر؟؟؟

لیاری اللہ معافی......پھر تو کششِ تربوز کا قانون دریافت ہو جانا تھا

نیوٹن اسی لیے......اسی لیے میں نے شکر ادا کیا......اور سوچا کہ آخر یہ سیب نیچے ہی کیوں گرا' آسمان کی طرف کیوں نہیں گیا۔

لیاری کچھ عقل کرو یار......سیب کیسے آسمان کی طرف جاتا......سیب ہے کوئی گیس والا غبارہ تو نہیں۔

نیوٹن بالکل یہی بات میرے ذہن میں بھی آئی......اور تب مجھے ایک عجیب وغریب بات کا پتا چلا۔

لیاری (آنکھیں پھاڑتے ہوئے)......کیا؟؟؟

نیوٹن یہی......کہ زمین میں ایک ایسی کشش ہے جو ہر چیز کو اپنی طرف کھینچتی ہے

لیاری (گہرا سانس لیتے ہوئے)اوپر بھی ایک ایسی کشش ہے جو الٹے سیدھے لوگوں کو فوراً اوپر کھینچ لیتی ہے......خیر آپ بات جاری رکھیں۔

نیوٹن ہاں تو میں کہہ رہا تھا کہ میں نے تجربات کیے تو میری بات سچ ثابت ہوئی اور یوں میں نے کشش ثقل کا قانون بنایا۔

لیاری بڑی بات ہے کہ آپ نے خود قانون بنالیا...... یہ بتائیں آپ نے اپنے قانون میں کوئی پولیس وغیرہ بھی بھرتی کی......کوئی عدالتیں وغیرہ......کوئی جیل خانہ؟؟؟

نیوٹن عقل سے کام لو......میں عدالتوں والے قانون کی نہیں' سائنسدانوں والے قانون کی بات کر رہا ہوں۔

لیاری اچھا یہ بتایئے کیا زمین کے علاوہ بھی کسی چیز میں کشش ہوتی ہے؟

نیوٹن (شرماتے ہوئے) کیوں نہیں......جولیا تو اب بھی مجھ سے کہتی ہے......تم میں بہت کشش ہے۔

لیاری (بے اختیار) آپ کے ابا جی کا نام ''مقناطیس'' تو نہیں تھا......؟؟؟ اچھا یہ بتایئے کہ آپ کے کتنے بچے ہیں؟

نیوٹن اب تو صرف تین ہی ''بچے'' ہیں......!!!

لیاری کیا مطلب...... پہلے کتنے تھے؟

نیوٹن ویسے تو میرے چار بیٹے ہیں......ایک ڈاکٹر ہے......ایک انجینئر ہے......ایک پائلٹ ہے......لیکن میں اپنے چوتھے بیٹے کی وجہ سے بہت پریشان ہوں......دنیا کا کون سا بُرا کام ہے جو وہ نہیں کرتا' ڈاکے مارتا ہے' چوریاں کرتا ہے' فراڈ کرتا ہے' جواء کھیلتا ہے۔

لیاری ویری بیڈ......ویری بیڈ......ویسے ایک مشورہ دیں......آپ کے ماشاء اللہ تین بیٹے اتنے قابل ہیں' اگر چوتھا بیٹا اتنا ہی خراب ہے تو آپ اسے گھر سے نکال کیوں نہیں دیتے؟

نیوٹن (منہ بنا کر) کیسی باتیں کر رہے ہو لیاری......اُسے گھر سے کیسے نکال سکتا ہوں......اُسی کی وجہ سے تو گھر چل رہا ہے۔

لیاری (گہرا سانس لے کر) آپ کی بات پر غصہ تو آیا تھا لیکن پھر غور کیا تو ہم کو سو فی صد تمہاری بات درست لگا......اچھا یہ بتائیے کہ آپ اتنے اعلیٰ قسم کے سائنسدان ہیں' آپ نے اپنے کسی بیٹے کو سائنسدان کیوں نہیں بنایا؟

نیوٹن (کانوں کو ہاتھ لگاتے ہوئے) کیا بات کرتے ہو لیاری...... مجھے اپنی اولاد بہت پیاری ہے۔

لیاری بھئی اولاد تو سب کو ہی پیاری ہوتی ہے......آخر آپ اپنی اولاد کو سائنسدان کیوں نہیں بنانا چاہتے؟

نیوٹن (بے چارگی سے) اب کیسے سمجھاؤں......اچھا ایک بات بتاؤ......تمہارا بیٹا اگر شوبز میں آنا چاہے تو تم کیا کرو گے؟

لیاری (غصے سے) ہم اس کا خانہ خراب کر دے گا......اس کو ساری جائیداد سے......(بڑبڑاتے ہوئے) ویسے جائیداد ہے ہی کہاں......بہرحال ہم اس کو عاق کر دے گا۔

نیوٹن دیکھا......دیکھا......یہی تو بات ہے......سچ بتاؤں...... مجھے ''ڈی بریفنگ'' سے بہت خوف آتا ہے۔

لیاری (غصے سے) اور خدا سے کوئی خوف نہیں آتا......کمال ہے......ویسے آج بتائیے تو سہی' یہ ڈی بریفنگ ہوتی کیا ہے؟

نیوٹن تم گھر کتنے بجے جاتے ہو؟

لیاری (چونک کر) اکثر رات کو دو تین تو بج ہی جاتے ہیں......کیوں آپ نے کیوں پوچھا بھئی؟

نیوٹن بیوی اتنے رات گئے جانے پر تمہارے ساتھ کیا سلوک کرتی ہے؟

لیاری (کھسیانہ ہو کر) بڑے پیار سے......بڑی محبت سے......ہمارے کو کرسی پر بٹھا کر جھاڑو سے مارتی ہے!!!

نیوٹن (گہرا سانس لے کر) ڈی بریفنگ بھی کچھ اسی طرح کی ہوتی ہے......!!!

لیاری (کانوں کو ہاتھ لگاتے ہوئے توبہ کرتا ہے) اچھا نیوٹن بھائی......آپ کا نام نیوٹن کیوں ہے......؟؟

نیوٹن (شرماتے ہوئے) کس زمانے کا ذکر چھیڑ دیا یار......اصل میں تمہیں تو پتا ہے ہماری سوسائٹی میں ہر بندہ ''ٹُن'' رہتا ہے۔ جب ہم پہلی پہلی بار ''ٹُن'' ہوا تو سب نے کہا "Who is this new "Tun......بس وہیں سے ہمارا نام ''نیو۔ٹُن'' پڑ گیا جو بعد میں بگڑ کر ''نیوٹن'' بن گیا۔

لیاری (طنزیہ لہجے میں) اب تو ماشاءاللہ آپ Old-Tun بن چکے ہوں گے...... ہے ناں!!! اچھا یہ بتایئے کہ یہ تو آپ کا اصلی نام نہ ہوا ناں......درحقیقت آپ کا نام کیا ہے...... ?What is "Your-name

نیوٹن (گھبرا کر) نہیں......نہیں......میرے پاس کوئی یور نیئم نہیں......!!!

لیاری (دانت پیستے ہوئے) ہم نے ''Your Name'' کہا ہے......یور نیئم نہیں......!!!

نیوٹن (خود پر قابو پاتے ہوئے) اوہ سوری......سوری......اصل میں احتیاط ضروری تھی......لیاری......اب تو یہی ہمارا اصل نام ہے۔

لیاری اچھا یہ فرمایئے کہ آپ نے کشش ثقل کے علاوہ کوئی اور بھی تجربات کیے؟

نیوٹن بہت زیادہ......بہت زیادہ......میں نے ایک ایسا انجکشن ایجاد کیا جس کو لگاتے ہی بکری ''بے بے'' کرنے لگی۔

لیاری (گھورتے ہوئے) تو پہلے کیا وہ ''میاؤں میاؤں'' کرتی تھی۔

نیوٹن اوہ لیاری......یہ تو کچھ بھی نہیں......You know......میں نے ایک ایسا تھرمامیٹر ایجاد کیا ہے جس سے انسان کا ذہن چیک ہو جاتا ہے......اور......اور ایسی گاڑی ایجاد کی ہے جس کے آگے گدھا باندھ دیا جائے تو خود بخود چلتی ہے......!!!

لیاری (دانت پیستے ہوئے) ہمارا خیال ہے آپ نے انڈے دینے والا گھوڑا بھی ایجاد کر لیا ہوگا......!!!

نیوٹن اوہ یس......یس......تمہیں کس نے بتایا؟

لیاری اُسی گھوڑے پر تو ہم سٹوڈیو آیا ہے......ویسے نیوٹن......تم ہمارا مہمان نہیں ہوتا تو آج ہم نے بھی کوئی تجربہ کر لینا تھا۔

نیوٹن واؤ......تم بھی سائنسدان ہو؟

لیاری کوئی ایسا ویسا......تم کو پتا ہے......ابھی ہم نے ایک ایسا گھڑی ایجاد کیا ہے جو ٹائم بتا تا نہیں......ٹائم پوچھتا ہے......!!!

نیوٹن (حیرت سے) کک......کیا مطلب......؟؟؟

لیاری جی ہاں......اور پچھلے ہفتے ہم نے لوہے کا گولڈ میڈل بنایا......!!!

نیوٹن لوہے کا گولڈ میڈل......اوہ مائی گاڈ......لیاری یہ تم کیا کہہ رہے ہو؟

لیاری سنتے جاؤ......تم کیا سمجھتے ہو لمبی چھوڑنے کا لائسنس صرف تمہیں ہی ملا ہوا ہے......تم تو لمبی چھوڑتے ہو گے......ہم تو کلومیٹروں میں چھوڑتے ہیں......ابھی تو تمہاری جان تب نکلے گی جب ہم تم کو بتائے گا کہ ہم نے ایک ایسی بندوق ایجاد کی ہے جو گولی نہیں مارتی......طعنے مارتی ہے......طعنے......!!!

نیوٹن لیاری......خدا کے لیے......خدا کے لیے پانی منگواؤ......میرے دل کو کچھ ہو رہا ہے۔

لیاری (مسکراتے ہوئے) منگواتے ہیں......منگواتے ہیں......پانی ہی نہیں، گلوکوز بھی منگواتے ہیں......اب شہباز......پانی لے آ بھئی......ناظرین......جتنی دیر نیوٹن صاحب کا دل قابو میں آتا ہے، ہم ایک چھوٹا سا بریک لیتے ہیں اور فوراً واپس آتے ہیں......کہیں مت جایئے گا۔

Break

لیاری ویلکم اگین......ناظرین......نیوٹن صاحب کا دل قابو میں آچکا ہے......آیئے ان سے سوالات کا سلسلہ دوبارہ شروع کرتے ہیں......جی نیوٹن بھائی......یہ بتایئے کہ کیا آپ کو بچپن سے ہی سائنسدان بننے کا شوق تھا؟

نیوٹن (نفی میں سر ہلاتے ہوئے) نہیں......سچی بات ہے......میں تو اداکار بننا چاہتا تھا......وہ تو جب میٹرک میں میرے نمبر اچھے آ گئے تو میں نے سوچا......چلو......اب سائنسدان ہی بن جاتے ہیں!!!

لیاری (منہ بنا کر) شکر کریں کہ آپ اداکار نہیں بن گئے......ورنہ شوبز میں ہمیشہ تھرڈ ڈویژن لیتے......ویسے ایک بات تو بتائیں......آپ نے کبھی ایٹم بم بنایا؟

نیوٹن (گڑبڑا کر کرسی سے پھسل جاتا ہے) نن......نہیں......خدا کی قسم نہیں......مجھے اپنے بچوں کی قسم میں نے کبھی ایسا کام نہیں کیا۔

لیاری اس میں گھبرانے والی کون سی بات ہے جناب......ایٹم بم بنانا کوئی آسان کام تو نہیں......!!!

نیوٹن ٹھیک کہا تم نے......ایٹم بم بنانا واقعی آسان کام نہیں، لیکن ایٹم بم بنا کر پھنسنا بڑا آسان کام ہے......میں ان چکروں میں کبھی نہیں پڑا۔

لیاری یعنی آپ سیب وغیرہ تک ہی محدود ہیں......فروٹ سائنسدان ہیں آپ...... ہے ناں!!!اچھا بتایئے آپ نے کوئی لیبارٹری وغیرہ بھی بنائی ہوئی ہے......؟؟؟

نیوٹن ہاں ہاں......کیوں نہیں......میری تین لیبارٹریاں ہیں...... بڑا صاف پرنٹ دیتے ہیں ہم لوگ......!!!

لیاری (چونک کر) یہ آپ کس لیبارٹری کی بات کر رہے ہیں جناب؟

نیوٹن بھئی کلر لیبارٹری کی بات کر رہا ہوں......کیمرے کی فلموں کی ڈویلپنگ اور پرنٹنگ والی لیبارٹری......!!!

لیاری (گہرا سانس لیتے ہوئے) حضور میں آپ سے سائنسدانوں والی لیبارٹری کا پوچھ رہا ہوں......جہاں آپ تجربے کرتے ہیں!!!

نیوٹن اوہ......اچھا......وہ لیبارٹری......بھئی مجھے کیا ضرورت تجربے کے لیے لیبارٹری بنانے کی؟ میرے تو زیادہ تر تجربے ہوتے ہیں کھیتوں اور باغوں میں ہیں......!!!

لیاری یعنی آپ سیب، انگور، مالٹے وغیرہ کو گرتے ہوئے دیکھتے رہتے ہیں......وری انٹرسٹنگ......اچھا نیوٹن صاحب یہ بتایئے کہ کیا آپ کبھی خلاء میں بھی گئے؟

نیوٹن ابھی تھوڑی دیر پہلے گیا تھا......!!!

لیاری (منہ بنا کر) ہم نے خلاء کا پوچھا ہے...... بیت الخلاء کا نہیں......

نیوٹن (چونک کر) اوہ ......تمہارا مطلب ہے خلاء......یعنی Space ......ہاں لیاری...... مجھے ایک دفعہ خلاء بازوں کی ایک خصوصی ٹیم کے ساتھ خلاء میں جانے کا اتفاق ہوا تھا......یقین کرو بڑا مزا آیا۔

لیاری مزا آیا؟؟؟......وہاں آپ کو خلائی مخلوق نے گول گپے کھلائے تھے؟

نیوٹن نہیں یار......خلاء میں جا کر تجربہ کرنے کا اپنا ہی مزا ہے!!! وہاں میں نے ایک عجیب وغریب تجربہ کیا!!! ہوا یوں کہ جب ہم خلاء میں پہنچے تو میں نے زور سے چیخ کر کہا......’’ہیلو......‘‘ آگے سے آواز آئی......’’سوری! رانگ نمبر‘‘

لیاری (گہرا سانس لیتے ہوئے) ذرا یاد کیجئے......میرا خیال ہے یہ تجربہ آپ نے خلاء میں نہیں، اپنے ساتھ والے PCO پر کیا ہوگا۔

نیوٹن نہیں لیاری......مجھے اچھی طرح یاد ہے' I was in space......اور تمہیں پتا ہے خلاء میں جاکر انسان زمین پر نہیں گرتا۔

لیاری (چونک کر) آسمان پر گرتا ہے کیا؟

نیوٹن نہیں......خلاء میں انسان بس تیرتا ہی رہتا ہے......Actuly وہاں کششِ ثقل نہیں ہوتی......وہاں جاکر زمین ہمیں اپنی طرف نہیں کھینچتی۔

لیاری لگتا ہے تمہارا زمین پر کوئی پلاٹ نہیں ہے......اگر ہوتا تو تم دیکھتے......خلاء سے بھی تمہیں زمین اپنی طرف کھینچ لیتی۔اچھا یہ بتاؤ کہ تمہاری شادی کب ہوئی؟

نیوٹن (آہ بھرتے ہوئے) کون سی......پہلی......یا تیسری؟

لیاری (چونک کر) تم نے تین شادیاں کیا......کمال ہے......ہم تو آج تک تم کو بڑا شریف سمجھتا رہا۔

نیوٹن لیاری......شریف انسان ہی شادیاں کرتا ہے......بدمعاش کو شادیاں کرنے کی کیا ضرورت؟

لیاری برابر بولتا ہے......اچھا ذرا اس بات پر روشنی ڈالو کہ تم نے تین شادیاں کیوں کیا؟

نیوٹن (گہرا سانس لیتے ہوئے) میرے دوست......تمہیں تو پتا ہے میں ایک سائنسدان ہوں......جب میری پہلی شادی ہوئی تو میں نے دلہن کا گھونگھٹ اٹھاتے ہی کہا......''میں کامیاب ہوگیا......میں کامیاب ہوگیا'' یہ سنتے ہی وہ چلائی......''میں ناکام ہوگئی......میں ناکام ہوگئی......'' بس پھر ایسی گئی کہ واپس نہیں آئی۔ جب دوسری شادی ہوئی تو میں نے گھونگھٹ اٹھاتے ہی کہا......''میں تمہیں آکسیجن کی طرح رکھوں گا'' وہ ڈر گئی اور کہنے لگی......''میں ساری زندگی سلنڈر میں نہیں گذار سکتی'' بس اتنا کہا اور طلاق مانگ لی......اور لیاری......جب میری تیسری شادی ہوئی تو جیسے ہی میں نے گھونگھٹ اٹھایا......آگے سے آواز آئی......''مجھ سے نباہ کرنا ہے تو کوئی نیا تجربہ نہ کرنا......'' میں نے تھوڑی دیر سوچ کر اس کی بات مان لی......میری یہی عقلمندی کام آئی اور میری شادی برقرار رہ گئی۔

لیاری بڑی دردناک داستان ہے آپ کی......میری آنکھوں میں تو ''گدگدی'' ہونے لگی ہے......اچھا نیوٹن صاحب! ہمارے ناظرین کو بتایئے کہ اکثر سنا ہے کہ سائنسدان بہت بور ہوتے ہیں......کیا یہ سچ ہے؟

نیوٹن بالکل ٹھیک سنا ہے......میری مثال سامنے ہے......میں تو ہر پانچ منٹ بعد ٹی وی کے پروگرام سے بور ہو کر نیا چینل لگا لیتا ہوں۔

لیاری (دانت پیستے ہوئے) ہم نے آپ کے بور ہونے کا نہیں پوچھا......ہمارا مطلب ہے کہ دوسرے لوگ آپ سے بور ہو جاتے ہیں؟

نیوٹن یہ سراسر غلط ہے......تم اتنی دیر سے مجھ سے باتیں کر رہے ہو......کیا تم بور ہوئے ہو؟

لیاری (گہرا سانس لے کر) ہماری تو روٹی روزی کی مجبوری ہے بھئی......ورنہ اللہ جانتا ہے ہم کو تو یہ بھی نہیں پتا کہ سائنس ''س'' سے لکھتے ہیں یا ''ص'' سے......!!!

نیوٹن (منہ بنا کر) بالکل ہی جاہل ہو......ذہن میں بٹھا لو کہ سائنس نہ ''س'' سے لکھتے ہیں' نہ ''ص'' سے......سائنس ''S'' سے لکھتے ہیں۔

لیاری دیکھو نیوٹن......ہم کو دوبارہ جاہل نہیں کہنا......تم کو پتا ہے اِدھر ایک دفعہ ہم نے فرعون کو انٹرویو کے لیے بلایا تھا' اُس نے ہمیں جاہل بولا تھا......اُس کے ساتھ ہم نے کیا کیا تھا؟؟؟

نیوٹن (خوفزدہ ہوتے ہوئے) کیا کیا تھا؟

لیاری (گہرا سانس لے کر) اس کو ہم نے معاف کر دیا تھا......لیکن یاد رکھو......تم کو ہم معاف نہیں کرے گا......تم سائنسدان ہے' ہم ساری دنیا کو معاف کر سکتا ہے' ڈاکوؤں' لٹیروں اور فرعونوں کو معاف کر سکتا ہے لیکن سائنسدان کو کسی صورت معاف نہیں کر سکتا......سمجھے تم!!!

نیوٹن (خوفزدہ ہو کر) اوکے' میں سمجھ گیا' میں آئندہ خیال رکھوں گا

لیاری (غصے سے) ایسے نہیں......کیمرے کی طرف منہ کر کے اپنے گناہ کی معافی مانگو......جلدی کرو......!!!

نیوٹن (خوفزدہ لہجے میں کیمرے کی طرف منہ کرتے ہوئے) میں اعتراف کرتا ہوں کہ ساری غلطی میری ہے' سارا قصور میرا ہے......مجھے معاف کر دیا جائے۔

لیاری یہ ہوئی ناں بات......اچھا یہ بتاؤ کہ ہم نے اکثر انگریزی فلموں میں دیکھا ہے کہ سائنسدان کا تجربہ ناکام ہو جائے تو کوئی اور ہی چیز بن جاتی ہے......آپ کے ساتھ بھی کبھی ایسا ہوا؟

نیوٹن (ہنستے ہوئے) یس......یس......لیاری ایک دفعہ ایسا ہوا کہ میں سبز اور سفید رنگ کے ایک نایاب خرگوش

پر تجربہ کر رہا تھا کہ غلطی سے اسے ایک کی بجائے دو انجکشن لگا دیے...... تجربہ الٹ ہو گیا اور جب خرگوش کو ہوش آیا تو وہ انسانی آواز میں گرج کر بولا ''نواں آیا ایں سوہنیاں ......!!!''

لیاری اوہو......لگتا ہے آپ نے غلطی سے مصطفیٰ قریشی کے خرگوش کو انجکشن لگا دیا...... اچھا یہ بتایئے کہ سنا ہے سائنسدان حسِ جمالیات سے عاری ہوتے ہیں...... ہمارا مطلب ہے کہ خوبصورتی وغیرہ میں کوئی دلچسپی نہیں لیتے ...... کیا یہ ٹھیک ہے؟

نیوٹن کیسی باتیں کرتے ہو لیاری...... کیا میں اتنی دیر سے تم میں، تمہاری باتوں میں دلچسپی نہیں لے رہا؟

لیاری (بڑبڑاتے ہوئے) اس کا مطلب ہے واقعی خوبصورتی سے آپ کو کوئی دلچسپی نہیں...... اچھا یہ فرمایئے کہ (فون کی بیل بجتی ہے) لیجئے اچھا ہوا...... آپ کے لیے کال آ گئی...... (فون اٹھاتے ہوئے) ہاں جی......!!!

زاھدہ میں میلسی سے زاہدہ بات کر رہی ہوں...... نیوٹن صاحب سے پوچھنا ہے کہ میرا بچہ سائنسدان بننا چاہتا ہے، کوئی مشورہ دیں......!!!

نیوٹن (گھبرا کر) میرا یہی مشورہ ہے کہ جلدی سے ون فائیو پر فون کرو!!!

لیاری (چونک کر) ون فائیو...... ابے یہ تو ایمرجنسی پولیس کا نمبر ہے

نیوٹن اسی لیے تو کہہ رہا ہوں...... اس سے پہلے کہ اِس خاتون کا بچہ ہاتھوں اور ملک سے نکل جائے...... فوراً ون فائیو ملائیں!!

لیاری (فون کی طرف منہ کرتے ہوئے) زاہدہ! بھئی نیوٹن کی بات پر ہرگز عمل نہ کرنا...... اس وقت یہ کچھ زیادہ ہی ٹُن لگ رہا ہے (فون بند کر دیتا ہے) یہ کیا حرکت کر رہے ہو بھئی...... اب سائنسدان بننا اتنی بھی خطرناک بات نہیں جتنی تم بنا رہے ہو۔

نیوٹن (گہرا سانس لے کر) لیاری...... جہاں حاکمیت، محکومیت میں بدل جائے...... جہاں آزادی کی مٹھائی میں غلامی کی مٹھاس شامل ہو جائے وہاں کچھ بھی کرنا خطرے سے خالی نہیں ہوتا......!!!

لیاری (بیل بجتی ہے) ہاں جی...... بولیئے!!

تنویر میں ہارون آباد سے تنویر شاہ بات کر رہا ہوں

لیاری جی شاہ جی...... ارشاد!

تنویر میں بھی ایک سائنسدان ہوں اور نیوٹن کا بہت پرانا دوست ہوں......کیوں بھئی نیوٹن مجھے پہچانا؟

نیوٹن (چونک کر) میرا دوست......کیا نام بتایا تم نے اپنا؟

لیاری تنویر شاہ نام بتایا ہے انہوں نے......ذہن پر زور ڈالیے......!!!

نیوٹن (خوشی سے) یاد آ گیا......یاد آ گیا......سب کچھ یاد آ گیا (یکدم انجان بنتے ہوئے) کون تنویر شاہ؟

لیاری (گہرا سانس لے کر فون کی طرف منہ کرتے ہوئے) شاہ جی......لگتا ہے نیوٹن صاحب اس وقت خلاؤں میں سفر کر رہے ہیں' اس وقت انہیں کچھ یاد نہیں آئے گا......آپ اس وقت فون کیجئے گا جب یہ اپنی اوقات میں ہوں گے۔شکریہ (فون بند کر دیتا ہے)

نیوٹن (کچھ سوچتے ہوئے) ویسے لیاری...... مجھے کچھ کچھ یاد آ رہا ہے......میرا خیال ہے شاہ صاحب پر بھی میں نے کوئی تجربہ کیا تھا......!!!

لیاری خوامخواہ پھڈوں والے بیان مت دیجئے......سارا پروگرام لائیو جا رہا ہے......ایسا نہ ہو ARY والے ہم پر کوئی تجربہ کر دیں......آپ چھوڑیں ساری باتیں اور یہ بتائیں کہ سائنسدان اور سیاستدان میں کیا فرق ہے؟

نیوٹن کوئی خاص فرق نہیں......دونوں ہی زیرِ عتاب آتے رہتے ہیں......ویسے میرا ذاتی خیال ہے کہ سائنسدان بننے سے پہلے سیاستدان بننا بہت ضروری ہے تاکہ بُرا وقت آنے پر انسان حکومت کی حمایت میں بیان دے کر جان تو چھڑا سکے۔

لیاری ثابت ہو رہا ہے کہ آپ پکے سیاستدان بھی ہیں......اچھا نیوٹن صاحب! یہ بتایئے کہ ہم نے تو سنا ہے سائنسدان بہت سگریٹ پیتے ہیں' لیکن آپ کے ہاتھ خالی ہیں......اس کی کیا وجہ ہے؟

نیوٹن اوہ سوری......(جیب سے ایک سگریٹ نکال کر لیاری کی طرف بڑھا دیتا ہے)

لیاری آپ خود پیئیں جناب' میری خیر ہے!!! مجھے پروڈیوسر نے منع کیا ہوا ہے۔

نیوٹن بے فکر رہو......میں سنبھال لوں گا......تم پیئو......!!!

لیاری بہت شکریہ......ویسے یہ سگریٹ کچھ عجیب سا لگ رہا ہے......(سگریٹ کو الٹ پلٹ کر دیکھتے ہوئے) کون سا برانڈ ہے یہ؟

نیوٹن اصل میں' یہ میرا اپنا تیار کردہ سگریٹ ہے......کیا فائدہ میرے سائنسدان ہونے کا' اگر میں سگریٹ پر تجربہ

نہ کروں؟

لیاری (حیرت سے) یعنی آپ نے سگریٹ پر بھی تجربہ کرلیا ہے؟

نیوٹن میں نے تو ماچس پر بھی کرنا تھا...... وہ تو جب سے لائٹر آیا ہے' میری ماچس میں دلچسپی کم ہوگئی ہے!!!

لیاری ماچس پر کیا تجربہ کرنا تھا جناب آپ نے؟

نیوٹن میں تجربہ کرنا چاہتا تھا کہ ماچس پر اگر لطیفے کی بجائے امجد اسلام امجد کی غزل لکھ دی جائے تو وہ زیادہ دیر چلے گی یا فوراً بجھ جائے گی

لیاری (گہرا سانس لے کر) اور سگریٹ پر آپ نے کیا تجربہ کیا...... کچھ ہمیں بھی بتائیے؟

نیوٹن ہاں...... سگریٹ کے ساتھ میں نے یہ کیا کہ اس کے اندر تمباکو کی بجائے بارود بھر دیا...... اور......!!!

لیاری (چونک کر اچھلتے ہوئے) یا الٰہی خیر...... سگریٹ کو ایک جھٹکے سے میز پر پھینک دیتا ہے...... (گھبرائے ہوئے لہجے میں) ناظرین ہم بم ڈسپوزل کو بلاتا ہوں آپ اتنی دیر اشتہار دیکھیں...... ہم ابھی آتا ہوں...... نیوٹن...... کہیں جانا مت...... (فون اٹھا کر) ہیلو...... بم ڈسپوزل...... بابا جلدی آؤ...... بریک ختم ہونے سے پہلے پہلے ادھر سے بم اٹھاؤ......!!!

Break

لیاری (اطمینان کا سانس لیتے ہوئے) خوش آمدید...... ناظرین...... مبارک ہو...... ہم نے نیوٹن کا تیار کردہ ''سگریٹ بم'' فیوز کروا دیا ہے' اب کسی قسم کا کوئی خطرہ نہیں ہے...... (نیوٹن کی طرف مڑتے ہوئے) ہاں بے...... اب بتا...... یہ کیا حرکت تھی...... اگر سٹوڈیو میں دھماکہ ہو جاتا تو پھر؟

نیوٹن اوہو...... تم بھی آدھی بات سنتے ہو...... بابا میں نے سگریٹ میں بارود بھرنے کا تجربہ کیا تھا لیکن وہ ناکام رہا' لہذا میں نے سگریٹ میں دوبارہ اعلیٰ کوالٹی کا تمباکو بھروا دیا۔

لیاری (گہرا سانس لے کر) کرلو بات...... کھودا پہاڑ...... نکلا تمباکو...... ابے یہ ڈرامہ کرنے کی کیا ضرورت تھی' خوامخواہ سب کی جان نکال دی۔

نیوٹن تم لوگ تو بات بات پر خوفزدہ ہو جاتے ہو...... اگر سگریٹ میں بارود ہوتا تو کیا میں نے سلامت رہنا تھا؟

لیاری تم کو اپنی جان کی کیا پرواہ ہوگا...... تم تو پہلے ہی اللہ کو پیارا ہو چکا ہے......!!! ویسے ایک بات ہم تم کو

بتا دیں اگر ہمارے سٹوڈیو کو کچھ ہو جاتا تو ہم نے اس سیٹ کے سارے پیسے تم سے نکلوانے تھے......تم کو پتا ہے یہ سیٹ کتنے کا لگا ہے؟

نیوٹن اتنے چھوٹے سے دھماکے سے تمہارا کیا بگڑنا تھا یار......ویسے بھی تمہارے ہاں دھماکا ہونا کون سی نئی بات ہے

لیاری یہ بھی ٹھیک ہے......اب تو جس دن دھماکا نہیں ہوتا......یہ بات بریکنگ نیوز بن جاتی ہے کہ بھئی آج دھماکا نہیں ہوا......اچھا نیوٹن! واپس اپنے انٹرویو کی طرف آتے ہیں' یہ بتاؤ کہ تمہارا پسندیدہ سائنسدان کون ہے؟

نیوٹن (گہرا سانس لیتے ہوئے) ......مجھے طاہر القادری صاحب بہت پسند ہیں......!!!

لیاری (چونک کر) طاہر القادری صاحب......یہ کون سے سائنسدان ہیں بھئی......یہ تو بڑے سیاستدان ہیں!!!

نیوٹن ہاں......لیکن تجربے بہت نئے نئے کرتے ہیں۔

لیاری (غصے سے) نیوٹن......نیوٹن......ابھی تم پھر پٹڑی سے اُتر رہا ہے......یہ لیاری کنگ لائیو ہے......یہاں جو بات بھی کرو سوچ سمجھ کر کرو......سمجھے......!!!

نیوٹن سچ سننے کی ہمت نہیں ہوتی تو ہم جیسی بڑی ہستیوں کو یہاں مت بلایا کرو......تمہیں پتا ہے مجھے بے شمار ٹی وی چینلز نے انٹرویو کے لیے آفر کی تھی' لیکن میں نے تمہاری آفر صرف اس لیے منظور کی' کیونکہ تمہارا پروگرام ARY پر آتا ہے......اور مجھے یقین تھا کہ یہاں میں ہر بات آزادی سے کر سکتا ہوں۔

لیاری شکریہ جناب......ویسے ہم تو ہر شخصیت کو آزادی سے بات کرنے کی اجازت دیتے ہیں......لیکن آزادی اور مادر پدر آزادی میں کچھ تو فرق ہونا چاہیے ناں......خیر......یہ بتائیے کہ آج کل آپ کیا کر رہے ہیں؟

نیوٹن (گہرا سانس لے کر) آج کل میں کوئی نیا قانون دریافت کرنے کا سوچ رہا ہوں......!!!

لیاری نئے کو چھوڑیں جناب......پہلے والے پر ہی صحیح طرح عمل درآمد ہو جائے تو سارا معاشرہ سدھر سکتا ہے......ویسے آپ آج کل کس چیز پر تجربات کر رہے ہیں؟

نیوٹن میں انسانیت پر تجربات کر رہا ہوں......میں دیکھنا چاہتا ہوں کہ آخر وہ کون سی وجوہات ہیں جس کی بناء پر بھائی بھائی کا دشمن بن جاتا ہے' بیٹا باپ پر ریوالور تان لیتا ہے' حکمران عوام سے غافل ہو جاتے ہیں' قانون مذاق بن کر رہ جاتا ہے......!!!

لیاری (آہ بھرتے ہوئے) تجربات تو آپ بہت اچھے کر رہے ہیں لیکن ہم کو نہیں لگتا آپ کبھی ان کا حل بھی نکال پائیں گے۔

نیوٹن (مسکراتے ہوئے) تمہیں کس نے کہا کہ ہم اس کا حل نکالنا چاہتے ہیں......ہم تو چاہتے ہی یہی ہیں کہ تم لوگ ان چھوٹے چھوٹے مسائل میں گھرے رہو اور ہماری آواز میں آواز ملاتے رہو......!!!

لیاری نیوٹن صاحب......آپ کی بات سن کر ہم کو غصہ تو بہت آیا ہے' لیکن آپ کو ایک راز کی بات بتائیں......یہ جو ہماری قوم ہے ناں! آپ کی سوچ سے بھی زیادہ چالاک ہے' یہ آپ جیسوں کی آواز میں آواز بھی ملاتی ہے اور بعد میں آپ کو گالیاں بھی دیتی ہے' آپ سے امداد بھی لے لیتی ہے اور آپ کی جڑیں بھی کاٹتی رہتی ہے......ان سے ذرا ہوشیار رہیے گا!!!

نیوٹن (چونک کر) واقعی......تم نے مجھے پہلے کیوں نہیں بتایا......پلیز......یہاں سے انٹرنیشنل کال ہو سکتی ہے؟ میں ایک کال کرنا چاہتا ہوں۔

لیاری (ادھر اُدھر دیکھتے ہوئے) ہو جائے گی......لیکن پروڈیوسر کو پتا نہ چلے......20 روپے فی یونٹ لوں گا......!!!

نیوٹن لیکن میں تمہارا مہمان ہوں' کیا مہمانوں کی ساتھ ایسا سلوک کرتے ہیں؟

لیاری میں بھی تو تمہارا میزبان ہوں' کیا میزبانوں کے ساتھ ایسا سلوک کرتے ہیں؟

نیوٹن کوئی بات نہیں......میں باہر جا کر کسی PCO سے کال کر لوں گا

لیاری ہاں بھئی......باہر جا کر مر جانا......کسی غریب لیاری کا بھلا نہ ہونے دینا......ویسے کال کرنی کس کو ہے؟

نیوٹن میں اپنے لوگوں کو بتانا چاہتا ہوں کہ تم لوگ ہمیں ڈبل کراس کر رہے ہو......سامنے کچھ ہوتے ہو......بعد میں کچھ......!!!

لیاری یہ فن ہم نے آپ ہی سے تو سیکھا ہے!!!

نیوٹن تم لوگ باہر ہمارے پاس آ کر چیزیں سیکھ جاتے ہو اور پھر اپنے ملک میں آ کر بنا لیتے ہو......کبھی خود سے بھی کچھ بنا لیا کرو۔

لیاری تم نے کبھی کراچی کی حلیم' ملتان کے دہی بڑے' حیدرآبادی نان کھائے ہیں؟

نیوٹن (حیرت سے) نہیں......کیوں؟

لیاری یقین کرو یہ سب ہم لوگ خود بناتے ہیں

نیوٹن (منہ بنا کر) کھانے پینے کے علاوہ تم لوگوں کو اور کام ہی کیا ہے

لیاری تیرے خیال میں کھانا پینا کوئی کام نہیں، کبھی اپنے آپ پر تجربہ کرو......تین دن بھوکا رہو......پھر دیکھو......تم خود کہو گے کہ دنیا میں سب سے بہترین کام ہی کھانا پینا ہے۔

نیوٹن لیاری......تم لوگ کھانے کے لیے زندہ رہتے ہو......ہم لوگ زندہ رہنے کے لیے کھاتے ہیں۔

لیاری کھاتے کہاں ہو......بس پیتے ہی پیتے ہو......اچھا یہ بتاؤ یہ تم بالوں میں کنگھی و نگھی نہیں کرتے......اور میرا خیال ہے شائد نہاتے بھی بارش کے بارش ہو......!!!

نیوٹن (اوپر دیکھتے ہوئے) اللہ کی شان ہے بھئی......کون سا بندہ مجھ سے کیا سوال کر رہا ہے......تم خود کبھی نہائے ہو؟

لیاری روز نہاتا ہوں......

نیوٹن ہوا سے نہاتے ہو کیا......پانی تو لگتا ہے ایک عرصے سے تمہارے قریب سے بھی نہیں گذرا۔

لیاری دیکھو نیوٹن......پروگرام ختم ہونے کے قریب ہے، کہیں ایسا نہ ہو کہ یہاں ڈبلیوڈبلیو ایف شروع ہو جائے۔

نیوٹن (ہنستے ہوئے) یار......کبھی خود بھی بھی تنقید برداشت کر لیا کرو......یقین کرو بڑی ترقی کرو گے۔

لیاری کیا مطلب ہے تمہارا......ہم کیا President بن جاوے گا

نیوٹن نہ نہ......زندگی میں کبھی بھی President نہ بننا

لیاری (حیرت سے) کیوں بھئی؟

نیوٹن یہ وہ واحد پوسٹ ہے جس میں آگے ترقی پانے کے کوئی چانسز نہیں

لیاری (سر ہلاتے ہوئے) بات تو سمجھ میں آتی ہے یار......اچھا یہ بتاؤ اگر ہم تم کو دوبارہ اپنے پروگرام میں بلائیں تو تم آئے گا؟

نیوٹن (کچھ سوچتے ہوئے) بڑا مشکل ہو جائے گا......!!!

لیاری کیوں، کوئی ویزے کی پرابلم ہے یا تمہارا نام ای سی ایل میں آنے والا ہے

نیوٹن نہیں......ایسی بات نہیں......اصل میں تمہیں تو پتا ہے شادیوں کا سیزن شروع ہو گیا ہے، یہی تو ہماری کمائی کے دن ہوتے ہیں۔

لیاری (چونک کر) کیا مطلب......تم تو سائنسدان ہے......تمہارا شادیوں کے سیزن سے کیا تعلق؟

نیوٹن (گہرا سانس لے کر) کیا بتاؤں لیاری......آج کل اکثر سائنسدان ایٹم بم بنانے کی بجائے شادی بیاہ میں پھوڑنے والے پٹاخہ بم بنانے میں زیادہ دلچسپی لے رہے ہیں...... بڑی کمائی ہے اس میں!!!

لیاری (سر پکڑتے ہوئے) یا میرا خدایا......آپ نے تو ہمارا سر چکرا کے رکھ دیا ہے بھئی......اب ہم مزید کوئی سوال نہیں کر سکتا......پروگرام کا وقت بھی ختم ہونے کو ہے......آپ ہمارے ناظرین کو کوئی پیغام دینا چاہیں تو بسمہ اللہ!!!

نیوٹن ہم پیغام نہیں......التجا کرنا چاہتا ہے کہ سائنسدان صرف وہ نہیں ہوتا جو میزائل یا ایٹم بم بناتا ہے...... ہر وہ شخص سائنسدان ہے جو خوشیاں ایجاد کرتا ہے......مسکراہٹیں ایجاد رتا ہے......محبتیں ایجاد کرتا ہے......پیار ایجاد کرتا ہے......آیئے ہم سب ایسے ہی سائنسدان بننے کا عہد کریں......میری گارنٹی ہے......کوئی آپ کی ڈی بریفنگ نہیں کرے گا۔

لیاری ناظرین......نیوٹن صاحب کا پیغام آپ نے سنا......کاش ہم سب اس پر عمل کر سکیں......اگلے ہفتے لیاری کنگ لائیو کے ساتھ ہم آپ کو ملائیں گے اِس شخصیت کے ساتھ............اب لیاری کنگ کو اجازت دیجئے......پھر ملیں گے۔رب راکھا!!!

چارلی چپلن

لیاری خواتین وحضرات لیاری کنگ کے ساتھ ویلکم' خوش آمدید۔ ناظرین! کچھ لوگ ہر کام خاموشی سے کرتے ہیں' کھانا خاموشی سے کھاتے ہیں' سوتے خاموشی سے ہیں......اور تو اور باتیں بھی خاموشی سے کرتے ہیں۔لیکن آج جو مہمان شخصیت یہاں تشریف فرما ہیں' ان کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ ہنساتے بڑی خاموشی سے ہیں۔ یقیناً آپ نے ان کی بہت سی خاموش فلمیں دیکھی ہوں گی' خاموش فلموں کی یہ بڑی خوبی ہوتی ہیں کہ انسان انہیں دیکھتے ہی خاموش ہوجاتا ہے۔آپ نے شائد آج تک ہماری مہمان شخصیت کو بولتے نہیں دیکھا ہوگا' ہم نے بڑی مشکل سے ان سے رابطہ کیا اور انہیں آج کے انٹرویو کے لیے بولنے پر مجبور کیا۔آیئے ملتے ہیں......آپ کے اور ہمارے......چارلی چپلن!!!

چارلی (مونچھیں پھڑکاتا ہے)

لیاری چارلی صاحب! ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں......کہیے ہمارے پروگرام میں آنا کیسا لگا؟

چارلی (منہ بنا کر) کچھ خاص اچھا نہیں لگا......آپ لوگ بولتا بہت ہے......کام کم کرتا ہے' بولتا زیادہ ہے......

لیاری آپ کی بات ٹھیک ہے لیکن بولے بغیر چارہ بھی تو نہیں......ویسے بھی خاموش فلموں کا دور ختم ہو چکا ہے......!!!

چارلی بالکل غلط......خاموش فلمیں اب بھی بنتا ہے......اور لوگ بڑے شوق سے دیکھتا ہے

لیاری　کیا کہہ رہے ہیں جناب......آج کل خاموش فلمیں کہاں بنتی ہیں؟؟؟

چارلی ہم نے کہا ناں بنتی ہیں......ہم نے خود کئی دفعہ دیکھا' تمہارے لوگ فلم دیکھ رہے ہوتے ہیں اور آواز بند ہوتی ہے

لیاری (کھسیانہ ہوکر) او جناب وہ خاموش فلم نہیں ہوتی' ڈاکومنٹری فلم ہوتی ہے......خیر چھوڑیں یہ بتائیں کہ آپ اتنا خاموش کیوں رہتے ہیں؟

چارلی لیاری......سیانے کہتے ہیں Silence is gold......خاموشی سونا ہے......!!!

لیاری وہ تو ہم کو بھی پتا ہے کہ جو بندہ سو رہا ہوگا وہ خاموش ہی ہوگا......!!!

چارلی اوہ نو......ہمارا مطلب ہے......خاموشی سونا ہے......سونا......گولڈ......!!!

لیاری اچھا چارلی چپلن صاحب......یہ فرمائیے کہ آپ نے مونچھوں کا سٹائل خود منتخب کیا تھا؟

چارلی (آہ بھر کر) یہ ایک Long story ہے' Actuly ہمارے نائی کا نا ہے!!!

لیاری کانا ہے......کس کا کانا ہے بھئی؟

چارلی اوہ نو......ہمارا مطلب ہے اس کی ایک آنکھ خراب ہے......ایک دن وہ ہماری شیو کر رہا تھا کہ اچانک رائٹ سائڈ پر مونچھ تھوڑی چھوٹی ہوگئی' اُس نے دوسری طرف سے برابر کیا تو وہ بھی چھوٹی ہوگئی' اس نے دوبارہ پہلی طرف سے اُسترا چلایا تو بالآخر ہوتے ہوتے ہماری صرف اتنی سی مونچھ بچ گیا......ہم نے سوچا اسی پر قناعت کرنا چاہیے......اس لیے ہم نے یہی سٹائل بنا لیا۔

لیاری ویری گڈ......اس کا مطلب ہے آپ قناعت پسند ہیں؟

چارلی یس......ہم بہت زیادہ قناعت پسند ہے......اتنے زیادہ کہ ہم نے اپنی شادی پر بھی ہر طرف قناعتیں ہی قناعتیں لگوا دی تھیں......اور اب بھی ہم جہاں قناعت دیکھ لیں......اندر گھس جاتے ہیں۔

لیاری بے شک وہاں کسی کے قُل ہو رہے ہوں......اچھا چارلی صاحب! آپ اپنی فلموں میں ہر کام اتنی تیزی

سے کیوں کرتے ہیں؟

چارلی (حیرت سے) لیاری......ہم تو بہت سست کام کرتا ہے......تیز تو تم لوگ ہے......یقین کرو ہم نے تمہاری بہت سی فلمیں دیکھی ہیں......تم لوگوں کی فلم میں چھوٹا سا بچہ پانچ منٹ میں جوان ہو جاتا ہے' ڈیڑھ گھنٹہ جوان رہنے کے بعد دس منٹ میں بوڑھا ہو جاتا ہے......!!!

لیاری بھئی وہ فلم کی ڈیمانڈ ہوتی ہے......اچھا یہ فرمایئے ہنسانا زیادہ مشکل ہے یا رلانا؟

چارلی نہ ہنسانا مشکل ہے' نہ رلانا......بلکہ ہنستے ہوئے یا روتے ہوئے کو چپ کرانا زیادہ مشکل ہے۔

لیاری ویسے آپ کی فلمیں دیکھ کر ہمارا تو ہنس ہنس کر برا حال ہو جاتا ہے......بڑا ہنساتے ہیں آپ!!!

چارلی اور تمہاری فلمیں دیکھ کر ہم جتنا ہنستا ہے......اوہ مائی گاڈ......تم لوگ بھی کسی سے کم نہیں......!!!ابھی پچھلے دنوں ہم نے تمہاری ایک فلم ''مولی جٹ'' دیکھا......بہت مزاحیہ تھا......بہت زیادہ......!!!

لیاری (حیرت سے) ''مولی جٹ'' یہ فلم کس کھیت میں لگی ہوئی ہے جناب......اوہ......آپ کا مطلب ہے ''مولا جٹ''......نہیں جناب وہ مزاحیہ فلم نہیں ہے......وہ تو ایکشن مووی ہے!!!

چارلی (ہنستے ہوئے) لیاری پلیز......کبھی تو سیریس ہو جایا کرو......!!!

لیاری کمال ہے......میں آپ کو کت کتاریاں کر رہا ہوں......بھئی سیریس ہی تو ہوں......اچھا یہ فرمایئے کہ آپ کا نام چارلی چپلن کیوں ہے......آپ کوئی چپلی کباب وغیرہ بناتے رہے ہیں؟

چارلی لیاری......پہلی بات تو یہ کہ پہلے ہمارا نام چارلی نہیں تھا......بلکہ پانچ لی تھا......ہمارا ایک بھائی کا ڈیتھ ہو گیا......اس کا نام بروس لی تھا......اُس کے بعد چونکہ ہم چوتھے نمبر پر آ گیا......اس لیے ہم نے اپنا نام چارلی رکھ لیا......اور جہاں تک چپلن کی بات ہے......تو ہم چپلی کباب نہیں، چپلیں بنایا کرتے تھے......!!!!

لیاری چپلیں......اوہ......تو آپ موچی ہیں؟

چارلی What......موچی کیا ہوتا......ہم کوئی موچی نہیں ہے......ہم Cobler ہے......!!!

لیاری آفرین ہے بھئی تیری Justification پر......اچھا یہ بتایئے کہ آپ کے باقی تین بھائیوں کے کیا نام ہیں؟

چارلی ہمارے ایک بھائی کا نام ہے جیٹ لی......ایک کا نام ہے بریٹ لی......اور سب سے بڑے کا نام ہے

کرسٹوفر لی......!!!

لیاری ویری گڈ......آپ سب بھائیوں کے نام میں "لی" آتا ہے......آپ کے والد صاحب کا نام "شرلی" تو نہیں تھا؟

چارلی اوہ نو......شرلی ہماری ماما کا نام ہے......والد صاحب کا نام تو "کھرلی" تھا!!!

لیاری اچھا......چارلی چیپلن جی......ہمارے ناظرین کو بتایئے کہ آپ سر پر ہر وقت ہیٹ کیوں پہنے رکھتے ہیں؟

چارلی (کھسیانہ ہوکر) Actuly......ہمارے پاس ہیٹ رکھنے کے لیے اور کوئی جگہ ہی نہیں ہے......!!!!

لیاری (بڑبڑاتے ہوئے) جگہیں تو خیر بہت سی ہیں......خیر یہ بتایئے کہ آپ کے ہاتھ میں Stick بھی تو ہوتی ہے......چھڑی......یہ آپ ہر وقت چھڑی ساتھ کیوں رکھتے ہیں؟

چارلی مسٹر لیاری......وہ امریکن ہی نہیں جس کے ہاتھ میں چھڑی نہ ہو......You know چھڑی کے بغیر ہم تم لوگوں کو کیسے اپنی بات سمجھا سکتا ہے۔

لیاری برابر بولتا ہے بھائی......ہم کو جدھر مرضی ہانکو......اچھا چارلی صاحب یہ بتایئے کہ آپ ہر وقت یہی لباس کیوں پہنتے ہیں......لگتا ہے گھر میں خاصی غربت ہے؟

چارلی (ادھر ادھر دیکھتے ہوئے) لیاری......انکم ٹیکس سے بچنے کے لیے ایسا کرنا ہی پڑتا ہے......تم بھی تو انکم ٹیکس والوں سے بچنے کے لیے یہ بیہودہ لباس پہنتے ہوناں......!!!

لیاری (غصے سے) ہم کو غصہ نہیں دلاؤ......یہ تم کو بیہودہ لباس نظر آتا ہے......اِس کی کیا جیبیں پھٹی ہوئی ہیں......کمال ہے......بابا انکم ٹیکس والوں سے ہم نے کیا بچنا ہے......ہماری کوئی انکم ہوگی تو ٹیکس لگے گا ناں......!!!

چارلی تم کیسے فنکار ہو......تمہاری کوئی انکم ہی نہیں؟؟؟

لیاری (آہ بھرتے ہوئے) تم سے کبھی کسی نے آٹوگراف لیا؟

چارلی (کچھ یاد کرتے ہوئے) نہیں......!!

لیاری ہم سے لوگ لیتے ہیں......اور یہی ہماری انکم ہے......!!! اچھا چارلی صاحب! ہم کو ایک اہم بات یاد آ گیا......یہ بتایئے کہ یہ جو بازار میں آپ کے نام کا پرفیوم ہے......یہ کیا آپ نے بنایا ہے......؟؟؟

چارلی (ہنستے ہوئے) اوہ یس......یس......یہ ہماری ہی ایجاد ہے......Actuly ہمارے Grand

pa......مشک کافور بیچا کرتے تھے'انہوں نے ہی یہ پرفیوم ایجاد کیا تھا......اور ہماری محبت میں اس کا نام ہمارے نام پر رکھ دیا۔

لیاری پھر تو بڑی انکم ہوتی ہوگی؟

چارلی (گھبرا کر) آہستہ بولو......دیواروں کے بھی کان ہوتا ہے

لیاری بےفکر رہیں......دیواروں کے کان ضرور ہوتے ہیں لیکن زبان نہیں ہوتی......!!!اچھا یہ بتائیے کہ آپ ہر وقت Smell کیوں لگاتے ہیں؟

چارلی واٹ......Smell......کیا مطلب ہے تمہارا؟

لیاری بھئی میرا مطلب ہے وہ جو آپ ٹائی کی جگہ پر لگاتے ہیں......اُسے کیا کہتے ہیں......Smell......میرا مطب ہے......بُو......!!!

چارلی (غصے سے) وہ بُو نہیں......''بو' ہوتی ہے......!!!

لیاری اوہ یس یس......میرا مطلب تھا آپ ہمیشہ بو کیوں لگاتے ہیں؟

چارلی Actuly ہم پارٹ ٹائم ایک ہوٹل میں ویٹر بھی ہے......بس ریکارڈنگ کے بعد سیدھا اُدھر چلا جاتا ہے' ڈریس چینج نہیں کرنا پڑتا......!!!

لیاری اچھا یہ بتائیے پہلے تو بچوں میں''چندا ماموں'' بڑے مشہور تھے......جب سے آپ آئے ہیں اب ہر طرف ''چارلی ماموں چارلی ماموں'' ہونے لگی ہے......اس کی کیا وجہ ہے؟

چارلی (آہ بھر کر) لیاری......پہلے ماموں' چندا کی شکل کے آتے تھے......آج کل ہماری شکل کے آرہے ہیں' اسی لیے ہر کوئی انہیں چارلی ماموں کہتا ہے۔

لیاری چارلی چپلن صاحب......آپ ہنسانے میں تو ماہر ہیں' یہ بتائیے کسی کو رُلا بھی سکتے ہیں؟

چارلی (آہ بھر کر) لیاری......تم کو کیا بتائیں کہ ہم نے زندگی میں کیا کیا دُکھ اٹھائے ہیں......ہم چھوٹا ہوتا تھا تو ہماری والدہ فوت ہوگئیں......بڑا ہوا تو والد صاحب بھی چلے گئے......ہم کو ہر قدم پر ٹھوکر ملا......ہم یتیم ہوگیا......ہمارے سارے سہارے چھوٹ گئے......

لیاری (روتے ہوئے اپنے آنسو صاف کرتا ہے) بس کرو چارلی......بس......ورنہ ہم پھوٹ پھوٹ پر رو پڑے

گا۔

چارلی (مسکراتے ہوئے) اب تو مان گئے ناں......دیکھ لو......ہم نے تم کو رُلا کے بھی دکھا دیا......!!!

لیاری (چونک کر) یعنی یہ ابھی جو آپ نے اپنے خاندان کو وفات دلائی ہے وہ سب نقلی تھی؟

چارلی (قہقہہ لگا کر) یس......آف کورس......وہ سب تو زندہ ہے......!!!

لیاری ناظرین......آپ دیکھ رہے ہیں کہ چارلی چپلن مسخرہ ہی نہیں، بہت زیادہ چالاک بھی ہے......ابھی ہم اس کو جانے نہیں دیں گے، آپ بھی یہیں رہیے گا......ایک چھوٹی سی بریک کے بعد ملتے ہیں...... Stay with us

Break

لیاری جی ناظرین......چارلی چپلن یہیں بیٹھا ہے آیئے اس سے اور سوالات کرتے ہیں......ہاں بھئی چارلی! یہ بتاؤ تمہیں ہمارے ہاں کے مزاحیہ اداکاروں میں سے کون پسند ہے؟

چارلی (کچھ سوچتے ہوئے) ہم کو وہ بہت پسند ہے، وہ کیا نام ہے اُس کا......ہاں......عزرائیل تارا......!!!

لیاری (غصے سے) اُس نے آپ کی جان نکالنے کی کوشش کی ہے......کمال ہے......بھئی وہ عزرائیل نہیں......اسماعیل ہے......اسماعیل تارا !!!

چارلی اوہ یس......سوری...... Actuly اس کی کامیڈی دیکھ کر ہنستے ہنستے ہمارا جان نکلنے والا ہو جاتا ہے......اسی لیے ہم اسکو عزرائیل تارا کہتا ہے......!!

لیاری اچھا یہ بتاؤ......کبھی سنجیدہ بھی ہوتے ہو؟

چارلی (گہرا سانس لے کر) لیاری......ہم تو بہت کوشش کرتا......لیکن ہم جب بھی سنجیدہ ہوتا......دوسروں کی ہنسی نکل جاتا ہے......!!!

لیاری وہ ہنسی تمہیں دیکھ کر نہیں نکلتی......تمہارے ملک کی پالیسیوں کو دیکھ کر نکلتی ہے......ویسے **چارلی** تم نے کبھی عراق، افغانستان اور فلسطین میں جا کر بھی روتے ہوؤں کو ہنسانے کی کوشش کی؟

چارلی یس......ایک دفعہ کوشش کیا تھا......وہ لوگ تو نہیں ہنسا......البتہ ہماری آنکھ میں آنسو آ گیا تھا......!!!

لیاری تم لوگوں کی آنکھوں میں آنسو......مگرمچھ کے آنسو ہی ہوں گے بھئی......!!! یہ فرمایئے کہ آپ اتنے دنوں سے ہمارے ملک میں آئے ہوئے ہیں، کہیں کوئی سیر بھی کی؟

چارلی یس......ہم نے تمہارا بہت سا جگھوں کی سیر کیا ہے......آج سارا دن کراچی دیکھا......!!!

لیاری ویری گڈ......کیسا لگا کراچی؟

چارلی اچھا گاؤں ہے......ہم کو بہت پسند آیا......!!!

لیاری (غصے سے) کراچی کو گاؤں کہہ رہے ہو......تم نے یہاں ہل چلتے ہوئے دیکھ لیا ہے یا کسی کنویں میں گر گئے تھے......کمال ہے......کراچی تو پاکستان کا جدید ترین شہر ہے......!!!

چارلی اوہ سوری...... Actuly ......ہمارا نالج بہت کمزور ہے!!!

لیاری تم خود بھی بہت کمزور ہے......ایک ہاتھ ماروں گا تو نیویارک سے برآمد ہوئے گا......بات کرتا ہے......خبردار دوبارہ کراچی کو گاؤں نہیں کہنا......!!! (فون کی بیل بجتی ہے) لو......تمہارے لیے فون آ گیا۔ ہیلو......کون بولتا ہے بھائی!!!

رافعہ میں بھائی نہیں بہن بات کر رہی ہوں......!!!

لیاری (منہ بناتے ہوئے فون چارلی کی طرف کرتے ہوئے) لے بھئی......کر بات......تیرا فون ہے!!!

رافعہ چارلی صاحب......میں رافعہ ہُما بات کر رہی ہوں

چارلی اوہ......رافعہ......ہم نے تم کو بہت پڑھا ہے......!!!

لیاری (غصے سے)ابے وہ رافعہ ہے......جغرافیہ نہیں......!!!

چارلی اوہ سوری......سوری......رافعہ پوچھو کیا پوچھتا ہے......!!!

رافعہ میں پوچھنا چاہتی ہوں کہ آج کل آپ فلموں میں کام کیوں نہیں کر رہے؟

چارلی (آہ بھر کر) کیا کریں جغرافیہ......اوہ سوری......رافعہ...... Actuly ......آج کل ہم سیاست میں آنے کا سوچ رہا ہے......اور......!!!

لیاری (چونک کر جلدی سے فون بند کرتے ہوئے)......ایک منٹ......ایک منٹ......تمہارا سیاست میں کیا کام بھئی؟ تمہیں سیاستدانوں والی حرکتیں زیب نہیں دیتیں......!!!

چارلی (منہ بنا کر) اور وہ جو تمہارا سیاستدان ہمارے جیسی حرکتیں کرتا ہے......اُن کے بارے میں کیا خیال ہے......!!!

لیاری دیکھو چارلی......بابا ہم کو غصہ نہیں دلاؤ......تم ہمارے ملک کے سیاستدانوں کو کچھ نہیں کہہ سکتا...... یہ ہمارا ذاتی معاملہ ہے......اور ویسے بھی تم لاکھ سیاست میں آ جاؤ......سیاستدان لگو گے نہیں......!!!

چارلی اوہ کم آن لیاری......ہم بہت جلد سیاست میں آ رہا ہے' تم دیکھنا...... ہماری پرفارمنس فلموں والی ہی ہوگی' پھر بتانا کہ کیا ہم سیاستدان لگتا ہے یا نہیں......!!!

لیاری اچھا چلو......فرض کیا......تم سیاست میں آ گئے......پھر کیا کرو گے؟

چارلی ہم انسانوں کو ان کے حقوق دلائے گا......!!!

لیاری (طنزیہ لہجے میں) پہلے اپنے حکمرانوں سے کہہ کر کشمیریوں' فلسطینیوں اور عراقیوں کے حقوق تو ان کو دلاؤ......!!! ان جیسا مظلوم کون ہوگا!

چارلی کیا بات کرتا ہے لیاری...... یہ لوگ کہاں سے مظلوم ہو گئے......سب سے زیادہ مظلوم تو یہودی ہیں' امریکی ہیں' جاپانی ہیں......ساری دنیا کو ان کے حقوق کے لیے جدوجہد کرنا چاہیے......!!!

لیاری (اچھلتے ہوئے) کیا کیا کیا...... یہ...... یہ کن مظلوموں کے نام لے رہے ہو......تمہارا بیڑہ غرق ہو......تم لوگوں کو اپنے علاوہ بھی کبھی کوئی مظلوم نظر آیا ہے...... یہ تو وہی بات ہوگئی...... ''ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام......وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا''

چارلی لیاری......کیا تمہیں پتا ہے عراق میں کتنے اتحادی فوجی ہلاک ہوئے ہیں......ان کے گھر والوں پر کیا بیتی ہے......عراقیوں کو ذرا شرم نہیں آئی' بیچارے معصوم اتحادی فوجیوں کو روزانہ بموں کا نشانہ بنا رہے ہیں......اور کیا یہ ظلم نہیں کہ اتنے مہنگے مہنگے ٹینک بھی عراقیوں نے جلا دیے!!!

لیاری واقعی بھئی......تُو پورا سیاستدان ہے......میری طرف سے سرٹیفکیٹ جاری ہے......اگر تم لوگ مظلوم ہے تو پھر فرعون بھی مظلوم تھا......چنگیز خان بھی مظلوم تھا......!!!

چارلی یس......آف کورس...... یہ سب لوگ مظلوم ہی تو تھے......لیاری تم لوگوں نے بھی تو آدھی دنیا پر حکومت کیا تھا......کیا وہ حکومت طاقت کے زور پر نہیں تھا......اگر آج ہم اپنی Power سے دنیا پر حکومت کر رہا ہے تو اس میں کیا برائی ہے......اپنے ذہن میں بٹھا لو لیاری......احتجاج کرنے سے کچھ نہیں ہوتا...... جو لوگ کچھ نہیں کر سکتے......وہ احتجاج کرتے ہیں......اپنے آپ کو اس قابل بناؤ کہ کوئی تمہاری طرف میلی آنکھ سے نہ دیکھ سکے۔

لیاری اب ایسی بھی بات نہیں ہے......الحمدللہ ہم لوگ اس قابل ہو چکا ہے......اب ہم کسی دنیاوی طاقت سے خوف نہیں کھاتا......!!!

چارلی (سرگوشی کرتے ہوئے) تمہیں پتا ہے تمہاری ساری باتیں واشنگٹن میں براہ راست سنی جا رہی ہیں......!!!

لیاری (خوفزدہ ہوتے ہوئے) واقعی......ابے مروا نہ دینا......خدا کے لیے میری طرف سے وہاں جا کر معذرت کر دینا......سمجھ رہے ہو ناں......ہم تو ہمیشہ سے آپ کے وفادار رہے ہیں اور رہیں گے۔

چارلی (طنزیہ لہجے میں مسکراتے ہوئے) شاباش......Good boy......یہ ہوئی ناں بات!!!

لیاری اچھا چارلی چپلن صاحب یہ فرمایئے کہ اگر اس وقت ہم آپ سے فرمائش کریں کہ ہمیں خاموش رہ کر ہنسائیں، تو کیا آپ ہنسا سکیں گے؟

چارلی یہ کون سا مشکل بات ہے؟ یہ تو ہمارے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے......ہم ایک سیکنڈ میں تم کو ہنسا سکتا ہے۔

لیاری ویری گڈ......ویری Intresting......تو پھر بسمہ اللہ کیجئے......!!!

چارلی او کے......تم ابھی ہنسے گا......!!!

لیاری نہیں نہیں......سوال ہی پیدا نہیں ہوتا......ہم بڑا پکا لیاری ہوں......!!!

چارلی (کوٹ کی جیب میں سے سو روپے کا نوٹ نکال کر لیاری کی طرف بڑھا دیتا ہے)

لیاری (حیرت سے نوٹ لیتے ہوئے) یہ......یہ کیا ہے بھئی......سو روپے کا نوٹ......کمال ہے بھئی......(لیکن اس میں ہنسنے والی کون سی بات ہے)

چارلی (خاموشی سے ایک اور سو کا نوٹ نکال کر لیاری کی طرف بڑھاتا ہے)

لیاری (نوٹ لیتے ہوئے) ایک اور نوٹ......یا اللہ خیر......چارلی صاحب......آپ ہوش میں تو ہیں......!!

چارلی (ایک اور نوٹ نکال کر بڑھاتا ہے)

لیاری (خوش ہوتے ہوئے) ویری گڈ......یہ......تو بڑی اچھی کامیڈی ہے

چارلی ایک اور نوٹ نکالتا ہے!!!

لیاری (نوٹ لیتا ہے اور ہنس ہنس کر بے حال ہو جاتا ہے) بھئی چارلی صاحب......آپ واقعی بہت اچھے کامیڈین ہیں......بہت اچھے!!!

چارلی کیوں پھر......آ گئی ناں ہنسی؟

لیاری Please carry on (ہاتھ آگے کرتے ہوئے) یہ کامیڈی ذرا دس منٹ اور جاری رکھئے!!!

چارلی (سیدھا ہوتے ہوئے) نہیں......ہمارا مطلب نکل گیا ہے......اب ہم تم کو پیسے نہیں دے سکتا......تمہیں پتا ہے لیاری......ہم تم لوگوں سے اسی طرح خاموشی سے اپنی ہر بات منوالیتا ہے......!!!

لیاری بابا اس طرح کون تمہاری بات ماننے سے انکار کر سکتا ہے......ہم کو تھوڑی سی لفٹ اور کراؤ......پھر ہماری پھرتیاں دیکھو......!!!

چارلی تم بھی تو بہت بڑا کامیڈین بنتا ہے......اب ذرا تم ہم کو ہنسا کر دکھاؤ

لیاری (گھبرا کر) نہیں بابا......ہم تم کو نہیں ہنسا سکتا......ہم نے ابھی بجلی کا بل بھی دینا ہے

چارلی (زوردار قہقہہ لگا کر) ویری گڈ، تم نے تو واقعی ہم کو ہنسا دیا......(قہقہے لگانے لگتا ہے)

لیاری (چارلی کے قہقہے لگانے کے دوران) ناظرین......جتنی دیر اس کی ہنسی کا پیریڈ جاری ہے، ہم اور آپ مل جل کر مشہوریاں دیکھتے ہیں......کہیں مت جایئے گا......ورنہ ہم ناراض ہو جاؤں گا......ابھی آتے ہیں ایک بریک کے بعد۔

Break

لیاری ہم دوبارہ حاضر ہیں......امید ہے آپ بھی وہیں موجود ہوں گے......لیجئے واپس چارلی چپلن کی طرف چلتے ہیں......چارلی میاں! یہ بتاؤ کہ آج کل اتنی ٹینشن کا دور ہے......لوگ ہنسنا تک بھول گئے ہیں......آخر یہ ٹینشنز کیسے ختم ہو سکتی ہیں؟

چارلی لیاری......ٹینشن ختم کرنے کا صرف ایک ہی طریقہ ہے......اپنی ٹینشن کسی اور کے پلّے ڈال دو......!!!

لیاری کیا مطلب......ہم سمجھا نہیں......!!!

چارلی ہم سمجھاتا ہے......دیکھو......ہمارے ملک کو جب بھی کوئی ٹینشن ہوتی ہے، ہم اپنی ٹینشن کسی اور ملک کو ٹرانسفر کر دیتا ہے اور خود چین کی نیند سوتا ہے......کبھی غور کرو......ہم اپنے دشمنوں سے خود نہیں لڑتا......تم جیسے لوگوں کو آگے کرتا ہے......اسی لیے ہمیں کبھی ٹینشن نہیں ہوتی......

لیاری یہ تو آپ نے ہمیں اور بھی ٹینشن میں ڈال دیا ہے......ویسے ایک بات ہے، آپ کہتے تو ہیں کہ آپ کو ٹینشن

نہیں ہے، لیکن اللہ جانتا ہے، آپ کو اچھی خاصی ٹینشن ہے...... ہے ناں؟

چارلی ہم ٹینشن میں بھی ''اٹینشن'' رہتا ہے، جبکہ تم لوگ اٹینشن میں بھی ٹینشن لیے رکھتا ہے......اسی لیے ہر کام الٹا کرتا ہے۔

لیاری (غصے سے) ہم کیا گاڑی ریورس گیئر میں چلاتا ہے......یا لیٹ کر پانی پیتا ہے......کمال ہے، تم لوگوں کو انٹرویو کے لیے بلاتے ہیں......تم لوگ ہماری انسلٹ شروع کر دیتے ہو، کبھی اپنے گریبان میں بھی جھانک کر دیکھا ہے......ایمان سے چھ چھ ہفتوں کی میلی بنیانیں نظر آئیں گی......بات کرتا ہے......!!! ابھی ہم کو آرام سے انٹرویو کرنے دو......اور یہ بتاؤ کہ تم کتنے دن کے لیے ادھر آیا ہے؟

چارلی آیا تو ہم چار دنوں کے لیے ہے......لیکن سوچ رہا ہے ادھر ہی کاروبار شروع کر لوں

لیاری کاروبار......کیسا کاروبار

چارلی بھئی اپنی کوئی پروڈکشن کمپنی وغیرہ کھولنے کا ارادہ ہے

لیاری (طنزیہ لہجے میں) ایسٹ انڈیا کمپنی نہ کھول لینا......وہ لوگ بھی برصغیر میں ایسے ہی گھُسا تھا......!!! ویسے پروڈکشن کمپنی میں تم کیا چیز بنائے گا؟

چارلی ہم سوپ سیریل بنائے گا......کیونکہ اب کامیڈی سے زیادہ سوپ سیریل میں پرافٹ ہے......اس کے لیے میں نے کچھ رائٹرز سے بھی بات کر لی ہے اور اپنے ڈراموں کے نام بھی سوچ لیے ہیں......!!!

لیاری کیا نام سوچے ہیں بھئی......ہم کو بھی بتاؤ......اسی بہانے مفت میں پبلسٹی ہو جائے گی

چارلی ہمارے ایک ڈرامہ کا نام ہوگا......''شش......کوئی نہیں......آ جاؤ''...... دوسرے ڈرامہ کا نام ہوگا......''کہانی گڑبڑ کی......'' اور تیسرے ڈرامہ کا نام ہوگا......''کیونکہ سُسر بھی کبھی داماد تھا......''

لیاری ہٹ ہے بابا......ہٹ ہے......سارا پروگرام ہٹ ہے......ویسے ہماری مانو......ایک چوتھا ڈرامہ بھی شروع کر لو......اس کا نام رکھنا......''کھیس میں نکلا ہوگا چاند......'' ایمان سے خواتین بڑے شوق سے دیکھیں گی۔

چارلی ویسے لیاری......آپس کی بات ہے......تم لوگوں کی اکثر خواتین ایسے ڈرامے اتنے شوق سے کیوں دیکھتا ہے؟

لیاری یار وہ ڈرامے کہاں ہوتے ہیں......فیشن شو ہوتے ہیں......ہماری بیگم نے میک اپ کے سارے سٹائل

وہیں سے سیکھے ہیں......ہم تو بہت تنگ آیا' ہوا ہے...... بڑا منع کرتا ہوں کہ یہ چینل نہیں لگاؤ......لیکن وہ نہیں مانتی......اب ہم بھی لیاری ہوں' ہم نے ایک نیا طریقہ نکالا ہے' ٹی وی میں سے وہ والا چینل ہی غائب کر دیا ہے اور اس کی جگہ کارٹون نیٹ ورک سیٹ کر دیا ہے۔ مزے کی بات ہے کہ ہماری بیگم کو پتا ہی نہیں چلا......اب وہ سارا میک اپ کارٹونوں والا کرنے لگی ہے......(قہقہہ لگا کر) آج تو بالکل پنک پینتھر لگ رہی تھی......!!!

چارلی لیکن لیاری......ہم جو سوپ بنائے گا وہ تم بھی پسند کرے گا

لیاری چکن کارن سوپ بنانا......ایمان سے بہت پسند ہے ہم کو

چارلی اوہ نو......ہم ''سُوپ'' نہیں ''سوپ'' کی بات کرتا ہے......سوپ......!!!

لیاری سمجھ گیا......سمجھ گیا......ہمارے ماموں کے لڑکے نے بھی ایک سوپ بنایا ہے......سگریٹ مارکہ سوپ...... بڑا اچھا صابن ہے بھئی!!

چارلی (سر پکڑتے ہوئے) اوہ مائی گاڈ......لیاری......تم کو سوپ سیریل کا نہیں پتا......حالانکہ تم میڈیا کا بندہ ہے!!!

لیاری ہم کسی میڈیا ویڈیا کا بندہ نہیں......ہم صرف اللہ کا بندہ ہوں......سمجھ آئی!!! (فون کی بیل ہوتی ہے) لو......آ گیا فون!!! ہیلو......کون بولتا ہے؟

سیٹھ ہیلو......ہم سیٹھ چینی والا بولتا ہے' ذرا رُباب سے بات کراؤ!!!

لیاری (چونک کر) رُباب......کون رُباب...... جناب آپ نے کہاں فون کیا ہے؟

سیٹھ اے......رُباب سے بات کرا......زیادہ ٹر ٹر نہیں کر' سمجھے' اپن کو اور بھئی کئی کام ہے۔

لیاری سیٹھ چینی والا صاحب......آپ نے کہاں فون کیا ہے جناب؟

سیٹھ تم کون بدتمیز ہے؟

لیاری ہم کو نہیں پہچانا......ہم لیاری ہوں

سیٹھ اوہو......رانگ نمبر مل گیا......اپن نے تو ڈیفنس فون کیا تھا...... یہ لیاری میں کہاں سے مل گیا (فون بند کر دیتا ہے)

لیاری (فون بند کرتے ہوئے) کمال ہے......(اوپر منہ کرتے ہوئے) پروڈیوسر صاحب! یا لائن ٹھیک ملائیے

یا پھر یہاں رُباب کو بھی بلا یئے!!! حد ہو گئی ہے......اچھا چارلی صاحب یہ بتایئے کہ......(دوبارہ فون کی بیل بجتی ہے)
ہیلو......کون؟

سیٹھ (غصے سے) ابے تو یہاں بھی آ گیا......تیری جرات کیسے ہوئی رُباب کے گھر آنے کی؟

لیاری (سر پکڑتے ہوئے) بابا ہم لیاری ہوں لیاری......لیاری کنگ......تیرے کو ایک پنچ ماروں گا تو تب یقین آئے گا......(غصے سے فون بند کر دیتا ہے)

چارلی لیاری......ہم کو لگتا تمہارا فون کسی کے فون سے مکس اپ ہو گیا!!!

لیاری (منہ بنا کر) اچھا اب آپ ہم سے اتنا مکس اپ ہونے کی کوشش نہ کریں......اور یہ بتائیں کہ رُباب کہاں ہے......اوہ سوری......سوری......ہم معافی چاہتا ہوں......اس کال نے تو سارا دماغ ہی الٹ کے رکھ دیا......(دوبارہ بیل بجتی ہے) ہیلو......بابا یہاں کوئی رُباب نہیں ہوتی۔

رُباب ارے آپ کو میرے نام کا کیسے پتا چلا......!!!

لیاری (چونک کر) لو کر لو بات......یہ تو رُباب کا ہی فون آ گیا......بولو بی بی......بولو......کیا بولتا ہے......!!!

رُباب میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ میرے بالوں میں بہت خشکی رہتی ہے......مجھے کیا کرنا چاہیے؟

لیاری (غصے سے) مٹی کے تیل سے بال دھو کر آگ پر سُکھائیں......کمال ہے......بی بی یہ لیاری کنگ لائیو ہے......کوئی ''وینا بیوٹی پارلر'' نہیں (فون بند کر دیتا ہے) دیکھ رہے ہو چارلی......کیسے کیسے فون آ رہے ہیں......!!!

چارلی (مسکرا کر) ٹینشن مت لو چارلی......مسکراؤ......صرف اور صرف ہنسو......!!!

لیاری بہت اچھے......بابا ہم کو ہنسنے کے نہیں' ہنسانے کا پیسہ ملتا ہے......ابھی ہم خود ہنسنے بیٹھ جائیں گا تو پروڈیوسر تو رونے بیٹھ جائیں گا ناں......!!! اچھا تم یہ بتاؤ......تم اپنی فلم خود ہی لکھتا ہے' خود ہی ڈائریکٹ کرتا ہے' خود ہی ایکٹنگ بھی کرتا ہے......پیسہ تو بہت کم لگتا ہو گا؟

چارلی (مسکراتے ہوئے) لیاری......تم لوگ یہاں سے (اپنی جیب کی طرف اشارہ کرتا ہے) فلم بناتا ہے اور ہم لوگ (اپنے دماغ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) یہاں سے فلم بناتا ہے۔

لیاری (دماغ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) یہاں کیا آپ نے کوئی کیمرہ فٹ کروا رکھا ہے

چارلی ایسا ہی سمجھ لو......تم یقین نہیں کرے گا......ہم لوگوں کی جو فلمیں تم کو بہت ہیوی بجٹ لگتی ہیں وہ ہم اپنے

دماغ سے صرف سٹوڈیو میں رہ کر بنا تا ہے۔

لیاری برابر بولتا ہے بابا......تم لوگ تو ایک سیٹ پر بھی پوری پوری فلم بنا لیتا ہے......اچھا یہ بتاؤ تم نے اتنا اچھا کام کیا' لوگوں کو ہنسایا......تمہارا کوئی شاگرد بھی ہے؟

چارلی (آہ بھرتے ہوئے) ہمارے بہت سے شاگرد ہیں جنہوں نے ہمارے سٹائل کو اپنایا ہے اور خاموش رہ کر کامیڈی کیا......لیکن وہ مانتے نہیں!!!

لیاری کون کون سے شاگرد ہیں......ذرا ناظرین کو بتایئے!!!

چارلی (ہچکچاتے ہوئے) پھر تم مائنڈ کرے گا کہ ہم نے سیاستدانوں کا نام کیوں لیا......!!!

لیاری (چونک کر) دیکھو چارلی......کوئی ایسی بات نہیں کرنے کا......جو ''سلنسر'' ہو جاوے

چارلی سلنسر نہیں چارلی......سنسر......سنسر

لیاری (لاپرواہی سے) ایک ہی بات ہے......جو بات سنسر نہ ہو......اس کی نوبت سلنسر تک پہنچ ہی جاتی ہے......اچھا یہ بتاؤ تم لوگوں کی پسندیدہ شخصیت ہے' اگر تم کو کسی ملک کا صدر بنا دیا جائے تو بن جائے گا؟

چارلی نہیں......بالکل نہیں......یہ آفر مجھے پہلے بھی کئی جگہ سے ہو چکی ہے

لیاری لیکن کیوں......آخر اس میں ہرج ہی کیا ہے؟

چارلی دیکھو لیاری...... یہ جو ہمارا لباس ہے ناں یہ ہم کو بہت عزیز ہے......لوگ کہتے ہیں کہ صدر بننے کے بعد تم کو دوسرا لباس پہننا پڑے گا' ہم نے انکار کر دیا......کیونکہ ہمارا لباس اب ہماری وردی ہے......اور ہم اپنی وردی نہیں اتار سکتا......بس......!!!!

لیاری جتنی گہری باتیں تم کرتا ہے ناں......ہم کو پورا یقین ہے......تم کو جلوس میں گولی لگے گا......اچھا یہ بتاؤ ہم نے دیکھا ہے کہ تم اپنی فلموں میں کہیں بھی ٹک کر نہیں بیٹھتا......اس کی کیا وجہ ہے؟

چارلی اصل میں ہم کو پھوڑا نکلا ہوا ہے......ویسے بھی ہم کو لوگوں کے سروں پر کھڑا ہونے کا زیادہ مزا آتا ہے۔

لیاری ہاں بھئی......ہم لوگوں کے سروں پر بھی تو تم لوگ ہی کھڑا ہے......خیر......کوئی بات نہیں......ہم لوگ بھی تمہاری جڑوں میں نہ بیٹھ گیا تو نام بدل دینا۔ اچھا یہ بتاؤ چارلی......کہ تم بوڑھا کیوں نہیں ہوتا......ہم جب سے دیکھ رہے ہیں تم اتنے کا اتنا ہی ہے۔

چارلی (قہقہہ لگا کر) ہم میں اور تم میں یہی فرق ہے.....تم جوان ہو کر بھی بوڑھے لگتے ہو.....ہم بوڑھے ہو کر بھی جوان لگتے ہیں..... ہاہاہاہاہا.....!!!

لیاری ابھی تم پھر پھڈے والی بات کرتا ہے.....تم کو پتا ہے ہماری فلموں کا ہیرو کی عمر کیا ہوتی ہے.....ستر سال.....80 سال.....ابھی ہم تم کو ندیم صاحب سے ملائیں تو تم حیران رہ جاؤ.....وہ اب بھی 20 سال کے لگتے ہیں۔اور تو اور ہماری ایک اور ہیروئین صائمہ جی کو دیکھ لو.....!!!

چارلی اوہ.....I know her...i know her.....میں صائمہ کو جانتا ہوں.....یہ وہی صائمہ ہیں ناں جنہوں نے فلم ''لڑکی پنجابن'' میں بھی کام کیا تھا؟

لیاری (آہ بھرتے ہوئے) جی وہی ہیں..........حالانکہ اکثر لوگوں کا خیال ہے کہ اس فلم کا نام لڑکی پنجابن کی بجائے ''آنٹی پنجابن'' ہونا چاہیے تھا.....خیر گولی ماریں ان باتوں کو.....آپ یہ فرمائیں کہ اگر کوئی آپ جیسا کامیاب کامیڈین بننا چاہے تو اسے کیا کرنا چاہیے؟

چارلی کچھ بھی نہیں.....!!!

لیاری کیا مطلب.....؟؟؟

چارلی بھئی سیدھی سی بات ہے.....کچھ بھی نہیں.....ہر وہ بندہ جو زندگی میں کچھ نہیں کرتا.....وہ اصل میں کامیڈی ہی تو کرتا ہے' اپنے آپ سے' اپنے بچوں سے' اپنے رشتہ داروں سے.....اپنے ملک سے.....سب سے کامیڈی کرتا ہے۔لیاری تم لوگ صرف کامیڈی کرتا ہے' اور ہم لوگ کامیڈی میں بھی اپنے مقصد کو نہیں بھولتا.....تم لوگ صرف ہنساتا ہے.....اور ہم لوگ ہنسانے کے ساتھ ساتھ کام کی بات بھی کرتا ہے۔تم نے کبھی غور کیا کہ آج کل کی کامیڈی فلمیں اور ڈرامہ کیوں ناکام ہو رہا ہے.....اس کی وجہ صرف یہی ہے کہ ان میں کوئی مقصد نہیں ہوتا.....کوئی Message نہیں ہوتا۔

لیاری ارے.....آپ تو سنجیدہ ہو گئے.....ویسے Message سے یاد آیا.....آپ پہلی مرتبہ ہمارے پروگرام میں آئے ہیں' ہمارے ناظرین کو کوئی Message دینا چاہیں گے؟

چارلی ہم صرف یہی Message دے گا کہ کبھی کسی کو کوئی Message نہ دیں.....ایک دفعہ ہم نے سڑک پر کھڑے ہوئے ایک بندے کا Message ایک لڑکی کو دیا تھا' اُس لڑکی نے اپنے سینڈل سے ہمارا وہ پٹائی کیا کہ ہم

کو نانا یاد آ گیا۔

لیاری اب میں لڑکی والے Message کی بات نہیں کر رہا...... ہمارا مطلب ہے آپ اپنے دیکھنے والوں کو کوئی پیغام دینا چاہتے ہیں؟

چارلی اوہ یس...... کیوں نہیں...... ہم اپنے دیکھنے والوں سے اپیل کرتا ہے کہ وہ کامیڈین کی حرکتوں اور جملوں پر صرف ہنسا نہ کریں بلکہ غور بھی کیا کریں' کامیڈی کے ذریعے بڑی سے بڑی بات آسانی سے کہی جا سکتی ہے' اور اس موقع پر ہم لیاری تمہارا خاص طور پر شکریہ ادا کرتا ہے کیونکہ ہم تمہارا پروگرام باقاعدگی سے دیکھتا ہے اور ہم کو خوشی ہے کہ تمہارا پروگرام میں ہنسی مذاق کے ساتھ ساتھ کام کی باتیں بھی ہوتی ہیں۔

لیاری ناظرین...... ابھی چارلی چپلن ہمیں مکھن لگا رہے تھے...... ہم ان کے شکر گذار ہیں کہ وہ ہمارے پروگرام میں تشریف لائے' آپ سے اجازت بعد میں لیں گے...... پہلے کچھ جھلکیاں ہمارے اگلے پروگرام کی دیکھئے...... اگلے ہفتے ہم لا رہے ہیں آپ کے لیے اِن کو............ اور اب ہمیں اجازت دیجئے...... زندگی رہی تو اگلے ہفتے پھر ملاقات ہو گی...... انشاءاللہ...... خدا حافظ!!!

الزبتھ ٹیلر

لیاری خواتین وحضرات! لیاری کنگ کے ساتھ لیاری کنگ کا سلام قبول کیجئے......ناظرین! ہمارے پروگرام میں آج کی شخصیت اتنی معروف ہیں کہ ہم ان کا نام لیں گے اور آپ سمجھ جائیں گے......آپ کی طرح ہماری بھی آج ان سے پہلی ملاقات ہے......آیئے ملتے ہیں......ہالی وڈ کی معروف اداکارہ......الزبتھ ٹیلر......!!! ہیلو......الزبتھ!!!

الزبتھ آئی ایم فائن لیاری......!!!

لیاری میڈم......آپ فلم انڈسٹری کی معروف ترین اور خوبصورت ترین شخصیت رہی ہیں' یہ بتایئے کہ آپ کو اداکاری کا شوق کیسے ہوا؟

الزبتھ (ڈانس کا پوز بناتے ہوئے)......ایسے......!!!

لیاری (حیرت سے) ہم سمجھا نہیں......!!!

الزبتھ Actuly......ہم کو (ڈانس کا پوز بناتے ہوئے) ڈانس کرنے کا بہت شوق تھا' ایک دفعہ ایک ڈائریکٹر نے دیکھا تو کہنے لگا......آپ فلم میں کام کریں......میں تو پہلے ہی تیار بیٹھی تھی......لہٰذا انکار کرنا مناسب نہیں

سمجھا اور فوراً حامی بھر لی۔

لیاری ہاں بھئی......آپ کے متعلق تو مشہور ہے کہ آپ انکار کی عادی ہی نہیں ہیں......!!! اچھا یہ بتائیں صرف اداکاری ہی آتی ہے یا گانا　　　وانا بھی آتا ہے......!!!

الزبتھ ہمارے اُدھر صرف گانا ہوتا ہے......''وانا'' صرف تمہارے اِدھر ہی ہوتا ہے

لیاری (آہ بھر کر) اسی لیے اس کے ساتھ حشر بھی ''وانا'' والا ہو رہا ہے......اچھا یہ بتاؤ کہ تم اتنی مشہور اداکارہ ہے' کبھی ہمارے پنجابی پروڈیوسر نے بھی تم کو اپنی پنجابی فلم کی آفر کیا؟

الزبتھ آہو!

لیاری (چونک کر) یہ آہو کیا ہوتا ہے میڈم؟

الزبتھ (مسکرا کر) جی ہاں کو پنجابی میں کہتے ہیں......''آہو''

لیاری انفارمیشن دینے کا شکریہ......پھر آپ نے پنجابی فلم میں کام کیوں نہیں کیا؟

الزبتھ (شرما کر) مجھے Field سے بہت ڈر لگتا ہے

لیاری کمال ہے......آپ تو شروع سے ہی اس فیلڈ میں کام کر رہی ہے

الزبتھ اوہو......ہم اس فیلڈ کی بات نہیں کرتا......ہم پنجابی والے فیلڈ کی بات کرتا ہے......فیلڈ......یعنی کھیت......!!!

لیاری میڈم......کھیتوں کا پنجابی فلموں سے کیا تعلق؟

الزبتھ (ہنستے ہوئے) ویل سیڈ......ویل سیڈ......لیاری......تمہارے کھیتوں کا اتنا تعلق کسان سے نہیں ہوتا جتنا پنجابی فلموں سے ہوتا ہے!

لیاری (ہنستے ہوئے) بالکل صحیح فرمایا آپ نے......اچھا آپ اتنی خوبصورت ہیں' کبھی کسی فلم میں دلہن بھی بنیں؟

الزبتھ میں فلم میں اور فلم سے باہر بے شمار دفعہ دلہن بن چکی ہوں

لیاری ارے ہاں......آپ کی تو شادیاں بھی بہت مشہور ہیں' اچھا یہ فرمایئے آپ کو شادیاں کرنے کا بہت شوق تھا یا یہ آپ کا پارٹ ٹائم بزنس تھا......ہمارا مطلب ہے کہ آپ نے اتنی شادیاں کیوں کیں؟

الزبتھ مجھے کسی پیار کرنے والے ساتھی کی تلاش تھی......!!! بس اسی لیے میں ہر دو ماہ بعد اپنا میاں بدل لیتی

تھی......یقین کرو لیاری میں نے اتنے زیادہ میاں تبدیل کیے کہ تمہارے لوگوں نے مجھے ’’میاں۔والی‘‘ کہنا شروع کر دیا تھا۔

لیاری اچھا آپ نے شادیاں زیادہ کی ہیں یا آپ کو طلاقیں زیادہ ہوئیں؟

الزبتھ (کچھ سوچ کر) طلاقیں زیادہ ہوئی ہیں......Actuly You know......ہمارے اُدھر راتیں چھوٹی اور دن بڑے ہوتے ہیں۔

لیاری سمجھ میں نہیں آیا......خیر......یہ بتائیے آپ خود اتنی بڑی ہیروئن تھی......کبھی کسی ہیرو سے متاثر ہوئیں؟

الزبتھ (آہ بھر کر) یس......عمران خان!!!

لیاری کچھ خدا کا خوف کریں......عمران خان نے تو کبھی فلموں میں کام ہی نہیں کیا

الزبتھ I know...i know......لیکن وہ ہمارے لیے ہیرو ہے

لیاری (معنی خیز نظروں سے) اب بھی......اب تو آپ نے اسے دوبارہ ہمارے حوالے کر دیا ہے......اچھا خیر یہ فرمائیے آپ نے اتنی شادیاں کیں‘ آپ کو شادی کے لیے ہیروز زیادہ اچھا لگتا ہے یا ڈائریکٹر......!!!

الزبتھ مجھے میک اپ مین زیادہ پسند ہیں......وہ ہر وقت میری بیوٹی کے لیے فکر مند رہتے ہیں۔

لیاری ویری گڈ......اچھا یہ بتائیے آپ کو فلم انڈسٹری میں کتنا عرصہ ہو گیا ہے؟

الزبتھ یہی کوئی پچاس سال

لیاری ورآپ کی عمر کتنی ہے؟

الزبتھ اطمینان سے) تیس سال......!!!

لیاری (منہ بنا کر) بابا ہم نے گذری ہوئی عمر پوچھی ہے......باقی مانندہ نہیں......!!!

الزبتھ بتایا تو ہے......میں تیس سال کی ہونے والی ہوں......!!!

لیاری ہونے والی ہیں......یعنی ابھی بھی تھوڑا مارجن ہے......کمال ہے......اگر آپ کی عمر تیس سال کی ہے تو آپ پچاس سال سے فلموں میں کیسے آ رہی ہیں؟

الزبتھ (آنکھ مارتی ہے)

لیاری اوکے......ہم سمجھ گیا......ایسے جواب تو ہم ایک سیکنڈ میں سمجھتا ہے......اچھا یہ فرمائیے الزبتھ ٹیلر صاحبہ اگر

ہم آپ کو تھوڑی سی زحمت دیں تو آپ مائنڈ تو نہیں کریں گی......ویسے کام آپ سے Related ہی ہے۔

الزبتھ (چونک کر) کسی کو فلم میں کام دلانا ہے؟

لیاری نہیں......ایک سوٹ سلوانا ہے......!!!

الزبتھ What......سوٹ سلوانا ہے......تمہیں میں درزی لگتی ہوں؟

لیاری تو کیا آپ درزی نہیں ہیں......کمال ہے......پھر آپ کے نام کے ساتھ ٹیلر کیوں لگا ہوا ہے......ہم تو آج تک آپ کو درزی سمجھتا رہا۔

الزبتھ (منہ بنا کر) تمہارے ایک ایکٹر کا نام بھی تو اسماعیل تارا ہے......اب بتاؤ......کیا اُس میں کوئی تاروں والی بات ہے؟

لیاری آپ کی بات کا جواب دینے کی ہمیں اجازت نہیں ہے......اچھا یہ بتائیے کہ آج کل آپ کیا کر رہی ہیں؟

الزبتھ زندگی کے لیے کوئی ساتھی ڈھونڈ رہی ہوں جو مخلص ہو......باوفا ہو......

لیاری (محبت آمیز نگاہوں سے) کوئی ملا؟

الزبتھ (وارفتگی سے) ملا تو نہیں......لیکن دل کہتا ہے مل جائے گا

لیاری ظاہری بات ہے......دنیا میں ایک سے ایک بدنصیب پڑا ہے......اچھا یہ بتائیے آپ شوہر کے علاوہ کھانے میں کیا پسند کرتی ہیں؟

الزبتھ مجھے نہاری اور سردائی بہت پسند ہے

لیاری ماشاءاللہ......کام آپ کے نازنینوں والے ہیں......غذائیں آپ کی پہلوانوں والی ہیں......اچھا یہ بتائیے کبھی ڈائٹنگ بھی کی؟

الزبتھ بہت زیادہ......میں تو اتنی پرھیزی ہوں کہ قسم تک نہیں کھاتی......ایک قسم بھی کھا لوں تو وزن بڑھ جاتا ہے۔

لیاری بڑی نازک طبیعت ہے جی آپ کی......یہ تو بتائیے کہ آپ اپنے بالوں کے لیے کون سا شیمپو استعمال کرتی ہیں؟

الزبتھ (وگ اتارتے ہوئے) اس عمر میں تو شیمپو کی بجائے پورے بال ہی استعمال کرتی ہوں......!!!

لیاری (چیخ مارتے ہوئے) ارے......آپ......آپ تو......ناظرین! ایک بریک لیتے ہیں، ہم کو لگ رہا ہے کہ

ہمارا ہارٹ اٹیک ہونے والا ہے......ابھی تھوڑی دیر میں ملتے ہیں......کہیں جائیے گا مت......آپ کی مدد کی ضرورت پڑسکتی ہے......!!!

Break

لیاری (دل پر ہاتھ رکھتے ہوئے) ناظرین......ہم نے بڑی مشکل سے دل کو سنبھالا ہے......آیئے الزبتھ آنٹی......ہمارا مطلب ہے الزبتھ ٹیلر سے گفتگو دوبارہ شروع کرتے ہیں......آپ کو اپنے علاوہ بھی کوئی ہیروئین پسند ہے؟

الزبتھ (معنی خیز نظروں سے) ہاں......افغانستان والی ہیروئن پسند ہے......!!!

لیاری افغانستان والی......(غصے سے) بابا ہم وہ سوٹا لگانے والی ہیروئن کی بات نہیں کرتا......فلمی ہیروئین کا پوچھتا ہوں......آپ جیسی ہیروئین۔

الزبتھ اوہ......اچھا اچھا......وہ تو ہمیں صرف اور صرف صائمہ پسند ہے......!!!

لیاری ارے واہ......آپ کو ہماری ہیروئین صائمہ پسند ہے......وہ کیوں جی؟

الزبتھ اس کی ایک بڑی خوبی ہے......وہ دور سے ہی نظر آجاتی ہے

لیاری یہ تو ہے......ویسے آپس کی بات ہے......وہ قریب سے بھی نظر آجاتی ہے......ہم نے کئی دفعہ ان کی فلمیں اگلی سیٹ پر بیٹھ کر دیکھی ہیں' اچھا یہ بتایئے کوئی ایسا کردار جو آج تک کرنے کی حسرت ہو؟

الزبتھ ہاں......میں ایک وفا شعار بیوی کا کردار ادا کرنا چاہتی ہوں......نیک بیوی کا کردار!!!

لیاری بڑے مشکل کردار کا انتخاب کیا ہے آپ نے......لگتا تو نہیں کہ آپ کر پائیں گی......پھر بھی......ہماری دعائیں آپ کے ساتھ ہیں' اچھا یہ بتایئے کہ آپ کا کوئی پرسنل سیکرٹری بھی تھا؟

الزبتھ میرا ہر شوہر میرا پرسنل سیکرٹری ہی ہوتا تھا......!!!

لیاری (طنزیہ لہجے میں) لیکن آپ کا ہر پرسنل سیکرٹری آپ کا شوہر تو نہیں ہوتا تھا ناں......اچھا یہ بتایئے آپ سے بڑی پیاری خوشبو آرہی ہے' کوئی خاص قسم کا پرفیوم لگایا ہوا ہے؟

الزبتھ یہ پرفیوم نہیں......میری وفا کی خوشبو ہے......!!!

لیاری (طنزیہ لہجے میں) یہ خوشبو آپ کے شوہروں کو کیوں نہیں آتی......!!!

الزبتھ (منہ بنا کر) ان کے ساتھ میں وفا کرتی ہی نہیں......

لیاری بہت اچھے......اچھا یہ بتایئے اگلی شادی کب کر رہی ہیں؟

الزبتھ اتنی جلدی نہیں......میں اتنی بھی بے صبری نہیں......ابھی تو پچھلی شادی کو صرف ایک ماہ ہوا ہے......کم از کم ایک ماہ تو اور گذرنا چاہیے۔

لیاری بالکل بالکل......اُس غریب کا بھی آپ پر کوئی حق ہے......اچھا یہ بتایئے زندگی میں آپ نے کبھی کوئی دوست بھی بنایا؟

الزبتھ نہیں......میں دشمن بناتی ہوں......بعد میں اُس سے دوستی ہو جاتی ہے

لیاری ویری گڈ......اچھا یہ بتایئے آپ تو فلمی دنیا کو اچھی طرح سے سمجھتی ہیں، کبھی کوئی فلم ڈائریکٹ بھی کی؟

الزبتھ ہاں......ٹائی ٹینک بنانے کی آفر ہوئی تھی......میں نے انکار کر دیا......!!!

لیاری وہ کیوں جی؟

الزبتھ (منہ بنا کر) مجھے پینٹنگ میں کوئی دلچسپی نہیں......!!!

لیاری (گہرا سانس لے کر) سنا ہے شروع شروع میں آپ ڈائریکٹرز کی بڑی منتیں کیا کرتی تھیں؟

الزبتھ وہ تو میں اب بھی کرتی ہوں......لیکن اب کوئی مانتا ہی نہیں......سب کہتے ہیں اب ہم شادی نہیں کرنا چاہتے

لیاری اچھا الزبتھ ٹیلر......یہ بتاؤ......شادیاں تو تمہاری بہت سی ہیں، بچے کتنے ہیں؟

الزبتھ مجھے بچے بالکل بھی پسند نہیں......بڑوں کی بات کرو

لیاری ٹھیک ہے جی......یہ بتایئے کہ کوئی ایسا کردار جسے ادا کرنے سے آپ نے انکار کر دیا ہو۔

الزبتھ ہاں......ایک دفعہ مجھے ایک ایسی عورت کا کردار ادا کرنے کو کہا گیا جس نے ساری زندگی شادی نہیں کی، میں نے یہ کردار ادا کرنے سے انکار کر دیا......!!!

لیاری (چونک کر) وہ کیوں بھئی......آپ کے لیے یہ کون سا مشکل کام تھا؟

الزبتھ مشکل تو نہیں تھا......لیکن بڑا بورنگ تھا......میں تو ایسا سوچ بھی نہیں سکتی......You know

لیاری اچھا الزبتھ ٹیلر صاحبہ......آپ کو ایوارڈ تو بہت سے ملے ہوں گے......!!! کوئی ایسا ایوارڈ جو یادگار ہو۔

الزبتھ ہاں......میں ''نائن الیون'' کونہیں بھول سکتی!

لیاری (چونک کر) نائن الیون......اس کوکون بھول سکتا ہے جناب......لیکن ہم ایوارڈ کی بات کررہے تھے!

الزبتھ میں بھی ایوارڈ کی بات کررہی ہوں......ایوارڈ نمبر 911......یہ ایوارڈ مجھے مسلسل گیارہ ماہ تک شادی نہ کرنے پر ملا تھا!

لیاری اچھا ایک بات سچ سچ بتایئے......آپ کو فلم میں کام آپ کی خوبصورتی کی وجہ سے ملتا تھا یا آپ کی پرفارمنس کی وجہ سے؟

الزبتھ پرفارمنس کی وجہ سے (معنی خیز نظروں سے دیکھتے ہوئے) ڈائریکٹر میری پرفارمنس سے بہت خوش ہوتے تھے اور لیاری یاد رکھنا' جو ہیروئین ڈائرکٹر کو خوش کردے......وہ کامیاب ہی کامیاب ہے۔

لیاری اچھا ایک ذاتی سا سوال ہے......آپ ایک فلم کا کتنا معاوضہ لیتی ہیں؟

الزبتھ (سوچ کر) ویسے تو دس لاکھ ڈالر لیتی ہوں......لیکن اگر ڈائریکٹر میرا ہونے والا شوہر ہو تو پھر کافی رعائیت کردیتی ہوں......

لیاری کافی سمجھدار ہیں آپ' اچھا آپ کو شہری زندگی زیادہ پسند ہے یا دیہاتی؟

الزبتھ آئی لو شیری......He is a smart guy

لیاری ہم نے شہری کہا ہے......آپ اپنے دوست شیری کا ذکر لے بیٹھی ہیں......اچھا یہ بتایئے آپ کو کون سی زبان پسند ہے؟

الزبتھ میزبان......میزبان

لیاری اللہ جھوٹ نہ بلوائے......آپ کا اشارہ ہماری طرف تو نہیں؟

الزبتھ آف کورس......اس وقت تو تم ہی میزبان ہو؟

لیاری آپ کی زبان مبارک ہو......دعا کیجئے......یہ میزبان کسی کو زبان دکھانے کے قابل رہ جائے......چلیں اب ذرا یہ بتایئے کہا آپ نے کبھی کوئی کامیڈی کردار بھی کیا؟ کوئی مزاحیہ......کوئی ہنسانے والا کردار؟

الزبتھ فلم میں تو نہیں......البتہ عملی زندگی میں میرے شوہروں کا کہنا ہے کہ میں ایسا ہی کرتی ہوں......!!!

لیاری آپ کو آپ کے فینز کے فون تو بہت آتے ہوں گے اور......(فون کی بیل بجتی ہے) لو......ابھی بات کی'

ابھی فون آ گیا......ہیلو!!!

شبیر ہائے......میں شبیر بات کر رہا ہوں

لیاری ہائے......لگتا ہے آپ کو جوڑوں کا درد ہے......جی فرمائیے جناب

شبیر آپ کی نئی آنے والی فلم کا کیا نام ہے؟

لیاری جتنی ان کی عمر ہوگئی ہے......آپ یہ پوچھئے کہ آپ کی نئی آنے والی عینک کا کیا نام ہے؟

الزبتھ دیکھو نوجوان......میری نئی فلم اور نیا شوہر ایک ساتھ ریلیز ہوں گے......امید ہے اگلے ماہ تک آپ کوئی خوشخبری سن سکیں گے۔

لیاری (فون بند کرتے ہوئے) لگتا ہے آپ کا پسندیدہ ذکر ہے شادی اور شوہر...... ہماری بھی کوئی شادی وادی کروادیں......ہم تو دوسری شادی کی بات بھی کرے تو ہمارا بیگم چھری لے کر ہمارے پیچھے بھاگ پڑتا ہے......!!!اچھا یہ بتائیے آپ سب سے زیادہ خوش کب ہوتی ہیں؟

الزبتھ جب طلاق ہوتی ہے

لیاری بیڑہ غرق ہو آپکا......آپ اپنی طلاق پر خوش ہوتی ہیں......(فون کی بیل بجتی ہے) لیجئے......آ گیا ایک اور فون؟

سلیل جناب میں سلیل بات کر رہا ہوں......

لیاری بڑا نیا نام ہے جناب آپ کا......یہ سلیل کسے کہتے ہیں؟

سلیل سلیل مجھے ہی کہتے ہیں جناب......میں الزبتھ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ مجھے طلاقیں کروانے کا بڑا تجربہ ہے، کیا میں آپ کے سیکرٹری کی حیثیت سے کام کر سکتا ہوں؟......

لیاری (منہ بنا کر) سلیل صاحب......پلیز ذرا چیک کیجئے کہ آپ کے نام میں کہیں ''ذ'' (زال) تو نہیں آتا......ہم کو شک سا ہو رہا ہے

الزبتھ نہیں جناب......اب تو میں خود بڑی تجربہ کار ہو چکی ہوں......آپ کو کوئی مسئلہ ہو تو مجھے بتائیے گا......طلاق لینے کے ایک ہزار ایک گُر ہیں میرے پاس......!!!

لیاری (فون بند کرتے ہوئے) سن لیا......خوامخواہ شرمندہ کروا دیا......بابا وہ خود بڑی کھلاڑی ہیں، ان کے آگے

کون بول سکتا ہے......اچھا الزبتھ ٹیلر صاحبہ...... یہ بتایئے کہ آپ کا زیادہ تر وقت کہاں گذرتا ہے؟

الزبتھ گھر میں......!!!

لیاری کس کے گھر میں؟

الزبتھ چڑیا گھر میں......!!!

لیاری وہاں آپ کیا کرنے جاتی ہیں؟

الزبتھ مجھے رائیڈنگ کا بہت شوق ہے' وہاں میں گھوڑے دیکھنے جاتی ہوں

لیاری اچھا یہ بتایئے کہ آپ کی جائیداد کتنی ہے؟

الزبتھ میری جائیداد تو صرف ایک بنگلہ اور دو گاڑیاں ہیں

لیاری اچھلتے ہوئے) ارے اتنی بڑی اداکارہ کی اتنی تھوڑی سی جائیداد

الزبتھ وہی تو بتا رہی ہوں...... ویسے تو میرے پاس تین چار سو کنال زمین ہے' بیس تیس بنگلے اور ڈیڑھ سو گاڑیاں ہیں......لیکن ان میں سے میری ذاتی صرف ایک بنگلہ اور دو گاڑیاں ہیں...... باقی سب گفٹ میں ملی ہیں۔

لیاری بڑی بات ہے......ہم کو تو گفٹ میں ہمیشہ رومال ہی ملتا ہے...... وہ بھی لوکل......اچھا یہ بتایئے آپ اپنی فلمیں کبھی خود بھی دیکھتی ہیں؟

الزبتھ (منہ بنا کر) نہیں......میں ایسی فلمیں نہیں دیکھتی......!!!

لیاری کمال ہے......اچھا آپ بہت سی جگہوں پر گئی ہوں گی...... سب سے اچھا کون سا ملک لگا؟

الزبتھ افریقہ

لیاری وہ کس لیے؟

الزبتھ مجھے بچپن سے ہی وحشی دیکھنے کا بہت شوق تھا...... وہاں ہر قسم کے وحشی پائے جاتے ہیں......ایمان سے واپس آنے کو دل ہی نہیں کرتا' اصل میں مجھے جنگلوں کی زندگی بہت بند ہے......!!!

لیاری وکیلوں سے تو آپ کی بہت دوستی ہوگی......طلاقوں وغیرہ کے سلسلے میں ان سے ملنا جلنا رہتا ہوگا

الزبتھ نہیں......اس کے لیے مجھے وکیلوں کے پاس نہیں جانا پڑتا......اور آپ بھی یاد رکھئے گا کہ میں خود طلاق نہیں لیتی' میرے خاوند مجھے خود ہی طلاق دینے پر مجبور ہو جاتے ہیں...... آخر پرفارمنس بھی کوئی چیز ہے......!!!

لیاری اب تو آپ فلمیں وغیرہ چھوڑ چکی ہیں، مستقبل میں کیا کرنے کا ارادہ ہے؟

الزبتھ صرف اور صرف شادیاں......!!!

لیاری (آہ بھرتے ہوئے) ہاں بابا...... براڈ مائنڈڈ ہونے کے بھی تو بڑے فائدے ہیں......اچھا یہ بتائیے کہ آپ کو موسم کون سا پسند ہے؟

الزبتھ صرف اور صرف عاشقانہ......!!!

لیاری (مسکرا کر) وہی......ہمارے والا ذہن ہے آپ کا بھی......اچھا یہ بتائیے......!!! ہمارا مطلب ہے آپ کی تعلیم کتنی ہے؟

الزبتھ جتنی تمہاری ہے......!!!

لیاری اوہ......اس کا مطلب ہے اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں آپ......اچھا یہ بتائیے آپ کتنے بہن بھائی ہیں؟

الزبتھ ہم دو بہنیں اور بیس شوہر ہیں......!!!

لیاری بیس شوہر......یعنی آپ کی بہن بھی شادیوں کی شوقین ہیں......

الزبتھ اوہ نو نو......اسکی تو ابھی شادی ہی نہیں ہوئی، یہ تو میں نے اپنی تعداد بتائی ہے

لیاری تمہارا خانہ خراب ہو......تم تو لگتا ہے شادیوں کی سنچری کرے گی......اچھا یہ بتاؤ الزبتھ......تم کپڑے تو بہت خریدتی ہوگی؟

الزبتھ نہیں......میں تو زیادہ تر شوٹنگ میں مصروف رہتی ہوں......!!!

لیاری وری گڈ......اچھا ایک بات بتائیے......آپ ایک وقت میں کتنی فلمیں سائن کرتی ہیں؟

الزبتھ میں کوئی بھی فلم سائن نہیں کرتی......صرف انگوٹھا لگاتی ہوں......!!!

لیاری اوہ......تو گویا انگوٹھا چھاپ ہیں آپ......اچھا یہ بتائیے کبھی کسی سے سچا پیار بھی کیا؟

الزبتھ وقت ہی نہیں ملتا......لیکن اب فارغ ہوں......اب اسی بارے میں سوچ رہی ہوں...... ہاں یاد آیا......تمہارا کوئی فون نمبر ہے؟

لیاری (غصے سے) نہیں......اور خبردار ہمیں اپنی لسٹ میں شامل نہ کیجئے گا......ہم لیاری ہوں......اور یہ کراچی ہے......شادی کرلی تو واپس نہیں جانے دوں گا۔

الزبتھ ظالم......میں کب واپس جانا چاہتی ہوں

لیاری آپ......آپ دیکھیں ایسی باتیں نہ کریں......میری بیوی یہ پروگرام دیکھتی کم اور سنتی زیادہ ہے......(فون بجتا ہے)......یا اللہ......خیر......اسی کا فون نہ ہو......ہیلو......کون؟؟؟

جیکی چن ہیلو الزبتھ......آئی ایم جیکی چن فرام امریکہ......!!!

لیاری ارے......جیکی چن......فون کرنے کا شکریہ بھائی......ایک بات تو بتاؤ یار...... یہ امانت چن تمہارا کیا لگتا ہے؟

جیکی چن وہ میرا دور کا بھائی ہے......الزبتھ سے بات کراؤ

لیاری کرو بھائی کرو......تمہاری تو اس سے کافی دوستی ہوگی......

جیکی چن ہیلو الزبتھ......تم یہاں کہاں؟

الزبتھ اوہ......جیکی......مجھے یہ لیاری انٹرویو کے لیے یہاں لایا ہے......تم سناؤ کیسے ہو؟

جیکی چن آئی ایم آل رائٹ......دھیان رکھنا......آئی تھنک......ان لوگوں نے تمہاری ساری فلمیں دیکھی ہوئی ہیں......!!!

الزبتھ (مسکراتے ہوئے) اوہ ڈونٹ وری......ڈونٹ وری......

لیاری (فون بند کرتے ہوئے) اب بس بھی کر دے......کیوں اپنا فون کٹوائے گا......اچھا الزبتھ صاحبہ آپ خوبصورتی میں اپنی ماں پر گئی ہیں یا والد صاحب پر......!!!

الزبتھ میں خوبصورتی میں ایف ایم پر ہوں

لیاری (حیرت سے) ایف ایم......آپ کا مطلب ہے ریڈیو پر

الزبتھ اوہ......نونو......آئی مین......ایف......ایم......فادر اینڈ مدر

لیاری آپ کی باتیں بھی پوری پہیلیاں ہوتی ہیں' اچھا یہ بتایئے کہ آپ برتھ ڈے کب مناتی ہیں؟

الزبتھ 15 اگست کو

لیاری آپ پندرہ اگست کو پیدا ہوئی تھیں

الزبتھ نہیں......پیدا تو میں 2 مئی کو ہوئی تھی......!!!

لیاری (غصے سے) پیدا آپ 2 مئی کو ہوئی تھیں' برتھ ڈے 15 اگست کو مناتی ہیں.......!!! یہ کیا مذاق ہے؟

الزبتھ اوہو......برتھ ڈے میں اُس دن مناتی ہوں جب مجھے پہلی دفعہ ٹرین میں برتھ ملی تھی......!!!

لیاری آپ نے تو کمال کی وضاحت کر دی......ناظرین......آپ بھی اپنی برتھ ڈے اور سالگرہ تلاش کیجئے' ہم ابھی ایک بریک کے بعد پھر آتے ہیں......جایئے گا مت......!!!

Break

لیاری ویلکم اگین......الزبتھ ٹیلر تا حال یہاں موجود ہیں......آیئے ان سے گفتگو وہیں سے سٹارٹ کرتے ہیں جہاں سے سلسلہ ٹوٹا تھا......جی الزبتھ ٹیلر صاحبہ......آپ ہنستی بہت اچھی لگتی ہیں......کبھی روتی بھی ہیں؟

الزبتھ یہ جو میں آپ کو ہنستی ہوئی لگتی ہوں......اصل میں رو رہی ہوتی ہوں

لیاری کمال ہے......یعنی آپ سرِعام دھوکا دے رہی ہوتی ہیں......اچھا یہ بتایئے سیاسی شخصیات سے تو آپ کی بڑی ہیلو ہائے ہو گی؟

الزبتھ (ہنستے ہوئے) بالکل ٹھیک کہا......میں انہیں ہیلو کہتی ہوں......ان کی ہائے نکل جاتی ہے

لیاری آپ ہیں ہی اتنی مہلک......اچھا یہ فرمایئے آپ کی کبھی اپنے کسی خاوند سے لڑائی بھی ہوئی؟

الزبتھ (یاد کرتے ہوئے) میرا خیال ہے بارہویں خاوند سے میری بہت زبردست لڑائی ہوئی تھی......وہ کہتا تھا میں گیارہواں خاوند ہوں' میں نے کہا......نہیں تم بارہویں ہو......بس وہ میری بے وفائی پر غصے میں آ گیا......!!!

لیاری آنا ہی چاہیے تھا......اس کا غصے میں آنا بنتا تھا......اچھا یہ فرمایئے اب تک آپ کی کتنی فلمیں ریلیز ہو چکی ہیں؟

الزبتھ سینما والی فلمیں تو دو سو سے زیادہ ریلیز ہو چکی ہیں

لیاری اچھی تعداد ہے......بڑی اچھی تعداد ہے......اچھا یہ بتایئے کہ کوئی ایسی خواہش جو پوری نہ ہوئی ہو......!!!

الزبتھ (آہ بھرتے ہوئے) ہاں لیاری......میری بڑی خواہش ہے کہ کوئی بوڑھی عورت مجھ سے سڑک پار کرنے کی فرمائش کرے' میں بیچ سڑک میں لا کر اس کا ہاتھ چھوڑ دوں اور خود بھاگ کر سڑک کے پار چلی جاؤں......وہ وہیں چلاتی رہ جائے اور گاڑی کے نیچے آ جائے اور چیخ چیخ کر مجھے کہے......جا تجھے سوطلاقیں ہوں......!!!

لیاری (آہ بھر کر) آپ کا کوئی مقابلہ نہیں......آپ واقعی مہان ہیں......ویسے آپس کی بات ہے......آپ نے

کبھی کسی کو دعا بھی دی؟

الزبتھ لوگ تو دور دور سے مجھ سے دعا کروانے آتے ہیں......طلاق کے لیے تو میں ایسی دعا کرتی ہوں کہ منٹوں میں ہو جاتی ہے......!!!

لیاری آپ سے تو ہوشیار رہنا پڑے گا......اچھا یہ بتایئے کہ کبھی ایسا بھی ہوا کہ آپ کا کوئی شوہر دوبارہ آپ کی زندگی میں آیا ہو؟

الزبتھ آتے ہیں......کئی دفعہ آتے ہیں......یقین کرو......شادی کے بعد تو مجھے اپنے خاوند اتنے اچھے لگتے ہیں کہ دل کرتا ہے پھر سے شادی کرلوں۔

لیاری آپ کے کلچر میں تو جواء بڑا عام ہے...... یہ بتایئے کہ آپ کبھی کسینو وغیرہ گئی ہیں۔

الزبتھ میں تو بہت شوق سے کسینو جاتی ہوں......پانچ دس شوہر تو میں نے وہیں سے جیتے تھے......!!!

لیاری پتا نہیں آپکا یہ سلسلہ کہاں رکے گا......اچھا یہ بتایئے کہ اگر آپ کو دوبارہ سے زندگی ملے تو کیا بننا پسند کریں گی؟

الزبتھ (آہ بھر کر) میڈم نور جہاں

لیاری ارے واہ......آپ ہماری میڈم نور جہاں کی فین ہیں......!!! یہ تو بڑی اچھی بات ہے......اچھا یہ فرمایئے کہ آپ کی ایک فلم کتنے عرصے میں تیار ہوتی ہے۔

الزبتھ کبھی ایک گھنٹے میں......کبھی ایک سال میں......!!!! اصل میں ہمارے پاس ٹیکنالوجی بڑی جدید ہے۔

لیاری وہ تو ہمارے پاس بھی ہے......لیکن ہمیں تو تین چار ماہ لگ جاتے ہیں بھئی......اچھا یہ بتایئے سموکنگ تو کرتی ہوں گی

الزبتھ ہاں......تمہیں سگریٹ چاہیے؟

لیاری (بے بسی سے) نہیں......ہم نے سگریٹ چھوڑ دیا ہے......ایک گھنٹہ پہلے......آپ سگریٹ کی بات چھوڑیے اور یہ بتایئے کہ آپ سے ہم نے پوچھا ہی نہیں کہ آپ کیا پیئیں گی...... چائے یا کافی؟

الزبتھ چائے ہی کافی ہے

لیاری اوکے! پروگرام ختم ہونے کے بعد پیتے ہیں......گپ شپ بھی کریں گے۔

الزبتھ اوہ تھینکس ......یو آر گریٹ لیاری......تم پہلے کہاں تھے...... مجھے پہلے کیوں نہیں ملے......؟؟؟

لیاری ہم اب بھی آپ کو نہیں مل سکتا......دیکھیں......ہم بڑا شریف آدمی ہوں......!!!

الزبتھ اوہ کم آن......آدمی آدمی ہوتا ہے......شریف یا بدمعاش نہیں ہوتا......!!! تم یہ بتاؤ آج رات کا کھانا میرے ساتھ کھا رہے ہوناں

لیاری دیکھئے میں مسلمان ہوں......میں ایسی ویسی چیزیں نہیں کھاتا

الزبتھ تو کوئی بات نہیں......برگر کھالیں گے

لیاری میرا خیال ہے اس وقت برگر کھانے کی بجائے دونوں ''پھٹا'' کھاتے ہیں اور ناظرین سے اجازت لیتے ہیں......ناظرین لیاری کنگ اور الزبتھ ٹیلر کو اجازت دیجئے......اگلے ہفتے اس شخصیت کے ساتھ پھر حاضر ہوں گے......اب لیاری کنگ کو اجازت دیجئے۔ بائے!

☆ ☆ ☆